ماہوین

از قلم: ہما وقاص

مکمل ناول

تمھارا دماغ ٹھیک ہے کیا۔۔۔۔۔ حنا نے چونک کر اس کی طرف دیکھا تھا اور پھر دھیمے سے لہجے میں دانت پیستے ہوئے کہا۔۔۔

چور نظر واش روم کے دروازے پر ڈالی جہاں سے کسی بھی لمحے وقار کے نکلنے کا خدشہ تھا۔۔۔۔

پتہ نہیں۔۔۔۔ لیکن ایسا ہی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے لب کچلے۔۔۔ اور پریشان سے لہجے میں کہا۔۔۔۔

ایک واحد حنا ہی تو تھی جو اب اس وقت اس کی کچھ مدد کر سکتی تھی۔۔۔۔ ماہوین نے پریشان سی نظر اس پر ڈالی اور بچوں کی طرح مدد طلب نظروں سے دیکھا تھا۔۔۔

پر وہ کیسے۔۔۔ کب ملا تمہیں۔۔۔۔۔۔۔ حنا نے حیران ہو کر ماہوین کی طرف دیکھا تھا۔۔۔

دو سال پہلے دیکھا ہوا اس کا خوبرو سراپا حنا کے ذہن میں امڈ آیا تھا۔۔۔

پانچ سال بعد فیس بک پر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے بے چارگی سے کہا۔۔۔بڑی بڑی آنکھیں عجیب سی الجھن کا شکار لگ رہی تھی۔۔۔۔

آج جا رہے ہم رشتہ دیکھنے۔۔۔اور تمہیں معلوم ہے بابا جب ایک دفعہ کچھ کرنے کا سوچ لیں پھر کب سنتے کسی کی۔۔۔۔۔۔۔حنا نے ڈانٹنے کے سے انداز میں کہا تھا۔۔۔۔

افف۔۔۔مجھے نہیں معلوم تم کچھ کرو گی بس۔۔۔۔ماہوین نے الجھتے ہوئے اپنے مخصوص انداز میں کہا۔۔۔۔

تمہیں اس سے محبت ہے۔۔۔۔۔۔۔۔حنا نے بے چینی سے مسلتے اس کے ہاتھوں پر اپنا ہاتھ رکھا تھا۔۔۔

ہاں ہے۔۔۔۔۔ماہوین نے روہانسی آواز میں کہا۔۔۔۔

مجھے کچھ اشارے ملے ہیں۔۔۔۔وہی ہے وہ جس کی تلاش رہی مجھے۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے پریشانی سے دیکھتے ہوئے روہانسی آواز میں کہا۔۔۔

اچھا اور یہ اشارے اب ملنے تھے تمہیں۔۔۔۔۔۔۔۔حنا نے دانت پیس کر کہا۔۔۔

ایک تو اس لڑکی کا ہر کام عجیب تھا۔۔۔سیدھے سے کوئی کام ہو کر تو دے اسکا۔۔۔حنا نے الجھتے ہوئے سوچا۔۔۔اور پھر نظر پریشان حال کھڑی اس کی پیاری سی صورت پر پڑی۔۔۔جو واقعی ہی اس کے دل کی الجھن میں ہونے کی گواہ تھی۔۔۔

تم بتاؤ دیکھا ہے نہ اسے۔۔۔بتاؤ۔۔۔۔ماہوین نے حنا کو کندھوں سے پکڑ کر جھنجوڑ ڈالا تھا۔۔۔۔جبکہ آنکھیں اس لمحے چمک اٹھیں تھیں۔۔۔

ہاں دیکھا تھا دو سال پہلے جب میں بابا ساتھ گئی تھی شادی کی دعوت تھی میری ان کے گھر۔۔۔۔۔۔حنا

نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔

تو۔۔۔ بولو۔۔۔ کیسا لگا تھا تمہیں۔۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین کے لب پریشانی کے عالم میں بھی مسکرا دیے تھے۔۔۔۔

بہت زیادہ۔۔۔ خوبصورت پر۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حنا نے الجھے سے لہجے میں کہا اور کچھ کہتی اس سے پہلے ماہوین نے بات کاٹ دی تھی۔۔۔

پر ور کچھ بھی نہیں۔۔۔ بس اب کچھ کرو۔۔۔۔۔۔ یہ رشتہ نہ ہو جائے کہیں۔۔۔۔۔۔۔ پھر سے حنا کے دونوں ہاتھوں کو اپنے ہاتھوں میں لے کر مدد طلب لہجے میں کہا۔۔۔

اچھا۔۔۔ میں کوشش کروں گی وعدہ نہیں۔۔۔۔۔۔۔ حنا نے لب کچلے تھے۔۔۔

اسی لمحے واش روم کی کھلتی چٹخنی کی آواز پر ماہوین تیزی سے کمرے سے باہر نکل آئی تھی۔۔۔ وہ بھاری بھاری قدم اٹھاتی اپنے کمرے کی طرف جا رہی تھی۔۔۔ کتنی مشکل میں پھنس چکی تھی۔۔۔ اگر وہ کل بھی اظہار نہ کرتا تو۔۔۔ ماہوین نے بے چینی سے کشن کو گود میں رکھا تھا۔۔۔ اور اگر آج یہ رشتہ ہو گیا تو۔۔۔ اُفف بابا کو بہت دکھ دے چکی ہوں میں بہت تنگ کر چکی ہوں۔۔۔ اب مزید۔۔۔۔۔۔

وہ ماہوین جہانزیب تھی۔۔۔۔۔ اپنی عمر کے پچیس سال وہ جس کی تلاش میں رہی۔۔۔ آج وہ محسوسات اسے گھیرے ہوئے تھیں۔۔۔ اور یہ سب جس کے لیے تھا اس کے بارے میں اسے کبھی گماں تک نہ گزرا تھا۔۔۔ لیکن آج تلاش غلط وقت پر ختم ہوئی تھی۔۔۔

وہ پریشان حال بیٹھی۔۔۔۔ ماضی کے ورق شروع سے پلٹنے لگی تھی۔۔۔

****

جہانزیب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ افشاں کی عقب سے آتی آواز پر جہانزیب کے دعا مانگتے لب ساکن ہوئے تھے۔۔۔

وہ پلٹے نہیں تھے۔۔۔یوں ہی کھڑے تھے۔۔۔افشاں کے لبوں پر دھیرے سے مسکراہٹ ابھری تھی ۔۔۔۔۔وہ چھوٹے سے وجود کو باہوں میں بھر کر جہانزیب کے بلکل سامنے آگئی تھیں۔۔۔

کیا۔۔۔۔۔۔۔۔جہانزیب نے آنسو بھری آنکھوں کے ساتھ تجسّس بھرے مدھم لہجے میں کہا تھا۔۔۔۔

بیٹی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔افشاں نے چہکتی ہوئی آواز میں کہا۔۔۔۔

اوہ۔۔۔۔ میرے خدایا۔۔۔۔ تیرا شکر ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔جہانزیب نے بہتے آنسوؤں کے ساتھ آسمان کی طرف دیکھتے ہوے کہا۔۔۔۔

فورا آگے بڑھ کر افشاں کے ہاتھ سے اس ننھی سی جان کو اپنی باہوں میں بھرا۔۔۔گال آنسو سے تر تھے۔۔۔۔

تین بیٹوں کے بعد۔۔۔ بہت دعائیں کی تھیں اس دفعہ انھوں نے بیٹی کی۔۔۔۔پہلا بیٹا چند دن کی زندگی کے بعد ہی چل بسا تھا۔۔۔اس کے بعد دو بیٹے۔۔۔ شیراز۔۔۔۔اور وقار تھے۔۔۔۔اب کی بار بیٹی کے لیے انھوں نے دن رات دعائیں کی تھیں اور آج مسرت سے پاؤں زمین پر نہ لگ رہے تھے۔۔۔ان کی شہزادی ان کی باہوں میں تھی۔۔۔۔انھوں نے آنسوؤں سے تر چہرے کے ساتھ بچی کے ماتھے پر بوسہ لیا تھا۔۔۔

بہت۔۔۔۔پیاری ہے یہ تو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جہانزیب کی آواز خوشی سے کانپ رہی تھی۔۔۔

ہے تو۔۔۔۔۔۔۔۔۔افشاں نے بھی چہکتی آواز اور چمکتی آنکھوں کے ساتھ کہا تھا۔۔۔

کیا نام رکھنا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔افشاں نے مسکرا کر جہانزیب کی طرف دیکھا تھا۔۔۔

میں۔۔۔رکھوں۔۔۔۔میں خالہ ہوں۔۔۔افشاں نے جوش میں کہا تھا۔۔۔

یہ۔۔۔۔۔تو۔۔۔اجالا ہے میرے گھر کا۔۔۔۔۔۔۔جہانزیب نے جزب کر عالم میں بچی کا چہرہ دیکھتے

ہوے کہا۔۔۔

میں ۔۔۔ اسکا نام ۔۔۔ ماہوین ۔۔۔۔ رکھوں گا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ انھوں نے محبت بھرے لہجے میں ٹھہر ٹھہر کر کہا تھا ۔۔۔۔

یہ روشنی ۔۔۔ ہے ۔۔۔ اجالا ہے ۔۔۔۔ سورج کی کرن ۔۔۔ میرے گھر کی رونق ۔۔۔۔ ماہوین

جہانزیب ۔۔۔۔۔۔۔۔ انھوں نے محبت بھرے لہجے میں کہتے ہوے ننھی سی ماہوین کو سینے سے لگایا تھا ۔۔۔۔

اور پھر ماہوین اسی طرح لاڈوں میں ہی تو پلی تھی ۔۔۔ ایک تو دونوں بھایوں سے چھوٹی تھی ۔۔۔ پھر اس کی من موہنی سی صورت ہر کسی کی توجہ کا مرکز تھی ۔۔۔ جہاں کہیں بھی وہ جاتی سب کی نظروں کا محور ہوا کرتی ۔۔۔ لوگوں کے تعریفی کالمات رشک سے دیکھتی آنکھیں ۔۔۔۔

****

ایک منٹ ۔۔۔ ایک منٹ ۔۔۔ تم اس کلاس کے بچے ہو ۔۔۔۔۔۔۔ زبیر نے سیاہ تختے پر روانی سے حساب کے سوال حل کرتے ہوے اس چھوٹے سے بچے کی طرف حیرت سے دیکھتے ہُوے کہا ۔۔۔۔۔

نہیں سر ۔۔۔۔۔۔۔۔ بچے نے ایک دم ڈر کر چاک اپنے پیچھے چھپا لیا تھا ۔۔۔

زبیر کے لب مسکرا دیے تھے اس کے معصوم سے خوبصورت چہرے پر خوف امڈ آیا تھا ۔۔۔۔

تو یہ سوال ۔۔۔۔ کیسے حل کیا ۔۔۔۔۔۔۔ زبیر نے لبوں کی مسکراہٹ دباتے ہوے کہا تھا ۔۔۔

مجھے آتا ہے سر ۔۔۔۔۔۔ گھبرائی سی آواز میں کہا ۔۔۔ اور مصومیت سے آنکھوں کو کھولا ۔۔۔

اچھا ۔۔۔ واہ ۔۔۔۔ زبیر نے خوشگوار حیرت سے کہا ۔۔۔

کیا نام ہے تمھارا ۔۔۔۔۔ محبت سے بچے کو پاس کیا اور اس کے ہاتھ کی بند مٹھی سے چاک لیا ۔۔۔

احان سکندر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بہت میٹھی سی معصوم آواز میں کہا ۔۔۔۔

احان۔۔۔ماشااللہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زبیر نے ایک نظر اس چھوٹے سے بچے پر اور پھر ایک نظر سامنے سیاہ تختے پر موجود اس کی ذہانت کے ثبوت کی طرف دیکھا۔۔۔

وہ بہت چھوٹا بچہ تھا اور زبیر نے آج سے پہلے کبھی اسے زیادہ سکول میں دیکھا بھی نہیں تھا۔۔اس کا مطلب وہ ابھی نیا داخلہ تھا سکول میں لیکن وہ حیران اس بات سے ہو رہے تھے کہ وہ جو سوالات بڑی مہارت سے حل کر رہا تھا وہ بڑی کلاس کے تھے۔۔۔

اگلی کلاس میں آؤ گے۔۔۔۔۔۔۔زبیر نے اپنے ہاتھ کی انگلیوں میں اس کی معصوم صورت کو سمیٹتے ہوے کہا۔۔۔

جی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بچے نے نا سمجھی کے انداز میں کہا۔۔۔

وہ ابھی بھی یوں ہی سہما ہوا تھا کہ شائد اس سے کوئی غلطی سرزرد ہو گئی ہے جسکی اب اسے کوئی سزا ملے گی۔۔۔

شاباش۔۔۔۔۔۔۔چلو۔۔۔پرنسپل آفس چلتے ہیں۔۔۔زبیر نے احان کا ہاتھ تھام کر کہا۔۔۔

احان سکندر۔۔۔۔۔۔سکندر کا سب سے چھوٹا لاڈلا اور ذہین بیٹا۔۔۔وہ دو بہنوں اور ایک بھائی کے بعد پیدا ہونے والا سکندر کا لاڈلا سپوت تھا۔۔۔۔۔۔

سارے بڑے بہن بھائیوں کو پڑھتا دیکھ کر وہ ان کے ساتھ بیٹھ جایا کرتا تھا۔۔۔اور پھر اس طرح بنا سکول گیے وہ بہت کچھ پہلے ہی سیکھ چکا تھا۔۔۔۔

****

ماہوین کہاں ہے۔۔۔۔۔۔۔۔جہانزیب نے بے چین سی آواز میں کہتے ہوئے نظریں ارد گرد دوڑائی تھیں۔۔۔۔۔۔

ارے ہم سے تو مل لیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔مدحیہ نے مسکراتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

ماہوین کہاں ہیں میں یہ پوچھ رہا تم سے۔۔۔۔۔۔۔جہانزیب نے تھوڑی سختی سے کہا۔۔۔

وہ رمضان میں اتکاف سے اٹھے تھے اور اتکاف کے تمام دن مسجد میں ماہوین کو بے حد یاد کرتے رہے تھے۔۔۔اور اب گھر آتے ہی وہ بے چینی سے ماہوین کو تلاش کر رہے تھے۔۔۔۔۔

بابا۔۔۔۔۔۔۔۔۔دس سالہ ماہوین کی مدھر سی آوز انھیں اپنے عقب سے سنائی

او۔۔۔۔ میری اجالا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ بے تابی سے مڑے اور اسے باہوں میں بھر لیا تھا۔۔۔

وہ کھلکھلا کر ہنس دی تھی۔۔۔۔۔۔۔جہانزیب ماہوین کو گود میں اٹھائے گول گول گھوم رہے تھے۔۔۔

توبہ ہے آپ سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔مدحیہ فرط محبت سے اپنے شوہر کی بیٹی سے محبت کو دیکھتے ہوے سرشار ہو کر گویا ہوئیں۔۔۔۔

بہت یاد آئی اپنی بیٹی کی ہمیں۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین کے ماتھے پر محبت سے بوسہ دیتے ہوئے جہانزیب نے کہا۔۔۔

اور ہماری بابا۔۔۔۔۔۔۔۔۔شیراز نے خفگی سے کہا تھا۔۔۔وہ اور وقار کب سے ان سے ملنے کے لیے بے تاب کھڑے تھے۔۔۔

اوے میرے بچے۔۔۔۔۔۔۔۔جہانگیر نے شیراز کی بات پر ہلکا سا قہقہ لگایا تھا۔۔۔

اور پھر وہ دونوں کو اپنی باہوں میں بھر کر کھڑے تھے۔۔۔

ماہوین دونوں سے چھوٹی تھی پر گھر میں ہر کام جہانزیب اسی کی مرضی سے کرتے تھے۔۔۔

ماہوین اکثر وقار اور شیراز کو یہ کہہ کر چھیڑتی رہتی تھی ہو گا وہی جو میں چاہوں گی بابا ہر بات میری مانتیں ہیں اور وہ سچ کہتی تھی۔۔۔وہ چھوٹی سی ماہوین کے ناز نخرے شہزادیوں کی طرح اٹھاتے تھے

خوبصورت مہنگے کپڑے زیب تن کروانا اس کی ہر خواہش پوری کرنا۔۔ وہ جیسے جیسے بڑی ہو رہی تھی اس کا حسن ہوش ربا ہوتا جا رہا تھا۔۔ اور اب اس کو اپنے رنگ و روپ کا ناز ہونے لگا تھا۔۔ اس کی وجہ اس پر اٹھتی اور اٹھ کر ٹھہر جاتی نظریں تھیں۔۔۔

****

ماشاللہ سکندر۔۔۔ کیا بات ہے بیٹے کی۔۔۔۔۔۔۔ نوید نے سکندر کے کندھے پر فخر سے تھپکتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

اللہ کا کرم نوید صاحب۔۔۔۔۔۔۔ سکندر نے فخر سے سینہ چوڑا کرتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

ان کی آنکھیں خوشی سے چمک رہی تھیں۔۔۔ احان سکندر نے بہاولپور بورڈ میں میٹرک میں فرسٹ پوزیشن لی تھی۔۔۔ ان کے گھر پر جشن کا سا سماں تھا گھر بھر میں محلے کے لوگ مبارک دینے جمع تھے ۔۔۔ اور سکندر ان سب میں فخر سے گردن تانے بیٹھے تھے۔۔۔ پورے شہر میں احان سکندر کے نام کے بڑے بڑے پوسٹر اور بینر آویزاں تھے۔۔۔

تو پھر گولڈ میڈل لینے آپ ساتھ جا رہے ہیں بیٹے کے۔۔۔۔۔ نوید نے رشک سے سکندر کے چہرے کی طرف دیکھتے ہوئے کہا تھا۔

جی بلکل۔۔۔ سکندر نے جوش میں کہا تھا۔۔۔

احان کو آج لاہور کے گورنر سے گولڈ میڈل لینے کے لیے نکلنا تھا۔۔۔ اور یہ لمحہ احان کی زندگی کا سب سے خوشگوار لمحہ تھا۔۔۔ ایسے جیسے دنیا کی ہر خوشی سمٹ کر اس کے قدموں میں آ گئی ہو۔۔۔ وہ خوبرو تھا ۔۔۔ بلا کا ذہین تھا۔۔۔ وہ لاڈلا تھا۔۔۔ اور پھر ان سب وجوہات کی تھوڑی سی اکڑ تو بنتی تھی صاحب۔۔۔

سمیعہ۔۔۔ چل اب بس کر تیار کر دے اسے لاہور کے لیے نکلنا پھر ہمیں۔۔۔ سکندر نے اپنی بیوی کی طرف عجلت میں دیکھتے ہوئے رعب سے کہا تھا۔۔۔

سمیعہ محبت اور جوش میں احان کو سینے سے لگائے بس آنسو بہا رہی تھیں۔۔۔۔۔۔۔۔

سمیعہ۔۔۔۔۔۔سکندر نے پھر سے ڈانٹنے کے سے انداز میں کہا تھا۔۔۔

سمیعہ دھیرے سے احان سے الگ ہوئی تھی اور خفگی بھری نظر سکندر پر ڈالی تھی۔۔۔ان کا کتنا دل تھا وہ بھی اپنے بیٹے کی اتنی بڑی خوشی میں اس کے ساتھ ہوتیں۔۔۔

احان مسکراتا ہوا سکندر کے پاس آیا تھا۔۔۔

احان۔۔۔بیٹا۔۔۔تو میرا ہی نہیں اس پورے شہر کا فخر ہے۔۔۔باہر آ کر تو دیکھ۔۔۔۔۔۔سکندر اسے باہوں میں بھر کر باہر لائے تھے جہاں محلے کے اور جان پہچان کے لوگوں کا جھرمٹ تھا۔۔۔

ہر شخص کی رشک سے اٹھتی نگاہ۔۔۔سولہ سالہ احان کا سینہ چوڑا کر رہی تھی۔۔۔

****

احان سکندر۔۔۔۔واہ۔۔۔۔۔۔۔بڑی بڑی آنکھیں آسمان کی طرف اٹھائے ماہوین نے زیر لب دھرایا تھا۔۔۔

نظریں بار بار جگہ جگہ لگے احان سکندر کے نام اور نمبروں سے سجے بینر زپر تھم رہی تھیں۔۔۔کل سے گھر میں بھی اس کا ذکر وہ بار بار سن رہی تھی۔۔۔جہانزیب کو بہت شوق تھا کہ ان کے بچے بہت اچھا پڑھیں۔۔۔سکندر جہانزیب کے جاننے والوں میں سے تھے اور جب سے احان کی پوزیشن کی خبر ملی تھی۔۔۔ان کے گھر میں بار بار اس نام کا ذکر ہو رہا تھا جس کو ماہوین آج پہلی دفعہ بینر پر لگی اس تصویر پر دیکھ رہی تھی۔۔۔

ہم۔م۔م۔بہت ذہین ہے۔۔۔تمھارے بابا بھی گئے تھے ان کے گھر۔۔۔۔مدحیہ نے بھی سراہنے کے سے انداز میں کہا۔۔۔

میں نے کبھی نہیں دیکھا اسکو۔۔۔بڑا ذہین نکلا یہ تو۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے آنکھیں سکیڑ کر کہا۔۔۔

سمیعہ اور جہانزیب کا آنا جانا تھا اکثر ان کی بیٹیاں بھی گھر آجایا کرتی تھیں لیکن احان سکندر کو کبھی نہیں دیکھا تھا اس نے

وہ اور مدحیہ کچھ خریداری کے لیے باہر آئی تھیں جب ماہوین نے پہلی دفعہ احان سکندر کو دیکھا تھا اور اس کی ذھانت سے متاثر ہوئے بنا نہیں رہ سکی تھی۔۔۔

ویسے تو نازلین بھی کافی اچھی ہے پڑھائی میں تمھارے ہی سکول میں ہے۔۔۔مدحیہ نے ساتھ ساتھ چلتے ہوئے سوالیہ نظروں سے ماہوین کی طرف دیکھا تھا۔۔۔

جی ہے۔۔۔ لیکن اتنی نہیں۔۔۔ماہوین نے لاپرواہی سے کہا تھا۔۔۔

مما۔۔۔ سموسے۔۔۔ماہوین نے چمکتی آنکھوں کو سکیڑ کر کہا۔۔۔

مجال ہے جو کبھی تم بازار سے کھائے پیئے بنا ہی چل دو۔۔۔مدحیہ نے گھور کر ماہوین کی طرف دیکھتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

کیا کر رہے پھر اب۔۔۔۔۔۔۔۔۔"راحیل نے بھنویں اچکائیں اور کولڈ ڈرنک کے گلاس کو لبوں سے لگایا۔۔۔

پری انجنیرنگ۔۔۔"احان نے کیمرے کو نیچے کیا اور مصروف سے انداز میں کہا۔۔۔ "

اچھا۔۔۔زبردست۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔"راحیل نے مسکرا کر دیکھا "

احان نے کیمرے کو پھر سے دائیں آنکھ پر رکھا اور بائیں آنکھ کو بند کرتے ہی جو چہرہ فوکس ہوا تھا وہ ایک لمحے کے لیے اسے ساکن کر گیا تھا۔۔۔اسکی زندگی میں یہ پہلی دفعہ ہوا تھا کہ وہ کسی لڑکی کو یوں دیکھ رہا تھا۔۔۔وہ جو بھی تھی پر اس وقت آنکھیں اس پر سے نظر ہٹا لینے کو راضی نہیں تھیں۔۔۔

لڑکیوں کے قہقوں میں۔۔۔پورے والیوم میں بجتے گانے کے شور میں۔۔۔ جھلملاتے جوڑوں اور

چوڑیوں کی کھنک کے بیچ و بیچ

میرون رنگ کے جوڑے میں سنہری جھمکے کانوں میں سجائے اپنی کچی عمر کی معصومیت بھری صورت کے ساتھ وہ مہندی کا تھال پکڑے سب لڑکیوں میں نمایاں تھی۔۔۔

احان کی بڑی بہن احمرین کی شادی تھی۔۔۔اسے ایسی شادی بیاہ کی تقریبات بلکل پسند نہیں تھیں لیکن یہ اس کی اپنی ہمشیرہ کی شادی تھی اس لیے اس میں شرکت نہ کرنے کا کوئی جواز نہیں بنتا تھا۔۔ سبحان نے اس کی بے زاری دیکھتے ہوئے اسے کیمرہ تھما دیا تھا کہ اگر مصروف رہے گا تو مہندی کی تقریب سے بیزار ہو کر اندر نہیں بھاگے گا۔۔۔

یہ۔۔۔کون ہے۔۔۔"آنکھیں سکیڑتے ہوئے احان نے ساتھ کھڑے راحیل سے پوچھا۔۔"

اسے معلوم تھا کہ راحیل اس کی طرح صرف کتابی کیڑا ہی نہیں بلکہ ہر طرح سے ایک ایکٹو لڑکا ہے وہ یقیناً جانتا ہو گا کیونکہ وہ تو اس طرح کا حسین چہرہ پہلی دفعہ دیکھ رہا تھا۔۔۔

کون۔۔۔وہ۔۔۔"راحیل نے مسکراہٹ کو دبایا۔۔۔"

کیونکہ سامنے کے منظر میں ایک وہی تھی ایسی جس کو دیکھ کر احان سکندر جیسا لڑکا تجسّس میں آ سکتا ہے۔۔۔

وہ۔۔۔اپنے جہانزیب انکل کی بیٹی۔۔ماہوین۔۔۔"راحیل نے گلاس والے ہاتھ کو ہی آگے بڑھا کر اشارہ کرتے ہوئے کہا۔۔جبکہ لب ابھی بھی مسکراہٹ کو دبا رہے تھے۔۔۔"

جبکہ احان اس کی اس حالت سے بلکل بے خبر ماہوین کے نام کو زیر لب دھرا رہا تھا۔۔یہ نام اکثر سنتا رہتا تھا وہ کبھی نازلین کے منہ سے تو کبھی سمیعہ کے منہ سے۔۔۔لیکن۔۔۔وہ ایک دم سے خجل سا ہوا تھا۔۔۔

بہت پیاری ہے پر گھر جاؤ تو بات نہیں کرتی کسی سے۔۔۔"سمیعہ کی آواز کانوں میں گونجی۔۔۔"

ارے بھئی۔۔۔۔۔۔ مغرور ہے کافی۔۔۔۔پر مجھ سے تو اچھی فرینڈشپ ہے اس کی" نازلین کے کہے ہوئے الفاظ سے دل ایک دم بجھ سا گیا تھا۔۔۔۔

بات کریں۔۔۔"۔۔۔راحیل نے شرارت بھرے لہجے میں کہا۔۔۔اور تھوڑا سا آگے جھک کر احان "کے کھوئے کھوئے سے چہرے کو دیکھا۔۔۔

دماغ ٹھیک ہے۔۔۔مار کھانی ہے کیا۔۔۔" احان ایک دم سے خیالوں سے باہر آیا تھا۔۔۔اور آنکھیں" نکال کر ساتھ کھڑے راحیل کو دیکھا

ارے۔۔۔احان سکندر۔۔۔اتنا ذہین۔۔۔اتنا حسین ایک لڑکی سے بات کرنے سے ایسے گھبرا رہا " ہے۔۔۔" راحیل نے جاندار قہقہ لگاتے ہوئے کہا اور آنکھیں سکیڑ کر شرارت سے دیکھا۔۔۔

اور اپنے سامنے کھڑے اس پتلے سے خوبصورت لڑکے کو غور سے دیکھا۔۔۔آنکھوں پہ چشمہ ٹکائے وہ ایک ذہین و فطین خوبرو شکل کا لڑکا تھا۔۔۔

اس کو دیکھ۔۔۔۔عام لڑکی نہیں وہ۔۔۔" احان کے لبوں پر مسکراہٹ ابھری تھی جب کے گہری " آنکھیں ابھی بھی اس دلکش سراپے پر ٹکی تھیں۔۔۔

آئے۔۔۔ہائے۔۔۔۔جناب۔۔۔آپکو بھی پتا عام۔۔۔خاص کا۔۔۔" راحیل نے قہقہ لگاتے ہوئے کہا اور آنکھ کے کونے کو دبایا۔۔۔

کیوں۔۔۔بدھو نظر آتا ہوں میں کیا دل نہیں میرے پاس" احان نے مصنوعی خفگی دکھائی۔۔۔ "

اوہ۔۔۔تو کیا آ گیا اُس پر۔۔۔"۔۔۔راحیل نے شرارت بھرے لہجے میں کہا"

نہیں۔۔۔۔اتنا دل پھینک نہیں ہوں۔۔۔" احان نے ایک دم سے سنجیدہ لہجا اپناتے ہوئے کہا اور نظروں کا رخ موڑ لیا۔۔۔

راحیل نے اس کے بدلتے لہجے اور ماتھے پر پڑتے بل دیکھ کر کندھے اچکا دیے تھے۔۔۔

وہ اس کے دل کو اچھی لگی تھی لیکن۔۔۔ اسکا مطلب یہ نہیں تھا کہ وہ اب اس کے پیچھے پڑ جاتا عام لڑکوں کی طرح۔۔۔

چور نظر پھر سے اس کے کانوں میں ملتے جھمکوں پر پڑی تھی لیکن وہ خود پر قابو پانا جانتا تھا۔۔۔۔

یہ ہے احان۔۔۔۔ " اپنے عقب سے آتی آواز پر ماہوین نے چونک کر پیچھے کھڑی عورت کی طرف " دیکھا تھا اور پھر اس کی نظروں کا تعاقب کیا تھا۔۔۔

کچھ لوگ آج بھی اس کی دو سال پہلے لی گئی پوزیشن پر اسے رشک سے تھپک رہے تھے اور وہ سب کے بیچ سنجیدہ سی شکل بنائے کھڑا تھا۔۔۔

اچھا تو یہ ہیں وہ پڑھاکو جناب۔۔۔ ارے واہ بینر پر تو ایسا نہیں دکھتا تھا۔۔ ماہوین نے کن اکھیوں سے دیکھا تھا۔۔۔

مغرور ہے۔۔۔ تھوڑا نک چڑھا سا بھی۔۔۔ ارے بھئی۔۔۔ کچھ سمجھتا ہو گا خود کو۔۔۔ سمجھے بھی کیوں نہ۔۔۔ وہ بلاوجہ اسے دیکھتے ہوئے بس سوچے جا رہی تھی۔۔۔۔

میری بلا سے۔۔۔۔ اب کھانا کب لگے گا۔۔۔۔ ایک دم سے بچوں جیسی شکل بنا کر ارد گرد دیکھا تھا۔۔۔۔

****

کہاں ہے نظر نہیں آ رہی آج۔۔۔۔... احان نے بے چینی سے نظریں ارد گرد دوڑاتے ہوئے سوچا تھا۔۔۔

رنگے برنگے لوگ بے ہنگم شور۔۔۔ لڑکیوں کے قہقے۔۔۔ بچوں کی چیخیں۔۔۔ جھلملاتے جوڑے۔۔۔ پر وہ چہرہ کہیں بھی نہ تھا آج۔۔۔ وہ بڑی بڑی آنکھیں۔۔۔ ان پر خم دار پلکیں۔۔۔ دودھ جیسی سفید

رنگت۔۔۔سڈول سا سراپا۔۔۔جو اس کو بے چین کر گیا تھا وہ ان سب میں کہیں نہیں تھا۔۔۔دماغ کے بار بار سرزنش کرنے پر بھی دل کمبخت بے وجہ ہی ہمکنے لگا تھا۔۔۔

آج احمرین کی شادی کا دن تھا۔۔۔احان رات بھر بار بار سر جھٹکنے کے باوجود ماہوین کے چہرے کو جھٹک نہیں سکا تھا۔۔۔وہ چہرہ وہ سراپا اس کے ذہن میں پیوست ہو گیا تھا۔۔۔اور آج شادی کا دن تھا احان لاشعوری طور پر ہی اسے دیکھنے کو بے تاب ہو رہا تھا۔۔۔۔۔آج سے پہلے کبھی کسی لڑکی کو یوں پہروں سوچنا اسے بیوقوفی لگا کرتی تھی۔۔۔لیکن کل سے وہ خود یہی بیوقوفی کر رہا تھا۔۔۔۔۔بار بار جہانزیب اور مدحیہ کو اکیلا بیٹھا دیکھ کر دل بے چین سا ہوا جا رہا تھا۔۔۔

آنٹی۔۔۔ماہوین کیوں نہیں آئی آج۔۔۔۔۔۔نازلین نے خفگی بھرے انداز میں کہا تھا۔۔۔

وہ مدحیہ کے قریب کھڑی ماہوین کے آج نا آنے پر شکوہ کناں تھی۔۔۔ماہوین اس کی ہم جماعت نہیں تھی لیکن کیونکہ دونوں کی فیملیز کا آپس میں بہت ملنا جلنا تھا جس کی وجہ سے نازلین کی ماہوین سے اچھی دوستی تھی۔۔۔

احان کے پاس سے گزرتے قدم تھم گئے تھے اور کان کھڑے ہو گئے تھے۔۔۔نازلین نے اس کے دل میں امڈ آنے والے سوال کو پوچھا تھا۔۔۔

کہہ رہی تھی کچھ طبیعت ناساز ہے۔۔۔۔۔۔مدحیہ نے معزرت طلب لہجے میں کہتے ہوئے مسکرا کر نازلین کی طرف دیکھا تھا۔۔۔

نا چاہتے ہوئے بھی احان کا دل بجھ سا گیا تھا۔۔۔

یہ کیا بات ہوئی۔۔۔۔۔۔۔نازلین نے خفگی بھرے انداز میں کہا تھا۔۔۔

تمھاری ناراضگی کا پیغام دے دوں گی اسے۔۔۔۔۔۔مدحیہ نے محبت سے نازلین کے ہاتھ پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

احان خجل سا ہوتا ہوا اپنے دل کو سرزنش کرتا وہاں سے نکل گیا تھا۔۔۔

****

وہ چاہتا تو روزا سے دیکھنے کے غرض سے نازلین کو سکول سے لینے جا سکتا تھا۔۔۔ لیکن یہ سب احان سکندر کے دل کو تو گوارا تھا پر دماغ کو کسی صورت گوارا نہ تھا۔۔۔

وہ اتنا مظبوط تو تھا کہ وہ خود پر قابو پا لیتا۔۔۔ اور وہ پا چکا تھا۔۔۔

اور یہ سب اس لیے بھی تھا کہ احان سکندر کو یہ جاننا تھا کہ یہ صرف وقتی خمار ہے یا پھر وہ جس میں دل کی سلطنت کے تخت پر کوئی زبردستی قابض ہو جایا کرتا ہے۔۔۔

قلم روانی سے سفید کاغز پر چلتا ہوا۔۔۔ اس کے دل اور دماغ کی جنگ کو روکنے کی سعی کر رہا تھا۔۔۔

دماغ جیت چکا تھا۔۔۔ اور ماہوین جہانزیب۔۔۔۔ دل کی کسی کونے میں پڑے صندوق میں بند ہو گئی تھی۔۔۔

****

بات سن ذرا۔۔۔۔۔ حنا کا بازو دبوچ کر وہ اسے ایک طرف لے گئی تھی۔۔۔

کیا ہے۔۔۔۔۔۔۔ حنا نے تکلیف سے بازو سہلاتے ہوئے ماتھے پر بل ڈالے کھڑی ماہوین کی طرف دیکھا تھا۔۔۔۔۔

عمار کیوں دیکھے جا رہا مجھے ایسے۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے دانت پیستے ہوئے حنا کے کان میں سرگوشی کی تھی۔۔۔

حنا اس کے ماموں کی بیٹی تھی۔۔۔ اور عمار اس کا خالہ زاد تھا۔۔۔ وہ اکثر اپنے ماموں کے گھر آیا کرتے تھے۔۔۔ اور پہلے بھی کبھی کبھار عمار سے ملاقات ہو جایا کرتی تھی۔۔۔ لیکن اس دفعہ اس کا انداز کچھ عجیب سا ہی لگ رہا تھا۔۔۔ وہ اب کالج میں پہنچ چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔ اور عمار جیسی بہت سی نظروں کی

تپش اب وہ اکثر اپنے چہرے پر باآسانی محسوس کیا کرتی تھی۔۔۔اور اس دفعہ عمار کی نظریں اسے کوفت میں مبتلا کر رہی تھیں۔۔۔

کہاں۔۔۔۔۔۔۔۔۔حنا نے چشمہ درست کرتے ہوئے نا سمجھی کے انداز میں ارد گرد دیکھا۔۔۔۔

وہ دیکھو۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے دانت پیستے ہوئے حنا کا چہرہ پکڑ کر اس کا رخ دراوزے کی طرف کیا۔۔۔

عمار جو محبت پاش نظروں سے۔۔۔۔مسلسل ماہوین کو دیکھنے میں مصروف تھا ایک دم سے حنا کے دیکھنے پر سٹپٹا گیا تھا۔۔۔

تمہیں ایسا فیل ہو رہا ایسا کچھ بھی نہیں۔۔۔۔۔۔حنا نے تھوڑا خجل ہوتے ہوئے عمار کی حرکت پر پردہ ڈالنے کی کوشش کی تھی۔۔۔

ایسا ہی ہے۔۔۔ تمھارے اس کزن نے مجھے پریشان کر رکھا ہے۔۔۔کل سے۔۔۔۔۔۔۔مہوین نے گھور کر حنا کو دیکھا تھا۔۔۔

عمار بھائی ایسے تو نہیں ویسے۔۔۔۔۔۔۔حنا نے لب کچلتے ہوئے کہا۔۔۔۔

ایسے ہی ہیں۔۔۔ چلو یہاں سے اب۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے غصے سے کہتے ہوئے حنا کو ایک طرف گھسیٹنا چاہا تھا۔۔۔

رکو رکو۔۔۔۔میں پوچھ کر آتی ہوں۔۔۔۔۔۔۔حنا نے اپنا بازو چھڑوایا تھا۔۔۔جو ماہوین بے دردی سے نوچتی ہوئی ایک طرف لے جا رہی تھی۔۔۔

پھر ماہوین کی ایک بھی سنے بنا حنا تیزی سے عمار کی طرف .بڑھ گئی تھی۔۔۔

2

عمار بھائی۔۔۔۔۔۔۔اس سے پہلے کے عمار وہاں سے کھسکتا حنا اس کے سر پر کھڑی تھی۔۔۔

ہم۔م۔م۔م۔م۔۔۔۔عمار نے کان کھجاتے ہوئے دیکھا تھا۔۔۔

کچھ کہنا ہے آپکو کیا۔۔۔ماہوین سے۔۔۔۔حنا نے ناک پھلا کر کمر پر دونوں ہاتھ دھرتے ہوئے کہا۔۔۔

کیوں۔۔۔کیا ہوا۔۔۔۔۔۔عمار نے سینے پر ہاتھ باندھ کر انجان شکل بنا کر کہا تھا۔۔۔

آپ کو بھی پتا ہے کیا ہوا ہے۔۔۔زیادہ معصوم بننے کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔۔۔۔۔۔حنا نے سر ہلاتے ہوئے آنکھوں کو سکیڑ کر کہا تھا۔۔۔

ماہوین نے بھیجا ہے۔۔۔۔۔۔۔عمار نے محبت بھری مسکراہٹ چہرے پر سجاتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

جی۔۔۔۔۔بلکل۔۔۔۔۔آپ نے جو تنگ کر رکھا اسے تار تار کر۔۔۔حنا نے دانت پیس کر طنز بھرے لہجے میں کہا۔۔۔۔

تو کیوں۔۔۔۔۔ہے پھر اتنی خوبصورت۔۔۔۔۔۔۔۔عمار نے لب بھینچ کر لبوں پر بے ساختہ ابھر آنے والی مسکراہٹ کو دبایا تھا۔۔۔

پھر چور نظر سے ارد گرد دیکھا۔۔۔۔

وہ کل کسی کام سے خالہ رخ کے گھر آیا تھا۔۔۔اور پھر ماہوین کو دیکھ کر جیسے دل دھڑکنا بھول گیا تھا۔۔۔اس نے آج کوئی پہلی دفعہ ماہوین کو نہیں دیکھا تھا پہلے بھی دو سال پہلے وہ شادی کی تقریب میں اسے دیکھ چکا تھا۔۔۔پر پہلے کبھی نہ تو وہ ایسی لگی اور نہ شائد اسی نے اتنا غور کیا تھا۔۔۔لیکن اس دفعہ تو وہ کوئی اپسرا ہی لگ رہی تھی جس کے لیے وہ بہانے بہانے سے خالہ کے گھر کا چکر لگا رہا تھا۔۔۔

شرم کر لیں۔۔۔۔۔۔۔حنا نے ناک چڑھاتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

وہی تو ہے نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔عمار نے قہقہ لگایا تھا۔۔۔

جس پر حنا نے کندھے پر زور کی چپت لگائی تھی۔۔۔۔

کچھ نہیں ہو سکتا پھر آپکا اس سے اچھی خاصی سنیں گے پھر ہی سکون آئے گا۔۔۔۔۔۔حنا نے افسوس

سے کہا تھا۔۔۔

اور عمار کو گھورتی ہوئی خبر دار کرنے کے انداز میں وہ آگے بڑھی ہی تھی

اچھا سنو۔۔۔۔۔۔۔۔۔ عمار نے سر کھجاتے ہوئے مسکراہٹ دبا کر کہا تھا۔۔۔

بات کرنی اس سے مجھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ عمار نے بے چارگی سے کہا تھا۔۔۔

نہیں کرے گی۔۔۔۔۔۔۔ حنا نے سینے پر ہاتھ باندھ کر دوٹوک انداز میں کہا۔۔۔

کرے گی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ عمار نے شرارت سے دیکھتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

بس ایک دفعہ بات کرنے دو۔۔۔ چھت پر ہوں لے کر آو۔۔۔۔۔۔۔ عمار نے حکم چلانے کے سے انداز میں حنا کو کہا تھا۔۔۔

حنا کا منہ ایک دم سے کھلا تھا۔۔۔

عمار بھائی۔۔۔ میں یہ فضول کام ہر گز نہیں کرنے والی۔۔۔۔۔۔ حنا نے خفا سے انداز میں کہا تھا۔۔۔

تم کرنے والی ہو۔۔۔۔۔۔۔۔ عمار نے دوٹوک انداز میں مسکراہٹ دباتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

اب وہ گھوم کر دراوزے میں آگیا تھا اور التجائی انداز میں حنا کی طرف دیکھا تھا۔۔۔

نہیں۔۔۔ کرنے والی۔۔۔۔ ہٹیں اب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حنا نے حیرانگی سے عمار کی طرف دیکھا تھا آج سے پہلے کبھی اس نے عمار کا اس طرح کا روپ نہیں دیکھا تھا۔۔۔

جا رہا ہوں اوپر ابھی لے کر آو۔۔۔۔۔۔ عمار آنکھوں کو سکیڑ کر حکم دینے کے انداز میں کہتا ہوا وہاں سے چل دیا تھا۔۔۔

اور حنا حیرانگی سے منہ کھولے کھڑی تھی۔

چہرے کو مختلف زاویوں میں رول کرتی۔۔ حنا پر سوچ انداز میں واپس اسی کمرے میں آئی تھی جہاں وہ تھوڑی دیر پہلے ماہوین کو چھوڑ کر گئی تھی۔۔۔

اچھی طرح سمجھا کر آئی ہو نہ۔۔۔۔ماہوین نے ماتھے پر ناگواری کے بل سجا کر کہا تھا۔۔۔انداز سرگوشی کا سا تھا۔۔۔

وہ بات کرنا چاہتے۔۔۔۔۔۔۔حنا نے نظریں چرا کر کہا تھا۔۔۔

کیا مطلب۔۔۔۔۔۔۔ماہوین کے چہرے کا رنگ ایک دم سرخ ہوا تھا

بات سن لو ایک دفعہ پھر خود سے جو بھی کہنا انھیں۔۔۔۔۔۔۔۔حنا نے بے چارگی سے دیکھا تھا۔۔۔

جو بھی۔۔۔۔ تمھارا کزن ہے سوچ لو۔۔۔۔۔۔ماہوین نے ناک پھلا کر کہا تھا۔۔۔

تم بھی میری کزن ہی ہو ادھر سے۔۔۔ میں تمھارے ساتھ ہوں۔۔۔۔۔۔حنا نے ناک چڑھاتے ہوئے کہا تھا۔۔۔۔

چلو پھر کہاں ہے وہ۔۔۔۔۔۔ماہوین نے پر سوچ انداز میں کہا تھا۔۔۔

اس کا تو میں دماغ درست کرتی ہوں خود کو سمجھتا کیا ہے یہ۔۔۔ماہوین نے دانت پیستے ہوئے سوچا تھا۔۔۔

اوپر۔۔۔۔۔۔۔۔حنا نے لب دانتوں میں دبا کر کہا تھا۔۔۔

ماہوین کا غصے سے بھرا چہرہ خطرے کا سندیسا دے رہا تھا۔۔۔

چلو آج اس سے بھی دو دو ہاتھ ہو ہی لیتی ہوں۔۔۔۔۔ماہوین نے ناک پھلاتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

تیزی سے حنا کے پیچھے چھت کی سیڑھیاں چڑھتی وہ زبردستی خود کو نروس ہونے سے روک رہی تھی ۔۔۔جو بھی تھا یہ قدم وہ پہلی دفعہ اٹھا رہی تھی۔۔۔ایسے کسی لڑکے کو ملنے جانے کا۔۔۔

عمار چہرے پر معنی خیز مسکراہٹ سجائے۔۔۔ سینے پر ہاتھ باندھے چھت پر موجود اس چھوٹے سے کمرے کے وسط میں کھڑا تھا۔۔۔حنا سیڑھیوں کے پاس ہی رُک گئ تھی۔۔۔

ہلکے سے کپکپاتے ہاتھوں پر قابو پاتے ہوئے ماہوین کمرے میں آئی تھی۔۔۔

کیا مسئلہ ہے آپکو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔آتے ہی خود کو نارمل ظاہر کرنے کی خاطر وہ عمار پر برس پڑی تھی۔۔۔

بہت بڑا اور پریشان کن مسئلہ ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔عمار نے ہونٹوں پر سے ہاتھ ہٹا کر جیب میں ڈالتے ہوئے مسکراہٹ دبا کر کہا۔۔۔

اچھا۔۔۔تو میں کیا مدد کر سکتی اس میں۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے سرخ چہرے اور سخت لہجے سے کہا۔۔۔

بہت مدد کر سکتی ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔عمار کی آنکھیں شرارت بھر کر اس پر گہری ہوتی جا رہی تھیں۔۔۔

اچھا۔۔۔!!!! وہ کیسے ذرا مجھے بھی تو پتہ چلے۔۔۔۔۔۔۔۔عمار کے مسلسل دیکھنے سے بے زاری ظاہر کرتے ہوئے ماہوین نے کہا تھا۔۔۔

عمار احمد۔۔۔۔۔۔۔۔عمار نے اپنا نام لیتے ہوئے ہاتھ آگے بڑھایا تھا۔۔۔

جانتی ہوں۔۔۔۔کچھ نیا۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے جلدی سے دونوں بازو سینے پر باندھتے ہوئے ہاتھوں کو یوں بغل میں دائیں بائیں دبایا تھا جیسے کہ وہ زبردستی اس کے ہاتھ کو تھام لے گا۔۔

مجھے۔۔۔۔۔اچھی لگتی ہیں آپ۔۔۔۔۔۔۔عمار نے مدھم سی آواز میں کہا تھا۔۔۔

اوہ۔۔۔۔اچھا۔۔۔۔۔پھر۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے طنز بھرے لہجے میں کہا۔

آیا بڑا۔۔۔ایک دن میں محبت کے سات سمندر پار کرنے والے۔۔۔ماہوین ناگواری سے دانت پیستے ہوئے سوچا تھا۔۔۔

پھر کیا۔۔۔میں کیسا لگتا ہوں آپکو۔۔۔۔۔۔۔۔۔عمار نے شرٹ کے کالر کو درست کرتے ہوئے کہا۔۔

وہ سفید رنگت۔۔کھڑی ناک۔۔۔بھوری آنکھوں۔۔اور درمیانے قد کا جاذب نظر لڑکا تھا۔۔۔

تاڑوؤووووو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے ناک چڑھا کر کہا تھا۔۔۔

عمار کے جاندار قہقے سے پورا کمرا گونج اٹھا تھا۔۔۔

اچھا۔۔۔اور۔۔۔۔۔۔۔بمشکل قہقے پر قابو پاتے ہوئے۔۔عمار نے محبت پاش نظروں سے ماہوین کو

دیکھا تھا۔۔۔

بس ابھی تک یہی لگے ہیں آپ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے گڑابڑا کر کہا تھا۔۔۔۔

عمار کی نظریں عجیب سی الجھن کا شکار کر رہی تھیں۔۔۔

چلیں۔۔۔کچھ تو لگنا شروع ہوا۔۔۔۔عمار نے پینٹ کی جیبوں سے ہاتھ نکال کر پھر سے سینے پر باندھ لیے تھے۔۔۔

ماہوین تیزی سے باہر نکلی تھی۔۔۔ تیز تیز اور بھاری قدم اٹھاتی وہ سیڑھیوں کے پاس آئی تھی۔۔۔

حنا۔۔۔۔ میرا خیال ہے اب چلتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے ماتھے پر آئے پسینے کو صاف کرتے ہوئے کہا۔۔۔

یوں کسی لڑکے سے بات پہلی دفعہ ہوئی تھی۔۔۔اور یوں کسی نے بے باکی سے اظہار کیا تھا۔۔۔ عجیب سی محسوسات تھیں جو گھیر رہی تھیں۔۔۔

رکیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ عمار تقریباً بھاگتا ہوا وہاں پہنچا تھا۔۔۔

یہ تو بتاتی جائیں۔۔۔ میرا اتارنا اچھا لگا یا برا۔۔۔۔۔۔۔۔ہانپنے کے سے انداز میں لبوں پر زبان پھیرتے ہوئے اس نے پوچھا تھا۔۔۔

برا۔۔۔۔بہت برا۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے سخت لہجے میں ناک پھلا کر کہا تھا۔۔۔

ہائے۔۔۔۔ شکریہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔عمار نے دل پر ہاتھ رکھا تھا اور بڑے انداز میں کہا۔۔

ماہوین کا چہرہ ایک دم سے سرخ پڑا تھا۔۔۔ حنا کا ہاتھ سختی سے دبوچتی ہوئی وہ تیزی سے سیڑھیاں اتر گئی تھی۔۔۔

کیا ہے۔۔۔ یہ۔۔۔۔کزن تمھارا۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے لب کچلتے ہوئے ایک دم سے حنا کا ہاتھ چھوڑا تھا اور پہلی سیڑھی پر کھڑے مسکراتے عمار کی طرف دیکھا۔۔۔

آج سے پہلے تک تو نارمل ہی تھے۔۔۔۔۔۔۔حنا نے پریشان سی صورت بنا کر کہا تھا۔۔

چلو یہاں سے اب۔۔۔ب۔ب۔ب۔ب۔ماہوین ایک غصیلی نظر عمار پر ڈالتی ہوئی آگے بڑھ گئی تھی۔۔۔

ہیلو۔۔۔ماہوین نے مدھر سی آواز میں فون کا ریسور کان کو لگا کر کہا تھا۔۔

کیسی ہیں آپ۔۔۔۔۔عمار نے بھاری سی آواز میں محبت بھرے لہجے میں کہا تھا۔۔

ماہوین جو بڑے ریلکس سے انداز میں ہل رہی تھی ایک دم سے ساکن ہوئی تھی اور چور نظر سے ارد گرد دیکھا۔۔نسرین کمرے کی ڈسٹنگ کرنے میں مصروف تھی۔۔۔

آپ کون۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے آوز پہچان لینے کے باوجود انجان بننے کی کوشش کی تھی۔۔۔

عمار۔۔۔۔۔۔۔۔۔بہت ہی مسحور کن آوز میں جواب دیا۔۔۔

کیوں کی کال۔۔۔۔۔۔ماہوین نے آوز میں سختی لاتے ہوئے کہا۔۔۔

آواز سننے کے لیے۔۔۔۔۔۔۔عمار نے مطمئین انداز میں جواب دیا تھا۔۔۔

وجہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے لبوں پر بے ساختہ ابھر آنے والی مسکراہٹ دباتے ہوئے کہا۔۔۔

وہ ایک ہفتہ ماموں کے گھر کی تھی جہاں عمار کا اس کی وجہ سے آنا جانا لگا رہا تھا۔۔۔۔۔۔ایک دو دن بعد اس کا ہر وقت کا دیکھنا دل کو بھلا لگنے لگا تھا۔۔کچی عمر تھی اور چاہیے جانے کا بھرم۔۔۔اور نازکہ وہ ایسی تھی کہ عمار جیسا لڑکا یوں فدا ہوا جا رہا تھا۔۔لیکن وہ اپنی محسوسات اس پر کیوں ظاہر کرتی۔۔۔

وجہ تو بتا چکا نہ آپکو میں۔۔۔۔۔۔عمار نے بے چارگی سے کہا تھا۔۔۔

اور اس وجہ کا میں جواب بھی دے چکی ہوں۔۔۔۔۔۔بڑے لاڈ سے ماہوین نے اپنے بالوں کی لٹ کو انگلی پر گھومایا تھا۔۔۔

مجھے منظور نہیں۔۔۔۔۔۔عمار نے مدھم سے محبت بھرے لہجے میں کہا تھا۔۔۔

اچھا۔۔۔نہ ہو منظور۔۔۔۔ بائے۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے لبوں کو دانتوں میں دبا کر کہا تھا۔۔

رکو۔۔۔رکو ماہوین۔۔۔۔۔۔۔۔ عمار نے تڑپ کر پکارا تھا۔۔۔

اور اس کی یہ تڑپ ماہوین کے لیے تسکین کا باعث بن رہی تھی۔۔۔ایک عجیب سی تسکین

جی۔۔۔فرمائے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بڑے انداز میں مصنوعی سختی لاتے ہوئے کہا۔۔۔

میں حنا کے ساتھ آج گھر آرہا ہوں آپکے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ عمار نے سنجیدگی سے کہا تھا۔۔

کس لیے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے دھک سے دل کے ساتھ پوچھا تھا۔۔۔

آپکو دیکھنے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ عمار کی سرگوشی جیسی آواز نکلی تھی۔۔۔

دماغ ٹھیک ہے آپکا اور اس حنا کی بچی کی ایسی کی تیسی آنے دیں اسے۔۔۔۔۔ماہوین نے سوکھتے حلق کے ساتھ کہا تھا۔۔۔

دیکھیں دیکھیں اس کا کوئی قصور نہیں اس میں یہ سب میرے کہنے پر کر رہی وہ۔۔۔۔۔۔۔ عمار نے ہلکا سا قہقہ لگا کر کہا تھا۔۔۔

بائے۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے جہانزیب کے آنے پر جلدی سے فون رکھ دیا تھا۔۔۔

اور پھر عمار بلکل سچ ہی کہہ رہا تھا تھوڑی دیر میں وہ حنا کے ساتھ گھر پر تھا۔۔۔جہانزیب کے ساتھ بہت دیر تک وہ گپ شپ لگاتا رہا تھا۔۔۔ماہوین چائے رکھنے آئی تو کن اکھیوں سے اس نے اس کے سراپے کو دل میں اتارا تھا۔۔۔جب کہ ماہوین ہنوز سپاٹ چہرہ اپنائے ہوئے تھی۔۔۔

جہانزیب اور عمار کے قہقہے پورے مہمان خانے میں گونجتے رہے تھے۔۔ عمار ماہوین کو تو نہیں ہاں البتہ جہانزیب کو بہت حد تک متاثر کر چکا تھا۔۔

تم کیوں لے کر آئی اسے۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے کھا جانے والی نظروں سے حنا کی طرف دیکھا اور چائے کی خالی ٹرے کو کچن کی شیلف پر پٹخا۔۔۔

وہ سچ کہہ رہے وہ سچ میں پسند کرنے لگے ہیں تمہیں۔۔۔۔۔۔۔ حنا نے بے چارگی سے کہا تھا۔۔۔

تو میں کیا کروں پھر۔۔۔۔... ماہوین نے ادا سے بال جھٹکے تھے اور لبوں کو لے پرواہی سے دائیں بائیں جنبش دی تھی۔۔۔۔

اچھے ہیں اتنے برے بھی نہیں۔۔۔۔۔۔ حنا ڈرتے ہوئے نظریں چرا کر کہا تھا۔۔۔

تم سے مشورے نہیں مانگے۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے دانت پیس کر کہا تھا۔۔۔

اچھا غصہ تو مت کرو۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حنا نے گھور کر دیکھا تھا۔۔۔

****

سنو۔۔۔۔ یہ اس دفعہ کی فیس۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے پیسے آگے بڑھاتے ہوئے محبت سے سامنے کھڑی لڑکی کی طرف دیکھا تھا۔۔۔۔۔۔۔

ماہوین۔۔۔۔ تم بہت اچھی ہو۔۔۔۔۔۔۔ سدرہ نے ماہوین کے ہاتھ سے پیسے لیتے ہوئے مشکور نظروں سے دیکھا تھا۔۔۔

سدرہ کو وہ پچھلے دو سال سے کالج کی فیس دے رہی تھی۔۔۔ وہ ہمیشہ سے ایسی ہی تھی دل و جان سے دوسروں کی مدد کرنے والی سکول میں بھی وہ مختلف لڑکیوں کی مدد کیا کرتی تھی۔۔۔

نہیں اس میں اچھے ہونے والی کونسی بات ہوئی۔۔۔۔ ماہوین نے مسکراتے ہوئے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھا تھا۔۔۔۔

اس نے جہانزیب سے بہت لاڈ سے سدرہ کی مدد کرنے کی فرمائش کی اور جہانزیب کو اپنی بیٹی کی اس ادا پر پیار آ گیا تھا۔۔۔۔ اور انھوں نے اپنی بیٹی کی فرمائش پر سر تسلیم خم کیا تھا۔۔۔

اگر تم نہ ہوتی تو کیا میں اتنا پڑھ پاتی۔۔۔۔۔ سدرہ نے شرمندہ سے لہجے میں کہتے ہوئے سر جھکایا تھا۔۔۔

میں تمھارے اس احسان کا بدلہ کیسے چکا پاؤں گی۔۔۔۔۔۔سدرہ نے مشکور نظروں سے ماہوین کو دیکھا تھا۔۔۔

دعا دے کر۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے محبت سے اس کے چہرے کے رخ کو اپنی طرف موڑا تھا۔۔۔

سدرہ کی آنکھوں میں پانی تیرنے لگا تھا۔۔۔وہ دو سال پہلے میٹرک کے بعد پڑھائی چھوڑ دینے والی تھی جب ماہوین اس سے ملنے آئی تھی اور اس نے اسے آگے پڑھنے پر نہ صرف اکسایا تھا بلکہ اس کی پڑھائی کا سارا خرچ بھی اٹھانے کی ذمہ داری اپنے سر لے لی تھی۔۔۔

ہاں نہ دعا میں یاد رکھا کر۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے پیار سے پچکارتے ہوئے اس کی تھوڑی کو چھیڑا تھا۔۔۔

اچھا بتاؤ کچھ کھایا آج۔۔۔۔۔۔ایک دم سے سانس خارج کرتے ہوئے ماہوین نے کہا وہ سدرہ کو نارمل کرنا چاہتی تھی۔۔۔

چلو پھر کچھ کھاتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔سدرہ کا ہاتھ پکڑے اسے وہ کنٹین پر لے آئی تھی۔۔۔ ہلکی سی گپ شپ کرتی اس کو کچھ بھی نہ محسوس کرواتی وہ اسے روز کالج میں یونہی کچھ نہ کچھ کھلا دیا کرتی تھی۔۔۔

ماہوین چلیں۔۔۔وین آگئی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔نازلین کی آواز پر وہ سدرہ سے باتیں کرتے ہوئے چونک کر پلٹی تھی۔۔۔۔

وہ اور نازلین ایک ہی وین پر گھر واپس جاتی تھیں۔۔۔عمر کا تھوڑا سا فرق ہونے کے باوجود دونوں کی آپس میں بہت اچھی دوستی تھی۔۔۔

آج پھر کھڑا ہے۔۔۔۔۔۔نازلین نے بیگ کو کندھے پر درست کرتے ہوئے ماہوین کے کان میں سرگوشی کی تھی۔۔۔

ماہوین نے آنکھیں سکیڑ کر سامنے دیکھا تھا۔۔۔ روز کے معمول کے مطابق آج پھر وہ لڑکا کالج کے بلکل سامنے کھڑا تھا۔۔۔ جیسے ہی ماہوین نے کالج سے باہر قدم رکھا تھا وہ لڑکا ایک دم سے سیدھا ہوا تھا۔۔۔ عمار کے بعد یہ وہ دوسرا لڑکا تھا جس کی نظریں اسے پریشان کرتی تھیں۔۔۔ پتہ نہیں وہ تھکتا نہیں تھا روز یوں آ کر اور اس کی ایک جھلک دیکھ کر۔۔۔ ماہوین نے ناز سے گردن کو خم دیا تھا۔۔۔

تومت دیکھو نہ ادھر۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نازلین کو جھاڑنے کے سے انداز میں کہتی وہ تیز تیز قدم وین کی طرف بڑھا رہی تھی۔۔۔

مجھے یقین ہے صرف تمھارے لیے آتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔ نازلین نے مسکراہٹ دباتے ہوئے شرارت سے کہا تھا۔۔۔

اچھا۔۔۔ ایسا کیوں یقین تمہیں۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے بھنویں اچکا کر اس کی طرف دیکھا تھا۔۔

جس پر نازلین نے جاندار قہقہ لگایا تھا۔۔۔۔۔۔ اور ماہوین نے خفگی بھری ایک نظر نازلین پر اور پھر ایک نظر سامنے کھڑے لڑکے پر ڈالی تھیں۔۔۔

موچھو نیں اچھی لگتی اس کو ویسے۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے شرارت سے ہنسی دباتے ہوئے کہا اور پھر دونوں دبی سی ہنسی ہنستے ہوئے اس لڑکے کے پاس سے گزر کر وین میں بیٹھ گئ تھیں۔۔۔

اگر اچھا لگتا ہے تو کیوں لٹکا کر رکھا ہے بچارے کو۔۔۔ نازلین نے ماہوین کے کان میں سرگوشی کی تھی۔۔۔

کب کہا اچھا لگتا مجھے نہیں لگتا اچھا۔۔۔ ماہوین نے ناک چڑھائی تھی۔۔۔

مجھے پتہ ہے کیسا چاہیے ایسا جو میرے پیچھے ہو لیکن کچھ الگ پتا ہے کیا دل کرتا۔۔۔۔ ماہوین کی آنکھیں بچوں کی طرح چمکنے لگی تھیں۔۔۔۔

اس کے پیچھے بہت ساری لڑکیاں ہوں اور وہ سب کو چھوڑ کر میرے پیچھے۔۔۔ سمجھی۔۔۔۔۔۔ وہ جوش

میں نازلین کے کانوں میں سرگوشی کر رہی تھی۔۔۔آنے والے ہر وقت سے انجان وہ اسے اپنا سچا دوست مانتے ہوئے اس سے ہر بات کر جاتی تھی۔۔۔

ذرا بڑی سی ایج کا ہو۔۔۔ہینڈسم ہو۔۔۔مجھے ایسے ٹریٹ کرے جیسے میں کوئی پھول ہوں اس کے لیے ۔۔۔اس کے گال اس انجان شخص کے لیے گلابی ہو گئے تھے۔۔۔

دراصل بابا نے مجھے اتنا پیار دیا ہے ہمیشہ۔۔۔اب دل کرتا جو بابا کے بعد میری زندگی میں اہم ہو اس کے لیے بھی میں ایسے ہی ہوں جیسے میں بابا کے لیے۔۔۔ایک ایسا جو بابا کی طرح مجھے اپنے ایک قیمتی اثاثے کی طرح رکھے۔۔۔ماہوین نے کھوئی کھوئی سی آواز میں کہا تھا۔۔۔

اففف۔۔۔اچھا یہ بتاؤ شام کو گھر آ رہی ہو کیا۔۔۔۔۔۔نازلین نے اس کے ہاتھ کو پکڑتے ہوئے کہا۔۔۔

ہاں آوں گی۔۔۔۔۔۔یاد ہے نہ انٹرنیٹ کا آئی ڈی بنانا سیکھانا ہے تم نے۔۔۔ماہوین نے شوق سے کہا تھا۔۔۔

اور پھر وین کی کھڑکی سے باہر ساتھ ساتھ چلتی اس لڑکے کی بائیک کی طرف دیکھا۔۔۔یہ اس لڑکے کا روز کا معمول تھا۔۔۔

****

یہ بن گیا تمھارا اکاونٹ یاہو اپلیکشن پر۔۔۔۔۔۔۔نازلین نے چمکتی آنکھوں کے ساتھ لبوں کو دانتوں میں دبائے کمپوٹر کے سامنے کرسی کو گول گول گھومایا تھا۔۔۔۔

ماہوین نے پر اشتیاق نظروں سے سامنے سکرین کی طرف دیکھا تھا۔۔۔کمپیوٹر اور انٹرنٹ بلکل نیا تھا اس کے لیے۔۔۔

کچھ دن پہلے ہی جہانزیب اس کے لیے کمپیوٹر سسٹم لائے تھے جس کا ذکر اس نے نازلین سے کیا تو اس

نے اسے انٹر نٹ پر اکاونٹ بنانے کا مشورہ دیا تھا۔۔اسی لیے آج وہ نازلین کے گھر اس کے کمرے میں کمپوٹر کے سامنے براجمان تھی۔۔۔

ایک فرینڈ ایڈ کرکے دوں۔۔۔۔۔۔نازلین نے شوخ سے انداز میں بھنویں اچکاتے ہوئے کہا تھا۔

کون ہے۔۔۔۔۔۔ماہوین نے پر تجسّس انداز میں پوچھا تھا۔۔۔

ایک لڑکا ہے اسے تنگ کرنا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔نازلین نے لبوں کو دانتوں میں دبا کر کہا تھا۔۔۔

کون۔۔۔وہی معارف۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے ہلکے سے قہقہ لگاتے ہوئے کہا تھا۔۔

3

پاگل نہیں نہ۔۔۔وہ نہیں۔۔۔یہ کوئی اور ہے۔۔۔۔۔۔نازلین نے ہلکی سی چپت لگاتے ہوئے کہا تھا۔۔

میں اسے تنگ کرتی کبھی کبھی اب تم بھی کیا کرنا اس سے بات۔۔۔۔۔۔۔نازلین نے شوخ سے انداز میں سر ہلاتے ہوئے اسے مشورہ دیا تھا۔۔۔

تمھارے معارف کا کیا حال ہے۔۔۔ماہوین نے اسے چھیڑنے کے سے انداز سے کہا۔۔

وہ ٹیوشن کے لیے جاتی تھی۔۔وہاں اس کا ایک ہم جماعت اس میں پسندیدگی ظاہر کرتا تھا اور نازلین اس کے لیے اپنی پسندیدگی کا اظہار ماہوین سے کر چکی تھی۔۔۔

ٹھیک ہے۔۔۔بات نہیں ہو رہی کچھ دن سے۔۔۔میں ٹیوشن نہیں گئی دو دن۔۔۔احان چھوڑ کر آتا ہے نہ۔۔۔۔۔۔۔نازلین نے اداس سے لہجے میں کہا۔۔۔

احان۔۔۔۔احان کہاں ہے۔۔۔اچانک ماہوین کی آنکھوں کے سامنے ایک سال پہلے دیکھا ہوا احان کا سراپا لہرا گیا تھا۔۔۔۔

وہ ٹیسٹ دینے گیا ہوا اسلام آباد۔۔۔۔۔۔نازلین نے لاپرواہی سے کہا تھا۔۔۔

اب وہ اسے چیٹ کرنا سکھا رہی تھی۔۔۔ جبکہ ماہوین کھوئی کھوئی سی احان کے بارے میں سوچ رہی تھی۔۔۔ لاشعوری طور پر وہ اس کو سوچ رہی تھی جس سے کبھی اس کی بات تک نہیں ہوئی تھی۔۔۔ زندگی کے آٹھارا سال بیت چکے تھے جس میں اس نے احان کو صرف ایک دفعہ دیکھا تھا۔۔ احمرین کی شادی پر لوگوں کے جھرمٹ میں گھراوہ سنجیدہ سا چہرہ پتہ نہیں کیوں آج بھی ذہن میں نقش سا ہی تھا۔۔۔

کیا سوچے جا رہی ادھر دیکھو۔۔۔ نازلین نے زور سے بازو ہلایا تھا اس کا۔۔۔

اور وہ زبردستی چہرے پر مسکراہٹ سجائے اب اس کی باتیں سن رہی تھی۔۔۔

****

کیسا ہوا ٹیسٹ۔۔۔۔۔۔۔ سمیعہ نے دھڑکتے دل سے پوچھا تھا۔۔۔ وہ فون کان کو لگائے ایک ہاتھ اپنے سینے پر رکھے کھڑی تھیں۔۔۔

ہمیشہ کی طرح بہت اچھا امی۔۔۔۔۔۔۔۔ احان نے انکی محبت سے سرشار ہوتے ہوئے چہکتی سی آواز میں کہا تھا۔۔۔

وہ اسلام آباد انجنیرنگ کا ٹیسٹ دینے گیا تھا۔۔۔ ہمیشہ کی طرح اس نے انٹرمیڈیٹ پوزیشن کے ساتھ کلیر کیا تھا۔۔۔ اور اب مختلف یونیورسٹیز میں وہ داخلہ ٹیسٹ دے رہا تھا۔۔۔

ماں صدقے میرے چاند۔۔۔۔۔۔۔۔ سمیعہ نے نہال ہو جانے کے انداز میں کہا تھا۔۔۔

امی نازی سے بات کروادیں۔۔۔۔۔۔ احان نے خوشی سے جوش میں کہا تھا۔۔۔

وہ ماہوین آئی ہوئی اس کے ساتھ بیٹھی ہے۔۔۔۔۔۔۔ سمیعہ نے ایک قدم آگے بڑھا کر پھر کچھ یاد جانے پر مسکرا کر کہا تھا۔۔۔

اوہ اچھا!!!!!۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ احان کو اپنے دل کی دھڑکن ہلکے سے بڑھتی محسوس ہوئی

تھی۔۔۔

اچھا تو آج میرے گھر میں آئے ہیں وہ۔۔۔ اور میں گھر نہیں ہوں۔۔۔ دل کو ایک انجانا سا افسوس ہوا تھا۔۔۔

وہ تمھارے انکل جہانزیب کی بیٹی۔۔۔۔۔۔ سمیعہ نے کچھ یاد دلانے والے لہجے میں کہا تھا۔۔۔

جی جی۔۔۔ میں جانتا ہوں امی۔۔۔۔۔۔۔ نچلے لب کو دانتوں سے کھینچتے ہوئے وہ اپنے دل کو قابو میں لاتے ہوئے بولا تھا۔۔۔

کاش!!!!!۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔آج میں گھر ہوتا۔۔۔۔

دل کے صندوق سے کوئی زور زور سے چیخیں مار رہا تھا۔۔۔ مجھے باہر نکالو۔۔۔ پلیز احان سکندر۔۔۔۔ مجھے باہر نکالو۔۔۔ آج ایک سال بعد پھر سے دل کی وہی حالت کیوں ہو رہی تھی۔۔۔ وہ تو اسے بھولنا چاہتا تھا۔۔۔ تو پھر یہ کیا تھا۔۔۔ صندوق پر پورا وزن دیتے ہوئے وہ اسے پھر سے بند کر چکا تھا۔۔۔۔

وہ کہاں۔۔۔۔ میں کہاں۔۔۔۔ وہ اتنی حسین جس کو ہاتھ لگانے سے دل ڈرے کے اس کا تن نہ میلا ہو جائے کہیں۔۔۔ میں جس کے چہرے پر ٹکا یہ چشمہ۔۔۔ پڑھ پڑھ کر آنکھوں کے نیچے بڑھتے حلقے۔ وہ ایک دم سے بد دل ہوا تھا۔۔۔۔

اچھا پھر میں رات کو کال کر لوں گا۔۔۔ مدھم سے آواز میں کہتے ہوئے اس نے فون بند کر دیا تھا۔۔۔

فون بوتھ سے باہر نکل کر وہ آہستہ سے چلتا ہوا سکندر کی طرف جا رہا تھا۔۔

****

اسلام علیکم بابا۔۔۔۔ ماہوین نے کالج بیگ کندھے سے اتارتے ہوئے حیران سی صورت میں کہا۔۔۔

سامنے بیٹھے عمار کو دیکھ رہی تھی۔۔۔جو نہ صرف جہانزیب کے بلکل برابر بیٹھا تھا بلکہ دونوں کسی بات پر قہقہ بھی لگا رہے تھے۔۔۔ عمار نے کچھ دنوں میں ہی کوئی جادو سا کر دیا تھا جہانزیب پر کہ وہ عمار کو بلکل دوست کی طرح ہی ٹریٹ کرنے لگے تھے۔۔۔ شیراز کے ساتھ تو پہلے بھی کافی دوستی تھی عمار کی لیکن اب تو وہ جہانزیب کے ساتھ بھی یوں گپ شپ کرتا تھا جیسے وہ بھی اس کے دوست ہوں۔۔۔۔

وعلیکم سلام۔۔۔۔۔۔ماہوین مدحیہ سے کہو جلدی سے کھانا لگائیں عمار کے لیے۔۔۔۔۔۔۔۔ عمار کی پیٹھ پر ہاتھ رکھتے ہوئے خوشگوار لہجے میں جہانزیب نے کہا تھا۔۔۔

جی بابا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مدھم سی کھوئی کھوئی حیران سی آواز میں وہ کہتی ہوئی وہاں سے چل دی تھی۔۔۔

مما۔۔۔۔۔ حنا بھی آئی ہے کیا ساتھ۔۔۔ ماہوین نے کچن میں جھانکتے ہی پوچھا تھا۔۔۔

نہیں وہ تو نہیں آئی۔۔۔۔مدحیہ نے مصروف سے انداز میں سالن باؤل میں نکالتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

اچھا۔۔۔۔وہ عمار آیا ہوا ہے تو میں سمجھی۔۔۔۔ تھکے سے انداز میں ماہوین نے سر کھجاتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

وہ تو شیراز کے ساتھ آیا ہے۔۔۔۔دونوں کو کہیں جانا تھا آج۔۔۔مدحیہ نے مخصوص مصروف انداز میں جواب دیا تھا۔۔۔

جاو جا کر یونیفارم تبدیل کرو۔۔۔ پھر کھانا کھاؤ آکر۔۔۔مدحیہ نے خفگی کے انداز میں اسے وہیں کچن کے دروازے پر کھڑے دیکھ کر کہا۔۔۔

واش روم سے منہ دھو کر وہ باہر ہی نکلی تھی جب عمار کو دیدہ دلیری سے اپنے کمرے میں کھڑا دیکھ کر اس کا منہ کھلے کا کھلا رہ گیا تھا۔۔۔۔

کیسی ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ عمار نے مدھم سی سرگوشی کی تھی۔۔

نظر نہیں آ رہا کیا۔۔۔۔۔۔۔۔ٹاول کو پاس پڑی کرسی پر رکھ کر دانت پیستے ہوئے کہا۔۔۔

آ رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔عمار نے ہاتھ سینے پر باندھے تھے۔

تو پھر پوچھ کیوں رہے۔۔۔۔۔۔۔بڑے ناز سے ناک چڑھائی تھی۔۔۔۔

ویسے ہی۔۔۔۔۔۔۔۔عمار نے بھی اسی انداز میں ناک اوپر اٹھا کر کہا تھا۔۔۔

راستہ چھوڑ دیں پلیز۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سر جھکا کر سخت لہجہ اپناتے ہوئے ماہوین نے کہا تھا۔۔۔

عمار کمرے کے دروازے کے درمیان میں کھڑا تھا۔۔۔اور اسے کمرے سے باہر جانا تھا۔۔۔

پہلے تم یہ بتا دو بس کہ میں کیسا لگتا ہوں تمہیں۔۔۔۔۔۔۔عمار نے سنجیدہ سی شکل بنا کر کہا تھا۔۔۔

مجھے نہیں معلوم۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے سر جھکا کر کانوں کے پیچھے بال کرتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

ماہی۔۔۔۔۔مجھے تم سے محبت ہو گئی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بہت مدھم سی سرگوشی تھی جو عمار نے بھاری سی آواز میں کی تھی۔۔۔

تو میں کیا کروں اب۔۔۔۔۔۔۔۔عمار نے روہانسی آواز میں کہا تھا۔۔۔

ماہوین کے ہاتھوں میں پسینہ آنے لگا تھا۔۔۔۔

بھاڑ میں جائیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے دھکا دینے کے سے انداز میں کہا تھا اور پھر تیزی سے کمرے سے نکل گئی تھی۔۔۔

وہ نہیں مان رہی عمار بھائی۔۔۔۔۔۔۔۔حنا نے پریشان سی شکل بنا کر کہا تھا۔۔۔

عمار کا رنگ ایک دم سے زرد پڑا تھا۔۔۔۔۔بے چارگی سے حنا کی طرف دیکھا تھا۔۔۔

وہ کہہ رہی ہرگز نہ بھیجیں رشتہ وہ میرا۔۔۔۔۔۔۔حنا نے نظریں چرا کر کہا تھا۔۔۔

عمار نے ماہوین کے لیے رشتہ بھیجنے کی بات کی تھی۔۔۔جس پر ماہوین نے حنا کو صاف انکار کر دیا تھا۔۔۔۔

تم پلیز حنا اسے بتاؤ۔۔۔ میں نہیں رہ سکتا اس کے بنا۔۔۔ میں نے فرحت آپا سے بھی بات کر لی ہے۔۔۔۔۔۔ عمار نے پریشان سی صورت بنا کر کہا تھا۔۔۔

وہ کیا کرتا ماہوین اس کے دل کا چین اور راتوں کی نیند اڑا چکی تھی۔۔۔ وہ ہر قیمت پر اسے پانا چاہتا تھا۔۔۔ شیراز کی باتوں سے جب اسے یہ پتہ چلا تھا کہ ماہوین کے رشتے آ رہے ہیں تو اس کا دل بے چین ہو گیا تھا۔۔۔ لیکن اس سے پہلے وہ ماہوین کی رضامندی جاننا چاہتا تھا۔۔ اور اب حنا نے یہ بتا کر اس کے ارمانوں کا خون کر دیا تھا کہ وہ صاف انکار کر چکی ہے۔۔۔

اوہ۔۔۔۔۔ کیا کہتیں وہ۔۔۔۔۔۔۔ حنا ایک دم سے عمار کی بات پر چونک کر پوچھ رہی تھی۔۔۔

ماہوین سختی سے منع کر چکی تھی لیکن ادھر عمار اس کو لے کر اتنا سنجیدہ ہو گیا تھا کہ اپنی بہن سے بھی اس کا ذکر کر بیٹھا تھا۔۔۔

وہ بہت خوش ہوئی ہیں۔۔۔ اور انھوں نے امی سے بھی بات کرنے کا کہا ہے۔۔۔۔۔۔ عمار نے کمر پر ہاتھ رکھے بے زار لہجے میں کہا۔۔۔

دل تو ماہوین کے انکار سے ہی بجھ چکا تھا۔۔۔

عمار بھائی آپ یہ بھی تو دیکھیں وہ آپکو بلکل پسند نہیں کرتی۔۔۔۔۔۔ حنا نے رک رک کر آہستہ سی آواز میں کہا تھا۔۔۔

کل میرے ساتھ چلو گی مجھے اس سے بات کرنی ہے۔۔۔ عمار نے ہر سوچ انداز میں کہا اور تیزی سے باہر نکل گیا۔۔۔

****

ہے۔۔۔ کہاں گھسے چلے آ رہے ہو۔۔۔۔۔۔۔ پینٹ شرٹ میں ملبوس چونگم چباتی لڑکی نے احان کے کندھے کو دھکا دیتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

کیا مطلب کہاں آ رہا ہوں۔۔۔ یہ سیٹ ہے میری اور ایک ہفتے سے میں اس پر بیٹھ رہا ہوں

۔۔۔۔۔۔احان نے ماتھے پر بل ڈال کر کہا تھا۔۔۔

ایک ہفتے سے بیٹھ رہے تھے نہ۔۔۔آج سے نہیں بیٹھو گے۔۔۔۔۔۔لڑکی نے بھنویں اچکا کر بڑے انداز میں کہا تھا۔۔۔

احان کا اسلام آباد فاسٹ یونیورسٹی میں ایڈمیشن ہو چکا تھا۔۔۔۔وہ ایک ہفتے سے پہلی قطار کی نشست پر بیٹھ رہا تھا۔۔ لیکن آج یہ لڑکی اسی نشست پر کھڑی اس کے ساتھ بحث کر رہی تھی۔۔

کیا مطلب۔۔۔۔۔۔۔احان نے ماتھے پر بل ڈال کر دانت پیستے ہوئے کہا تھا۔۔۔

مطلب وہی جو تم سمجھے ہو مسٹر۔۔۔ صبا بتاؤ اسے میں کون ہوں۔۔۔۔۔۔۔ایک دم سے وہ ایک ادا سے ساتھ کھڑی اسی انداز کی لڑکی سے مخاطب ہوئی تھی۔۔۔

یہ ملک اسد کی بیٹی ہے۔۔تارم اسد۔۔۔۔۔۔جانتے تو ہو گے انھیں تم کتنے بڑے سیاستدان ہیں۔۔۔صبا نے ایک ادا سے کہا تھا۔۔۔

ملک اسد کی بیٹی ہوں گی آپ اپنے گھر میں ۔۔۔اس یونیورسٹی میں سب سٹوڈنٹس ایکول ہیں سمجھی آپ۔۔۔اور میں یہیں بیٹھوں گا۔۔۔ بلاؤ اپنے گھر کے گنڈوں کو۔۔۔احان نے بازو سے دبوچ کر اسے ایک طرف کیا تھا اور ناک پھلاتا ہوا وہ اسی نشست پر بیٹھ چکا تھا۔۔۔۔

تارم کا چہرہ ایک دم سے غصے میں لال ہوا تھا۔۔۔

یو۔۔۔۔بلڈی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تارم نے انگشت انگلی اکڑا کر احان کے سامنے کی اور دانت پیستے ہوئے کہا تھا۔۔۔

آئے۔۔۔۔۔۔جسٹ۔۔۔۔شٹ یور۔۔۔ماوتھ سمجھی۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے بھی اسکے انداز میں انگلی کھڑی کی تھی۔۔۔۔۔

تمہیں تو میں دیکھ لوں گی۔۔۔ چشمش کہیں کے۔۔۔۔۔۔تارم اس کی غصیلی آنکھوں سے تھوڑی گڑبڑا گئی تھی۔۔۔

دیکھتی رہنا چار سال ہوں یہاں۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے دانت پیستے ہوئے کہا تھا۔۔۔۔

****

یہ۔۔۔۔ تم دونوں کیا کر رہے یہاں۔۔۔ماہوین نے بھونیں اچکا کر حنا اور وقار کی طرف دیکھا تھا۔۔۔

حنا اسے بازار لے کر جانا چاہتی تھی۔۔۔وہ تیار ہونے کے بعد اسے تلاش کرتی ہوئی وقار کے کمرے کے پاس سے گزر رہی تھی جب اس نے حنا اور وقار کو کسی بات پر ہنستے دیکھ کر وہ آنکھیں سکیڑتی یہاں آئی تھی۔۔۔۔

وقار تیزی سے باہر نکل گیا تھا۔۔۔ حنا بھی کانوں کے پیچھے بال آڑاتی باہر کی طرف جا رہی تھی۔۔۔۔

ایک منٹ۔۔۔ایک منٹ رکو ذرا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے مسکراہٹ دبا کر کہا اور پاس سے گزرتی حنا کے بازو کو تھاما تھا۔۔۔

اسکو تو میں بعد میں پوچھوں گی۔۔۔ تم ذرا ادھر آو۔۔۔۔ماہوین نے گھوما کر حنا کو اپنے سامنے کیا تھا۔۔۔

میں بھی یہ سوچتی تھی۔۔۔۔ عمار کے چکر تو مجھے سمجھ آتے ہیں لیکن یہ تم کیوں روز روز بھاگی چلی آتی ہو ہمارے گھر۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے گال پر بڑے انداز میں انگلی رکھتے ہوئے کہا۔۔۔جب کہ خوبصورت بڑی بڑی آنکھیں شرارت سے چمک رہی تھیں۔۔۔

غلط۔۔۔ سمجھ رہی ہو تم۔۔۔ ایسا کچھ نہیں ہے۔۔۔ حنا نے نظریں چراتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

وہ عمار کے کہنے پر بہانے سے ماہوین کو باہر لے کر جا رہی تھی جہاں عمار نے کہا تھا وہ ماہوین سے ایک دفعہ بات کرنا چاہتا تھا۔۔۔۔۔۔وقار اور حنا میں بچپن سے پسندیدگی چل رہی تھی جس کی خبر صرف

ان دونوں کے علاوہ اور کسی کو نہ تھی۔۔۔ لیکن آج انھیں ماہوین نے رنگے ہاتھوں پکڑ لیا تھا۔۔۔

او۔ ہو۔۔۔۔۔۔ زیادہ میرے سامنے معصوم بننے کی ضرورت نہیں۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے شرارت سے آنکھیں سکیڑ کر کہا تھا۔۔۔

کچھ بھی نہیں وقار سے حال چال لے رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔ حنا نے نظریں چرا کر کہا تھا۔۔۔

جس پر ماہوین نے بے ساختہ قہقہ لگایا تھا۔۔۔ شک تو اسے ان دونوں پر بہت عرصے سے تھا۔۔۔ اب یقین ہو گیا تھا۔۔۔ دل کو خوشی ہو رہی تھی حنا اس کی کزن ہی نہیں اس کی بہت اچھی دوست بھی تھی۔۔۔

تم چل رہی ہو اب ساتھ میرے یا نہیں۔۔۔ حنا نے خجل ہو کر بات بدلی تھی۔۔۔

چل رہی ہوں۔۔۔ چلو۔۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین اس کے پریشان ہونے پر مسکرا دی تھی۔۔۔

بازار جاتے ہوئے بھی وہ جان بوجھ کر حنا کی طرف شرارت سے دیکھے جا رہی تھی۔۔۔ وہ ایک کیفے کے سامنے آٹو روک کر ماہوین کو اندر آنے کا اشارہ کرتی ہوئی اندر جا چکی تھی۔۔۔ جہاں بلکل سامنے پہلے سے عمار بیٹھا ہوا تھا۔۔۔

حنا یہ سب کیا ہے۔۔۔ ماہوین سپاٹ چہرے کے ساتھ حنا کی طرف مڑی تھی اور دانت پیستے ہوئے کہا۔۔۔

پلیز۔۔۔ ایک دفعہ ان کی بات سن لو۔۔۔۔۔۔۔ حنا نے ہاتھ جوڑتے ہوئے التجائی انداز میں کہا تھا۔۔۔

ماہوین کچھ دیر پر سوچ انداز میں کھڑی رہی پھر آہستہ سے چلتی ہوئی عمار کے بلکل سامنے آ کر بے زاری سے کھڑی ہوئی تھی۔۔۔ جب کے وہ مسکراتا ہوا اس پر نظر جمائے محبت سے کھڑا ہوا تھا۔۔۔۔

کہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے ہونٹوں کے زاویے کو بدلتے ہوئے بے زار سے لہجے میں کہا تھا۔۔۔

ماہی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔عمار نے محبت بھری آواز میں دھیرے سے کہا تھا۔۔۔

ایک منٹ۔۔۔۔ میرا نام ماہوین ہے۔۔۔ماہی صرف میرے بابا مجھے کہتے ہیں۔۔۔ماہوین نے ناگواری سے کہا۔۔۔

اوکے۔۔۔۔ماہوین۔۔۔۔۔۔۔عمار نے نچلے لب کو دانتوں میں جکڑ کر بے چین سی آواز میں کہا تھا۔۔۔

میں تم سے بہت محبت کرتا ہوں یہ سچ ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔عمار کی آنکھوں میں پانی تیر رہا تھا۔۔۔

ماہوین ایک لمحے کے لیے ساکن ہوئی تھی۔۔۔اگلے ہی لمحے وہ پھر سے سخت ہو چکی تھی۔۔۔۔

چلیں۔۔۔ ٹھیک ہے مان لیا میں نے یہ کہ آپ بہت محبت کرتے ہیں مجھ سے۔۔۔ لیکن آپ یہ کیوں نہیں دیکھتے کہ آپ میں ایسا کچھ بھی نہیں ہے جو مجھے چاہیے۔۔۔ماہوین نے التجائی انداز اپناتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

کیا نہیں ہے۔۔۔کیا میری شکل۔۔۔۔۔۔۔۔عمار نے بے چین ہو کر کہنا چاہا تھا۔۔۔

شکل کی بات نہیں کی ہے میں نے۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے ایک ادا سے سینے پر ہاتھ باندھے تھے۔۔۔

پھر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔عمار نے ٹھنڈی سانس بھرتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

پھر یہ کہ آپ پڑھے نہیں اتنا آپ ابھی کچھ بھی نہیں کرتے کوئی جاب۔۔۔ مجھے کوئی ایسا چاہیے۔۔۔ جو بہت پڑھا لکھا ہو۔۔۔ جس کی اچھی جاب ہو۔۔۔اور آپ کا فیوچر برائٹ نہیں ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ سنگدلی سے اس پر ستم توڑ رہی تھی۔۔۔۔

یہ جانے بنا کہ سامنے کھڑا وہ لڑکا اسے دل و جان سے چاہتا ہے۔۔۔۔

پلیز۔۔۔ میری کسی بات کو غلط رنگ مت دینا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے اس کے زرد پڑتے چہرے کو دیکھا تھا پھر تیز تیز قدم اٹھاتی وہ کچھ فاصلے پر کھڑی حنا کے پاس آ چکی تھی۔۔۔

****

سر۔۔۔ میں خود اسائنمٹ کمپلیٹ کر کے یہاں رکھ کر گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے غصے سے سرخ ہوتے چہرے کے ساتھ کہا تھا۔۔۔

پھر کھا جانے والے ایک نظر سامنے کھڑی تارم اسد پر ڈالی تھی۔۔۔

تو احان آپکو اس بات کا خیال خود کرنا چاہیے تھا۔۔۔نہ کہ اب آپ الزام تارم اور صبا پر لگائیں۔۔۔۔۔۔۔پروفیسر نے ناگواری سے ماتھے پر بل ڈال کر کہا۔۔۔

سر۔۔۔ مجھے جھوٹ بول کر باہر بلوایا گیا اور جب میں واپس آیا تو میرے سارے نوٹس پیپر غائب تھے اور میری اسائنمنٹ غائب تھی۔۔۔۔۔۔۔احان پروفیسر کے رویے سے دل برداشتہ ہو کر بولا تھا۔۔۔

سر۔۔۔ میں نے کچھ بھی نہیں کیا ہے۔۔۔یہ شروع دن سے مجھ سے خار کھا رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔تارم نے آنکھیں سکیڑ کر ناک پھلایا۔۔۔

کیا مسئلہ کیا ہے آپ دونوں کا سکون کریں اور باقی سب کو بھی سکون سے رہنے دیں۔۔۔۔۔۔۔۔پروفیسر تنگ آ کر باہر کی طرف بڑھ چکا تھا۔۔۔

تم سمجھتی کیا ہو خود کو۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے دھاڑتے ہوئے دیکھا تھا۔۔۔

میں نہیں تم کچھ سمجھتے ہو خود کو۔۔۔۔تارم نے مزے لیتے ہوئے کہا۔۔

وہ پہلے دن سے اس کے ساتھ ایسا کر رہی تھی۔۔۔یونیورسٹی میں انھیں چار ہفتے گزر چکے تھے۔۔۔لیکن تارم مختلف طریقوں سے احان کو ٹارچر کر رہی تھی۔۔۔اور آج اس کی نوٹس غائب کر چکی تھی۔۔۔۔

اب تم دیکھتی جانا میں کیا کرتا ہوں تمھارے ساتھ۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے دانت پیسے تھے۔۔۔

بڑے دیکھے تمھارے جیسے للو میں نے۔۔۔۔۔تارم نے طنز بھرا قہقہ لگایا تھا

احان ایک دم سے اس کی طرف بڑھا تھا جب پاس کھڑے فواد نے اسے پکڑ کر پیچھے کیا تھا۔۔۔

احان پلیز۔۔۔لیو۔۔۔لیو۔۔۔ہر۔۔۔۔۔۔فواد اسے سمجھتا ہوا ایک طرف لے گیا تھا۔۔۔

****

مجھ سے تو اب بات ہی نہیں کرتا وہ۔۔کیا جادو کر دیا ہے۔۔۔۔۔۔۔نازلین نے شرارت سے ماہوین کی طرف دیکھا۔۔

ارے بھئی کچھ بھی نہیں بس فرینڈز والی چیٹ ہوتی اس سے۔۔۔۔۔۔ماہوین نے چپس کو منہ میں رکھتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

نازلین نے ماہوین کو جس لڑکے کی چیٹ آڈی دی تھی وہ دونوں مل کر اسے تنگ کرتی تھیں لیکن اب وہ لڑکا صرف ماہوین سے بات کرتا تھا۔۔۔۔

کچھ پریشان سی لگ رہی ہو۔۔۔۔۔۔نازلین نے کھوجتی نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

بہت دن سے وہ دیکھ رہی تھی کہ ماہوین کھوئی کھوئی سی رہتی تھی۔۔۔

یار وہی عمار والا مسئلہ۔۔۔اس دن وہ روپڑا میرے سامنے۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے مدھم سے لہجے میں کہا۔۔۔۔

ماہوین۔۔۔مجھے بھی ایسا لگتا ہے وہ سچی محبت کرتا تم سے۔۔۔میں تو یہ کہوں گی مت ٹھکراؤ اس کے پیار کو۔۔۔۔۔۔نازلین نے محبت سے ماہوین کے ہاتھ پر ہاتھ رکھا تھا۔۔۔۔

وہ کالج کے گراونڈ میں گھاس پر بیٹھی تھیں۔۔۔

تم۔۔۔اپنے مشورے نہ اپنے پاس ہی رکھو۔۔۔۔تمہیں پتا ہے کتنے اچھے رشتے آرہے ہیں میرے۔۔۔اور بابا ابھی چاہتے کوئی ایسا ہو جو ہر طرح سے میرے معیار پر پورا اترے۔۔۔دولت مند ہو۔۔۔۔خوبصورت ہو۔۔۔اور عمار خوبصورت تو ہے لیکن نہ تو دولت مند اور نا ہی زیادہ پڑھا لکھا۔۔۔۔۔۔۔۔

آخری بات پر ماہوین کا لہجہ دھیما پڑا تھا۔۔۔

پھر بھی مجھے ترس آتا اس پر۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین کو کھڑا ہوتا دیکھ کر نازلین بھی کھڑی ہوئی تھی

اچھا ٹرپ پر جا رہی ہو نہ۔۔۔نازلین نے اس کے ساتھ ساتھ چلتے ہوئے پر جوش انداز میں پوچھا۔۔۔

بلکل جا رہی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے آنکھیں چمکا کر کہا تھا۔۔۔

****

کیا ہوا۔۔۔۔۔۔۔۔۔صبا نے تارم کے پاس بیٹھتے ہوئے تجسّس سے کہا۔۔۔

وہ نہیں آ رہا۔۔۔کافی دن سے۔۔۔۔۔۔۔۔تارم نے غیر مرئی نقطے پر نظر جما کر کہا۔۔۔

ہاں۔۔۔یار۔۔۔پڑھا کو نظر نہیں آیا۔۔۔۔۔لیکن ایک بات تو بتا۔۔۔تمہارا کیوں منہ لٹکا ہوا۔۔۔۔۔۔۔۔صبا نے طنز کے انداز میں کہا۔۔۔

احان طبیعت خراب ہونے کی وجہ سے تین دن سے نہیں آ رہا تھا جو تارم اسد کو بری طرح کھل رہا تھا۔۔۔

کب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تارم نے اپنے منہ پر ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا۔۔۔۔

شکل دیکھ اپنی۔۔۔۔۔۔۔۔صبا نے تارم کے چہرے کو پکڑ کر ایک جھٹکا دیا تھا۔۔۔۔

وہ واقعی میں عجیب اداس ہو گئی تھی ان تین دنوں میں۔۔۔جتنا وقت وہ یونیورسٹی میں رہتی تھی سارا وقت وہ احان کو تنگ کرنے کے منصوبے بناتی رہتی تھی۔۔۔پڑھائی میں وہ بھی بہت اچھی تھی۔۔۔احان اگر کلاس کا سی آر تھا تو وہ جی آر تھی۔۔۔لیکن ہر وقت احان کی اور اس کی نوک جھونک چلتی رہتی تھی۔۔۔اس نے احان کی اسائنمنٹ چرا لی تھیں تو احان نے اگلے دن اس کے پراجیکٹ کو یو س بی سمیت غائب کر دیا تھا۔۔۔۔

کیا ہوا میری شکل کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔تارم نے پریشان ہوتے ہوئے صبا کی طرف دیکھا تھا۔۔۔

ایک منٹ۔۔۔ایک منٹ تم کہیں۔۔۔۔لڑتے۔لڑتے۔۔۔وہ منہ کھولے تارم کے پاس آئی تھی۔۔۔

کہیں تمہیں اس سے پیار۔۔۔۔۔اوہ مائی گاڈ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔صبا کا منہ کھل گیا تھا وہ پھٹی پھٹی آنکھوں سے سامنے بیٹھی تارم کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

تارم اسد۔۔۔۔بلا کی ذہین۔۔۔۔۔نک چڑھی۔۔۔۔سر چڑھی۔۔۔۔۔عام سی شکل و صورت پر جدید فیشن سے لیس ایک امیر باپ کی اکلوتی بیٹی آج احان سکندر کے لیے پریشان حال بیٹھی تھی۔۔۔۔

میری بات سنو۔۔۔۔بوائز ہاسٹل چلتے ہیں۔۔۔۔تارم نے ایک دم سے کھڑے ہو کر چمکتی آنکھوں کے ساتھ کہا تھا۔۔۔۔

دماغ ٹھیک ہے تمھارا وہ کس لیے۔۔۔۔صبا پر حیرانی کا ایک اور پہاڑ ٹوٹا تھا۔۔۔۔

احان کا پتا کرنے وہ کیوں نہیں آرہا۔۔۔۔۔تارم نے لب کچلتے ہوئے بے چینی سے کہا تھا۔۔۔۔

نہیں بلکل نہیں۔۔۔۔صبا نے ہوا میں دونوں ہاتھ نہیں کی صورت میں ہلاتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

چلو تم اور ایکٹنگ بعد میں کرنا۔۔۔۔۔۔۔مجھے جانا ہے اس کا پتہ کرنا ہے وہ کیوں نہیں آرہا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔تارم نے پریشان صورت بنا کر کہا تھا۔۔۔

اسے خود کی سمجھ ہی نہیں آرہی تھی وہ یہ سب کیوں اور کس لیے کر رہی ہے۔۔۔پر آج جب تین دن تک احان نظر نہیں آیا تھا وہ بے چین سی ہو گئی تھی۔۔۔احان ایسا ہی تو تھا کہ اسے بے چین کر دیتا۔۔۔

دراز قد۔۔۔۔سفید رنگت۔۔۔تیکھی ناک۔۔۔پر کشش سراپا۔۔۔۔

وہ کچھ فروٹس لے کر ہاسٹل کے وزیٹنگ روم میں بیٹھی تھیں۔۔۔جب احان کا دوست وہاں آیا۔۔۔فواد کا منہ کھولے کا کھولا رہ گیا تھا۔۔۔

وہ۔۔۔وہ۔۔۔میں۔۔۔احان کہاں ہے۔۔۔تارم نے ہونٹوں پر زبان پھیرتے ہوئے کہا۔۔۔

احان روم میں ہے۔۔۔ خیریت۔۔ کوئی کام ہے آپکو اس سے۔۔۔ فواد ابھی بھی حیران پریشان تھا۔۔۔

فواد نے ایک نظر اب اسے کے ہاتھ میں پکڑے بیگ پر ڈالی تھی جو فروٹس سے بھرا ہوا تھا۔۔تارم نے بیگ اس کی طرف کیا۔۔۔

مجھے احان سے ملنا ہے۔۔۔۔تارم نے فروٹس کے بھرے بیگ کو فواد کی طرف بڑھاتے ہوئے کہا تھا۔۔۔۔

میں بلا کر لاتا ہوں احان کو۔۔۔۔۔۔۔ فواد نے خجل سا ہو کر نا سمجھی کے انداز میں بیگ کو ہاتھ میں لیتے ہوئے کہا۔۔۔

تارم۔۔۔۔ صبا کے گھورنے سے بے نیازی برتتی ہوئی سامنے صوفے پر ٹانگ چڑھا کر بیٹھ چکی تھی۔۔۔

صبا منہ ہی منہ میں اس صلواتیں سناتی اس کے ساتھ بیٹھ چکی تھی۔۔۔

تھوڑی دیر بعد فواد اکیلا ہی واپس لوٹا تھا۔۔۔۔

وہ احان سو رہا ہے معزرت۔۔۔ وہ صبح یونیورسٹی آئے گا آپ وہاں بتا دینا کام۔۔۔ فواد نے کان کھجاتے ہوئے نظریں چرا کر کہا تھا۔۔۔

دیکھا شوق چڑھا تھا تمہیں۔۔۔ وہ نہیں ملے گا تم سے۔۔۔ صبا نے دانت پیستے ہوئے تارم کے کان میں سرگوشی کی تھی۔۔۔

تارم ناک پھلا کر اٹھی تھی پھر وہاں رکی نہیں تھی۔۔۔۔

****

ماہوین۔۔۔۔۔ادھر لیٹو۔۔۔۔۔۔۔۔۔ واش روم سے بے حال ماہوین کو پکڑ کر لاتے ہوئے نازی نے پریشانی سے کہا۔۔

کیا ایسا کھایا۔۔۔ یار۔۔۔۔۔۔۔۔ نازی نے اس کے سر کے نیچے تکیہ درست کرتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

پتہ نہیں۔۔۔تم جاؤنہ سب کے ساتھ میری وجہ سے اپنا ٹرپ مت خراب کرو۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے نقاہت بھری آواز میں بند آنکھوں سے کہا تھا۔۔۔

وہ لوگ کالج کے ٹرپ کے ساتھ مری آئی تھیں دس دن کے ٹرپ میں تیسرے دن ہی ماہوین کو فوڈ پوائزن ہو گیا تھا۔۔۔وہ بری طرح بار بار قے کر رہی تھی۔۔۔

چپ۔۔۔۔۔تمہیں ایسے چھوڑ کر چلی جاؤں۔۔۔۔کبھی نہیں۔۔۔میں نے میم سے بات کی ہی کچھ دیر میں ڈاکٹر کے پاس جانا ہے۔۔۔۔۔۔نازی نے ڈانٹنے کے سے انداز میں کہا تھا۔۔۔

میری وجہ سے تمھارا بھی سارا ٹرپ برباد ہوا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے شرمندگی سے اس کی طرف دیکھ کر کہا۔۔۔۔

کوئی بات نہیں۔۔۔۔۔۔۔نازلین نے محبت سے اس کے گال کو تھپکا تھا۔۔۔

لیٹو اب آرام سے۔۔۔شائد موسم بھی ایسا ہے احان بھی کل سے اسی طرح بیمار ہے۔۔۔۔۔۔۔۔نازلین نے مصروف سے انداز میں کہا تھا۔۔۔۔

کہاں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بے اختیار ہی ماہوین کے منہ سے نکلا تھا۔۔۔

اسلام آباد ہوتا نہ وہ۔۔۔انجنیرنگ کر رہا۔۔۔تم بتاؤ سر دباؤں تمھارا۔۔۔۔۔۔نازلین نے اس کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

نہیں۔۔۔۔اتنا خیال رکھ رہی ہو بہت ہے۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے محبت سے دیکھتے ہوئے سر نہیں میں ہلایا۔۔۔۔

پاگل ایسی باتیں کیوں کر رہی۔۔۔اچھا آرام کرو میں باہر ہوں۔۔۔۔۔۔۔نازلین اسے محبت بھرے لہجے میں کہتی ہوئی کمرے سے باہر نکل گئی تھی۔۔۔

ماہوین نے۔۔۔نقاہت سے آنکھیں بند کی تھیں۔۔۔اس سے پہلے کے نیند کی وادی میں قدم رکھتی

پاس پڑے موبائل کے رنگ ٹون نے خاموش کمرے میں ارتعاش پیدا کیا تھا۔۔۔

ہیلو۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے فون اٹھا کر کان کو لگایا تھا۔۔۔

کیسی ہو۔۔۔۔۔۔۔۔عمار کی مدھم سی آواز فون کے سپیکر میں ابھری تھی۔۔۔

اس کو صاف انکار کر دینے کے بعد آج پورے چھ ماہ بعد وہ عمار کی آواز سن رہی تھی۔۔۔اس کا موبائل نمبر یقیناً اس نے حنا سے لیا ہو گا۔۔۔

ٹھیک ہوں۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے کانپتی سی آواز میں کہا تھا۔۔۔

لگ نہیں رہی۔۔۔۔۔۔۔۔۔عمار کی آواز میں ایک دم سے بلا کی پریشانی در آئی تھی۔۔۔

نہیں ایسی کوئی بات نہیں ہے۔۔۔.۔۔۔۔۔۔ماہوین نے آہستہ سی نقاہت بھری آواز میں کہا تھا۔۔۔۔

نہیں مجھے تو لگ رہا ہے تم بہت بیمار ہو۔۔۔میں آ رہا ہوں یہاں۔۔۔۔۔۔۔عمار نے ایک دم جوش میں کہا تھا۔۔۔

عمار کیا ہو گیا ہے آپکو۔۔۔ہر گز نہیں۔۔۔میں کالج ٹرپ کے ساتھ ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے حیرت سے منہ کھولتے ہوئے کہا۔۔۔

آپ پلیز مجھے کال مت کریں۔۔۔۔ماہوین نے بے زاری سے کہا۔۔۔

تمہیں بتانا تھا میری آرمی میں سلیکشن ہو گی ہے۔۔۔۔۔۔۔عمار کے لہجے سے بے انتہا خوشی جھلک رہی تھی۔۔۔۔

گڈ۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے سپاٹ لہجے میں کہا تھا۔۔۔

بی اے ہی کیا ہے کس پوسٹ پر سلیکشن ہوئی ہو گی پتہ ہی ہے مجھے۔۔۔ماہوین نے بے زاری سے سوچا تھا۔۔۔وہ عمار سے جتنا دور جانا چاہتی تھی عمار اتنا ہی اس کے پیچھے پڑا تھا۔۔۔وہ کسی بھی رخ سے اس کے آئیڈیل سے نہیں ملتا تھا۔۔۔اور صرف ایک بے پناہ چاہے جانے کے سرور کے علاوہ اس نے کبھی

عمار کو کسی حوالے سے نہیں سوچا تھا۔۔۔۔۔۔اس کی بے پناہ محبت اسے ہر اس لڑکے کی طرح ہی لگتی تھی جو اس کی ایک جھلک کے بعد ہی دیوانے ہو جایا کرتے تھے۔۔۔اور اسے عادت ہو چکی تھی کالج کے باہر کھڑے اس لڑکے کی۔۔۔ عمار کی ضد کی لیکن وہ ان کے لیے کچھ بھی محسوس نہیں کر پاتی تھیں۔۔۔

مجھے تھوڑا سا وقت دو گی۔۔۔۔پلیز۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔عمار نے التجائی انداز میں کہا تھا۔۔۔۔

ماہوین۔۔۔۔کچھ بولو تو۔۔۔۔۔۔۔۔دوسری طرف کی خاموشی عمار کو بے چین کر گئی تھی۔۔۔

ماہوین۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔عمار نے پھر سے مدھم سے لہجے میں کہا تھا۔۔۔۔

ماہوین نے فون بند کر دیا تھا۔۔۔۔لیکن بار بار عمار کی کال آتی رہی تھی اس کا حال پوچھنے کے لیے۔۔۔ بیمار وہ تھی اور بے حال عمار تھا۔۔

****

اس کو کیا ہو گیا ہے آجکل چڑیل کا روپ نہیں اختیار کر رہی۔۔۔۔۔۔۔۔فواد نے احان کے کان میں سر گوشی کی تھی۔۔۔

احان کے لیپ ٹاپ پر چلتی انگلیاں ایک لمحے کے لیے ساکن ہوئی تھیں آنکھیں سکیرڑ کر سامنے ہو نیورسٹی کے لان میں بیٹھی تارم کی طرف دیکھا جو ہر روز کے معمول کی طرح اسے تاڑنے میں مصروف تھی جیسے ہی ان کی نظر ملتی وہ فورا مسکرا دیا کرتی تھی لیکن احان ابھی بھی سپاٹ رویہ رکھے ہوئے تھا اس کے ساتھ۔۔۔دو سمسٹر گزر چکے تھے۔۔۔اب وہ کبھی بھی اسے تنگ نہیں کرتی تھی اور نہ ہی بد تمیزی کرتی تھی۔۔۔۔

مجھے کیا معلوم۔۔۔۔احان نے لاپرواہی سے کندھے اچکائے تھے۔۔۔اور پھر سے نگاہیں لیپ ٹاپ پر جھکا لی تھیں۔۔۔۔

سکون ہے بس یہی بہت ہے۔۔۔۔۔۔۔۔احان مصروف سے انداز میں بڑبڑایا تھا۔۔۔

پھر بھی خیر ہو۔۔۔ہر وقت تمہیں دیکھتی رہتی ہے بس۔۔۔۔۔۔۔فواد نے مسکراہٹ دبا کر کہا تھا۔۔۔۔

اچھا۔۔۔تو کیا تم اسے دیکھتے رہتے ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے ماتھے پر بل ڈال کر طنز بھرے لہجے میں فواد کی طرف دیکھتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

ویسے۔۔۔۔۔پھنسالے۔۔۔۔امیر ہے۔۔۔۔فواد نے شرارت سے کہا۔۔۔

کام کر اپنا جا کر۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے ڈانٹنے کے سے انداز میں کہا۔۔۔

وہ دونوں اسی طرح باتوں میں مصروف تھے جب تارم بلکل اس کے سر پر آ کر کھڑی ہو چکی تھی۔۔۔

مجھے نوٹس چاہیے تمھارے۔۔۔۔۔۔۔تارم نے مٹھاس بھرے لہجے میں کہا تھا۔۔۔

میں نہیں دینا چاہتا۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے نظر اٹھائے بنا کہا تھا۔۔

کیوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔حیرانگی سے تارم نے آنکھیں پھیلا کر کہا تھا۔۔۔

میرے نوٹس میری مرضی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان دانت پیستے ہوئے کہا۔۔۔

تم سی آر ہو۔۔۔سٹوڈنٹس کو ہلپ آوٹ کرنا چاہیے تمہیں۔۔۔۔۔۔۔۔تارم نے ڈھیٹ پن سے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔

احان کے بال بکھر کر اسکے ماتھے پر گرے تھے۔۔۔اس کے ہلکے گلابی ہونٹ۔۔۔ سنجیدہ غصے سے سرخ پڑتا اس کا چہرہ۔۔۔تارم کے دل میں اتر رہا تھا۔۔۔

5

بات سنو۔۔۔۔آئی ایم سوری فار ایوری تھنگ۔۔۔۔۔۔۔تارم نے مدھم سے لہجے میں کہا تھا۔۔۔۔۔۔

احان نے سپاٹ چہرے سے لیپ ٹاپ بند کیا اور تیزی سے وہاں سے اٹھ کر چلا گیا۔۔۔

اور تارم گہری نگاہوں سے اسے دیکھتی رہی۔۔۔۔

****

اتنی پیاری تو ہو تم۔۔۔ عمار کا دیوانہ ہو جانا تو بنتا ہے نہ۔۔۔ فرحت نے محبت سے ماہوین کے چہرے کو اپنے دونوں ہاتھوں میں بھرا تھا۔۔۔

چلو آؤ۔۔۔ ہم سب کے ساتھ بیٹھو۔۔۔۔۔۔۔ فرحت ماہوین کو پکڑ کر اپنی امی اور رخ کے دمیان میں لا چکی تھی۔۔۔

عمار کی اس کے لیے پسندیدگی اب سب پر ظاہر ہو چکی تھی۔۔۔ عمار کے سارے گھر والے اسے عمار کے حوالے سے چھیڑنے میں لگے تھے۔۔۔ فرحت کی بیٹی کی سال گرہ کی تقریب تھی اور وہ مدحیہ کے ساتھ آج عمار کے گھر آئی تھی۔۔۔ عمار کی خوشی دیدنی تھی۔۔۔ اس نے کیمرہ مین کو ماہوین کی زیادہ ویڈیو بنانے کی تاکید کر رکھی تھی۔۔۔۔

عمار بہت اچھا ہے۔۔۔ پہلی دفعہ وہ کیسی لڑکی سے اتنا دیوانہ وار محبت کر رہا ہے۔۔۔ فرحت نے ماہوین کے کان میں سرگوشی کی تھی۔۔۔

وہ تمہیں بہت چاہتا ہے ماہوین۔۔۔۔۔۔۔ فرحت بہت جزب کے عالم میں کہہ رہی تھی۔۔۔

ماہوین کو کچھ سمجھ نہیں آ رہا تھا وہ ان کو کیا کہے وہ اس سے اتنی بڑی تھیں۔۔۔۔

جی۔۔۔ وہ۔۔۔۔ ماہوین نے جزبز سا ہو کر کہا۔۔۔۔

اچھا سنو۔۔۔۔ یہ کیک تو اس کو دے آو۔۔۔۔ وہ مصروف تھا تو کم بچا ہے اس کے لیے۔۔۔ تم دو گی تو کچھ بھی نہیں بولے گا۔۔۔۔۔۔۔ فرحت نے شرارت سے ماہوین کو کیک پکڑاتے ہوئے کہا۔۔۔

مہ۔۔۔۔۔میں۔۔۔۔۔لیکن۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین خجل سی ہو گئی تھی۔۔۔

پلیز۔۔۔۔۔۔۔۔۔فرحت نے ناک چڑھا کر التجائی انداز میں دیکھا۔۔۔

ماہوین خجل سی ہوتی کیک پکڑ کر عمار کو تلاش کرتی ہوئی آگے بڑھی تھی۔۔۔وہ اپنے کمرے میں بیٹھا سگریٹ پی رہا تھا۔۔۔ماہوین کو دیکھتے ہی جلدی سے سگریٹ کو ایش ٹرے میں رگڑ ڈالا۔۔۔

سنو یہ کیک۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے سپاٹ چہرے کے ساتھ کیک آگے کیا۔۔۔

لے آئی ہو تو ہاتھ سے کھلا بھی دو۔۔۔۔۔۔۔۔عمار نے پیچھے اپنی کمر پر ہاتھ باندھ کر شوخ لہجہ اپنایا۔۔۔

عمارررررررررر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے روہانسی شکل بنا کر دیکھا تھا۔۔۔۔

ماہی۔ی۔ی۔ی۔ی۔ی۔ی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔عمار نے اسی کے انداز میں کہا تھا۔۔۔

اور پھر ہلکا سا قہقہ لگایا تھا۔۔۔

پلیز۔۔۔۔۔اور یہ فرحت آپا۔۔۔۔۔یہ کیوں کر رہی ایسے۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے غصے سے دیکھ کر کہا۔۔۔

ماہوین۔۔۔۔دیکھو۔۔۔اب تو میں فوج میں ہوں۔۔۔۔بہت جلد۔۔۔۔عمار نے جوش میں بات شروع کی تھی۔۔۔

بہت جلد کچھ نہیں ہو گا۔۔۔۔عمار۔۔۔تمھارا رینک کیا ہے تم جانتے ہو۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے نظریں چرا کر کہا۔۔۔

مجھے تھوڑا وقت دو نہ پلیز۔۔۔میں دنیا کی ہر خوشی تمھارے قدموں میں ڈھیر کر دوں گا۔۔۔۔۔۔عمار نے محبت بھرے لہجے میں کہا۔۔۔

آگے بڑھ کر اسکے سفید گداز ہاتھوں کو تھام لیا۔۔۔

ہاتھ چھوڑیں پلیز۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین ایک دم سے سٹپٹا گئی تھی۔۔۔

چھوڑ دیا۔۔۔اور کوئی حکم۔۔۔۔۔۔۔۔عمار ایک دم سے ہاتھ چھوڑ کر پیچھے ہوا تھا۔۔۔

آپ نہیں سدھر سکتے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے افسوس بھری نگاہ ڈالی۔۔۔

اور تیزی سے کمرے کے داخلی دروازے کی طرف بڑھی۔۔۔

سنو۔۔۔کتنے اور نمبر بلاک کرو گی میرے۔۔۔۔۔۔۔عمار نے پینٹ کی جیبوں میں ہاتھ ڈالے۔۔۔

فون مت کیا کریں پلیز۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے رخ موڑے بنا کہا اور کمرے سے نکل گئی تھی۔۔۔

****

بتا نہ۔۔۔چھپے رستم کہیں کے۔۔۔اچھی لگتی ہے نہ۔۔۔ماہوین نے وقار کے کندھے پر زور سے کندھا مارا تھا۔۔۔

نہ۔۔۔نہیں تو۔۔۔دیکھ تو سہی۔۔۔چشمش سی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔وقار نے مصنوعی سنجیدگی طاری کرتے ہوئے کہا۔۔۔

پیاری تو ہے۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے حنا کی تصویر کو سامنے کرتے ہوئے کہا۔۔۔

کس نے کہا۔۔۔بلکل نہیں پیاری۔۔۔۔۔۔۔وقار نے ناک پھلایا تھا۔۔۔

زیادہ نہ چالاک بننے کی ضرورت نہیں۔۔۔اور میری خدمت کیا کر۔۔۔شادی تمھاری اور شیراز کی میری مرضی سے ہی ہونی ہے۔۔۔۔۔ماہوین نے شوخ لہجے میں کہتے ہوئے ناک چڑھائی

جا کام کر اپنا۔۔۔مریض کہیں کی۔۔۔۔۔۔وقار نے ہنسی چھپا کر کہا۔۔۔

سوچ لو۔۔۔بابا کو بتا دوں۔۔۔جو تم چھپ چھپ کے بات کرتے رہتے سارا دن اس سے۔۔۔ماہوین نے آنکھیں سکیڑ کر کہا۔۔۔

جا۔۔۔بتا۔۔۔ابھی بتا کر آ۔۔۔۔۔۔۔۔وقار نے جوش میں کہا۔۔۔

بابا۔۔۔اااااااا۔۔۔۔۔ماہوین نے شرارت سے آواز لگائی۔۔۔

رک کیا مسئلہ ہے۔۔۔وقار نے بازو سے پکڑ کر اسے اپنی طرف گھمایا تھا۔۔۔

چل بریانی کھلا مجھے۔۔۔۔ماہوین نے شرارت سے ناک چڑھائی۔۔۔

شکل دیکھی ہے۔۔۔بریانی والی۔۔۔۔۔۔۔۔وقار نے ہاتھ کا اشارہ اس کی ناک کی سیدھ میں کیا۔۔۔

چل ٹھیک ہے۔۔۔۔جیسے تیری مرضی۔۔۔بابا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین پھر سے آواز لگاتی آگے بڑھی۔۔۔

رک۔۔۔۔۔۔لاتا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔وقار ایک دم سے آگے آیا تھا۔۔۔

یہ ہوئی نہ بات۔۔۔۔۔۔۔ماہوین کی آنکھیں چمک گئی تھیں۔۔۔

اور ہاں۔۔۔۔اچھی لگتی ہے مجھے وہ۔۔۔۔پر ممانی سے بہت ڈر لگتا۔۔۔۔وقار نے گردن پر خارش کرتے ہوئے شرما کر کہا۔۔۔

سب سیٹ کرادوں گی بچو۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے لب دانتوں میں دبا کر کہا۔۔۔

ٹھیک ہے پھر۔۔۔۔۔۔۔۔وقار نے خوش ہو کر اسے گلے لگا لیا تھا۔۔۔

****

ہیلو۔۔۔۔احان نے مصروف انداز میں فون کان کو لگایا۔۔۔۔

کیسے ہو۔۔۔۔۔۔۔۔تارم نے بڑے پریم سے کہا۔۔۔

آپ کون۔۔۔۔۔۔۔احان نے بھنویں اچکائی تھیں۔۔۔۔

تارم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بڑے انداز میں کہا۔۔۔

میرا نمبر کہاں سے ملا۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے ناک پھلایا۔۔۔

نوٹس نہیں دیے تو کیا ہوا نمبر بھی نہیں لے سکتی کہیں سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔تارم نے شرارت سے

کہا۔۔۔

بائے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے سخت لہجا اپنایا۔۔۔۔۔

ایک منٹ احان فون مت بند کرنا پلیز۔۔۔ دیکھو میں اتنی دفعہ تم سے معافی مانگ چکی ہوں۔۔۔ میں بہت شرمندہ ہوں۔۔۔۔۔۔۔تارم تیزی سے بولی تھی۔۔۔

معاف کیا۔۔۔اور کچھ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان کا لہجا سپاٹ تھا۔۔۔

کیا ہم فرینڈز بن سکتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔تارم کی التجا بھری آواز ابھری تھی۔۔۔۔

نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے سخت لہجے میں کہہ کر فون بند کر دیا تھا۔۔۔

****

ماہوین۔۔۔ماہوین۔۔۔۔۔اٹھو جانا ہے۔۔۔۔ تمھارے ماموں طرف۔۔۔مدحیہ نے جھنجوڑتے ہوئے ماہوین کو اٹھایا تھا۔۔۔

کیا ہوا اما۔۔۔۔۔۔ماہوین ان کو یوں دیکھ کر پریشان ہوئی تھی۔۔۔

عمار کی ڈیتھ ہوگئی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مدحیہ نے زرد ہوتے چہرے کے ساتھ کہا۔۔۔

کہ۔۔۔کیا مطلب۔۔۔۔کیا نام لیا۔۔۔آپ نے۔۔۔۔ عمار۔۔۔ کونسا۔۔۔ عمار۔۔۔ماہوین پھٹی پھٹی آنکھوں کے ساتھ مدحیہ کی طرف دیکھ رہی تھی۔۔۔

عمار۔۔۔ایک ہی عمار جس کو تم بھی اچھی طرح جانتی ہی ہو۔۔۔۔وہی جس کے رشتے سے تم نے انکار کیا ہے۔۔۔۔۔۔اس کی ڈیتھ ہوگئی ہے آج صبح چار بجے۔۔۔اب چلو جانا ہے سب کو آٹھ بجے جنازہ ہے۔۔۔۔۔۔۔مدحیہ خشک ہوتے لبوں پر زبان پھیرتے ہوئے اٹھی تھیں ۔۔۔

جب کے وہ بے حس وحرکت۔۔۔بے یقینی کے عالم میں وہیں گود میں ہاتھ دھرے بیٹھی تھی۔۔۔عمار کا کچھ دن پہلے اس کے لیے رشتہ آیا تھا جسے وہ منع کر چکی تھی۔۔۔اس کے بعد بھی عمار کے مسیج۔۔۔

اس کی فون کالز آتی ہی رہی تھیں اسے۔۔۔ابھی پرسوں ہی تو۔۔۔ماہوین نے پاگلوں کی طرح تکیے کے نیچے سے موبائل نکال کر کانپتے ہاتھوں سے اس کا نمبر ڈائل کیا تھا۔۔۔فون بند تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دل میں عجیب طرح سے ایک ٹیس سی اٹھی تھی۔۔۔یقین ابھی بھی نہیں آ رہا تھا۔۔۔وہ ایک لاش کی طرح بیڈ سے اٹھی تھی۔۔۔

وہ منہ پر پانی کے چھینٹیں مار رہی تھی۔۔۔۔۔

کیا ہوا تمہیں۔۔۔میں آ رہا ہوں یہاں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔عمار کی پریشان سی آواز کی بازگشت کانوں میں گونجی تھی۔۔۔

پھر اس کا آنسوؤں سے تر چہرہ۔۔۔۔جس دن ماہوین نے اس کے رشتے سے انکار کیا تھا۔۔۔وہ کتنا رویا تھا اس کے سامنے۔۔۔۔

وہ اور تیزی تیزی سے پانی کے چھینٹیں مار رہی تھی۔۔۔۔یہ خواب ہے میں جاگ جاؤں گی۔۔۔دل عجیب سی گھٹن محسوس کر رہا تھا۔۔۔اور دماغ میں عمار کی آواز اس کی باتوں کی بازگشت تھی۔۔۔

میں تم سے بہت محبت کرتا ہوں ماہی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ ہاتھ روم کے دروازے کو پکڑ کر باہر آئی تھی۔۔۔۔۔

ساری دنیا کی خوشیاں تمھارے قدموں میں ڈھیر کر دوں گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ دوپٹے کو سر پر اوڑھ رہی تھی۔۔۔۔

****

عمارررررررر۔۔۔۔۔میرا بچہ۔۔۔۔۔۔۔اللہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔میرا لال۔۔۔۔نادیا کی چیخوں سے گھر کے در و دیوار لرز رہے تھے۔۔۔۔

گھر کے گیٹ کے دونوں پٹ کھلے تھے۔۔۔وہ بے یقینی کے عالم میں مدحیہ کے ساتھ قدم اٹھاتی۔۔۔

لوگوں کی بھیڑ میں سے گزرتی آگے آ رہی تھی۔۔۔ چیخ و پکار۔۔۔۔۔آپا فرحت کے بین کی آوازیں۔۔۔۔رونے کے آوازیں۔۔۔۔وہ ابھی بھی بے یقینی میں آگے بڑھتے جا رہی تھی۔۔۔بہت سے آنسوؤں سے تر چہرے اسے مڑ مڑ کر عجیب سی نظروں سے دیکھ رہے تھے۔۔۔ایک دم سے دو عورتیں ہٹیں تھیں۔۔۔اور سامنے۔۔۔وردی میں ملبوس عمار سکون سے آنکھیں موندیں لیٹا ہوا تھا۔۔۔اسکا چہرہ سفید روشن تھا۔۔۔اس کی کھڑی ناک۔۔۔اور خشک لب تھے۔۔۔یوں لگ رہا تھا وہ سو رہا ہے۔۔۔سب اس کے سرہانے کھڑے۔۔۔بیٹھے رو رہے تھے اسے پکار رہے تھے۔۔۔ لیکن وہ کسی کی دہائی نہیں سن رہا تھا۔۔۔

ماہوین تھوڑی سی آگے ہوئی تھی۔۔۔اس کو شائد معلوم نہیں میں آئی ہوں۔۔۔ابھی اٹھ جائے گا اور اس کے سب پیارے سکون میں آ جائیں گے۔۔۔وہ نہیں اٹھا تھا اس نے جنازے کے تخت پر دھیرے سے ہاتھ رکھا تھا۔۔۔۔اور ہلایا۔۔۔۔

پھرے گا تو بھی یوں کو بکو ہماری طرح

دریدہ دامن و آشفتہ مو ہماری طرح

کبھی تو سنگ سے پھوٹے گی آ بجو غم کی

کبھی تو ٹوٹ کے روئے گا تو ہماری طرح

پلٹ کر تجھ کو بھی آنا ہے اس طرف لیکن

لٹا کے قافلہ رنگ و بو ہماری طرح۔۔۔

وہ لاکھ دشمن جاں ہو مگر خدا نہ کرے

کہ اس کا حال بھی ہو ہو بہو ہماری طرح

ہمی۔۔۔سزاوارِ سنگ کیوں ٹھہرے۔۔۔۔

کہ اور بھی تو ہیں دیوانہ خو ہماری طرح۔۔۔۔

وہ۔۔۔آج کسی کی بھی سننے کے موڈ میں کہاں تھا۔۔۔اور وہ یہاں نہیں تھا۔۔

ماہوین۔۔۔۔۔۔عمار چلا گیا۔۔۔ماہوین۔۔۔۔۔وہ چلا گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔فرحت ایک دم سے بری طرح ماہوین سے لپٹی پھٹی آواز میں رو رہی تھی۔۔۔اس کی آواز بھی پھٹ کر ہی حلق سے باہر نکل رہی تھی۔۔۔

ماہوین ویسے ہی کھڑی تھی تب سے بے یقینی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بے یقینی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کیوں ایسا کیوں ہوا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ یوں کیوں چلا گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ آہستہ سے فرحت سے الگ ہونے کے لیے پیچھے ہوئی تھی۔۔۔۔

کچھ دیر یوں ہی میرے گلے لگی رہو۔۔۔۔ مجھے تم میں سے اپنے بھائی کی خوشبو آرہی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔فرحت نے پھٹی سی آواز میں اس کے کان میں سرگوشی کی تھی۔۔۔

اُفف۔۔۔۔۔دل تھا کہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔پھٹ کے باہر آنے کو تھا۔۔۔۔اور اس کی آنکھ سے پہلا آنسو نکلا اور عمار کے کفن کی سفید چادر جو اس کی وردی کے اوپر دی ہوئی تھی اسے کے پاؤں کے پاس گر کر جزب ہو گیا۔۔

وہ بارڈر پر بھارت کی اچانک کی گئی فائرنگ میں شہید ہوا تھا۔۔۔۔اس کے سر کے دائیں طرف نیچے گولی لگی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔بہت سے لوگوں کی چے موگیوں میں ماہوین کو اس کی اس دنیا سے جانے کی اتنی سی کہانی سنائی دی تھی۔۔۔

ماہوین بار بار سب کے چہرے دیکھ رہی تھی جو چوبیس سالہ عمار کے جانے پر ماتم کناں تھے۔۔۔نادیا کی

تڑپتی ممتا۔۔۔فرحت۔۔۔ نگہت کے جوان بھائی کے جانے پر بین۔۔۔اف۔۔۔۔۔ کیوں۔۔۔ چلا گیا وہ ان سب کو چھوڑ کر۔۔۔۔سارے بلک بلک کر رو رہے تھے۔۔۔۔

ماہوین۔۔۔ میری بات سنو۔۔۔ حنا نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر اس کے کان میں سرگوشی کی تھی۔۔۔

ماہوین نے تر آنکھوں سے حنا کا دھندلہ چہرہ دیکھا تھا۔۔اب حنا اس کا ہاتھ تھامے اسے لے کر جا رہی تھی۔۔۔اور وہ بے سدھ بس اس کے ساتھ چلی جا رہی تھی۔۔۔۔۔

وہ اس کا ہاتھ پکڑ کر عمار کے کمرے میں لے آئی تھی۔۔۔۔ماہوین کانپ گئی تھی۔۔۔اس کمرے میں وہ پچھلی دفعہ موجود تھا۔۔۔۔

کتنے نمبر بلاک کرو گی میرے۔۔۔۔۔درودیوار جیسے بازگشت کر رہے تھیں۔۔۔

ماہوین۔۔۔ دیکھو۔۔۔ یہ عمار کی کچھ ڈائریز ہیں۔۔۔۔سب تمھارے لیے لکھی ہوئی ہیں۔۔۔۔حنا نے مدھم سی آواز میں کچھ ڈائریز اس کی طرف بڑھاتے ہوئے کہا تھا۔۔۔۔

اور تمھاری چرائی ہوئی بہت سے تصاویر۔۔۔۔ان پر بس اب تمہارا حق ہے۔۔۔ان کو لے جاؤ۔۔۔ جلا دینا۔۔۔۔۔...... حنا نے آنسو صاف کرتے ہوئے کہا۔۔۔

عمار کی دو سال کی محبت سے بھرے پلندے اسے من من بھاری محسوس ہوئے تھے۔۔۔۔

وہ بے حس۔۔۔ ساکن کھڑی تھی۔۔۔۔

****

ہمارے جیسا کوئی دوسرا نہ پاؤ گے۔۔۔

بھنور میں رہو گے کنارہ نہ پاؤ گے

وحشت دل جب ستائے گی تمہیں۔۔

ڈھونڈو گے ہمیں نہ ڈھونڈ پاؤ گے۔۔

ستاروں سے چمکتا ہوا فلک ہو گا

بس ایک چاند تم نہ دیکھ پاؤ گے۔۔۔

کھلی ڈائری کے ورق پر ماہوین کے آنسو گر رہے تھے۔۔۔جو عمار کے ہاتھوں سے لکھی گئی تحریر پر دھبے چھوڑ رہے تھے۔۔

بس کرو۔۔۔جلا دو ان کو۔۔۔۔۔۔مدحیہ کی عقب سے آتی آواز پر ماہوین نے مڑ کر چونک کر دیکھا۔۔۔

مما۔۔۔۔ایسا کیوں۔۔۔ہوا اس کے ساتھ ہی۔۔۔۔مجھے دکھ ہو رہا۔۔۔ان سب کے لیے جو اس کے پیارے تھے جن کا وہ پیارا تھا۔۔۔وہ کیوں مجھ جیسی سے اتنی محبت کرتا تھا جس کے دل میں اس کی محبت کے جواب میں دینے کو کچھ نہیں تھا۔۔۔۔۔۔ماہوین نے روتے ہوئے مدحیہ کے پیٹ سے سر ٹکا دیا تھا۔۔۔

مدحیہ۔۔۔۔۔۔اس کے پاس کھڑی تھی اور وہ بیڈ پر عمار کی تمام چیزیں بکھرائے بیٹھی تھی۔۔۔

ماہوین۔۔۔اس کی زندگی اتنی کم تھی۔۔۔وہ اپنی اتنی سی زندگی میں تم پر ساری زندگی کی محبت ایک ساتھ ہی نچھاور کر گیا۔۔۔مدحیہ ماہوین کے سر پر ہاتھ پھیر رہی تھیں۔۔۔

اور تمھارے دل میں اس کے لیے محبت نہ جاگنا بھی خدا کی مصلحت ہی تھی۔۔۔۔۔شائد۔۔۔اس لمحے اگر تم اس کی محبت میں ہوتی تو پتہ نہیں کیا کرتی اور ہم کتنا پریشان ہوتے۔۔۔۔۔۔۔۔مدحیہ نے دھیرے سے اس کے سر پر بوسہ دیا تھا۔۔۔

اور ماہوین نے زور سے آنکھیں بند کی تھیں۔۔۔۔

****

ہلکی ہلکی بولنے کی آوازوں سے ماہوین کی آنکھ کھولی تھی۔۔۔آنکھوں کو مسلتی انگڑائی لیتی دائیں ہاتھ سے چادر کو اپنے اوپر سے اتارتی وہ بیڈ سے نیچے اتری تھی۔۔۔۔۔۔

بھاری سر کے ساتھ وہ پیروں میں سلیپر آڑستے ہوئے۔۔۔ باہر آئی تھی۔۔۔ شیراز کے بولنے کی آوز زیادہ اونچی ہوگئی تھی وہ کسی سے روانی میں باتیں کر رہا تھااور قہقہے لگا رہا تھا۔۔۔ماہوین آوز کی بازگشت کے پیچھے قدم بڑھاتی لاونج تک آئی تھی۔۔۔

اور سامنے کے منظر نے ساکن کر دیا تھا۔۔۔اس لگ رہا تھا جیسے زمین نے قدموں کو جکڑ لیا ہو۔۔۔

سامنے لاونج کے صوفے پر شیراز کے بلکل سامنے عمار بیٹھا تھا۔۔۔ سفید چمکتے قمیض شلوار میں وہ شان سے صوفے پر براجمان تھا۔۔۔

ماہوین تڑپ کر اندر داخل ہوئی۔۔۔۔ شیراز فون کان کو لگائے باہر کی طرف جا رہا تھا جب ماہوین اندر داخل ہوئی۔۔۔

عمار۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تم۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین کی آنکھیں پھٹ جانے کی حد تک کھل گئی تھیں۔۔۔۔

تڑپ کر آگے آئی تھی۔۔۔ کتنے دن بعد تو وہ اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔ عمار نے سپاٹ چہرہ اوپر اٹھایا تھا۔۔۔ اس کی آنکھیں جامد اور لب ایک دوسرے میں پویست تھے جن پر اس کی وہ مخصوص مسکراہٹ نہیں تھی۔۔۔

سب کیوں کہہ رہے تم مر گئے ہو۔۔۔ تم نہیں رہے۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے کانپتی سی آوز میں عمار کے سر پر کھڑے ہو کر کہا تھا۔۔۔ دل تیزی سے دھڑک دھڑک کر باہر آنے کو تھا۔۔۔۔

عمار اسی انداز میں اٹھ کر کھڑا ہوا تھا۔۔۔۔

ایسا کیوں مزاق کیا میرے ساتھ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے روہانسی آوز میں کہا تھا۔۔۔ ہاتھ عمار کے قمیض کے گریبان کو جکڑے ہوئے تھے۔۔۔

جو اس کے سامنے رویا کرتا تھا۔۔آج وہ اس کے سامنے رو دی تھی۔۔۔۔

6

میں اب کہیں نہیں جانے دوں گی۔۔۔ تم۔۔۔۔ تم۔۔۔اب کہیں نہ جانا۔۔۔ماہوین نے جھنجوڑنے کے سے انداز سے کہا تھا۔۔۔

عمار خاموش ساکن کھڑا تھا۔۔۔۔بے تاثر چہرہ۔۔۔

کہاں تھے اتنے دن سے پاگل کر دیا سب کو۔۔۔سب کتنے پریشان تھے پتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے جھاڑنے کے انداز میں کہا تھا۔۔۔

اور ایک جھٹکے سے اس کا گریبان چھوڑا تھا۔۔۔

بولو تو کچھ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پیچھے ہوتے ہوئے ماہوین نے چیخنے کے انداز میں کہا۔۔آوز آنسوؤں سے بھاری ہو رہی تھی۔۔۔

بولتے کیوں نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔ تھوڑے سی مدھم آواز میں کہا۔۔۔

تمہیں بھوک لگی ہے۔۔۔ابھی کچھ لاتی ہوں میں کھانے کو۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے اپنے گال بے دردی سے ہاتھ کی پشت سے رگڑے تھے۔۔۔

رکو یہیں۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ عجلت میں کہتی ہوئی پلٹی تھی۔۔۔

ماہوین تیز تیز قدم اٹھاتی کچن میں آئی تھی۔۔۔کانپتے ہاتھوں سے عجلت میں تین سیب پلیٹ میں رکھ کر واپس آئی تھی۔۔۔

عمار۔۔۔۔عمار۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہر کونے میں نظر دوڑاتے ہوئے وہ اسے آوازیں دے رہی تھی۔۔۔

عمار کو یہیں صوفے پر چھوڑ کر گئی تھی۔۔۔۔ کہاں چلا گیا۔۔۔۔ ناراض ہے مجھ سے بہت۔۔۔۔۔

ماہوین بھاگتی ہوئے گھر کے گیٹ کی طرف بڑھی تھی۔۔۔

عمار۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔عمار۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔عمار۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔عمار۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ گلا پھاڑ پھاڑ کر چیخ رہی تھی۔۔۔۔۔

جھٹکے سے اس نے آنکھیں کھولی تھیں۔۔۔۔۔پسینے سے برا حال تھا۔۔۔۔۔۔گلا خشک تھا۔۔۔۔۔وہ جا چکا تھا کبھی نہ واپس آنے کے لیے۔۔۔۔کیا اب کبھی زندگی میں کوئی مجھ سے اس جیسی محبت کرے گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔شائد کبھی نہیں۔۔۔۔۔۔۔

میں نے جسے چاہا ہی نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ شخص اچھا لگتا تھا کیوں

****

کیوں کر رہی ہو ایسا بار بار۔۔۔احان نے سارے کارڈ ایک دم سے ہوا میں اچھالے تھے۔۔۔۔ رنگ برنگے۔۔۔۔۔سوری کے حروف والے۔۔۔۔کارڈ ہوا میں اچھل کر اب ایک ایک کر کے تارم کے اوپر گر رہے تھے۔۔۔۔اور وہ منہ اٹھائے اپنے سامنے کھڑے۔۔۔احان کی طرف دیکھ رہی تھی۔۔۔ اس کا چہرہ سرخ تھا۔۔۔

کیا کر رہی ہوں بھئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تارم انجان بنتے ہوئے کہہ کر کھڑی ہوئی تھی۔۔۔

یہ جو تم ہر وقت یہ سوری کے کارڈ رکھ رہی ہو۔۔۔کتاب کھولوں تو اس میں سے نکلتا ہے۔۔۔میری کلاس چیر پر۔۔۔۔میرے بیگ میں۔۔۔میرے لاکر میں مسئلہ کیا ہے تمھارا۔۔۔۔احان سرخ چہرہ لیے اس پر غصیلی نظریں گاڑتے ہوئے کہا

کچھ نہیں دوستی چاہتی ہوں۔۔۔۔تارم نے بہت آرام سے سینے پر ہاتھ باندھ کر کہا تھا۔۔۔۔

نہیں ہو سکتی۔۔۔۔احان نے۔۔۔۔چہرہ کا رخ موڑ کر سنجیدگی سے کہا تھا۔۔۔

کیوں۔۔۔اتنی بار تو معافی مانگ چکی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔تارم نے بے چارگی سے احان کی طرف دیکھتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

وہ بری طرح۔۔۔احان کو سوچنے لگی تھی۔۔۔اس کی شدید نفرت ایک دم سے شدید محبت میں تبدیل ہو چکی تھی۔۔۔۔اسے سمجھ نہیں آتی تھی کہ وہ ایسا کیا کرے کہ احان کا دل جیت لے۔۔۔۔وہ ہر جگہ اس کے لیے سوری کے کارڈ رکھنے لگی تھی۔۔۔وہ جہاں جاتا وہاں پہلے سے ایک کارڈ پڑا ہوتا تھا۔۔۔۔

چلو یار بس کرو تم دونوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔فواد تارم کی رو ہانسی شکل دیکھ کر فوراً بیچ میں کودا۔۔۔۔۔۔

احان ان ایف۔۔۔۔۔ختم کرو ہاتھ ملاؤ۔۔۔۔تارم تم آج سے ہمارے گروپ میں ہو ہماری فرینڈ ہو ۔۔۔۔۔۔فواد نے احان کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر کہا تھا

احان۔۔۔۔ہاتھ آگے بڑھاؤ۔۔۔۔فواد نے ڈانٹنے کے انداز میں کہا تھا

فرینڈز۔۔۔۔ہاتھ ملانا کوئی زیادہ ضروری نہیں ہے۔۔۔احان نے ہاتھ سینے پر باندھ کر کہا۔۔۔

تارم کی خوشی اسکے انگ انگ سے جھلکنے لگی تھی۔۔۔۔۔۔

****

مما۔۔۔۔کیوں اتنا رو رہی ہیں۔۔۔۔ بابا ان کو سمجھائیں نہ۔۔۔۔ماہوین نے بری طرح روتی مدحیہ سے الگ ہو کر التجائی انداز میں جہانزیب کی طرف دیکھا تھا۔۔۔

مدحیہ۔۔۔۔کچھ نہیں ہوتا اور شیراز بھی تو ہے وہاں لاہور میں ہی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جہانزیب خود اداس ہو رہے تھے اور مدحیہ کو تسلی دے رہے تھے۔۔۔۔

ہاسٹل میں کیسے رہے گی۔۔۔۔اتنی نازک سی ہے۔۔۔۔لاڈوں میں پلی۔۔۔۔۔۔۔مدحیہ نے ٹشو سے آنکھیں پونچھ کر روحانی آواز میں کہا تھا۔۔۔

عمار کو گزرے دو سال بیت چکے تھے۔۔۔ وہ آج بھی اکثر۔۔ اسے تنہائی میں یاد آتا تھا۔۔ پر وقت ایک مرہم ہی تو تھا۔۔ اور اس کا زخم اتنا گہرا نہ تھا کہ مندمل نہ ہوتا۔۔۔۔۔۔۔۔ بڑے شہر میں جا کر پڑھنے کی خوشی نے اسے سرشار کر رکھا تھا۔۔ جہانزیب بہت مشکل سے اسے خود سے دور بھیجنے کے لیے مانے تھے۔۔۔۔۔۔

کچھ نہیں ہوتا سب جاتی وہاں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جہانزیب مدحیہ کو گلے لگائے خود کو بھی تسلی دینے کے انداز میں کہہ رہے تھے۔۔۔۔

اوئے یہ کس سے بات کرتا رہتا۔۔۔۔۔۔ فواد نے عقب سے ایک زور دار تھپکی احان کی پیٹھ پر ماری تھی۔۔۔

انعم۔۔۔۔ واہ۔۔۔۔ لڑکی ہے کوئی۔۔۔۔۔۔۔۔ تھوڑا سا آگے جھک کر فواد نے اس کے لیپ ٹاپ کی سکرین پر نظریں جمائیں اور پھر معنی خیز انداز میں کہا۔۔۔

کیا بکواس ہے یار یہ میری چیٹ پڑھ رہا تو۔۔۔ شرم کر۔۔۔۔۔۔ احان نے جلدی سے گڑبڑا کر لیپ ٹاپ سکرین کو بند کیا تھا۔۔ اور خفگی سے گردن موڑ کر فواد کی طرف دیکھا جو پوری ڈھٹائی کے ساتھ کھڑا دانت نکال رہا تھا۔۔

کون ہے۔۔۔۔۔۔۔ فواد نے کمینگی کے انداز میں ایک ابرو چڑھا کر کہا تھا۔۔۔

کچھ نہیں یونیورسٹی کی ایپ پر ملاقات ہوئی۔۔۔ ویسے ہی بہت اچھی ہے۔۔۔ کافی ذہین ڈسکس کرتے مختلف ٹاپکس ہم۔۔۔۔۔۔ احان نے گردن کو کھجاتے ہوئے خجل سے انداز میں کہا تھا۔۔۔

احان کو انعم یونیورسٹی کی چیٹ ایپ میں ملی تھی وہ میڈیکل کی سٹوڈنٹ تھی۔۔۔۔۔ ایسے ہی ہائے ہیلو سے بات نکلتے نکلتے دونوں کی روز بات چیت ہونے لگی تھی۔۔۔ احان اس کی انگلش بولنے کی فروانی سے بہت متاثر ہوا تھا۔۔۔ اور ایسا دوسری دفعہ ہوا تھا کہ احان سکندر ماہوین کے بعد کسی لڑکی سے یوں

متاثر ہوا تھا۔۔۔۔۔۔

ہمم۔۔۔ کیسی ہے۔۔۔ یہیں اسلام آباد کی ہے کیا۔۔۔۔۔۔۔۔ فواد نے شرارت سے آنکھ دبا کر پوچھا تھا۔۔۔

مجھے کیا پتا کیسی ہے۔۔۔ میں ملا نہیں اس سے ہاں یہاں کی ہی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔ احان نے فواد سے جان چھڑوانے کی خاطر سنجیدہ سے انداز میں کہا تھا۔۔۔

واہ۔۔۔واہ۔۔۔ تیری یہ جو پک لگا رکھی ہے نہ تو نے بس اسی پر فدا ہو گئی ہو گی۔۔۔۔۔۔۔۔ فواد نے احان کی آئی ڈی۔۔۔ تصویر کی طرف اشارہ کر کے کہا اور جاندار قہقہ لگایا تھا۔۔۔

ڈسپلے کی اس تصویر میں ارحم بلیک ٹی شرٹ میں غضب ڈھا رہا تھا۔۔۔اب وہ ویسا دبلا پتلا نہیں رہا تھا۔۔ جسم مناسب حد تک بھر گیا تھا۔۔۔

اور وہ جو تیرے آگے پیچھے پھرتی ہے۔۔۔اس کا کیا۔۔۔۔۔۔ فواد نے کرسی کو الٹا گھوما کر دونوں طرف ٹانگیں نکالیں اور بلکل احان کے سامنے ہو کر بیٹھا تھا۔۔۔

کون۔۔۔تارم۔۔۔ یار پاگل ہو رہی ایسے ہی میرے پیچھے میں اسے صرف فرینڈ ہی سمجھتا ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔احان کے چہرے پر ایک دم سے بدمزگی سی پھیل چکی تھی۔۔۔۔

تارم اور صباب دونوں ان کے گروپ میں شامل ہو چکی تھیں۔۔۔اب احانِ بھی تارم سے خار نہں کھاتا تھا۔۔۔ لیکن تارم کی نظروں میں ماجود اپنے لیے بے پناہ پسندیدگی اسے کِھلتی تھی۔۔۔اس نے تارم کو لے کر ایسا کبھی کچھ نہیں سوچا تھا۔۔۔ لیکن وہ اس کا حد سے زیادہ کرنے لگی تھی مہنگے گفٹس دینا ۔۔۔احان کو دیکھتے رہنا۔۔۔ ہر طرح اس کا خیال رکھنا۔۔۔

لیکن احان کو یہ سب کوفت میں مبتلا کرتا تھا۔۔۔۔

تو۔۔۔۔تو۔۔۔۔ پاگل ہے۔۔۔ بھئی۔۔۔ لاٹری ہے۔۔۔اسد ملک کی بیٹی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ فواد نے

حیران ہوتے ہوئے منہ کھول کر احان کو کہا تھا۔۔۔

اپنے پاس رکھ یہ بیٹی۔۔۔اسد ملک کی۔۔۔۔۔۔۔۔احان بے زاری سے اپنی جگہ سے اٹھا تھا۔۔۔

مجھے نہیں چاہیے۔۔۔۔میں نے اس سے دوستی کر لی یہ ہی بہت ہے۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے لیپ ٹاپ بند کیا اور بستر درست کیا تھا۔۔۔

فواد نے اس انداز میں کندھے اچکائے تھے جیسے کہہ رہا ہو۔۔۔عجیب بندہ ہے۔۔۔۔

احان ٹانگیں پسار کر بستر میں اس انداز میں دراز ہو چکا تھا۔۔۔جیسے اب وہ مزید تارم نامہ نہیں سننا چاہتا ہو۔۔۔

فواد بھی ہونٹ باہر نکال کر اٹھ گیا تھا۔۔۔۔

****

ایکسکیوز می۔۔۔۔ذرا ہٹیں گی۔۔۔مجھے بھی نام دیکھنا ہے۔۔۔۔۔۔۔ماہوین کے عقب سے ایک لڑکی کی آواز ابھری تھی۔۔۔

وہ جو بری طرح بھیڑ میں پھنسی۔۔۔ایم۔بی۔اے۔۔۔کی لسٹ میں اپنا نام دیکھنے کے باوجود اسے بار بار دیکھے جا رہی تھی۔۔۔۔چونک کر مڑی تھی۔۔۔۔سن گلاسز سر پر ٹکائے۔۔۔ایک لڑکی اس کے پیچھے کھڑی مسکرا رہی تھی۔۔۔

اوہ۔۔۔سوری۔۔۔آئیں پلیز۔۔۔۔۔۔۔ماہوین مسکراتے ہوئے پیچھے ہوئی تھی۔۔۔۔

لڑکی مصروف سے انداز میں آگے ہوئی تھی اور گردن اوپر کرتے ہوئے آنکھیں سکیڑ کر وہ لسٹ میں اپنا نام کھوج رہی تھی۔۔۔اور پھر تسلی سے مسکراتی ہوئی مڑی تھی۔۔۔

ہے کیا نام آپکا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے دلکش مسکراہٹ چہرے پر سجا کر کہا تھا۔۔۔

جی ہے۔۔۔اور آپکا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔لڑکی بھی بھرپور طریقے سے دوستانہ انداز میں مسکرائی تھی۔۔۔۔

جی۔۔۔دوسرے سیکشن میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے مسکرا کر جواب دیا تھا۔۔۔

اب وہ اس لڑکی کے ساتھ چلتی ہوئی کچھ آگے آچکی تھی۔۔۔

ویری گڈ۔۔۔۔۔۔کیا نام ہے آپکا۔۔۔۔۔۔۔۔۔لڑکی نے گہری مسکراہٹ چہرے پر سجا کر کہا تھا۔۔۔

ماہوین۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے لب بھینچ کر دلکش مسکراہٹ کے ساتھ کہا۔۔۔

واؤ۔۔۔خوبصورت نام ہے آپکا۔۔۔۔۔۔۔۔۔لڑکی ایک دم خوشگوار حیرت سے بولی تھی۔۔۔

میرا نام زویا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔لڑکی نے اپنا ہاتھ آگے بڑھاتے ہوئے محبت سے کہا تھا۔۔۔

ماہوین نے عجیب طرح سے خوش ہوتے ہوئے اس کا ہاتھ تھام تھا۔۔۔یہاں یونیورسٹی میں اس کے علاوہ اور کوئی اسے نہیں جانتا تھا۔۔۔نازلین کے بابا نے لاہور آنے کی اجازت نہیں دی تھی۔۔۔وہ وہیں ایم اے اکنامکس کرنے لگی تھی۔۔۔

آپ لاہور سے ہی ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے بھرپور طریقے سے مسکرا کر زویا کی طرف دیکھا تھا۔۔۔

وہ اپنے انداز سے کسی اچھے سلجھے گھرانے کی معلوم ہوتی تھی۔۔۔۔

جی کیوں آپ یہاں کی نہیں ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔زویا نے مسکرا کر پوچھا تھا۔۔۔۔

نہیں یہاں سے نہیں ہوں۔۔۔بہاولپور سے ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے کانوں کے پیچھے آوارہ لٹوں کو آڑاتے ہوئے جواب دیا تھا۔۔۔

اوہ۔۔۔اچھا تو یہاں کہاں۔۔۔۔۔۔۔۔زویا نے سوالیہ انداز میں دیکھا۔۔۔

ہاسٹل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے ہونٹوں پر گہری مسکراہٹ سجائی تھی۔۔۔

اوکے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زویا۔۔۔۔بھرپور انداز میں مسکرائی تھی۔۔۔۔

فرینڈز۔۔۔۔۔۔۔۔۔زویا نے ایک دفعہ پھر مسکراہٹ چہرے ہر سجا کر ہاتھ مصاحفہ کے انداز میں آگے

بڑھایا تھا۔۔۔

جی۔۔۔ بلکل۔۔۔۔.... ماہوین نے خوشگوار حیرت کے ساتھ زویا کا ہاتھ تھاما تھا۔۔۔

لاہور آ کر وہ پنجاب یونیورسٹی کے ٹیسٹ کے بعد واپس چلی گئی تھی۔۔۔اب پھر لسٹ دیکھنے آئی تھی۔۔۔ شیراز نے اس کی رہائش کا انتظام ایک پراویٹ گرلز ہاسٹل میں کیا تھا۔۔۔ماہوین جب سے لاہور آئی تھی۔۔۔زویا وہ پہلی لڑکی تھی جس سے اس کی ملاقات ہوئی اور پھر دوستی ہو گئی تھی۔۔۔زویا اپنی صورت کے ساتھ ساتھ سیرت کی بھی بہت مخلص اور اچھی لڑکی تھی۔۔۔اس نے ایڈمن آفس میں جا کر ماہوین کا سیکشن بھی چینج کروالیا تھا۔۔۔۔پھر کلاس گروپنگ میں ماہوین کے تین اور دوستوں کا اضافہ ہو گیا تھا۔۔۔۔ فہد۔۔۔۔ عدیل۔۔۔۔اور مبین۔۔۔۔وہ یونیورسٹی میں تو ان سب کے ساتھ بہت خوش رہتی تھی۔۔۔ ہنسنا باہر گھومنا۔۔۔۔ کھانا پینا۔۔۔۔ لیکن ہاسٹل جاتے ہی وہ پھر سے اداس ہو جاتی تھی۔۔۔ہاسٹل کی چھت کی سیڑھیاں۔۔۔ موبائل۔۔۔۔اور اس پر چلتا ایف ایم۔۔۔۔۔۔ نیچے سڑک پر دوڑتی بھاگتی ٹریفک۔۔۔۔اور۔۔۔۔لڑکیوں کی دبی دبی سرگوشیاں اور قہقے۔۔۔۔

چاہے جانا۔۔۔۔۔۔ کس کو یہ احساس اچھا نہیں لگتا۔۔۔۔ لیکن۔۔۔ کسی کو چاہنا یہ اس سے بھی انوکھا احساس ہوتا۔۔۔۔ عمار اور کالج کے سامنے اس کی ایک نظر کا منتظر۔۔۔۔ کھڑا وہ لڑکا۔۔۔۔نیٹ پر چاہت کے دعوی دار وہ لڑکا۔۔۔۔ سب بس اسے ہی چاہتے رہے تھے۔۔۔ لیکن اس نے کبھی کسی کو نہیں چاہا تھا۔۔۔ کوئی ایسا جو اس کے دل کے تار بجا دیتا۔۔۔۔ کوئی ایسا جو الگ ہو۔۔۔

وہ اداس شکل بنائے روز شام کو لڑکیوں کو۔۔۔۔ دیواروں کے ساتھ چپکے اپنے نام نہاد محبوبوں سے باتیں کرتے دیکھتی رہتی تھی۔۔۔۔

کبھی شیراز کو فون کرنا۔۔۔ مجھے باہر لے کر جاؤ۔۔۔۔ کبھی۔۔۔ گھر میں۔۔۔ جہانزیب کے ساتھ ڈھیروں باتیں کرنا۔۔۔اس کی ہاسٹل کی اداسی۔۔۔ ثانیہ کے آنے پر ختم ہوئی تھی۔۔۔ثانیہ اس کی

رومیٹ تھی۔۔۔ بہت ہی چلبلی لڑکی جس نے ہاسٹل کی اداسی کو ختم کر دیا تھا۔۔۔

****

کس سے بات کر رہی ہو۔۔۔ فون دو مجھے۔۔۔۔۔۔۔ رخ نے غرانے کے انداز میں کہتے ہوئے حنا کے ہاتھ سے فون چھینا تھا۔۔۔۔

فون کی سکرین پر چمکتا وقار کا نام ان کے ماتھے کے شکن بڑھا گیا تھا۔۔۔

وہ۔۔۔ وہ۔۔ کسی سے نہیں۔۔۔۔۔۔۔ حنا نے گھبرائی سی آواز میں کہا تھا۔۔۔اور بے چینی سے لب چبائے تھے۔۔۔

وقار۔۔۔ ہے نہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ رخ نے فون کی سکرین کا رخ حنا کی طرف کرتے ہوئے کھا جانے کے انداز سے دیکھا تھا۔۔۔۔

میں تمہیں صاف الفاظ میں سمجھا چکی ہوں۔۔ میں وہاں ہر گز تمھارا رشتہ نہیں کروں گی۔۔۔۔۔۔۔ رخ نے دانت پیستے ہوئے کہا تھا۔۔۔۔

ماہوین نے جو کچھ عمار کے ساتھ کیا۔۔۔ میں اپنی بہن کو دکھ نہیں دے سکتی وہاں تمھارا رشتہ کر کے سمجھی تم۔۔۔۔۔۔۔ انگشت انگلی حنا کی آنکھوں کے آگے لہراتے ہوئے رخ نے دو ٹوک انداز میں کہا تھا۔۔۔۔

حنا نے التجائی انداز میں ماں کی طرف دیکھا تھا۔۔۔۔ وقار کو وہ بچپن سے چاہتی تھی۔۔۔اب عمار اور ماہوین کے قصے کے بعد ایک عجیب سا تناؤ تھا جو رخ نے مدحیہ اور جہانزیب کے ساتھ اپنا رکھا تھا۔۔۔ نادیا ان کی بڑی بہن تھی اور عمار ان کا اکلوتا بیٹا تھا۔۔۔ عمار کی ماہوین کے لیے تڑپ سے اب سارا خاندان واقف ہو چکا تھا۔۔۔ عمار نے بہت کوشش کی تھی اپنی مختصر زندگی میں کہ وہ ماہوین کو پا لے۔۔۔ لیکن ماہوین کے رشتے سے انکار کے بعد وہ ٹوٹ گیا تھا۔۔۔اس کی اداسی کسی سے ڈھکی چھپی

نہیں رہی تھی۔۔۔اور عمار کی شہادت کے بعد۔۔۔ نادیا عجیب طرح سے جہانزیب اور مدحیہ سے بے اعتنائی برتنے لگی تھیں۔۔۔وہ جب بھی ماہوین کو دیکھتی تھیں انھیں اپنے بیٹے کی تڑپ یاد آنے لگتی تھی۔۔۔انھوں نے نگہت کی شادی پر بھی سب کو مدعو کیا تھا لیکن مدحیہ کو نہیں۔۔۔

7th

اور رخ بھی عمار سے بہت محبت کرتی تھیں۔۔۔اس لیے اب حنا کی وقار کے ساتھ بڑھتی محبت انھیں تکلیف دے رہی تھی۔۔۔۔

میں آئندہ کبھی تمہیں اس سے بات کرتا ہوا نہ دیکھوں

تمھارا رشتہ کر رہی ہوں میں۔۔۔رخ نے دانت پیسے اور موبائل بیڈ پر پٹخا۔۔۔

امی۔۔۔ پلیز ایسا مت کریں۔۔۔۔ عمار بھائی کے اس دنیا سے چلے جانے میں۔۔۔ماہوین کا کیا قصور۔۔۔۔۔۔۔حنا نے روہانسی آواز میں کہا تھا۔۔۔

جو بھی ہے۔۔۔ میں اپنے باقی بہن بھائیوں کے خلاف ہو کر تمھارا رشتہ وہاں ہرگز نہیں کر سکتی سمجھی تم۔۔۔۔۔۔۔۔رخ نے دوٹوک انداز میں کہا۔۔۔

اپنے ذہن میں یہ بات بیٹھا لو اچھی طرح۔۔۔۔۔۔۔۔وہ ایک ناگوار نظر حنا پر ڈالتی ہوئی باہر چلی گئی تھیں۔۔۔۔۔

****

آپ۔۔۔کی برتھ ڈے ہے آج۔۔۔۔۔۔۔۔۔موبائل کی سکرین پر انعم کا مسیج چمک رہا تھا۔۔۔

احان کے لبوں پر جاندار مسکراہٹ ابھر آئی تھی۔۔۔

جی۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے مسکرا کر مسیج ٹائپ کیا تھا۔۔۔

ہیپی برتھ ڈے۔۔۔۔۔۔۔۔۔انعم کا مسیج سکرین پر چمک رہا تھا۔۔۔

تھینکیو۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے مسکرا کر مسیج ٹائپ کیا۔۔

انعم کے ساتھ اب وہ دن رات بات کرنے لگا تھا دونوں کے نمبروں کا تبادلہ ہونے کے بعد اب وہ چیٹ نہیں ٹیکسٹ کرنے لگے تھے۔۔۔۔

میں کچھ دینا چاہتی ہوں آپکو۔۔۔۔۔۔۔۔انعم کے مسیج پر احان مسکرا اٹھا تھا۔۔۔۔۔

کیا۔۔۔۔۔۔۔۔مسکراہٹ دبا کر مسیج کیا۔۔۔

میں گفٹ دینا چاہتی ہوں آپکو۔۔۔۔۔۔۔

اچھا اس تکلف کی کیا ضرورت تھی۔۔۔۔۔۔۔احان مسکرا رہا تھا آنکھیں چمک رہی تھیں۔۔۔۔

تکلف تو نہیں پیار ہے میرا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پیار۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے ہلکا سا قہقہ لگا کر لکھا۔۔۔

یس۔۔۔۔پیار۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کیسا پیار۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے سرشار انداز میں سر کرسی کی پشت سے ٹکا دیا تھا۔۔۔

فرینڈز۔۔۔۔والا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

شیور۔۔۔۔فرینڈز والا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے بھونیں اچکائی۔۔۔

یس۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اوکے۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان کی آنکھیں چمک رہی تھیں۔۔۔

ایڈرس بھیجیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں مل کر لے لیتا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے محبت سے مسکراتے ہوئے لکھا تھا۔۔۔

وہ انعم کو اس کی بھیجی گئی تصاویر میں دیکھ چکا تھا۔۔۔متاثر تو وہ اس سے تھا ہی لیکن اب پسندیدگی نے اور رخ لے لیا تھا۔۔۔

کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کافی پینے چلیں گی میرے ساتھ ۔۔۔۔۔۔۔احان نے اس کے حیران ہونے والے مسیج کے جواب میں لکھا۔۔۔

کیوں نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔کچھ دیر بعد جواب آیا تھا

احان بے ساختہ کھلکھلا کر ہنس دیا تھا۔۔۔۔

یہ سلسلہ پھر طول ہی پکڑ گیا تھا۔۔۔اس ہلکی سی ملاقات نے ان کے درمیان ایک عجیب ہی سلسلہ چلا دیا تھا۔۔۔احان کو انعم کی ذہانت ۔۔۔اس کی سوچ نے بری طرح متاثر کیا تھااور اب یہ محسوسات محبت میں تبدیل ہو چکی تھیں۔۔۔۔یہاں تک کہ احان نے انعم کا ذکر اپنے گھر والوں سے بھی کر دیا تھا۔۔۔۔

****

آئے۔۔۔۔ہائے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔عدیل۔۔زویا۔۔۔مبین۔۔۔۔اور فہد نے ایک ساتھ ہو کر اس کے عقب سے آواز لگائی تھی۔۔۔۔

وہ جو اکیلی اپنی اسائنمنٹ مکمل کرنے کے غرض سے بیٹھی تھی بے ساختہ چونکی تھی۔۔۔۔وہ سارے شرارتی اس کے بلکل پیچھے کھڑے معنی خیز انداز میں سامنے کھڑے اس سنیر ایم بی اے کے طالب عالم کو دیکھ رہے تھے جو روز کے معمول کے مطابق ماہوین کو تاڑ رہا تھا۔۔۔۔

کیا مسئلہ ہے۔۔۔۔تم سب کا۔۔۔کبھی نہ۔۔۔کچھ آگے بڑھنے دینا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے شرارت سے آنکھ دبا کر ان سب سے کہا تھا۔۔۔۔

ارے۔۔ے۔ے۔ے۔ے ہم تمھارے اور تم صرف ہماری۔۔۔۔۔۔سمجھی تم۔۔۔۔۔۔۔۔چاروں ایک ساتھ بولتے ہوئے اس کے ساتھ بیٹھ چکے تھے۔۔۔

وہ سب اسے ایسے ہی تنگ کرتے رہتے تھے۔۔۔ان کو پتا تھا ماہوین کو بڑی عمر کے لڑکے متاثر کرتے اس لیے اس سنئیر کے دیکھنے پر وہ اسے بہت تنگ کرتے تھے۔۔۔اور وہ کبھی تنگ ہوتی اور کبھی ان سب کے ساتھ مل کر موج مستی کرنے لگتی۔۔۔۔

اللہ تم لوگوں جیسے دوست کسی کو نہ دے۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے مصنوعی خفگی دکھائی تھی۔۔۔۔

ماہوین۔۔۔۔وہ۔۔۔سروے پر کام شروع کرنا ہے نہ۔۔۔ میم بختاور سے مل لیتے ہیں آج کیا خیال ہے۔۔۔۔۔۔۔زویا نے اچانک کچھ یاد آ جانے کے انداز میں کہا تھا۔۔۔

درست خیال ہے چلو چلتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔ماہوین ایک دم سے اٹھی تھی۔۔۔

یہ۔۔۔۔۔۔ملٹی نیشنل فرم ہے۔۔۔آپکو سروے کر نا رپورٹ تیار کرنی اور پھر۔۔۔پرزینٹیشن تیار کریں اس پر۔۔۔۔۔۔۔ میم بختاور نے کچھ پیپرز ان کے سامنے رکھے تھے۔۔۔

دونوں پیپرز اٹھا کر باہر آ گئی تھیں۔۔۔۔ارحم حسن۔۔۔۔۔ماہوین زیر لب کمپنی کے ہیڈ کا نام دہرا رہی تھی۔۔۔

کال تو کرو یہاں۔۔اپنائنٹمنٹ لینی پڑے گی پہلے۔۔۔ایسے کچھ بھی نہیں چلے گا۔۔۔۔۔۔۔زویا نے کمر پر ہاتھ رکھ کر کہا۔۔۔

نکالو ذرا نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے موبائل کی سکرین کو کھولتے ہوئے کہا۔۔۔۔

اور پھر مصروف سے انداز میں نمبر ملا کر فون کان کو لگایا۔۔۔۔

ہیلو۔۔۔۔۔۔۔مدھر سی آواز میں گلا صاف کرتے ہوئے ماہوین نے کہا تھا۔۔۔

اسلام علیکم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دوسری طرف کوئی لڑکی تھی۔۔۔

وعلیکم سلام۔۔۔۔۔۔۔مجھے ارحم حسن سے بات کرنی ہے۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے مہذب انداز میں کہا۔۔۔

اوکے ویٹ میں کال فارورڈ کرتی ہوں۔۔۔۔۔۔لڑکی نے بڑے انداز سے کہا تھا۔۔

اور کچھ سکینڈ بعد ہی ایک گھمبیر سی بھاری پر کشش آواز ماہوین کے کانوں میں رس گھول گئی تھی۔۔۔

ہیلو۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسلام علیکم۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے مہدب انداز میں سلام کیا تھا۔۔۔

وعلیکم سلام۔۔۔۔۔۔۔۔دوسری طرف وہی جان لیوا آواز تھی۔۔۔

جی۔۔۔میں ماہوین جہانزیب۔۔۔ہوں۔۔۔۔۔۔ماہوین نے زویا کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

جی۔۔۔کہیے مس۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہی انداز

ایکچلوی۔۔۔میں ایم بی۔۔اے۔۔کی سٹوڈنٹ ہوں۔۔۔پنجاب ہونیورسٹی سے۔۔۔۔۔ماہوین لفظوں کو دل میں ترتیب دیتے ہوئے بولی تھی۔۔۔

جی۔۔۔۔۔۔تو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سنجیدگی سے پوچھا گیا تھا۔۔۔۔

تو۔۔۔۔ہمیں اپنے سروے رپورٹ کے لیے ملنا ہے آپ سے۔۔۔۔۔۔۔مایوین نے ٹھہرے سے لہجے میں کہا۔۔۔

اوکے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ویٹ۔۔۔۔۔۔۔۔۔بڑے نخرے کے انداز میں کہا گیا تھا۔۔۔

اوکے۔۔۔مس۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سوالیہ سے انداز میں آواز ابھری۔۔۔

ماہوین۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے تھوک نگل کر نام بتایا۔۔۔

مس ماہوین۔۔۔کل آپ اگزیکٹ۔۔۔بارہ بجے میرے آفس میں میٹنگ کے لیے آسکتی ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔بڑی ہی کوئی رعب دار آواز میں کہا۔۔۔

تھنکیو سر۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے تیزی سے کہا اور فون کاٹ دیا۔۔۔

افف کیا آواز تھی۔۔۔ماہوین نے سینے پر ہاتھ رکھ کر سانس خارج کیا۔۔۔

اچھا کس سے بات ہوئی۔۔۔ارحم حسن سے ہوئی کیا۔۔زویا نے قریب آ کر کہا تھا۔۔۔

ہاں۔۔۔وہی تھا آئی تھنک۔۔۔کیا آواز تھی۔۔۔۔۔۔ماہوین نے چمکتی آنکھوں کے ساتھ زویا کو دیکھتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

وہ دونوں یونیورسٹی کے وسیع لان میں بیٹھی ہوئی تھیں۔۔۔

انٹرنشپ ہو جائے بس یہاں۔۔۔ون منتھ کی۔۔۔۔ماہوین نے پر سوچ انداز میں کہا تھا۔۔اور ہاتھوں سے پکڑ کر گھاس کو توڑا تھا۔۔۔

ہمم میں بھی ٹرائی کر رہی ہوں۔۔کہیں ہو جائے۔۔۔لیکن تمھارا اچھا ہے نہ یہیں ہو جائے۔۔۔زویا نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔

ان کو اس سمسٹر کے لاسٹ میں سروے کے ساتھ انٹرنشپ کرنی تھی۔۔۔ماہوین کو اسی کمپنی کی رپورٹ تیاری کرنی تھی اور اس کی جانب سے ہی انٹرنشپ کرنی تھی۔

چلو پھر عدیل اور فہد انتظار کر رہے۔۔۔ماہوین کاغز سمیٹتے ہوئے اٹھی تھی۔۔۔۔

****

نہیں میں نے تمھارے بارے میں کبھی ایسا نہیں سوچا۔۔۔۔۔۔احان نے ناگواری سے کہا تھا۔۔۔

سامنے کھڑی تارم کا چہرہ کچھ لمحے کے لیے کے لیے بجھ سا گیا تھا پھر اگلے ہی لمحے وہ پھر سے دمکنے لگا تھا۔۔۔

تو سوچ لو نہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔بڑے پر جوش انداز میں وہ آگے بڑھی تھی۔۔۔

تارم ہم صرف فرینڈز ہیں اور کچھ بھی نہیں۔۔۔۔۔۔۔احان نے دانت پیستے ہوئے ہاتھ کے اشارے سے اسے روکا تھا جبکہ چہرے پر ناگواری کے آثار تھے۔۔۔

میں تم سے محبت کرتی ہوں تم جانتے ہو۔۔۔اب ہمارا لاسٹ سمسٹر چل رہا پھر تم چلے جاؤ گے۔۔۔۔۔

تارم نے بے چین سی صورت بنا کر کہا تھا۔۔۔

تم پاگل ہو رہی ہو تارم اور کچھ نہیں۔۔۔۔۔۔احان پاس پڑی کرسی پر سے اپنی کتابیں اٹھاتے ہوئے گویا ہوا تھا۔۔۔

میں سچ میں نہیں رہ سکتی۔۔۔۔۔۔۔۔تارم نے ایک جھٹکے سے احان کے گریبان کو پکڑ کر اپنی طرف کھینچا تھا۔۔۔

اوہ جسٹ شٹ اپ۔۔۔ پاگل بن رہی ہو تم اور کچھ نہیں۔۔۔۔۔۔احان نے ایک جھٹکے سے گریبان چھڑوایا تھا۔۔۔

سچ کہہ رہے ہو میں پاگل ہی ہوں تمہارے لیے۔۔۔۔۔۔۔۔۔تارم نے دھیرے سے ہوا میں سر کو ہلایا تھا۔۔۔اور ایک جنونیت سی اس کی صورت سے واضح ہو رہی تھی۔۔۔

دیکھنا چاہتے ہو کتنی۔۔۔۔۔۔۔۔وہ احان کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے کھڑی تھی جبکہ اس کے ہاتھ بیگ میں سے کچھ نکال رہے تھے۔۔۔

کیا مطلب۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے بھنویں اچکا کر دیکھا۔۔۔۔۔۔۔

احان تارم سے کچھ فاصلے پر کھڑا تھا جب ایک ہی جست میں تارم نے بیگ سے کسی باریک پتری کو نکالا اور پھر تیزی سے بائیں ہاتھ کی کلائی کو پورے زور سے کٹ لگایا۔۔۔وہ اتنے جوش میں تھی کہ کٹ لگاتے ہی خون تیزی سے رسنے لگا تھا۔۔۔احان کے ہاتھ میں پکڑا بیگ ایک دم سے زمین بوس ہوا تھا۔۔۔

تارم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس سے پہلے کہ وہ اپنا اتنا خون دیکھ کر زمین بوس ہوتی احان نے آگے بڑھ کر اسے باہوں میں لیا تھا۔۔۔

اوہ۔۔۔مائی گاڈ۔۔۔۔۔تارم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان کا چہرہ ایک دم سے زرد پڑ گیا تھا جبکہ تارم

مسکرا رہی تھی۔۔۔۔

احان اسے زمین پر لٹا کر ایک دم سے باہر کی طرف بھاگا تھا۔۔۔

فواد۔۔۔۔۔۔۔فواد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔فواد۔۔۔۔۔۔۔وہ پاگلوں کی طرح چلا رہا تھا۔۔۔

****

اسلام علیکم۔۔۔۔۔ماہوین نے فائل کو سینے سے لگاتے ہوئے سامنے بیٹھی لڑکی کو سلام کیا تھا۔۔۔

وعلیکم اسلام۔۔۔۔۔۔۔۔سامنے بیٹھی لڑکی نے مسکرا کر جواب دیا تھا۔۔۔

وہ آج ٹھیک گیارے تیس کے قریب فرم میں پہنچ چکی تھی۔۔۔اپنے سارے ضروری ڈاکومنٹس ایک فائل میں لگا کر اس نے انھیں سینے سے لگا رکھا تھا۔۔ سبز رنگ کے جوڑے میں اس کی سفید چندن جیسی رنگت کھل رہی تھی۔۔۔ بالوں کو سلیقے سے سٹریٹ کر کے کندھوں پر گرائے۔۔۔ وہ کسی کو بھی پاگل کر دینے کی حد تک حسین لگ رہی تھی۔۔۔۔

مجھے ارحم حسن سے ملنا ہے ان کے ساتھ میٹنگ تھی آج۔۔۔۔۔لفظوں کو بہت سلیقے سے ادا کرتی ماہوین اس لڑکی کے سامنے پڑے میز کے قریب آئی تھی۔۔۔

اوہ۔۔۔۔ بیٹھیں آپ۔۔۔۔۔۔۔۔۔لڑکی نے خوش دلی سے سامنے رکھی کرسی کی طرف اشارہ کیا تھا
۔۔

تھنکیو۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین ایک ہاتھ سے کرسی کو پیچھے دھکیلتی ہوئی اب اس پر براجمان تھی۔۔۔

سر آنے والے ہیں۔۔۔۔آپ بیٹھیں۔۔۔۔۔۔۔۔لڑکی نے مسکرا کر کہا اور پھر سے اپنے سامنے پڑے کمپیوٹر کی سکرین پر نظر جمالی۔۔۔

ماہوین لبوں کو مختلف زاویوں میں گھماتے ہوئے ارد گرد دیکھنے لگی تھی جب سامنے سے آتے ارحم کو دیکھ کر وہ پلکیں جھپکنا بھول چکی تھی۔۔۔

سیاہ رنگ کے تھری پیس سوٹ میں گلے میں جھولتی ٹائی۔۔۔ سنولی رنگت سیاہ چمکتے بال جو بکھر کر تھوڑے سے ماتھے پر تھے۔۔۔۔۔۔لمبا قد مضبوط جسم۔۔۔ گہری کالی بڑی آنکھیں۔۔۔ وجہیہ پیشانی ۔۔۔وہ بڑی شان بے نیازی سے چلتا ہوا پاس آیا تھا۔۔۔

وہ لڑکی سلام کرتی ہوئی کھڑی ہوئی تھی اور ماہوین کا بتایا۔۔۔

اندر بھیجیں ان کو۔۔۔۔۔۔۔ارحم ایک اچٹتی سی نظر ڈال کر اندر جا چکا تھا۔۔۔۔

آپ اندر چلی جائیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔لڑکی نے مسکراہٹ بھرے چہرے کے ساتھ میٹھی سی آواز میں کہا تھا۔۔۔

وہ جو کل تک صرف اس کی آواز سے متاثر تھی آج اس کی پریسنالٹی نے اسے اور دنگ کیا تھا۔۔۔

اوکے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین فائل کو سنبھالتی اٹھی تھی۔۔۔

مے آئی۔۔۔ کم ان۔۔۔۔۔۔۔دروازے کو ہلکی سی دستک کے بعد ماہوین نے کھولا تھا۔۔۔ خوشگوار کولون کی مہک ناک کے نتھنوں سے ہوتی ہوئی دل کے تار بجا چکی تھی۔۔۔

لیس۔۔۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے مصروف سے انداز میں کہا تھا۔۔۔۔

ماہوین اس کے کمرے پر نظریں دوڑاتی آگے آئی تھی۔۔۔

ارحم اب مکمل طور پر ماہوین کی طرف متوجہ ہو چکا تھا۔۔۔

بیٹھیں۔۔۔۔۔۔۔۔ہاتھ کا اشارہ اپنے سامنے پڑی کرسی کی طرف کیا تھا۔۔۔

ڈاکیومنٹس۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے فائل ارحم کے آگے میز پر رکھتے ہوئے کہا تھا۔۔

اوہ۔۔۔۔جی۔۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے ٹائی کی ناٹ کو درست کرتے ہوئے فائل کو ایک ہاتھ سے گھسیٹ کر اپنی طرف کیا تھا۔۔۔

وہ انتہائی سنجیدہ شکل رکھنے والا لڑکا تھا۔۔۔ اب وہ اس کی فائل میں لگے ورق پلٹ رہا تھا۔۔۔

اوکے۔۔۔ مس ماہوین ڈن۔۔۔ون منتھ انٹرنشپ اوکے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ چند سکینڈ کے بعد سنجیدہ سے انداز میں لب بھینچتے ہوئے ارحم نے سامنے رکھی فائل کو بند کیا تھا۔۔۔

تھنکیو۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے ایک دم سے سانس خارج کرتے ہوئے مسکرا کر کہا تھا۔۔۔

ابھی آپ جائیں باہر بیٹھیں۔۔۔۔عائشہ آپ کو گائڈ کریں گے۔۔۔۔ دائیں ہاتھ کی انگلیوں کو ہونٹوں پر رکھتے ہوئے۔۔۔ سنجیدہ سے لب ولہجے میں کہا تھا۔۔۔

اوکے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین مسکراتی ہوئی فائل کو اٹھا کر کرسی سے اٹھی تھی۔۔۔

اور بالوں کو کانوں کے پیچھے پھنساتی وہ داروازے کی طرف بڑھ گئی تھی۔۔

****

عجیب پاگل لڑکی ہے یار۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان کی شرٹ خون سے لتھ پتھ تھی۔۔۔ وہ ماتھے پر بل ڈالے کھڑا تھا۔۔۔

وہ اور فواد تارم کو قریبی ہاسپٹل میں لا چکے تھے۔۔۔ اسد ملک کو اطلاع دے دی گئی تھی۔۔۔

اس کا باپ آنے والا بس۔۔۔۔۔۔۔۔فواد نے تسلی دینے کے انداز میں احان کے کندھے پر ہاتھ رکھا تھا۔۔۔

ویراز تارم۔۔۔۔۔۔۔۔۔ عقب سے بھاری رعب دار آواز پر احان اور فواد ایک دم پلٹے تھے۔۔۔ اسد ملک ماتھے پر بل ڈالے کھڑا تھا۔۔۔

کیا ہوا میری بیٹی کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دانت پیستے ہوئے سامنے کھڑے احان اور فواد پر ایک غصیلی نظر ڈالی تھی۔۔۔

دیکھیں۔۔۔۔۔وہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے گڑبڑاتے ہوئے بات شروع کی تھی۔۔۔

فواد نے آگے ہو کر احان کو چپ رہنے کا اشارہ کیا تھا۔۔۔۔

سر ہمیں کچھ بھی نہیں معلوم ہم فرینڈز ہیں اس کے۔۔۔ہم اس کو ادھر لے کر آئے ہیں۔۔۔آپکی بیٹی نے ایسا کیوں کیا یہ وہی بتا سکتی ہے جب وہ اٹھے گی۔۔۔۔۔۔۔۔فواد نے سنجیدہ سے لہجے میں دوٹوک کہا تھا۔۔۔

ڈاکٹر۔۔۔۔اسد ملک کو پہچان کر تیزی سے اس کے قریب آیا تھا۔۔۔تارم کا کٹ گہرا تھا لیکن اسے فوار ہاسپٹل پہنچا دینے کی وجہ سے اس کا خون اتنا نہیں بہا تھا۔۔۔اور ٹانکے لگ چکے تھے لیکن وہ نیم بے ہوشی کی حالت میں تھی اب وہ خطرے سے باہر تھی۔۔۔ڈاکٹر اسد ملک کو ساری آگاہی دے رہا تھا۔۔احان نے ماتھے پر ہاتھ رکھ کر سکون کا سانس لیا تھا۔۔۔فواد آگے بڑھا تھا۔۔۔

ہم جاتے ہیں اب۔۔۔۔۔۔۔۔۔اسد ملک کے قریب جا کر فواد نے سنجیدہ سے انداز میں کہا تھا۔۔۔

اور پھر ان کا جواب جانے بنا وہ پلٹا تھا۔۔۔

احان۔۔۔۔چلو۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان کے پاس آ کر فواد نے گھورتے ہوئے اسے کہا تھا۔۔۔

اسد ملک کی خونخوار نظریں دونوں کو اپنی پشت پر محسوس ہو رہی تھیں۔۔

****

یہ۔۔۔انٹرپرائز۔۔۔۔کے سپل ہیں۔۔۔۔۔۔ارحم نے تھوڑا سا آگے جھک کر ماہوین کے نوٹس پر نظر ڈالی اور پھر ایک ابرو چڑھا کر کہا۔۔۔

جی۔۔۔۔ماہوین کا رنگ ایک دم سے زرد پڑا تھا۔۔۔

افففف ایک تو اسے غلط سپیلز لکھنے کی بیماری تھی۔۔۔

میں کہہ رہا تھا میں نہ آج تک ایسے سپیلنگ نہ کہیں پڑھے نہ سنیں۔۔ارحم نے نرمی سے مگر سنجیدہ لہجے میں کہا۔۔۔

آئی تھینک غلط ہیں۔۔۔۔ماہوین نے زبان دانتوں میں دبا کر کہا۔۔۔

تھنک نہیں۔۔۔ یس یہ غلط ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔ ارحم ہلکے سے مسکراتا ہوا نرمی سے بولا تھا۔۔۔

اس کو ایک ہفتہ ہو گیا تھا اس فرم میں انٹرنشپ کرتے ہوئے۔۔۔ اور آج ارحم اسے کچھ نوٹ کروا رہا تھا۔۔۔ جب اس نے ہر بار کی طرح کی غلط سپلینگز لکھ ڈالے تھے۔۔۔

اوہ۔۔۔ سوری۔۔۔ ۔۔۔ ماہوین شرمندہ سی شکل بنا کر سر جھکا گئی تھی۔۔۔

اٹس۔۔۔ اوکے۔۔۔ درست کریں اسے ذرا۔۔۔ ارحم نے لب بھینچ کر نرمی سے کہا تھا۔۔۔

اوکے۔۔۔۔۔۔۔ ماہیون نے خجل ہوتے ہوئے اس کے بتائے ہوئے سپلینگ لکھے تھے۔۔۔

ارحم اسی طرح اسے نرمی سے ہر بات سمجھتا تھا۔۔۔ عائشہ سے بھی اس کی کافی دوستی ہو چکی تھی۔۔۔ ارحم کی آواز کے بعد شکل۔۔۔ شکل کے بعد اب وہ اس کے انداز سے بھی بری طرح متاثر ہو چکی تھی۔۔۔

8

کیا ہوا۔۔۔۔ عائشہ نے مسکر کر سوالیہ نظروں سے ماہوین کی طرف دیکھا تھا۔۔۔ جو ارحم کے آفس سے مسکراتے ہوئے باہر نکلی تھی۔۔۔

اچھے ہیں۔۔۔ سر۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین مسکراتی ہوی کہتی ہوئ سامنے کرسی پر بیٹھی تھی۔۔۔

ہمم۔۔۔۔ اچھے ہیں۔۔۔ پر۔۔۔۔۔۔ عائشہ نے پر سوچ انداز میں کہا تھا۔۔۔

پر کیا۔۔۔ ماہوین نے تجسّس سے پوچھا تھا۔۔۔

بہت ٹنس رہتے ہیں۔۔۔۔ وائف ناراض ہے۔۔۔ بہت دیر سے پیرینٹس کے گھر پر ہے۔۔۔ عشانے افسردہ سی شکل بنا کر کہا تھا۔۔۔

اوہ۔۔۔ اسی لیے اس طرح چپ چپ سے رہتے ہیں۔۔۔۔۔۔ مھوین نے پر سوچ انداز میں کہا تھا۔۔۔

جی۔۔۔۔ یہی وجہ ہے۔۔۔ عاشہ نے بھی پر سوچ انداز میں کہا۔۔۔ ماہوین اپنے سر کو جھٹک کر کم میں

مصروف ہو گی تھی۔۔

****

بس۔۔۔ یار۔۔۔اب بس ہو گئی۔۔۔ مجھے اسد ملک سے ملنا ہے۔۔۔اہاں نے دانت پیستے ہوے کہا تھا۔
۔۔

پاگل ہے تو۔۔۔ وہ تیرا یقین کرے گا یا پھر اپنی بیٹی کا۔۔۔ فواد نے نا سمجھنے کے انداز میں کہا تھا۔۔

میں کچھ نہیں جانتا لیکن مجھے ان سے بات کرنی اور انھیں یہ ساری حقیقت بتانی ہے۔۔۔احان اس کی آج کی حرکت پر اور زیادہ پریشان ہو چکا تھا۔۔۔

مجھے عجیب سا لگ رہا۔۔۔۔۔۔۔۔۔فواد نے تھوڑا جھجکتے ہوئے کہا تھا۔

تو ٹھیک ہے میں خود جاتا ہوں۔۔۔ تو مت جا۔۔۔احان نے خفا سے انداز میں کہا تھا۔۔۔

فواد جلدی سے ساتھ ہو لیا تھا وہ دونوں اسد ملک کے گھر پہنچے تھے احان اسد ملک سے بات کرنا چاہتا تھا وہ اس کی بیٹی جو ہے وہ اس کے پیچھے پڑی ہے اور مختلف طریقوں سے خود کشی کرنے کی کوشش کرتی ہے وہ اس سے بہت زیادہ تنگ آ چکا تھا اور اب کیونکہ سیشن ختم ہونے والے تھا تو چاہتا تھا کہ اس سے جان چھڑوا لے لیکن وہ جب بھی اس سے علیحدہ ہونے کی بات کرتا تھا وہ عجیب ہی کوئی تماشہ کر بیٹھتی تھی کبھی اپنی کلائی کی نس کاٹ لیتی تھی اور کبھی نیند کی گولیاں کھا لیتی تھی احان اب اس کو ذہنی مریضہ سمجھنے لگا تھا اور اب وہ اس کی ہر بات اس کے باپ کے ساتھ ڈسکس کرنا چاہتا تھا وہ فواد کو لے کے اسد ملک کے گھر پہنچا

مجھے تارم کے سلسلے میں بات کرنی ہے آپ سے۔۔۔آحان ٹھہرے سے لہجے میں کہا

کیا مطلب۔۔۔اسد ملک نے نا سمجھی کے انداز میں کہا

دیکھیں۔۔۔آپ کی بیٹی یہ جو کچھ بھی کر رہی ہے بار بار اس کی وجہ میں ہوں۔۔۔احان نے تھوڑی دیر

خاموش ہونے کے بعد بات کو آگے بڑھایا

وہ انعم کے ساتھ کافی زیادہ سنجیدہ ہو چکا تھا۔۔۔اور اگر انعم۔اس کی زندگی میں نہ بھی ہوتی وہ تب بھی کبھی تارم کی طرف نہ بڑھتا۔۔۔

اسد ملک نے خونخوار نظروں سے اس کی طرف دیکھا اس سے پہلے کہ وہ آگے بڑھتے

ایک منٹ میری بات ابھی مکمل نہیں ہوئی۔۔۔دیکھیں۔۔ میں اس میں بلکل بھی انٹرسٹڈ نہیں ہوں ۔۔۔میں یہاں صرف پڑھنے آیا ہوں۔۔۔۔احان نے غصیلی نظر ڈالتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

آپ تارم کو سمجھائیں۔۔۔۔احان التجائی انداز میں مگر دانت پیس کر کہا تھا۔۔۔

****

کس بات کی مٹھائی ہے۔۔۔۔۔ماہوین نے پلیٹ میں پڑی چمچم کو اٹھا کر منہ میں رکھتے ہوئے کہا تھا۔

۔۔

تمہیں نہیں پتا۔۔۔۔عائشہ نے حیران ہوتے ہوئے پوچھا تھا۔۔۔

نہیں تو کس بات کی ہے۔ماہوین نے فائلز کے پلندے کو ایک طرف رکھتے ہوئے کہا تھا۔۔

سر ارحم کے ہاں بیٹا ہوا ہے۔۔۔عائشہ نے بہت مسکرا کر کہا

او اچھا۔۔۔ماہوین نے پر سوچ انداز میں کہا

یہ تو بڑی خوشی کی بات ہے۔۔۔ماہوین نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔وہ دھیرے سے کرسی کو دھکیلتے ہوئے بیٹھ چکی تھی۔۔۔

کتنا خوش ہے وہ اپنے بیٹا ہونے پر کیا لوگ اتنے خوش ہوتے ہیں جب ان کی اولاد ہوتی ہے کتنی مسرت آج اتنے دنوں بعد وہ ارحم کے چہرے کو مسکراتا ہوا دیکھ رہی تھی اولاد ہونے کی مسرت اس کے چہرے پر چھائی ہوئی تھی۔۔۔۔وہ خوبرو تھا۔۔اور آج تو مسکراتا ہوا اور بھی دلکش لگ رہا تھا ماہوین کتنی دیر تک

اسے ایسے ہی تکتی رہی تھی۔

توکیاان کی مسز گھر آگئی ہیں۔۔۔ماہوین نے مدھم سی آواز میں کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نا چاہتے ہوئے بھی وہ ارحم کی پرسنل زندگی کے بارے میں سوچنے لگی تھی۔۔۔

نہیں وہ تو نہیں آئی۔۔۔۔۔عائشہ نے افسردہ سے لہجے میں کہا تھا۔۔۔۔

اچھا۔۔۔۔۔۔ماہوین نے کرسی کی پشت کے ساتھ ٹیک لگائی تھی۔۔۔

انٹرنشپ کاایک ماہ پورا ہونے والا تھا۔۔۔ کمپنی سالانہ دعوت کااہتمام کر رہی تھی۔۔۔عائشہ اسے بار بار آنے کااسرار کر رہی تھی۔۔۔آخر کو اس کو ہامی بھرنی ہی پڑی تھی۔۔۔۔

وہ بہت نک سک سے تیار ہوئی تھی۔۔اور غضب ڈھارہی تھی۔۔۔۔

جب وہ ڈنر کے لیے وہاں پہنچی تو ہر نظر میں خود کے لیے ستائش دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔

لیکن جیسے ہی اس نے ارحم کو دیکھا تھااس کی نظروں میں خود کے لیے ناگواری دیکھ کر وہ عجیب ہی الجھن کا شکار ہو چکی تھی۔۔۔

آپ کو کیا ہوا۔۔۔اتنے غصے سے کیوں دیکھ رہا مجھے۔

آپ۔۔۔کیوں آئیں ہیں۔۔۔ارحم نے کان کے قریب سرگوشی کی تھی اور ایک دم سے سیدھا ہوا تھا۔۔۔

وہ اپنے مخصوص انداز میں آج بھی تھری پیس سوٹ میں ملبوس تھا۔۔۔۔لیکن چہرے پر عجیب سی سختی تھی۔۔۔

وہ جو خاموش کھڑی۔۔۔عائشہ کے آنے کا انتظار کر رہی تھی۔۔۔ ایک دم سے سٹپٹا سی گئی تھی۔۔۔

کہ۔۔۔کیا مطلب آپکا کیوں۔۔۔۔۔آئی ہوں۔۔۔۔ماہوین کو عجیب سا انداز لگا تھا۔۔۔ایک تو پہلے وہ

ناگواری سے گھورتا رہا تھا۔۔اب آ کر یوں طنز بھرے لہجے میں اسے نہ آنے کا کہہ رہا تھا۔۔۔

مطلب یہ کہ آپ کو نہیں آنا چاہیے تھا۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے ارد گرد دیکھتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

لب بھینچے ہوئے تھے ۔۔۔ اور چہرہ بھی سخت تاثر پیش کر رہا تھا۔۔ ہاتھوں کو پینٹ کی جیبوں میں پھنسا رکھا تھا۔۔۔۔

وہ۔۔۔عائشہ۔۔۔۔نے۔۔۔ماہوین کو شرمندگی کے احساس نے بری طرح جکڑا تھا۔۔۔

اس سے بات کرنا بھی مشکل ہو رہا تھا وہ جو اتنے دن سے اس پر ترس کھا رہی تھی۔۔۔اس کی اچھائی کی وجہ سے متاثر ہوئی تھی سب ہوا ہو گیا تھا۔۔۔ خود کو کیا سمجھتا۔۔۔۔۔ ماہوین نے ناک پھلا کر سوچا تھا ۔۔۔ اسے سمجھ نہیں آ رہا تھا وہ اس طرح کیوں ریکٹ کر رہا تھا۔۔۔اتنے دن تک ارحم نے اس کی ہر طرح سے بہت مدد کی تھی۔۔۔اس کی رپورٹ تیار کروانے میں بھی۔۔۔وہ اسے ایک بہت اچھے انسان کے طور پر لینے لگی تھی۔۔۔ لیکن آج اس طرح کرنے پر ماہوین عجیب خجل سی ہوئی تھی۔۔۔۔

آپ ایسا کیوں کہہ رہے ہیں۔۔۔ماہوین نے سرخ ہوتے چہرے کے ساتھ کہا تھا۔۔۔

بس ایسے ہی مجھے پسند نہیں۔۔۔۔ارحم نے ماتھے پر شکن ڈال کر کہا تھا۔۔۔

ماہوین کو عجیب سا لگا تھا۔۔۔آپ کو برا لگتا تو میں کیوں نہ آوں عجیب کوئی دھونس ھوئی بھئی ۔۔۔۔ ماہوین نے چڑ کر سوچا تھا۔۔۔۔

ھئے۔۔۔ےےے۔۔۔ارحم۔۔۔کیسے ہو۔۔۔سوچا تھا نہیں آو گے آج۔۔۔۔۔۔۔۔۔ باسط نے پاس آ کر کہا تھا۔۔۔اور ایک ہاتھ ارحم کے کندھے پر رکھا تھا۔۔۔

میں تو۔۔۔کام سے آیا ہوں۔۔۔ لیکن کچھ لوگ ایسے بھی ہیں۔۔۔جو شائد صرف کھانا کھانے ہی آئیں ہیں۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے سپاٹ چہرے کے ساتھ کہا تھا۔۔۔

ماہوین کا دل کیا زمین پھٹے اور وہ اس میں سما جائے۔۔۔اسے ارحم اس لمحے زہر لگ رہا تھا۔۔۔وہ آخر اس کو سمجھ کیا رہا تھا۔۔۔وہ ایسی بے دل ہوئی کہہ پھر پوری تقریب میں اس کا دل نہیں لگا تھا ۔۔۔ عائشہ نے بہت بار اس سے پوچھا لیکن وہ روہانسی سی ہو گئی تھی ۔۔۔

--************************

آمی۔۔۔رکیں گی نہ تمھاری طرف۔۔۔احان نے مسکراہٹ چہرے پر سجا کر کہا تھا۔۔۔

آچھا۔۔۔کوئی مسئلہ نہیں ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔انعم نے کافی کا کپ لبوں کے ساتھ لگایا تھا اور مسکراہٹ دبائی۔۔۔

اچھے سے خدمت کرنا۔۔۔ساس ہیں تمھاری۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے شرارت سے آنکھ دبائی تھی۔۔۔۔

لبوں پر جاندار شریر سی مسکراہٹ تھی۔۔۔جو انعم کو پاگل کر دینے کے لیے کافی تھی۔۔۔

احان انعم کو اپنے پورے گھر سے متعارف کرا چکا تھا۔۔۔اب سمیعہ کو اسلام آباد آنا تھا چیک اپ کے لیے ۔۔۔اور احان خود ہاسٹل میں رہتا تھا۔۔۔۔انعم کے گھر میں سمیعہ کو ٹھہرانے کا فیصلہ بہت اچھا تھا۔۔۔ اس طرح وہ انعم کو سمیعہ کے اور قریب کر سکتا تھا۔۔۔

جی۔۔جی۔۔۔بتانے کی ضرورت نہیں مجھے سمجھے آپ۔۔۔.....انعم شرما گئی تھی ۔۔۔ دھیرے سے نظریں جھکائے وہ مسکراہٹ دبا رہی تھی ۔۔۔۔

احان نے اس کی حالت سے محزوز ہو کر قہقہ لگایا تھا۔۔۔۔وہ اب ایک دوسرے سے آئے دن باہر ملنے لگے تھے۔۔۔

ایسی بات ہے کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے شرارت اور محبت کے ملے جلے تاثر سے دیکھا تھا۔۔۔

جی۔۔۔ایسی ہی بات ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔انعم نے دونوں لبوں کو منہ کے اندر رکھ کر کہا تھا۔۔۔

یہ لو۔۔۔۔۔اس بات پر۔۔۔۔۔احان نے ایک چھوٹا سا سفید رنگ کا ٹیڈی بیر انعم کی طرف بڑھاتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

اوواااااا۔۔۔۔کتنا کیوٹ ہے۔۔۔۔ بلکل ویسا ہی جیسا مجھے پسند ہے۔۔۔۔انعم کی آنکھیں چمک رہی تھیں...........

احان اسکو آئے دن اس طرح کے گفٹ دیتا رہتا تھا۔۔۔وہ دونوں کافی شاپ میں بیٹھے قہقہے لگا رہے تھے ۔۔۔

****

بات سنیں ماھوین۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ باسط کی آواز پر ماھوین نے سر اوپر اٹھایا تھا۔۔۔

وہ بتیسی نکالے کھڑا تھا۔۔۔ہاتھ اس کے سامنے رکھے میز پر ٹکائے۔۔۔۔وہ تھوڑا سا جھک کر کھڑا تھا ۔۔۔لبوں پر وہی معنی خیز مسکراہٹ تھی۔۔۔۔

باسط بھی ان تاڑوؤں میں سے ایک تھا۔۔۔ جو اس کے دلکش حسن کا اسیر تھا۔۔۔ ماہوین نے کبھی کام سے زیادہ اس سے بات نہیں کی تھی۔۔۔

جی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے سپاٹ چہرے کے ساتھ کہا تھا۔۔وہ ہاتھ میں پکڑے قلم کو دھیرے سے ہاتھ میں گھوما رہی تھی۔۔

تو پھر کل سے آپ نہیں آ رہی ہیں ہے۔۔۔۔۔۔ باسط نے گلا صاف کرتے ہوئے کہا تھا۔۔۔ وہ تھوڑا جز بز سا تھا اور کان کھجا رہا تھا۔۔۔۔

جی۔۔۔۔جا رہی ہوں انٹرنشپ ختم جو ہو رہی ہے۔۔۔ماہوین نے سنجیدہ سے لہجے میں دوٹوک الفاظ اپنائے تھے۔۔۔۔

اس دن ارحم کی انسلٹ کے بعد وہ بہت زیادہ سنجیدہ ہو چکی تھی۔۔۔ارحم کی ساری اچھائی سے متاثر

ہونے اور اس پر ترس کھانے کا بھوت اتر چکا تھا۔۔۔ وہ اب ارحم کے سامنے سپاٹ چہرہ رکھنے لگی تھی ۔۔۔ آخری تین دن اسی طرح گزار دیے تھے اس نے انٹرنشپ کی ۔۔ لیکن اس کو تو جیسے اس بات کا کوئی احساس ہی نہیں تھا ۔۔۔

وہ مجھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔آپکا نمبر چاہیے تھا۔۔۔مل سکتا ہے کیا۔۔۔۔۔۔۔۔ باسط نے گھٹی سی آواز میں کہا تھا۔۔۔۔

ماہوین کے ماتھے پر ایک دم سے ناگواری کے بل آ چکے تھے۔۔۔

غلط۔۔۔مت سمجھیں۔۔۔۔ویسے ہی کبھی کوئی کام پڑ سکتا ہے۔۔۔ باسط نے پریشان سی شکل بنا کر کہا ۔۔۔

ارحم کسی کام سے باہر آیا تھا۔۔۔اور باسط کو ساتھ والے میز پر ماہوین پر جھکے دیکھ کر ارحم ایک دم سے سنجیدہ ہو گیا تھا۔۔۔

اسے اگر میں نے نمبر نہ دیا تو یہ کہیں اور سے لے لے گا۔۔۔ کیا کروں ۔۔۔۔ماہوین نے بے دلی سے سوچا تھا۔۔۔

لکھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے پر سوچ انداز میں کہا تھا۔۔۔

ارحم کے کان کھڑے ہو گئے تھے۔۔۔۔

ماہوین نے غلط نمبر لکھوایا تھا۔۔۔ارحم کے لب بے ساختہ مسکرا اٹھے تھے۔۔۔ کیونکہ وہ اسے کام کے سلسلے میں کچھ دن پہلے احتیاط کے طور پر نمبر دے چکی تھی ۔۔۔اور یہ وہ نمبر ہرگز نہیں تھا۔۔۔

ارحم زیر لب مسکراہٹ چھپاتا اپنے آفس کی طرف بڑھ گیا تھا جبکہ باسط سارے دانتوں کی نمائش کرتا ہوا غلط نمبر اپنے فون میں محفوظ کر رہا تھا ۔۔۔

****

کیسی ہو۔۔۔بڑے عرصے بعد نظر آئی۔۔۔ سمیعہ نے مسکرا کر ماہوین کے سر پر ہاتھ پھیرا تھا۔۔

ماہوین انٹرنشپ کے بعد ویکنڈ پر لاہور سے گھر آئی تھی ۔۔۔وہ دوپہر کو سو کر اٹھنے کے بعد باہر آئی تھی اور سمیعہ بیٹھی مدحیہ سے باتیں کر رہی تھی ۔۔ ماہوین بے دھیانی میں کمرے میں آئی تھی جب اس نے سامنے بیٹھی سمیعہ کو دیکھا تھا۔۔۔

جی وہ۔۔۔لاہور ہوتی ہوں۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے مسکراتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

اچھا۔۔۔ماشاللہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سمیعہ مسکرادی تھی۔۔۔

احان کیسا ہے۔۔۔وہ بھی تو شہر سے باہر گیا ہے پڑھنے۔۔۔۔مدحیہ نے کچھ یاد آ جانے پر پوچھا تھا۔۔۔

ماہوین سامنے پڑے کاؤچ پر ہاتھ میں موبائل پکڑے مصروف سے انداز میں بیٹھی تھی ۔۔۔

احان بھی اسلام آباد سے بس کچھ عرصے تک آنے والا ہے پڑھائی مکمل کر کے ۔۔۔ ۔۔۔ سمیعہ نے چائے کا کپ میز پر رکھا تھا۔۔۔

اچھا ہو گئی ہے کیا پڑھائی پوری اس کی ۔۔۔ مدحیہ نے چہرے پر مسکراہٹ بکھیرتے ہوئے کہا ۔۔۔

جی۔۔۔پڑھائی بھی ہو چکی ہے جناب کی اور لڑکی بھی پسند کر چکے۔۔۔۔۔۔۔ سمیعہ نے قہقہ لگایا تھا۔۔۔

ماہوین کے کان ایک دم سے کھڑے ہوئے تھے۔۔۔۔

اچھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔مدحیہ نے خوشگوار حیرت سے قہقہ لگایا تھا۔۔۔

جی ادھر اسلام آباد کی ہی ہے۔۔۔ میں ملی تھی اس دفعہ جب گئی تھی۔۔۔سمیعہ نے شرارت سے آنکھیں چمکاتے ہوئے کہا تھا۔۔

اچھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔مدحیہ مسکرادی تھی۔۔۔

بہت اچھی بچی ہے۔۔۔بس کیا کریں آج کل کے بچے اسی طرح اپنی من مرضیاں کرتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔

سمیعہ نے ہونٹ باہر نکال کر کندھے اچکائی ے تھے۔۔۔۔

جی بلکل درست فرمارہی ہیں ہیں ہے آپ۔۔۔۔۔۔۔۔۔مدحیہ بھی مسکرادی تھی

اور سنائی یں ماہوین کا کہیں دیکھا پھر آپ نے ۔۔۔۔۔۔۔ سمیعہ نے مسکرا کر ماہوین کی طرف دیکھا تھا۔۔

نہیں ابھی تو پڑھ رہی ہے۔۔۔۔۔۔مدحیہ نے مسکرا کر کہا۔۔۔

واہ پتا نہیں کیسی لڑکی ہو گی جسے احان جیسا ذہین لڑکا پسند کرتا ہو گا۔۔۔ماہوین کی سوئی احان والی بات پر اٹک کر رہ گئی تھی ۔۔۔۔

****

وقار نہیں کر سکتی ہوں ایسا کچھ بھی۔۔۔حنا نے لب کچلتے ہوئے التجائی انداز میں کہا تھا۔۔۔

تو ٹھیک ہے جہاں منگنی کر دی ہے وہاں پھر کرلو شادی تم۔۔۔وقار نے تڑپ کر کہا تھا۔۔۔

مجھ سے بات مت کرنا آج کے بعد۔۔۔۔۔۔۔۔۔آواز کہیں دور سے آ رہی تھی۔۔۔

وقار اسے چھپ کر نکاح کرنے کا کہہ رہا تھا۔۔۔حنا کی شادی فکس ہو گئی تھی ۔۔۔ رخ کسی صورت بھی اس کی شادی وقار سے نہیں کرنا چاہتی تھی۔۔۔

وقار پلیز۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔حنا روہانسی ہو گئی تھی ۔۔۔

کیا پلیز۔۔۔اب عمار کے چلے جانے کی سزا ہمارے پیار کو ملے گی بولو تم۔۔۔۔۔۔۔وقار چیخنے کے انداز میں بولا تھا۔۔۔

جو بھی ہے لیکن یہ نکاح میں اس طرح نہیں کر سکتی۔۔۔۔۔۔۔۔حنا نے پریشانی سے آسمان کی طرف

دیکھا تھا۔۔۔

توپھر کوئی چارہ نہیں ۔۔۔ تمھاری شادی ہونے والی۔۔۔۔۔۔وقار کی آواز میں کرب شامل تھا

--

وقار۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔حنا باقاعدہ رودی تھی۔۔۔

وہ کرتی بھی کیاوہ قار سے بچپن سے محبت کرتی تھی۔۔۔اوراب وہ محبت جوانی میں شدید ہوچکی تھی

۔۔۔جس کے ختم ہونے پر سانس بند ہونے کااحساس ہوتا تھا۔۔۔۔

9

میں ماہوین سے بات کرتی ہوں وہ آئی ہوئی ہے نہ ۔۔۔ حنا نے سانس خارج کرتے ہوئے کہا تھا

جو کرناہے کرو۔۔۔ میں تم سے ہی شادی کروں گا۔۔۔وقار نے دوٹوک انداز میں کہا تھا۔۔

میں ملتی ہوں آج ماہوین سے۔۔۔۔۔۔۔حنا نے بے دلی سے کہتے ہوئے فون بند کیا تھا۔۔۔

****

میں ممانی سے بات کرچکی ہوں بہت التجا بھی کرچکی ہوں۔۔۔وہ نہیں مان رہی ہیں۔۔۔.۔۔۔۔

ماہوین نے حنا کے ہاتھوں پر ہاتھ رکھ کر کہا تھا۔۔۔

توبولواب کیا کروں پھر میں وقار کسی صورت ماننے کو تیار نہیں۔۔۔۔۔۔حنا نے روتے ہوئے

بھاری آواز میں کہا تھا۔۔۔

اپنی جگہ وہ بھی ٹھیک ہے.بری طرح ٹوٹا ہواہے۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے پریشان سی شکل بنا کر کہا تھا

وہ دل سے پریشان تھی ان دونوں کی معصوم محبت کو صرف اس کی وجہ سے جدائی کا سامنا تھا ۔۔۔

ماہوین کچھ کرو پلیز۔۔۔ وقار جو کہہ رہا وہ میں کیسے کروں۔۔۔۔۔۔۔ حنا نے گال پر سے آنسو صاف کیے تھے۔۔۔

لیکن اس کے علاوہ اب کوئی حل بھی نہیں ہے۔۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے سر جھکا کر کہا تھا۔۔۔

تو کیا مطلب۔۔۔ حنا نے چونک کر دیکھا۔۔۔

مطلب یہ کہہ۔۔۔ تم جا رہی ہو نہ۔۔۔ ٹیسٹ دینے لاہور۔۔۔ ماہوین نے پر سوچ انداز میں کہا تھا

۔۔۔

ہاں تو۔۔۔۔۔۔۔ حنا نے حیران ہوتے ہوئے دیکھا تھا۔۔۔

تو یہ کہ میں وہاں تمھارا وقار سے نکاح پڑھوا دیتی ہوں۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے اس کے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر کہا تھا۔۔۔۔

ماہوین۔۔۔۔ حنا نے ایک دم سے ہاتھ پیچھے کھینچا تھا۔۔۔

کچھ نہیں ہوتا ہم کوئی غیر نہیں۔۔۔ ضد میں آ کر رشتے ختم نہیں کیے جاتے۔۔۔ ۔۔۔۔ ماہوین نے اسے تسلی دینے کے انداز میں کہا تھا۔۔۔

ہمم۔۔۔ تو پھر کیا ہوگا۔۔۔۔۔۔۔۔ حنا نے لب کچلتے ہوئے روہانسی آواز میں کہا تھا۔۔۔

کچھ نہیں ہوگا۔۔۔ سب مجھ پر چھوڑ دو۔۔۔ میں تم دونوں سے بہت محبت کرتی ہوں۔۔۔ ماہوین نے مسکرا کر لب بھینچتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

جانتی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حنا نے پر سوچ انداز میں کہا۔۔۔

دل انجانے خوف میں مبتلا تھا۔۔۔ کیا ہوگا اب۔۔۔ ماں باپ اس طرح کیوں کرتے ہیں کہ بچے اپنی جائز خواہش ناجائز طریقے سے لینے پر مجبور ہو جائیں۔۔۔ وقار ہر لحاظ سے اس لڑکے سے بہتر تھا۔۔۔ جہاں حنا کی شادی طے ہوئی تھی وہ لڑکا غیر تھا۔۔۔ اور کم پڑھا لکھا تھا۔۔۔ وقار

خاندان کا تھا ۔۔۔ ڈاکٹر تھا ۔۔۔

****

تو چلو نہ تم بھی ساتھ ۔۔۔ سبحان ہی ٹریٹ دے رہا ہے ۔۔۔ شیراز کی آواز فون میں سے ابھری تھی ۔۔۔

میں کیا کروں گی وہاں جا کر ۔۔۔ ماہوین نے بے زار سی شکل بنا کر کہا تھا ۔۔۔

اسے لاہور واپس آئے ہوئے ابھی چند دن ہی ہوئے تھے ۔۔۔ یونیورسٹی میں لاسٹ سمسٹر عروج پر تھا ۔۔۔ پڑھائی کی وجہ سے بہت مشکل دن چل رہے تھے ۔۔۔ اوپر سے نظر کمزور ہونے اور چشمہ لگ جانے کی وجہ سے وہ اور بھی چڑچڑی سی ہو گئی تھی ۔۔۔ احان کا بڑا بھائی شیراز کے ساتھ لاہور میں ہی جاب کرتا تھا ۔۔۔ وہ آج سب کو اپنی سالگرہ کی دعوت دے رہا تھا ۔۔۔ اس نے شیراز سے ماہوین کے لیے بھی خصوصی کہا تھا ۔۔۔ شیراز اب اسے جانے کے لیے کہہ رہا تھا ۔۔۔

کرنا کیا ہے انجوائے کرنا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ شیراز نے مسکراتے ہوئے کہا تھا ۔۔۔

وہ ہاسٹل کی سیڑھیوں پر مخصوص انداز میں اداس سی بیٹھی گانے سن رہی تھی جب شیراز کی کال آئی تھی ۔۔۔

اچھا پک کر لو مجھے ۔۔۔ پھر ۔۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے مدھم سی آواز میں کہا تھا ۔۔۔

اپنے مخصوص انداز میں وہ آج بھی غضب ڈھانے کی حد تک حسین لگ رہی تھی ۔۔۔ میرون رنگ کے جوڑے میں بڑے انداز سے شانوں پر چمکتے بال بکھرائے نازک سا چشمہ ناک پر سجائے وہ وہاں تقریب

میں موجود سب سے الگ لگ رہی تھی۔۔۔

اوہ احان۔۔۔۔کیسے ہو۔۔۔شیراز کی جوش بھری آواز پر ماہوین نے چونک کر دیکھا تھا۔۔۔

احان سکندر۔۔۔آج کتنے سال بعد وہ اسے دیکھ رہا تھا جس نے پہلی دفعہ اس کے دل کی کچی زمین پر ایک بیج بویا تھا۔۔۔وہ سامنے کھڑی تھی۔۔۔وہی ماوارئی دلکش چہرہ ۔۔۔ لمبی آنکھیں ۔۔۔ مڑی ہوئی پلکیں ۔۔۔ اور ان آنکھوں پر ٹکا نازک سا چشمہ ۔۔۔ بیضوی چہرہ۔۔۔خوبصورت پنکھڑی جیسی تراش کے لب۔۔۔ بھورے چمکتے سیدھے بال۔۔۔گداز سراپا۔۔۔۔وہ یک ٹک دیکھتا ہی رہ گیا تھا۔۔۔بمشکل دماغ کو جھٹک کر شیراز کی طرف مسکرا کر دیکھا تھا۔۔۔

کتنی بدل گئی تھی وہ اتنے سالوں میں ۔۔۔۔ وہ اور بھی حسین ہو گئی تھی ۔۔۔ چور سی نظر بے ارادہ ماہوین کے سراپے پر بار بار اٹھ رہی تھی ۔۔۔

اسے لاہور کسی کام سے آنا تھا اور سبحان نے اسے مشورہ دیا تھا کہ اس کی سالگرہ والے دن آجائے کام بھی ہو جائے گا اور تقریب میں شرکت بھی ہو جائے گی ۔۔۔

شیراز بات کرتا ہوا احان کو ماہوین کے بلکل سامنے لے آیا تھا۔۔۔۔

دل کے اندر بند پرانے سے زنگ آلودہ تالے والے صندوق کے اندر سے دبی دبی سی چیخیں سنائی دینے لگی تھیں۔۔۔۔ احان کو عجیب سے احساس نے گھیر لیا تھا۔۔۔

اسلام علیکم۔۔۔۔احان نے۔۔۔مسکراہٹ سجا کر سامنے کھڑی ماہوین کو دیکھا۔۔۔آواز بمشکل باہر نکلی تھی

وعلیکم اسلام۔۔۔۔ماہوین کے دلکش لبوں پر مسکراہٹ نمودار ہوئی۔۔۔ مڑی ہو پلکوں کی جھالر کے نیچے دل آویز آنکھیں چمک رہی تھیں ۔۔۔۔

وہ بلکل سامنے ہی آکر بیٹھ چکی تھی۔۔۔شیراز سبحان کے ساتھ باتوں میں مصروف تھا۔۔۔

احان اور ماہوین دونوں خاموش مختلف انداز میں سوچ رہے تھے۔۔۔

احان کے ذہن میں بس اس کا مغرور پن گھوم رہا تھا جو وہ نازلین اور سمیعہ سے سنتا آ رہا تھا۔۔۔ کبھی زندگی میں کسی لڑکی سے بات کرنے میں یوں گھبراہٹ نہیں ہوئی تھی جیسی اب ہو رہی تھی۔۔۔ احان سامنے رکھے میز پر ہاتھ ٹکا کر بیٹھا تھا۔۔۔۔ میری طرف تو دیکھ ہی نہیں رہی۔۔۔ چور نظر سے ارد گرد دیکھتے ہوئے وہ ایک اچٹتی سی نظر ماہوین پر ڈال رہا تھا۔۔۔

اسلام آباد ہوتا ہے اتنی خوبصورت لڑکیاں ہو گیں اس کی یونیورسٹی میں اس کے ساتھ پڑھتی ہوں گی ۔۔۔اتنا ذہین ہے۔۔۔ کتنا بور ہو رہا ہے یہاں۔۔۔۔ بے چارہ۔۔۔ ماہوین احان کی طرف دیکھ کر سوچ رہی تھی۔۔اس خبر سے بلکل انجان کہ وہ سامنے بیٹھے اس شخص کے دل میں موجود ایک پرانے صندوق میں اتھل پتھل مچا رہی ہے۔۔۔۔

پتہ نہیں وہ کیسی لڑکی ہو گی جسے احان سکندر جیسا لڑکا پسند کرتا ہو گا۔۔۔ وہ احان کی طرف دیکھے بنا سمیعہ کی باتوں کے بارے میں سوچ رہی تھی۔۔۔۔ جو اس دن اس نے گھر میں کی تھیں کہ احان ایک لڑکی کے بارے میں بہت سنجیدہ ہے۔۔۔ اور سب گھر والوں کو اس سے ملا چکا ہے۔۔۔۔۔۔ ایک عجیب سی خواہش ماہوین کے دل میں آئی تھی اس لڑکی کو دیکھنے کی۔۔۔

اسی طرح خاموش اپنی اپنی سوچوں میں گم نفوس۔۔۔۔ ایک دوسرے کو ہی سوچے جا رہے تھے۔۔۔

اب اس لمحے جب ماہوین احان اس کے سامنے بیٹھی تھی۔۔۔ انعم کا سراپا کہیں دھندلہ سا گیا تھا۔۔۔۔ اور وہ اپنے اس احساس سے پریشان سا ہو گیا تھا۔۔۔ اسی جنگ میں سارا وقت گزر گیا تھا اور وہ شیراز کے ساتھ اٹھ کر چلی گئی تھی۔۔۔۔

__***************

چھیڑتے ہیں گدگداتے ہیں پھر ارماں آج کل

جھوٹے سچّے کوئی کر لے عہد و پیماں آج کل

گھونٹ لے میرا گلا، کچھ زور اگر اُس کا چلے

ہاتھ سے میرے ہی تنگ اِتنا گریباں آج کل

چڑھ گئے دیوارِ زنداں پر کبھی، اُترے کبھی

ہم بنے ہیں سایۂ دیوارِ زنداں آج کل

روز راتوں کو سنا کرتا ہوں یہ آوازِ قیس

"پھاڑے کھاتا ہے مجھے خالی بیاباں آج کل"

اے عروسِ تیغ تجھ کو کچھ حیا بھی چاہیئے

کیوں گلے پڑتی ہے تُو ہو ہو کے عریاں آج کل؟

سنگدل کافر کا شاید ٹوٹتے دیکھا ہے دل

ٹوٹ کر ملتے ہیں مجھ سے اُس کے درباں آج کل

آ گیا ایسا ہی اب کافر زمانہ، کیا کریں

دابے پھرتے ہیں بغل میں لوگ ایماں آج کل

رات دن ہے میری تربت پر حسینوں کا ہجوم

دیکھنے کی چیز ہے گورِ غریباں آج کل

دن کو روزہ، عید شب کو، ہے عجب شغلِ ریاضؔ

رات بھر پیتا ہے یہ مردِ مسلماں آج کل

ماہوین اپنے مخصوص انداز میں ہاسٹل کی لڑکیوں کے قہقے اور دبی دبی سرگوشیوں سے تنگ آ کر سیڑھیوں میں بیٹھی تھی۔۔۔۔۔۔۔حنا نے خفیہ نکاح سے انکار کر دیا تھا۔۔۔وقار کو سمجھا سمجھا کر

اس کا اپنا دماغ خراب ہو رہا تھا۔۔۔ابھی وقار کی کال بند کی ہی تھی جب ایک انجان نمبر فون کی سکرین پر چمکنے لگا تھا۔۔۔بہت بے زاری سے ماہوین نے فون اٹھایا تھا۔۔۔

ہیلو۔۔۔۔ . . . . جانی پہچانی سی آواز فون میں سے ابھری تھی۔۔۔

ماہوین نے اپنے ذہن پر تھوڑا سا زور دیا تھا اور فوراً آواز کی بازگشت میں چھپا چہرہ اس کے ذہن میں چھپ گیا تھا۔۔۔ارحم حسن تھا وہ۔۔۔۔

جی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پہچان لینے کے باوجود ماہوین نے انجان بنتے ہوئی ے کہا تھا۔۔۔

کیسی ہیں آپ۔۔۔۔۔۔۔۔۔خوشگوار لہجے میں پوچھا گیا تھا۔۔۔

ٹھیک ہوں آپ کون۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے ماتھے پر بل ڈال کر انجان بنتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

چیک کر رہا تھا کہ۔۔۔ باسط کو نمبر غلط دیا ہے کہیں مجھے بھی غلط نمبر تو نہیں دیا۔۔۔ہلکے سے معنی خیز انداز میں ارحم کی گھمبیر آواز اس کے کانوں میں پڑی تھی۔۔۔

کیا مطلب آپکا۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین اس کی بات پر گڑبڑا گئی تھی اسے کیسے پتا چلا کہ اس نے باسط کو غلط نمبر دیا تھا۔۔۔

مطلب یہ۔۔۔کہ مجھے اس دن والے ڈنر کے رویے کے لیے معافی مانگنی تھی۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے شرمندہ سے لہجے میں مدھم آواز اپناتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

آپ کو ایسا نہیں کرنا چاہیے تھا۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے آواز میں سختی لاتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

اب وہ اس سے کیونکر ڈرتی۔۔۔اب کون سا وہ اس کی فرم میں انٹرنشپ کر رہی تھی جو اس کی بات پر سر جھکا دیتی۔۔۔

میں جانتا ہوں لیکن آپ وہاں پر موجود بہت سے لوگوں کو نہیں جانتی ہیں۔۔۔آپ ہماری کمپنی کی امپلائی ے نہیں تھیں صرف ایک انٹرنی تھیں ۔۔۔۔لوگ بہت باتیں بناتے ہیں اور میں یہ

بلکل نہیں چاہتا تھا کہ لوگ آپ کے بارے میں غلط سوچیں۔۔۔ارحم بہت نرم لہجے میں اسے سمجھانے کے انداز میں کہہ رہا تھا۔۔

ہمم۔۔۔۔ماہوین نے گہری سانس خارج کی تھی۔۔۔

کیسی جا رہی آپ کی سٹڈی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے بہت دوستانہ انداز میں پوچھا تھا۔۔

اچھی جا رہی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے مختصر جواب دیا تھا۔۔۔

وہ اس کے اس انداز سے تھوڑی جزبز تھی اسے آج پورے دو ماہ بعد کیسے اس کی یاد آئی تھی ۔۔۔

گڈ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے بڑے خوشگوار انداز میں کہا تھا۔۔۔

آپکی فیملی کیسی ہے۔۔۔وائی ف ۔۔۔ بے بی۔۔۔۔۔ ماہوین نے تھوڑا جھجکتے ہوئے پوچھا تھا ۔۔۔

کیونکہ وہ کال بند نہیں کر رہا تھا۔۔۔

وہ میری وائی ف نہیں ہیں اب ۔۔۔ آئی ڈائی یورسڈ ہر ۔۔۔۔ ارحم نے مدھم سے لہجے میں رک رک کر کہا تھا۔۔۔

اوہ۔۔۔افسوس ہوا۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے پریشان سے انداز میں کہا تھا۔۔۔

مت کریں۔۔۔مجھے اچھا نہیں لگتا کہ لوگ مجھ پر ترس کھائی یں ۔۔۔۔۔۔ ارحم نے سخت سے لہجے میں کہا تھا۔۔۔

جی۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے ایک دم سے خجل ہوئی تھی ۔۔۔۔

کچھ دیر ادھر اُدھر کی باتوں کے بعد ارحم فون بند کر گیا تھا۔۔۔ لیکن ۔۔۔ صبح جب اس کی آنکھ کھلی تو۔۔ ارحم کے نمبر سے گڈ مارننگ کا مسیج تھا۔۔۔اسی طرح پھر۔۔۔رات کو گڈ نائٹ ۔۔۔۔ ۔۔۔ فارورڈ مسیجز ۔۔اکثر اس کی سٹڈی کے بارے میں سوالات کیے ہوتے ۔۔۔ کیسی جا رہی پریزنٹیشن

۔۔۔پروجیکٹ ۔۔۔۔ ماہوین بھی مختصر جواب دیتی رہتی تھی ۔۔۔۔

****

تم یہاں ہو تو جیت ہی جاؤں گا ۔۔۔۔.... احان نے گلوز پہنتے ہوئے محبت بھری مسکراہٹ چہرے پر سجا کر کہا تھا۔۔۔

اچھا۔۔۔اتنے دن سے بات تو کر نہیں رہے تھے۔۔۔۔۔۔انعم نے خفگی بھرے انداز میں کہا تھا۔۔۔

گراونڈ میں چلتی ہوا اس کے بالوں کو بار بار اس کے چہرے پر بکھرا رہی تھی۔۔ جسے وہ بڑے انداز سے اپنے ہاتھوں سے ہٹا رہی تھی۔۔۔احان کی یونیورسٹی کا کرکٹ میچ تھا دوسری یونیورسٹی کے ساتھ اور احان اپنی کرکٹ ٹیم کا کپتان تھا۔۔۔انعم کو اس نے میچ کا بتایا تو وہ وہاں پہنچ چکی تھی۔۔۔

وہ۔۔۔بس کچھ مصروف تھا۔۔۔۔۔۔۔احان نے شرمندگی سے نظریں چراتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

اسے کیا بتاتا کہ ماہوین کو پھر سے دیکھنے کے بعد وہ بری طرح پریشان سا ہو گیا تھا دل کی اس عجیب حالت سے نکلنے کے لیے اسے تین دن لگ گئے تھے اور اس دوران اس نے انعم سے جان بوجھ کر بات نہیں کی تھی۔۔۔اس کا دل ہی نہیں کرتا تھا بات کرنے کو۔۔۔۔

اوکے۔۔۔۔بیسٹ آف لک۔۔۔۔۔۔۔۔انعم بھرپور انداز میں مسکرائی تھی۔۔۔

احان۔۔۔۔۔۔۔۔۔عقب سے تارم کی آواز پر دونوں چونکے تھے۔۔۔

سانولے سے رنگ۔۔۔سیاہ بالوں کو کھلا چھوڑے۔۔۔آنکھوں پر مہنگا چشمہ سجائے۔۔۔تارم طنز بھری مسکراہٹ چہرے پر سجائے کھڑی تھی۔۔۔۔۔۔

ھائے۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے بے زار سی شکل بنا کر کہا تھا۔۔۔

وہ اب تارم سے کھچا کھچا سا رہنے لگا تھا۔۔۔ جہاں وہ ہوتی وہاں سے جان چھڑوا کر وہ بھاگ جاتا تھا۔۔۔۔

بیسٹ آف لک۔۔۔۔ مجھے یقین ہے ہماری یونیورسٹی ہی جیتے گی۔۔۔۔۔۔تارم نے بڑے جوش میں کہا

۔۔اور ایک اچٹتی سی نظر سامنے کھڑی انعم پر ڈالی تھی۔۔۔جو احان کے بہت قریب کھڑی تھی۔۔۔۔
ہمم۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے عجیب بے رخی دکھائی اور بیٹ کو ہاتھ میں گھوماتا وہ میدان میں جا چکا تھا۔۔۔ انعم کی نظریں اور مسکراتے لب احان کو بہت دور تک چھوڑ کر واپس آئی ے تھے۔۔۔

آپ۔۔۔۔کیسے جانتی۔۔۔ ہیں۔۔۔احان کو۔۔۔۔۔۔۔تارم نے آنکھوں پر ٹکے سیاہ چشمے کو اتار کر دانت پیستے ہوئے ساتھ کھڑی انعم سے کہا تھا۔۔۔

فرینڈ ہوں میں اس کی۔۔۔۔۔۔۔۔انعم نے عجیب سے انداز میں اسے دیکھتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

وہ کیسے۔۔۔۔۔۔تارم نے عینک کی ایک ٹانگ کو شان بے نیازی سے منہ میں ڈالتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

10

کیا مطلب کیسے۔۔۔۔۔۔انعم نے ناگواری سے دیکھا تھا۔۔۔

مطلب وہ تو اس شہر کا نہیں ہے۔۔۔ تو۔۔۔کیسے۔۔۔آپ تو ہماری یونیورسٹی کی بھی نہیں ہیں۔۔۔۔۔۔
تارم اپنے مخصوص انداز میں جنونی سی ہوتی ہوئی بولی تھی ۔۔۔۔

میرا خیال ہے۔۔۔آپ پرسنل ہو رہی ہیں۔۔۔ میں آپکو کیوں بتاؤں کہ میں کہاں اور کب احان سے ملی اور اب ہمارا کیا ریلشن ہے۔۔۔۔۔۔۔انعم نے نڈر ہو کر تارم کو لتاڑا تھا جو بلا وجہ اس پر غصہ کر رہی تھی۔۔۔۔

ایکسکیوز می۔۔۔۔۔۔انعم اس کے کندھے کے پاس سے گزرتی ہوئی جا چکی تھی ۔۔۔

****

کہاں ہو۔۔۔ سکرین پر آئے مسیج کو دیکھ کر۔۔۔اس کی انگلیاں فوراجواب ٹائپ کر رہی تھیں ۔۔۔

ارحم سے اب اس کی اکثر بات ہوتی رہتی تھی۔۔۔وہ خود کبھی بھی اسے مسیج نہیں کرتی تھی۔۔وہ ہی اسے مسیج کرتا تھا۔۔اور وہ صرف جواب دیتی تھی۔۔۔

بنک۔۔۔ جارہی ہوں۔۔۔ کچھ دیر تک۔۔۔ماہوین نے جواب دیا تھا۔۔۔

اوکے کس بنک۔۔۔۔۔۔ارحم کا مسیج سکرین پر پھر سے ابھرا تھا۔۔۔

یہیں۔۔۔ ہے ایچ بی ایل کی برانچ۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے مختصر جواب دیا تھا۔۔۔۔

اوہ اچھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ارحم کا جواب آیا تھا۔۔۔

ماہوین ہاسٹل سے نیچے اتری تو زویا اس کا پہلے ہی انتظار کر رہی تھی۔۔۔۔بنک پاس ہی تھا تو دونوں چلنے لگی تھیں۔۔۔ جیسے ہی وہ بنک کے قریب پہنچی تھیں۔۔۔ایک بچہ بھاگتا ہوا آیا تھا۔۔۔اور زویا کو ایک بکے پکڑا کر بھاگ گیا تھا۔۔۔

یہ کیا۔۔۔ماہوین۔۔۔۔ تمھارا نام لکھا ہے اس پر۔۔۔زویا نے بکے میں رکھے کارڈ کو باہر نکال کر کہا تھا ۔۔۔

ہیں۔۔۔ میرا۔۔۔دکھاؤ تو۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے حیران ہو کر کیھا تھا۔۔۔

دیکھو تو ذرا۔۔۔زویا پاس ہوئی تھی۔۔۔

ہاں یہ تو میرا ہی نام ہے۔۔۔بچہ کہاں بھاگ گیا وہ۔۔۔ماہوین نے ارد گرد نظر دوڑائی تھی۔۔

ہمممم کوئی سیکرٹ چاہنے والا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔ زویا نے شرارت سے کہا تھا۔۔۔

ہیں۔۔۔۔ کون ہے یہ۔۔۔۔۔۔۔ماہوین ارد گرد دیکھ رہی تھی۔۔۔

بی بی جی۔۔۔۔یہ آپکے لیے ہے۔۔۔ہاسٹل کے گاڈ نے ماہوین کو ایک پارسل پکڑایا تھا۔۔۔

ماہوین نے حیران ہوتے ہوئے پارسل کو پکڑا تھا۔۔۔پلاسٹک کے ایک ٹرانسپرنٹ ڈبے میں چکن قورمہ تھااور اس کے اوپر ایک چھوٹی سی کاغذ کی فولڈ ڈ چٹ پڑی تھی۔۔۔ماہوین نے حیرت سے چٹ اٹھا کر کھولی تھی۔۔۔

کھائیں اور بتائیں کیسا ہے ۔۔۔ ارحم حسن

چٹ پر لکھے الفاظ وہ بار بار پڑھ رہی تھی اس دن کے بکے تو پہلے ہی اسے شک میں مبتلا کر گئے تھے اور آج یہ سب اس نے تیزی سے تکیے کے نیچے سے موبائل نکالا تھا ۔۔۔ گداز بڑے خوبصورت تراش کیے ہوئے ناخن والے چندن ہاتھ کال لسٹ میں سے ارحم کا نمبر نکال رہے تھے ۔۔۔

ہیلو۔۔۔۔۔۔۔۔مدھر سے میٹھی سی آواز میں وہ گویا ہوئی تھی ۔۔۔

ایک ہاتھ سے چٹ کو ہاتھ میں پکڑے اور دوسرے ہاتھ کو کان سے لگائے ۔۔۔ لبوں کو کچلتی وہ اپنے ہاسٹل روم کے بیڈ پر آلتی پالتی مارے بیٹھی تھی ۔۔۔۔ جبکہ ایک گھٹنا بے چینی سے ہل رہا تھا ۔۔۔

اسلام علیکم۔۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے سلام میں پہل کی تھی آواز میں ہنوز خوشگواریت قائم تھی۔۔۔۔

وعلیکم اسلام۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے عجلت میں ذہن میں لفاظوں کو ترتیب دیا تھا جو وہ اس سے پوچھنا چاہتی تھی۔۔۔

آپ یہ سب کیوں کر رہے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے الجھن بھری آواز میں کہا تھا۔۔

کیا سب۔۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے انجان بنتے ہوئے کہا۔۔۔

یہی سب کل بکے۔۔۔۔آج یہ۔۔۔۔ قورمہ۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے ایک نظر سامنے پڑے باکس پر ڈالی تھی۔۔۔۔

اوہ۔۔۔ قورمہ۔۔۔۔ارحم حسن قہقہ لگا گیا تھا۔۔۔

ایکچولی میں نے آج اپنے گھر والوں کے لیے کھانا بنایا۔۔۔ تو ایسے ہی آپ کا خیال آیا۔۔۔۔ سو۔و۔و۔و۔

آیز۔۔۔اے۔۔فرینڈ بھیج دیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے رک رک کر الفاظ ادا کیے تھے۔۔۔

ماہوین کی طرف بلکل خاموشی تھی۔۔۔وہ پر سوچ سی بیٹھی تھی۔۔۔

اوکے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے ہلکی سی آواز میں کہا تھا۔۔۔

کون کون۔۔۔ہے آپ کے گھر میں۔۔۔۔ماہوین نے ٹھہرے سے لہجے میں کہا۔۔

مما اور میں۔۔۔۔۔۔ارحم نے سنجیدہ سے لہجے میں کہا تھا۔۔۔

اچھا۔۔۔۔ماہوین نے مدھم سی آواز میں مختصر جواب دیا۔۔

اور کیسی ہیں آپ۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اپنے مخصوص انداز میں اب معمول کی باتوں پر آ چکا تھا۔۔۔اور پھر مسیجز سے کام اب کالز تک پہنچ چکا تھا۔۔۔ارحم اس سے اپنی ہر بات بانٹنے لگا تھا۔۔۔وہ بھی اسے دوست کی طرح سمجھنے لگی تھی۔۔۔وہ خیال ہی اتنا رکھتا تھا۔۔۔

****

دیکھو آج آخری دن ہے میں تم سے اپنے ہر رویے کی معافی مانگتا ہوں۔۔۔۔۔۔احان نے اپنے آپ پر قابو پا کر لب بھینچ کر کہا تھا۔۔۔

اور میں تمہیں کھونا نہیں چاہتی۔۔۔۔۔۔۔۔تارم نے آنکھیں سکیڑی تھیں۔۔۔

وہ یونیورسٹی کی لمبی گیلری میں کھڑے تھے۔۔احان اپنے مخصوص انداز میں اپنے چوڑے سینے پر ہاتھ باندھے کھڑا تھا۔۔۔اور تارم بے چین صورت بنائے اس کے سامنے کھڑی تھی۔۔۔آج یونیورسٹی کا آخری دن تھا۔۔۔اور وہ نہیں چاہتا تھا تارم اب پھر سے اس کی محبت زبردستی پانے کے لیے خود کو کوئی نقصان پہنچائے۔۔۔۔

تارم۔۔۔پلیز۔۔۔یہ سب پاگل پن مت کرو بار بار۔۔۔میں نے کبھی کسی بھی لمحے تمہارے لیے کچھ

بھی نہیں سوچا کبھی کچھ بھی محسوس نہیں کیا۔۔۔۔۔۔۔احان نے ماتھے پر بل ڈالے مگر التجائی انداز میں کہا تھا۔۔۔

لیکن میں تو کرتی ہوں نہ میں تم سے بہت محبت کرتی ہوں۔۔۔۔۔۔۔تارم روہانسی سی ہو گئی تھی

آنکھوں میں عجیب سی جنونیت تھی۔۔۔حالت بے حال تھی آنکھیں رو رو کر سوجی پڑی تھیں۔۔۔۔

بال بے ترتیب تھے۔۔۔بڑے لاپرواہ انداز میں ڈھیلی سی شرٹ کے نیچے جینز زیب تن کیے ہوئی تھی۔۔۔

اور میں کسی اور سے بہت محبت کرتا ہوں۔۔۔۔۔۔احان کا ناک ضبط کرتے ہوئے ہلکا سا پھولا تھا

میرا خیال ہے۔۔۔تم اب میری وجہ سے اپنے آپ کو کبھی نقصان نہیں پہنچاؤ گی ۔۔۔ احان نے دانت پیسے ۔۔۔ ارد گرد نظر دوڑائی پھر آواز کو مدھم رکھتے ہوئے کہا

اگر تم مجھ سے محبت کرتی ہو۔۔۔تو تمہیں آج مجھ سے وعدہ کرنا ہو گا۔۔۔تم کبھی خود کو نقصان نہیں پہنچاؤ گی ۔۔۔تارم کی آنکھوں میں جھانکتے ہوئے اس نے کہا تھا۔۔۔

تارم نے کچھ کہنے کے لیے پھر سے منہ کھولا تھا۔۔۔

خوش رہنا اللہ حافظ۔۔۔احان نے تیزی سے کہا۔۔۔اور پھر لمبے لمبے ڈگ بھرتا وہ وہاں سے جا چکا تھا

لٹے لٹے سے ہیں گل، بلبلیں اداس اداس

چمن کی ساری فضاؤں پہ چھا گیا ہے ہراس

وہ سنگ دل ہیں تو ان کی مزے میں کٹتی ہے
انہیں پتہ بھی نہیں کیا عذاب ہے احساس

میں بے بسی سے تماشا کروں خرابی کا
مرا قفس بھی رہا شاخ آشیانہ کے پاس

جہاں پہ یاس کی بجلی تباہی لاتی ہے
وہیں سے اک نئی کونپل نکال لیتی ہے آس

جسے اشارۂ ابرو سے آپ ٹھکرا دیں
وہ مے کبھی نہیں آتی مرے مزاج کو راس

تارم کی ہچکی بندھنے لگی تھی۔۔۔دل تھا کہ چیخیں مار رہا تھا۔۔۔وہ کتنی دور جا چکا تھا کہ اب اس کا سراپا چھوٹا سا ہو گیا تھا۔۔۔وہ اب یونیورسٹی کے وسیع لان میں کھڑے بہت سے لڑکوں کے بیچ کھڑا قہقے لگا رہا تھا۔۔اس بات سے یکسر انجان کہ وہ کسی کو کتنی تکلیف دے چکا ہے۔۔۔

****

بابا میں کچھ نہیں جانتی جانا ہے ہمیں بس۔۔۔ماہوین نے ضد کرنے کے انداز میں کہا اور خفا سی شکل بنا کر جہانزیب کی طرف دیکھا تھا۔۔۔

تم بے وجہ کی ضد کر رہی ہو۔۔۔ماہوین ان لوگوں نے حنا کا رشتہ طے کر دیا ہے اس کی شادی کے دن رکھے جا چکے ہیں یہ بلکل پاگل پن ہے۔۔۔جہانزیب نے ماتھے پر بل ڈالے تھے۔۔۔

اور بلاؤ ۔۔۔ ذرا اس نالائق کو جو مرا جا رہا ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔ جہانزیب نے دانت پیستے ہوئے مدحیہ کی طرف دیکھا تھا۔۔۔ وہ مریل قدم اٹھاتی کمرے سے باہر گئی تھیں ۔۔۔

ہم پہلے ہی ان لوگوں کے دل بہت دکھا چکے ہیں اب مزید۔۔۔۔۔۔۔کچھ دیر خاموش کھڑے رہنے کے بعد جہانزیب پریشانی سے گویا ہوئے تھے۔۔۔

وقار کو سر جھکائے کمرے میں آتا دیکھ کر وہ بات کو بیچ میں ہی چھوڑ کر اس کی طرف متوجہ ہوئے تھے ۔۔۔

ہمم۔۔۔۔ کیا مسئلہ ہے تمھارا۔۔۔ کہاں کے تم۔۔۔ مجنوں بنے پھر رہے ہو۔۔۔ڈاکٹر ہو سمجھدار ہو یہ کیا پاگل پن ہے۔۔۔۔ جہانزیب نے اونچی آواز میں ڈانٹتے ہوئے وقار کو کہا تھا۔۔۔

وقار نے سر مزید نیچے جھکا لیا تھا۔۔۔۔وہ سب کچھ ماہوین کے حوالے کر چکا تھا

ماہوین ویکنڈ پر گھر آئی تھی ۔۔۔اور اب وہ جہانزیب کے پیچھے پڑی تھی کہ وہ اور مدحیہ ان کے ساتھ ماموں کی طرف چلیں وہاں جا کر دھرنا دیں۔۔۔اور ان کو منا کر وقار اور حنا کا نکاح کرائیں ۔۔۔

بابا۔۔۔۔ مجھے وقار کی شادی ہر حال میں حنا سے کرنی ہے۔۔۔۔

آپ چل رہے ہیں میرے ساتھ یا پھر میں جاؤں اکیلی ہی۔۔۔ماہوین نے لاڈ سے کہا تھا۔۔۔۔

دیکھ لیتی ہوں ممانی مجھے کتنے دھکے دیتی ہیں۔۔۔۔حنا کی زندگی خراب کر رہے ہیں وہ لوگ وہ کبھی خوش نہیں رہے گی۔۔۔اور میں ماموں سے بات کروں گی وہ مجھ سے بہت محبت کرتے ہیں میں ان کو منا لوں گی۔۔۔۔۔۔ماہوین نے پر یقین لہجے میں کہا تھا۔۔۔

ماہی۔۔۔۔ یہ سب اتنا آسان نہیں ہے۔۔۔جہانزیب نے پہلے سر جھکائے کھڑے وقار پر ایک نظر ڈالی

پھر ماہوین کو سمجھانے کے انداز میں کہا۔۔

کیونکہ وہ جانتے تھے ماہوین کی ضد کے آگے ان کو گھٹنے ٹیکنے پڑ سکتے ہیں۔۔۔

آسان اور ممکن تو بہت کچھ نہیں ہوتا بابا۔۔۔اسے ممکن بنانے کی کوشش بھی نہ کرنا یہ کہاں کا انصاف ہوا میں اپنے بھائی اور حنا کے لیے ہر کوشش کرنا چاہتی ہوں ۔۔۔مجھے دونوں سے بہت پیار ہے ۔۔۔ ماہوین نے پر سکون مگر التجا کے انداز میں کہا تھا ۔۔۔

جہانزیب خاموش لب بھینچے کھڑے تھے۔۔چند لمحے یونہی گزر گئے تھے پھر انھوں نے ٹھنڈی سانس بھری تھی۔۔۔۔

اچھا۔۔۔ چلتے ہیں۔۔۔ دیکھتے ہیں کیا ہوتا۔۔۔۔۔۔ماتھے پر پریشانی سے ہاتھ پھیرتے ہوئے وہ گویا ہوئے تھے۔۔۔

اور سنو تم۔۔۔انھوں نے غصے سے وقار کو گھورا تھا۔۔۔

یہ سب تمھارے لیے برداشت کر رہا ہوں۔۔۔ وہ لوگ جو بھی برا بھلا کہیں میں چپ رہوں گا لیکن ہماری ہر کوشش کے بعد بھی انھوں نے رشتہ دینے سے انکار کر دیا تو تمہیں ہمارا ساتھ دینا ہوگا۔۔۔ ۔۔۔جہانزیب نے انگشت انگلی وقار کی آنکھوں کے سامنے اکڑاتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

جی بابا۔۔۔۔۔۔۔۔۔وقار نے مدھم سی آواز میں کہا تھا۔۔۔

****

بس یہ وقت بہت مشکل ہے آپکے لیے۔۔۔۔۔۔مدحیہ نے سمیعہ کی پیٹھ پر ڈھارس بندھانے کا ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

سمیعہ ان کے گلے لگ کر سسکیوں میں رو دی تھیں۔۔۔

سکندر کی ناگہانی موت نے ان کے گھر کی خوشیاں چھین لی تھیں۔۔۔احان کو اسلام آباد سے گھر آئے

ابھی دو دن ہوئے تھے جب۔۔۔ سکندر اچانک دل کا دورہ پڑنے سے اس جہان فانی سے کوچ کر گئے تھے
۔۔۔

اللہ آپ کو صبر دے۔۔۔۔۔۔ مدحیہ نے بھیگے کونے صاف کیے اور دھیرے سے سمیعہ سے علیحدہ ہوئی تھی ۔۔۔

مجھے بھری دنیا میں اکیلا چھوڑ گئے۔۔۔۔۔۔ سمیعہ آہستہ سے دکھ بھری آواز میں بولی تھیں۔۔۔

نہیں ایسے مت کہیں آپ آپ اکیلی نہیں ہیں۔۔۔ ماشاللہ احان ہے۔۔۔ سبحان ہے۔۔۔ دونوں اپکے بازو ہیں۔۔۔۔ مدحیہ نے ان کے کندھے پر ہاتھ رکھا تھا۔۔۔

اللہ میرے بیٹوں کو لمبی عمر دے۔۔۔۔۔۔۔ سمیعہ نے ٹھنڈی سانس خارج کی تھی۔۔۔

بس احان بہت اٹیچ تھا ان سے وہ اتنا خاموش ہو گیا ہے۔۔۔ کہ کلیجہ منہ کو آتا تھا۔۔۔۔۔۔۔ سمیعہ کی آواز پھر سے روہانسی ہو گئی تھی ۔۔۔

چھوٹا ہے نہ سب سے۔۔۔ اس لیے۔۔۔۔ مدحیہ نے آہستہ سے حوصلہ دینے کے انداز میں کہا تھا۔۔۔

ابھی اس کی پڑھائی مکمل ہوئی تھی۔۔۔ اتنا خوش تھا۔۔۔ آئے ہوئے دو دن نہیں ہوئے تھے ۔۔۔ کہ کندھوں پر زمہ داریاں پڑ گئی ہیں ۔۔۔۔ سمیعہ نے آنسو پیتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

اللہ بہت کارساز ہے۔۔۔ اگر ایک در بند کرتا ہے تو سو در اور کھلتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مدحیہ نے حوصلہ دیا تھا۔۔۔

11

بے شک۔۔۔۔ سمیعہ نے ٹھنڈی سانس خارج کی تھی۔۔۔

ماہوین سر جھکائے نازلین کے پاس بیٹھی تھی۔۔۔ وہ اور احمرین خاموش آنسو بہا رہی تھیں۔۔ احان نے اپنے آپ کو سب سے الگ ایک کمرے میں بند کیا ہوا تھا۔۔۔

نہ رو مٹی دیا باویا
وے تیرا پیو پردیسی۔

مٹی دا باوا نئیں او بولدا
ناھیں چالدا
ناھیں بھردا ھنگارا

نہ رو مٹی دیا باویا
وے تیرا پیو ونجارا

کتھے تے لاونی آں میں ٹاھلیاں
وے پتاں والیاں
وے مینڈا پتلا ماھی
کتھے تے لاوآں میں شہتوت وے
بے سمجھے نوں سمجھ نہ آئی

میرے جئیاں لکھاں گوریاں

وے کنی ڈوریاں

تے گودی لعل ھنڈولے

ھس ھس دیندیاں لوریاں

وے میرے لڑن سنپولے۔

****

تم۔۔۔حناکا بھی سوچو۔۔۔صرف اپنی انااور ضدمت۔۔۔۔ساجد نے سر پکڑ کر دانت پیستے ہوئے سامنے منہ پھلائے کھڑی رخ کو دیکھتے ہوئے کہا تھا

دیکھو۔۔۔۔۔۔۔۔رخ نے غصے سے ماتھے پر بل ڈالے۔۔

مجھے بھی اپنے بہن بھائیوں کو منہ دکھانا ہے۔۔۔ اکیلی آپ کی بہن کی ہی بات نہیں۔۔۔ آپ کے لیے تو وہ لوگ چل کر آ گئے۔۔ اور ضد لگا کر بیٹھ گئے،تو بہن کی محبت جاگ گئی ۔۔۔۔۔۔ رخ نے شکن آلودہ ماتھے کے ساتھ کہا تھا۔۔۔

حنا۔۔۔نکاح کرنے جارہی تھی۔۔۔ چھپ کر۔۔۔۔۔۔ساجد نے ٹھنڈی سانس بھرتے ہوئے سرگوشی کے انداز میں کہا۔۔۔

اور سر نیچے جھکالیا تھا۔۔۔

کہ۔۔۔کیا مطلب۔۔۔۔۔۔۔۔رخ نے حیرت سے آنکھیں بنا جھپکائے دیکھا تھا۔۔۔

ہاں۔۔۔وہ جارہی تھی۔۔۔ لیکن اس نے صرف ہم دونوں کے لیے یہ قدم نہیں اٹھایا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ساجد نے سر آہستہ سے ہلاتے ہوئے۔۔اپنی بات کی تصدیق کی۔۔۔۔

رخ کامنہ ابھی بھی حیرت سے کھلا تھااور زبان گنگ ہوئی تھی۔۔ جہانزیب۔۔ماہوین اور مدحیہ ۔۔۔ چند اور خاندان کے بڑوں کو اپنے ساتھ ملا کر حنا کو وقار کے لیے مانگنے آئے بیٹھے تھے

اگر وہ ہمارا اتنا احساس کر سکتی ہے تو کیا ہم نہیں کر سکتے۔۔۔ وہ ہماری اولاد ہے اس کی خوشی کا خیال کرنا ہمارا فرض ہے۔۔۔۔۔۔ ساجد نے رخ کے کندھوں پر ہاتھ رکھ کر مدھم سے لہجے میں کہا تھا۔۔۔

رخ ابھی بھی پر سوچ انداز میں بس ساکن ہی کھڑی تھی۔۔۔

اپنی بے کار کی ضد چھوڑ دو۔۔۔ وقار بہت اچھا بچہ ہے۔۔۔۔ ساجد نے رخ کو دونوں کندھوں سے پکڑ کر یقین دلانے کے انداز میں کہا تھا۔۔۔

وہ پھر بھی سوچے ہی جا رہی تھیں۔۔۔ ہاں البتہ اب ماتھے کے شکن ختم ہو چکے تھے اور چہرے پر تھوڑی نرمی آگئی تھی۔۔

چلو اب سب تمھارا انتظار کر رہے ہیں۔۔۔۔۔۔ انھوں نے رخ کا ہاتھ تھاما تھا۔۔۔

لیکن ان لوگوں کو کیا جواب دیں گے جو شادی کی تیاریاں کیے بیٹھے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔ رخ نے پریشان سے لہجے میں کہا تھا۔۔

کچھ نہیں وہ میں دیکھ لوں گا۔۔۔ ابھی تو سات ماہ پڑے تھے شادی کو۔۔۔ منگنی ہی کی ہوئی کوئی نکاح تھوڑی کیا۔۔۔ ساجد نے مسکرا کر رخ کے کندھے پر تسلی کی تھپکی دی تھی۔۔۔

اچھا چلو اب سوچنا بند کر دو۔۔۔۔۔ وہ زبردستی رخ کو منا کر باہر لے آئے تھے۔۔۔ جہاں سب لوگ ان کے فیصلے کے انتظار میں بیٹھے تھے۔۔۔

سب بڑوں نے باہمی رضامندی سے وقار اور حنا کے نکاح کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔۔۔

ماہوین۔۔۔ چہکتی ہوئی وقار کو فون کر رہی تھی سب لوگ ہنس رہے تھے منہ میٹھا کر رہے تھے۔۔ حنا سب کے بیچ سرشار سی بیٹھی شرما رہی تھی۔۔۔۔

****

کیا۔۔۔ مجھے سمجھ نہیں آ رہی۔۔۔ کیا کہہ رہی ہو تم۔۔۔۔۔ ماہوین کا منہ حیرت سے کھلا تھا۔۔۔

یہی کہہ رہی کہ سرارحم نے تمھارے لیے پرپوزل بھیجا ہے۔۔۔۔عائی شہ نے مسکراتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

وہ۔۔۔کیوں۔۔۔۔۔۔۔۔بے ساختہ حیرت سے ماہوین کے منہ سے نکلا تھا۔۔۔

کیوں کیا۔۔۔۔۔۔۔وہ انٹرسٹڈ ہیں تم میں۔۔۔۔۔۔۔عائی شہ نے مسکراہٹ دبا کر کہا تھا۔۔۔

کیا بات کر رہی ہو عائی شہ ۔۔۔ وہ میرڈ ہیں ۔۔۔ ایک بیٹے کے باپ ہیں۔۔۔۔۔۔ماہوین نے عجیب الجھتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

تو کیا یہ گناہ ہے۔۔۔۔۔۔۔عائی شہ نے ہنستے ہوئے کہا۔۔۔

ان کی بیوی نے اگر انھیں چھوڑ دیا کبھی خوشی نہیں دی۔۔۔تو کیا اب انھیں جینے کا بھی کوئی حق نہیں ۔۔۔ کیا وہ کسی سے محبت نہیں کر سکتے ۔۔۔۔۔۔ عائی شہ نے سنجیدہ لہجے میں کہتے ہوئے اس کے ہاتھ پر ہاتھ رکھا تھا۔۔۔

دیکھو۔۔۔وہ تمھیں بہت پیار دیں گے۔۔۔ان کو اپنی پہلی بیوی سے کبھی پیار نہیں ملا۔۔۔وہ تمھاری عزت کریں گے۔۔۔وہ ہنوز اسی انداز میں کہہ رہی تھی۔۔۔

اور کیا کمی ہے ان میں۔۔۔۔۔۔سوالیہ انداز میں کہا۔۔۔

کمی کی بات نہیں ہے۔۔۔۔۔ماہوین نے ارد گرد کافی شاپ پر موجود لوگوں کی طرف دیکھا تھا۔۔۔

ماہوین۔۔۔۔شادی اس سے کرو جو آپ سے محبت کا دعوی دار ہو۔۔۔اس سے نہیں جس سے آپ محبت کرتے ہوں۔۔۔۔۔عائی شہ اسے قائل کر رہی تھی۔۔۔۔

سوچ لو۔۔۔۔۔۔وہ پیچھے ہوئے تھی۔۔۔

سر کی کال لو بات کرو۔۔۔۔۔۔عائی شہ نے فون ماہوین کی طرف بڑھایا تھا۔۔۔

ماہوین۔۔۔۔دیکھو مجھے غلط مت سمجھنا میں۔۔۔تم سے شادی کرنا چاہتا ہوں۔۔۔۔۔ارحم تیز

بول رہا تھا ایسے جیسے اسے ڈر ہو وہ فون بند کر دے گی۔۔۔

دیکھو۔۔۔ تم جتنا چاہے وقت لے لو میں تمھارے جواب کا انتظار کروں گا۔۔۔۔۔۔ارحم نے محبت بھرے لہجے میں کہا۔۔۔

کیا ہے۔۔۔ کیوں بار بار فون چیک کر رہی۔۔۔زویا نے نٹس منہ میں رکھ کر کہا تھا۔۔۔

کچھ نہیں ویسے ہی۔۔۔۔۔۔ماہوین نے لبوں کو دانت میں دبایا۔۔۔اور پھر فون ایک طرف رکھ دیا تھا۔۔۔

زویا گروپ سٹڈی کے لیے ہاسٹل آئی ہوئی تھی ۔۔۔ دونوں ماہوین کے بستر پر ساری کتابیں بکھرائے بیٹھی تھیں ۔۔۔

چار دن سے ارحم کی کوئی کال کوئی مسیج نہیں آیا تھا ۔۔۔ پتہ نہیں کیا وجہ تھی شائد وہ عادی ہو گئی تھی اس کے مسیجز پڑھنے کی اس کی کیر کی ۔۔۔ اس کی ڈھیروں باتوں کی ۔۔۔

وہ بے دلی سے بیٹھی تھی۔۔۔زویا کے جانے بعد بے اختیار پہلے ارحم کے نمبر کو ملانے لگی تھی پھر کچھ سوچ کر وہ عائشہ کا نمبر ملا چکی تھی ۔۔۔

عائشہ ۔۔۔ مجھے ارحم سے بات کرنی ہے ۔۔۔۔۔۔ سلام کے بعد اس نے تھوڑے مدھم سے لہجے میں کہا تھا۔۔۔

ماہوین۔۔۔ایکچلوی وہ آج کل تھوڑے پریشان ہیں۔۔۔ابھی شائد تم سے بات نہ کر پائیں ۔۔۔۔۔۔ عائشہ نے افسوس کے انداز میں کہا۔۔۔

کیا ہوا خیریت۔۔۔۔۔ماہوین کی پریشان سی آواز ابھری تھی۔۔

وہ۔۔۔ان کی سسٹر کو بھی طلاق ہو گئی ہے ۔۔۔

ان کی مسز کے بھائی کے ساتھ تھیں وہ ۔۔۔تو ۔۔۔ اور اولاد نہ ہونے کا بہانہ بنا کر چھوڑ دیا ۔۔

اوہ یہ تو بہت برا ہوا۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے افسوس بھرے لہجے میں کہا۔۔۔

ہمممم ایک ہی سسٹر ان کی تھوڑے ڈسٹرب ہیں۔۔۔۔عائی شہ پرسوچ انداز میں گویا ہوئی ۔۔۔۔

اچھا سنو۔۔۔ تمہیں آئی تھنک کال کر لینی چاہیے کال کر کے بات کرو ان سے انہیں اچھا لگے گا۔۔۔ ۔۔۔ تھوڑی دیر کی خاموشی کے بعد عائی شہ بولی تھی ۔۔۔

ویسے کہنا کیا تھا۔۔۔۔عائی شہ کی آواز میں اچانک شوخی در آئی تھی۔۔۔

وہ۔۔۔ماہوین تھوڑی جزبز ہوئی تھی

کیا تم مان گئی ہو ۔۔۔ حیرت سے پوچھا۔۔۔۔

ہاں۔۔۔۔۔ماہوین نے سرگوشی جتنی آواز میں کہا تھا۔۔۔

ارحم بلکل اس کے آئیڈیل سے مطابقت رکھتا تھا۔۔۔ وہی انداز ۔۔۔ میچور۔۔۔ پر اس کے لیے بچہ بن جانا ۔۔۔۔ اسے پیار سے ٹریٹ کرنا۔۔۔اس کا خیال رکھنا۔۔۔دل کا قائل ہو جانا بنتا تھا۔۔

اوہ۔۔۔۔ماہوین مجھے بہت خوشی ہو رہی۔۔۔۔۔۔۔۔۔عائی شہ نے چہکنے کے انداز میں کہا تھا ۔۔۔

اچھا اچھا۔۔۔پتہ ہے مجھے۔۔۔ چلو اب بند کرو مجھے ان سے بات کرنی۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے شرماتے ہوئے لبوں کو دانتوں میں دبایا تھا۔۔۔

واہ۔۔۔واہ۔۔۔ان۔۔اوکے کرو۔۔۔۔۔عائی شہ نے قہقہ لگا یا تھا۔۔۔

عائی شہ کی کال بند کرنے کے بعد وہ کتنی دیر فون کو یونہی گود میں لیے بیٹھی رہی تھی ۔۔۔ پھر ایک دم سے وہ ارحم کا نمبر ڈائی ل کر چکی تھی ۔۔۔

اسلام علیکم۔۔۔۔۔۔ارحم کے فون اٹھانے پر اس نے مدھم سی آواز میں کہا تھا۔۔۔

وعلیکم سلام۔۔۔ کیسی ہیں آپ۔۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے کچھ حیرت کے انداز میں کہا تھا۔

کیونکہ ماہوین نے پہلی دفعہ اسے کال کی تھی۔۔۔اور اس سے جواب مانگے تین ہفتے گزرنے کے بعد وہ مایوس سا ہو گیا تھا۔۔۔ لیکن پھر بھی اس سے بات کرنا مسیجز کرنا نہیں چھوڑا تھا۔۔۔پر اب وہ چار دن سے ایشل کی وجہ سے بے حد پریشان تھا۔۔۔اور اس پریشانی میں وہ اسے کوئی مسیج کوئی کال نہیں کر سکا تھا۔۔۔

میں ٹھیک ہوں آپ کیسے ہیں۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے دھیرے سے پوچھا۔۔۔۔

ٹھیک ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے ٹھنڈی سانس خارج کی تھی۔۔۔

وہ۔۔۔عائشہ سے بات ہوئی تھی آج میری ۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے رکتے رکتے ہوئے کہا

ہمم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آپکی سسٹر کا بتایا اس نے۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے بالوں کی لٹ کو کان کے پیچھے کیا۔۔۔

جی۔۔۔۔بس اسی پریشانی میں ہیں آج کل۔۔۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے پرشیان سے لہجے میں کہا۔۔۔

بہت دکھ ہوا۔۔آپ سے بڑی ہیں۔۔۔۔۔۔سوالیہ انداز میں پوچھا۔۔۔

نہیں چھوٹی مجھ سے۔۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے سنجیدگی سے کہا تھا۔۔۔

اچھا۔۔۔۔۔۔۔۔اچھا کو لمبا کھینچتے ہوئے وہ اپنے آپ کو کچھ بولنے کے لیے تیار کر رہی تھی۔۔۔

اپنا خیال رکھیں پریشان ہونے سے کچھ نہیں ہو گا۔۔۔۔۔۔ماہوین نے پرسوچ انداز میں کہا تھا۔۔۔

جی۔۔۔لیکن۔۔۔کچھ چیزوں کے حاوی ہو جانے میں انسان کا کوئی اختیار نہیں ہوتا ۔۔۔۔۔۔ ارحم نے ٹھنڈی سانس خارج کی تھی ۔۔۔

جی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے مختصر جواب دیا۔۔۔

چلیں۔۔۔اپنا خیال رکھیے گا۔۔۔۔۔۔۔لبوں کو کچلتی وہ کچھ بھی کہنے کا منصوبہ رد کر چکی تھی۔۔۔

ماہوین۔۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے گھمبیر آواز میں کہا۔۔۔

جی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین ایک دم سے فون بند کرتے ہوئے رکی تھی ۔۔۔

آپ کے جواب کا منتظر ہوں۔۔۔ابھی اور کتنا وقت درکار ہے آپکو۔۔۔۔۔۔۔ارحم کے لہجے میں دنیا بھر کا پیار تھا۔۔۔

ماہوین ایک دم سے الجھن میں آگئی تھی ۔۔۔

دیکھیں۔۔۔آپ پریشان نہ ہوں۔۔۔اگر آپ کا جواب نہیں میں بھی ہو گا ہماری دوستی پر کوئی اثر نہیں ہو گا اس کا ۔۔۔ ماہوین کے خاموش ہونے پر ارحم نے مایوس سی آواز میں کہا تھا۔۔۔

وہ۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے نظریں جھکالی تھیں ایسے جیسے وہ فون پر نہیں اس کے سامنے ہو۔۔

جی۔۔۔بولیں ماہوین۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے پھر سے کہا تھا

آپ رشتہ بھجیں میرے گھر۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے تیزی سے فقرہ مکمل کیا تھا۔۔

آپ سچ کہہ رہی ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔خوشگوار انداز میں کہا۔۔۔۔۔

جی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے شرما کر کہا تھا۔۔۔

آئی ۔۔۔ لو یو ۔۔۔۔ ۔۔۔۔ آپ سوچ بھی نہیں سکتی میری حالت اس وقت کیسی ہو رہی ہے ۔۔۔ ارحم نے ٹھنڈی سانس خارج کی آواز میں دنیا جہان کی خوشی سمائے ہوئی تھی ۔۔۔

سنو۔۔۔۔..ماہوین کی خاموشی پر ارحم نے سرگوشی کے انداز میں کہا تھا۔۔۔

جی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بہت مدھر سی آواز تھی۔۔۔

ڈو یو۔۔۔لو می۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔آہستہ سے پوچھا تھا۔۔۔

پتہ نہیں۔۔۔۔۔گھٹی سی لجائی سی آواز میں ماہوین نے کہا تھا۔۔۔

اوکے۔۔۔۔چلیں۔۔۔پھر بات ہوتی۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے اس کی بے چینی سمجھتے ہوئے بات ختم کی

تھی۔۔۔

جی۔۔۔۔۔۔۔۔۔بڑی نرمی سے لبوں کو دانتوں میں دبا کر کہا تھا۔۔۔

کال بند ہونے کے بعد وہ بے اختیار کتنی دیر تک مسکراتی رہی تھی۔۔۔۔۔

****

امی تلاش کر تو رہا ہوں۔۔۔احان نے دونوں ہاتھوں سے بالوں کو جکڑا تھا اور کرسی پر ڈھنے کے سے انداز میں بیٹھا تھا۔۔۔

اللہ کرے۔۔۔۔ہو جائے تمھاری جاب بھی سبحان کی اکیلی جاب سے گزارا مشکل ہو رہا ہے۔۔۔

نازلین کی شادی بھی کرنی ہے۔۔۔سمیعہ نے پریشان سی صورت بنا کر کہا تھا۔۔۔

امی آپ بس دعا کریں کہ دبئی والی ہو جائے کسی طرح۔۔۔۔۔۔احان نے کرسی کی پشت سے ٹیک لگائی تھی۔۔۔

میں تو بہت دعائیں کرتی ہوں میرے لال۔۔۔۔۔۔۔سمیعہ نے روہانسی آواز میں کہا تھا۔۔۔

سکندر کے چلے جانے کے بعد بہت کچھ بدل گیا تھا۔۔۔سب رشتے داروں نے جیسے ہاتھ کھینچ لیا تھا۔۔۔

سکندر کی جاب بہت اچھی تھی جمع پونجی احان کی پڑھائی پر لگا کرتی تھی اب ان کے جانے کے بعد تو شیرازہ ہی بکھر کر رہ گیا تھا سبحان کی جاب اتنی اچھی نہیں تھی کہ گھر کا سب خرچ چل سکتا۔۔

فون کی بل پر۔۔احان نے پریشان سا سر اوپر اٹھایا تھا۔۔فون پر انعم کا نام جگمگا رہا تھا۔۔۔

ایک منٹ امی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ فون کو آن کرتا ہوا کرسی سے اٹھا تھا۔۔۔

ہاں۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے مدھم سی آواز میں کہا تھا۔۔۔

احان۔۔۔کل رات سے ٹرائی کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔انعم نے بے چینی بھری آواز میں کہا تھا۔۔۔

یار وہ موبائل ٹوٹ گیا میرا اب امی سے لے کر ان کے موبائل میں سم ڈالی ہے

۔۔۔۔۔۔ احان نے کمر پر ہاتھ رکھ کر پریشان سی آواز میں کہا

احان ادھر اسلام آباد دیکھو نہ آپ کوئی جاب ۔۔۔۔۔۔ انعم نے التجا بھرے انداز میں کہا تھا۔۔۔

یار دیکھ رہا ہوں نہ ہر جگہ دیکھ رہا ہوں۔۔۔۔۔۔۔ احان نے بے زار سے لہجے میں کہا تھا۔۔۔

ہر کوئی آجکل بس اس سے یہی بات کرتا تھا۔۔ چھ ماہ سے وہ ٹاپر ذہین و فطین ہونے کو باوجود جاب کے لیے خوار ہوا پڑا تھا۔۔۔

اچھا۔۔۔ موڈ کس بات پر خراب ہے۔۔۔۔۔۔ انعم نے خفگی بھرے انداز میں کہا۔۔۔

کسی بات پر نہیں بس پریشان ہوں۔۔۔ احان نے ٹھنڈی سانس بھری تھی۔۔۔

تو نہ ہوں نہ۔۔۔ میں ساتھ ہوں آپکے۔۔۔۔۔۔ انعم نے محبت بھرے لہجے میں کہا تھا۔۔۔

جانتا ہوں۔۔۔۔ تمھارا ہی تو حوصلہ ہے مجھے۔۔۔۔۔۔۔۔ احان نے آہستہ سی آواز میں کہا تھا۔۔

وہ تھکا تھکا سا تھا۔۔۔ انعم سے بھی بات کرنے کو جی نہیں تھا۔۔۔ تھوڑی دیر بات کرنے کے بعد وہ کسی بہانے سے فون کاٹ چکا تھا۔۔۔

****

ایکسکیوزمی۔۔۔ میم یہ آپکے لیے۔۔۔ یونیورسٹی کے گیٹ کے پاس ایک آدمی چلتا ہوا پاس آیا اور ماہوین کو ایک بکے پکڑاتے ہوئے کہا۔۔

چلو جی ایک اور۔۔۔۔۔۔ واہ یار یہ ارحم جیسا ایک مجھے بھی مل جائے نہ۔۔۔۔۔۔۔۔ زویا کھلکھلا کر ہنسی تھی۔۔۔

ارحم صبح سے ماہوین کو پھول بھیج رہا تھا۔۔۔ صبح جب وہ سو کر اٹھی تو ہاسٹل کے گارڈ نے دیا۔۔۔ یونیورسٹی کے لیے نکلی تو پھر سے ہاسٹل کے سامنے۔۔۔ یونورسٹی پہنچی تو وہاں بھی وقفے وقفے سے اسے

پھول ملتے رہے تھے۔۔۔

عدیل ہے تو۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے شرارت سے کہا تھا۔۔۔

ارے پر ارحم کی بات ہی کچھ اور ہے۔۔۔ ویل سٹرڈ۔۔۔ ہے۔۔۔اور اوپر سے ایسے محبت لٹانے والا۔۔ خوشی ہوتی ہو گی تمہیں۔۔۔۔زویا نے حسرت بھری نظروں سے ماہوین کی طرف دیکھتے ہوئے کہا تھا

۔۔۔

ارحم کے میری زندگی میں آنے سے پہلے تک مجھے یہی لگتا تھا کہ اب عمار جیسا چاہنے والا میری زندگی میں کوئی اور نہیں آ سکتا ہے ۔۔۔ لیکن ارحم کی محبت نے سب بدل سا دیا ہے۔۔ ماہوین نے پر سوچ لہجے میں مسکراتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

اللہ کرے ایسا ہی رہے ہمیشہ۔۔۔زویا نے مسکرا کر کہا تھا۔۔۔

چلو پھر بتاؤ ۔۔۔ شام کو سیلبریٹ کر رہے ہیں نہ ہم۔۔۔۔۔۔۔ زویا نے چہکتے ہوئے پوچھا تھا۔۔۔

شام کو وہ سب دوست مل کر اس کی سلگرہ کی تقریب رکھنا چاہتے تھے۔۔۔

ماہوین نے مسکرا کر سر ہلایا تھا۔۔۔۔

ارحم کو بھی بلا لو۔۔۔۔۔۔۔۔۔زویا نے چہکتے ہوئے کہا تھا

۔۔۔

12

نہیں وہ نہیں آئیں گے ایسے ۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے خفگی بھری نظر ڈال کر کہا تھا۔۔۔

چلو پھر شام کو ملتے ہاں۔۔۔۔۔۔زویا نے اس کے ہاسٹل کے سامنے گاڑی رکتے دیکھ کر کہا۔۔۔

اوکے۔۔۔۔۔۔۔ماہوین مسکراتی ہوئی نیچے اتری تھی ۔۔۔

کمرے میں سامنے پڑے بڑے سے پیکٹ کو وہ حیرت اور خوشگوار انداز میں دیکھتے ہوئے آگے بڑھی تھی ---کیک ---پر اس کا نام تھا---

بڑے سے پیکٹ کو وہ مسکراتے ہوئے کھول رہی تھی ---ارحم کا چہرہ ذہن میں گھوم رہا تھا--- پیکٹ کے اندر ٹیڈی بیر---سٹف ٹوائی ز--- چوڑیاں --- اور پتہ نہیں کیا کیا تھا---ایک عجیب سی خوشی تھی---

موبائی ل کی بجتی رنگ پر اس نے مڑ کر موبائی ل پر جب نظر ڈالی تو بے ساختہ لب دانتوں میں دبا لیا تھا--- اور ایک خوشگوار مسکراہٹ نے اس کے چہرے کا حصار کیا تھا--- جیسے ہی فون کان کو لگایا تو وہ تو جیسے منتظر ہی تھا---

ہیپی برتھ ڈے ---ارحم نے جزب کے عالم میں محبت بھرے لہجے میں کہا تھا---

تھنکیو---------ماہوین کے آنکھوں کے کونے نم ہوئے تھے---انگ انگ سے خوشی جھلک رہی تھی---

سب بہت اچھا ہے-------لجائی سی مدھم آواز میں کہا تھا---

تم سے اچھا کچھ بھی نہیں--------ارحم نے محبت سے کہا---

آپ نے گھر بات کی---------ماہوین نے میٹھی سی آواز میں پوچھا---

ہاں کی ہے--- لیکن پہلے ایشل کا کہیں ہو گا پھر ہی میرا کریں گی مما--------ارحم نے ٹھنڈی سانس لی تھی---

تمہیں ایشل کال کرے گی آج---برتھ ڈے وش کرنے کے لیے-------ارحم نے خوش ہوتے ہوئے کہا تھا----

اچھا---------ماہوین نے مسکراتے ہوئے کہا---

ایشل نے کافی دوستانہ انداز میں ماہوین سے بات کی تھی۔۔۔ارحم اس کو ماہوین کے حوالے سے بہت کچھ بتا چکا تھا۔۔۔وہ اس سے ارحم کے حوالے سے بات کر رہی تھی اور ماہوین اس کے اندر چھپے درد کے بارے میں سوچ رہی تھی۔۔۔

****

امی۔۔۔آپکی دعا تھی نہ بس۔۔۔احان سمیعہ سے الگ ہوا تھا۔۔چہرہ خوشی سے دمک رہا تھا۔۔۔

میں بہت خوش ہوں احان۔۔۔۔۔۔سمیعہ نے خوشی کے آنسو صاف کرتے ہوئے کہا تھا۔۔

احان کی دبئی میں جاب ہو گئی تھی۔۔۔بہت اچھی کمپنی تھی اور بہت اچھی تنخواہ تھی۔۔۔۔

احان کے دل سے آج بوجھ اترا تھا۔۔۔یہ ایک سال اس نے بہت مشکل سے کاٹا تھا۔۔۔۔۔۔اب جا کر اسے صبر کا پھل ملا تھا۔۔۔آج اتنے دن کے بعد ہی وہ انعم سے کھل کر بات کر سکا تھا۔۔۔

میں بھی بہت خوش ہوں۔۔۔۔۔۔احان سب گھر والوں کے بیچ میں کھڑا مسکرا رہا تھا۔۔۔۔

خوش رہو میرے بچے۔۔۔جگ جگ جیو۔۔۔۔سمیعہ بار بار اسے دیکھ کر سرشار ہو رہی تھیں۔۔۔

بابا۔۔۔تو اشعر کی کر دیتے ہیں نہ شادی۔۔۔.۔۔۔ماہوین نے لاڈ سے کہا تھا۔۔۔

ہمم سوچتے ہیں۔۔۔جہانزیب نے گہری نظر ماہوین پر ڈالی تھی۔۔۔

آپ سوچیں مت بس بات کریں اس سے۔۔۔۔۔۔ماہوین نے التجا والے انداز میں کہا۔۔۔

ایک تو تم جو ہو نہ۔۔۔جہانزیب نے دانت پیستے ہوئے بات شروع کی تھی۔۔۔

ہاں میں جو ہوں آپکی لاڈلی ہوں۔۔۔اور آپکو ہر بات میری ماننی پڑتی۔۔۔یہی نہ۔۔۔۔۔۔ماہوین نے قہقہ لگا کر ان کے ہاتھ پر محبت سے ہاتھ رکھا تھا۔۔۔

جہانزیب لاہور ارحم سے ملنے آئے تھے۔۔۔ماہوین نے جہانزیب کو سب بتا دیا تھا وہ ان کو اپنا پہلا پیار اور سب سے اچھا دوست کہتی تھی۔۔۔انھیں ماہوین پر بہت اعتبار تھا۔۔کیونکہ وہ ہر قسم کی بات بلا

جھجک ان سے کرتی تھی۔۔۔اب بھی ارحم کی اس کے لیے پسندیدگی کی بات وہ جہانزیب سے بلکل نہیں چھپا سکی تھی۔۔۔اور جہانزیب ارحم سے مل کر بہت خوش ہوئے تھے۔۔۔بس اس کی پہلی شادی کو لے کر تھوڑے وسوسے دل میں آئے تھے لیکن پھر ماہوین کے لیے اس کی بے پناہ چاہت دیکھ کر وہ خاموش ہو گئے تھے۔۔۔

اچھا بابا۔۔۔۔ارحم۔۔۔۔ تبھی رشتہ بھجیں گے جب ایشال کی شادی ہو جائے گی۔۔۔۔۔ماہوین نے لب کچلے تھے۔۔۔

وہ ابھی تک اسی ریسٹورانٹ میں بیٹھے تھے جہاں سے کچھ دیر پہلے ارحم اٹھ کر گیا تھا۔۔۔

ماہوین۔۔۔ایک دفعہ پھر سے اچھی طرح سوچ لو کیا کرنا ہے۔۔۔جہانزیب نے محبت پاش نظروں سے دیکھتے ہوئے شفقت بھرا ہاتھ ماہوین کے سر پر رکھا تھا۔۔۔

بابا میں ارحم کے ساتھ خوش رہوں گی مجھے یقین ہے۔۔۔وہ بہت اچھے ہیں۔۔۔۔۔۔ماہوین نے سر جھکا لیا تھا۔۔۔

ہمممم۔۔۔۔۔۔وہ گہری سوچ کے زیر اثر خاموش بیٹھے تھے۔۔۔

اچھا آپ پریشان ہونا چھوڑ دیں نہ۔۔۔کچھ نہیں ہوگا۔۔۔۔۔اشعر کا نمبر دیں مجھے میں خود اسے ایشل کے بارے میں بتاؤں گی وہ کتنی اچھی ہے۔۔۔ماہوین نے لاڈ سے منہ بناتے ہوئے کہا اور ان کے موبائل سے اشعر کا نمبر اپنے موبائل میں محفوظ کیا تھا۔۔۔

اشعر جہانزیب کے بہت قریبی کزن کا بیٹا تھا یتیم تھا۔۔۔جہانزیب کے کزن کی ڈیتھ کے بعد جہانزیب نے اس کی بہت دیکھ بھال کی تھی۔۔۔اس کی پہلی بیوی بھی اس جہان فانی سے کوچ کر گئی تھی ۔۔۔شادی کے کچھ عرصے بعد ہی ۔۔۔

اور ماہوین نے بلکل ویسا ہی کیا اس نے اشعر کو ایشل کے لیے قائل کر کے ہی دم لیا تھا۔۔۔۔اس

کی تعریفیں ۔۔۔ اس کی تصاویر ۔۔۔ بھیجنا ۔۔۔۔وہ یہ سب اس کے لیے ارحم کی بہن ہونے کی وجہ سے ہر گز نہیں کر رہی تھی ۔۔۔ اسے بہت اچھا لگ رہا تھا اسکے لیے یہ سب کرنا ۔۔۔ وہ اگر ارحم کی بہن نہ بھی ہوتی وہ تب بھی اس کے لیے یہ سب کرتی ۔۔۔

****

انعم بہت بزی تھا یار میں سمجھا کرو نہ ۔۔۔احان نے التجا والے انداز میں پچکارتے ہوئے کہا تھا ۔۔۔

آپ یہاں آ کر مجھے بہت اگنور کر رہے ہیں ۔۔۔۔انعم کی سپاٹ خفگی بھری آواز فون میں سے ابھری تھی ۔۔۔۔

احان کو دبئی آئے ہوئے دو ہفتے ہوئے تھے ۔۔ وہ نیا امپلائی تھا ابھی کمپنی میں تو اس سے بہت کام لیا جا رہا تھا وہ اتنا مصروف رہا تھا کہ انعم سے بلکل بھی بات نہ کر سکا تھا ۔۔۔

ایسا کچھ بھی نہیں ہے ۔۔۔۔۔۔۔احان نے محبت بھرے لہجے میں اس کی خفگی دور کرنے کے لیے کہا تھا ۔۔۔

احان پھر مجھے ایسا کیوں لگتا ہے ۔۔۔۔۔۔۔انعم کی آواز روہانسی ہو

تمھارے دماغ کا میں کیا کہہ سکتا ہوں ۔۔۔۔۔۔احان نے گہری سانس خارج کی تھی ۔۔۔

اب بولو بھی کیا بات تھی جس کے لیے تم مجھے کل سے کالز پر کالز کر رہی ہو ۔۔۔۔۔۔احان نے الفاظ پر زور دیتے ہوئے کہا ۔۔۔

تارم کے ساتھ کیا رشتہ تھا آپکا ۔۔۔۔۔۔۔۔بہت سپاٹ لہجہ تھا انعم کا ۔۔۔

کیا مطلب ۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے ایک دم سے بھنویں اچکائی تھی ہونٹوں کا زاویہ بھی تبدیل ہوا تھا ۔۔۔

وہی مطلب جو میں پوچھ رہی ہوں ۔۔۔۔۔۔ہنوز سپاٹ لہجہ ۔۔۔

وہ میرے پاس آئی تھی --- بتائیں مجھے صاف صاف ------انعم کی آواز میں سختی در آئی تھی --

کیا کہہ رہی تھی وہ--------احان نے دانت پیستے ہوئے کہا تھا---

آپ---نے اسے کیوں چھوڑ دیا جب اتنی محبت کرتے تھے اس سے------انعم نے طنز بھرے لہجے میں کہا

میں نے اس سے کبھی محبت نہیں کی سمجھی تم------احان کے ماتھے پر بل آ گئے تھے

تو پھر کوئی لڑکی مرنے کی حد تک کیسے جا سکتی ہے----- انعم نے چیخنے کے انداز میں کہا تھا

میں نہیں جانتا یہ سب--- تمہیں مجھ پر اعتبار ہے یا نہیں بتا دو مجھے------احان کو اب انعم کے لب و لہجے پر غصہ آ رہا تھا

ہے--------انعم کی گھٹی سی بے اعتبار آواز ابھری

کیسا اعتبار ہے یہ تم اس لڑکی کی جھوٹی باتوں میں آ گئی---- احان نے دانت پیسے تھے اس کا ناک ضبط کی وجہ سے پھولا ہوا تھا---

تو میں کیا کرتی احان---اس کی ہر بات سچ لگ رہی تھی مجھے اور وہ تو یہ بھی کہہ رہی تھی کہ اس کے باپ نے آپ کو دبئی بھیجا ہے------- انعم اب باقاعدہ آنسو بہا رہی تھی ---

اچھا---تو تمہیں کیا لگتا---....احان نے غصے سے پوچھا

مجھے-------انعم الجھ کر بولی تھی

میں اس وقت یہاں اپنی قابلیت پر ہوں سمجھی تم---احان نے غرانے کے انداز میں کہا تھا

مجھے کچھ دیر بلکل بھی کال مت کرنا-----احان نے غصے سے کہتے ہوئے فون بند کیا اور پھر زور سے

سامنے پڑے بیڈ پر فون پٹخ ڈالا تھا۔۔۔

تارم ابھی بھی اس کی جان نہیں چھوڑ رہی تھی۔۔اور انعم۔۔۔اس کو بس اس پر اتنا ہی اعتبار تھا کیا

۔۔۔۔۔۔

****

سوچا تھا اب یسری سے کروں گی شادی ارحم کی۔۔۔ مسز حسن نے ناگواری سے سامنے بیٹھی ایشل کی طرف دیکھتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

ہمممم۔۔۔پر مما بھائی نہ تو پہلی دفعہ راضی تھے اور نہ اب ۔۔۔ایشل نے میگزین کو بند کر کے گود میں رکھا تھا۔۔۔

یہی تو مسئلہ ہے اب۔۔۔۔ اب ایک پتہ نہیں وہ دس سال چھوٹی پسند آگئی ہے۔۔۔۔ میڈل کلاس۔۔۔۔۔۔ مسز حسن نے ناگواری سے ناک چڑھایا تھا۔۔۔

میں اس سے تو اب ارحم کی شادی ہرگز نہیں ہونے دوں گی۔۔۔ مسز حسن نے دانت پیسے تھے ابھی تک تو میں صرف ٹال مٹول سے ہی کام لے رہی۔۔۔وقت آنے پر دیکھنا میں کرتی کیا ہوں ۔۔۔۔۔۔آنکھیں سکیڑ کر انھوں نے سامنے بیٹھی ایشل کی طرف دیکھ کر کہا تھا۔۔

مما بھائی کو کبھی نیلم کے لیے میں نے ایسے نہیں دیکھا تھا۔۔۔ اس کے پیچھے تو دیوانے ہوئے پڑے ۔۔۔۔۔۔۔ ایشل نے ہوا میں ہاتھ ہلا کر منہ کا زاویہ ناگواری سے بدلہ تھا

دیوانی تو تم بھی ہوئی پڑی ہو اس کے پیچھے۔۔۔ تم سے بھی سنا ہے بہت دوستی ہے اس کی۔۔۔۔۔۔۔ مسز حسن نے دانت پیستے ہوئے صوفے کی پشت سے سر ٹکایا تھا۔۔۔

مما۔۔۔۔وہ اپنے کسی کزن کا ذکر کر رہی تھی مجھ سے۔۔۔ میری شادی کروانا چاہتی۔۔۔۔۔۔۔ایشل نے لاپرواہی سے ناخن فائلر کو دائیں بائیں کرتے ہوئے کہا تھا

اسکا کزن۔۔۔۔۔۔۔۔ مسز حسن نے ناگواری سے کہا

نہیں مما۔۔ ویل سٹرڈ ہے۔۔ اور سب سے اچھی بات پتہ ہے کیا ہے کوئی نہیں اسکا اکیلا ہے وہ ۔۔۔ پیرنٹس بچپن میں ہی گزر گۓ تھے ۔۔۔۔۔۔ ایشل نے رازدار انداز میں کہا تھا۔۔۔ جبکہ وہ اپنے ہاتھوں کے ناخن فائل کر رہی تھی

ہمممم۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مسز حسن کی آنکھیں اور سکڑ گئی تھیں ۔۔۔

ویسے شکل سے بہت ہنڈسم بھی ہے۔۔۔۔۔۔ ایشل نے رک کر پھر سے مسز حسن کو کہا۔۔۔

کیا کہتی ہے وہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مسز حسن نے گہری سانس لے کر کہا

وہ کہہ رہی کہ وہ اپنے اس کزن کے لیے میرا رشتہ لانا چاہتی ہے۔۔۔ فلحال تو میں نے سوچنے کا کہہ کر بات کو ٹال دیا تھا۔۔۔ ایشل نے کشن کو گود میں دھرا۔۔۔

بات سنو۔۔۔ میری۔۔۔۔۔ ایسے ہی لڑکے سے ہو سکتی اب تمھاری شادی۔۔۔۔۔۔۔ مسز حسن نے مکاری سے گہری سوچ کے زیر اثر کہا تھا

اس سے کہو رشتہ بھیجے۔۔۔۔۔۔۔۔ مسز حسن نے سانس خارج کیا۔۔۔

پر مما پھر آپکو بھائی کی شادی کروانی پڑے گی ماہوین سے ۔۔۔۔۔ ایشل نے حیرت سے آنکھیں پھیلائی ہیں تھیں

پاگل ہو تم۔۔۔ پہلے ایک دفعہ ۔۔۔۔۔۔ لا کر دیکھ لی نہ۔۔۔ اس کی پسند اب نہیں۔۔۔۔۔۔۔ مسز حسن نے ہاتھ کو ہوا میں ساکت کیا تھا

تمھاری شادی ہو جانے دے پھر دیکھنا میں کیسے پلٹتی بازی۔۔۔۔۔۔۔ وہ مکاری سے مسکرا رہی تھیں

۔۔۔

ارحم ان کا اکلوتا بیٹا تھا۔۔ نیلم دفعہ تو اتنی پسندیدگی نہیں تھی پھر اس کے بھائی کا ایشل کے ساتھ رشتہ

بھی جواز تھا اس لیے مسز حسن مان گ‌ئی تھیں ۔۔۔ یسری ان کی بھتیجی تھی اور وہ دل و جان سے اسے اپنے اکلوتے بیٹے کی دلہن بنا کر لانا چاہتی تھیں۔۔۔ نیلم اور ارحم کی علیحدگی کے بعد ان کو پھر سے امید جاگی تھی جو ماہوین کی وجہ سے ایک دفعہ پھر سے ختم ہو گ‌ئی تھی۔۔۔

****

دیکھو سہی بہن کا کوئی شکریہ نہیں ۔۔۔۔۔ کیسے دانت نکالے ہوئے۔۔۔ماہوین نے خفگی سے سامنے کھڑے وقار کو دیکھ کر کہا۔۔۔

شکریہ۔۔۔ شکریہ۔۔۔۔۔۔۔وقار نے مسکراہٹ دبا کر جھک کر کہا۔۔۔

بس اتنے سے کام نہیں چلے گا۔۔۔۔۔۔۔ماہوین شرارت سے ہل رہی تھی۔۔۔۔

وقار اور حنا کے نکاح کی تقریب تھی۔۔۔اور وہ اپنے مخصوص انداز میں وقار کو تنگ کر رہی تھی۔۔۔

پھر۔۔۔زیادہ۔۔۔فری مت ہو۔۔۔۔۔۔وقار نے شرارت سے ناک پھلائی ۔۔۔

بڑی بات ہے۔۔ بچو۔۔۔ نکاح ہو رہا صرف۔۔۔ شادی کب ہو گی یہ بھی میری مرضی پر ہی ہو گا سوچ لو۔۔۔۔ماہوین نے کمر پر ہاتھ رکھ کر آنکھیں سکیڑی تھیں۔۔۔

ہلکے سے انگوری گرے رنگ کے جوڑے میں وہ دمک رہی تھی۔۔

اچھا۔۔۔۔ تو تم۔۔۔۔اب ایسے بلیک میل کر کر کے پتہ نہیں کتنے پیسے لے چکی ہو میرے۔۔۔۔وقار نے کرتے کے کالر کو درست کیا اور خفگی سے کہا۔۔

آہا۔۔۔ہا۔۔۔ہا۔۔۔اپنا الو سیدھا ہو گیا۔۔۔ بس اب تم کون اور میں کون۔۔۔ماہوین نے دانت پیسے

13

یاد رکھنا بچو۔۔۔ایسے ہی نکاح شدہ بیٹھے رہ جاؤ گے ۔۔۔ماہوین نے منہ پر ہاتھ پھیرا

رخصتی نہیں کرواکرلاؤں گی اس کی ۔۔۔ ماہوین نے سینے پر ہاتھ باندھ کر خفگی سے منہ پھلایا تھا

اچھا۔۔۔اچھا۔۔۔۔ میری ماں۔۔۔ کتنے چاہیے۔۔۔۔۔۔۔۔ وقار نے ہاتھ جوڑے تھے

پانچ ہزار۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے شرارت سے آنکھیں چمکا کرہاتھ آگے بڑھایا تھا

****

اچھااچھا۔۔۔بتاؤ ۔۔نہ ۔۔۔ ٹائی لز ۔۔۔ کونسے والی۔۔۔۔۔۔۔ ارحم نے کارڈ پھر سے ماہوین کے آگے کیا تھا

ارحم۔۔۔۔۔آپ کو جو اچھی لگ رہی وہ۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے محبت سے کہا۔۔

نہیں۔۔۔سب کچھ میری ماہوین کی پسند کا ہوگا۔۔۔ہر چیز۔۔۔ تمہیں رہنا وہاں تو سب تمہاری مرضی سے۔۔۔۔۔۔ارحم نے محبت پاش لہجے میں کہا اور ایک بھرپور نظر سامنے بیٹھی اس موم کی گڑیا پر ڈالی جو اس کا سب کچھ چرا چکی تھی۔۔۔

ارحم ایک نیا گھر بنوا رہا تھا اور اس کی ہر چیز وہ ماہوین سے پسند کروا رہا تھا ابھی بھی وہ اسے یونیورسٹی سے ڈراپ کرنے کے لیے آیا تھا اور اب اسے ٹائی لز کا کارڈ دکھا رہا تھا۔۔۔

اچھا۔۔۔آپ۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے لجائے سے انداز میں کہا

جی میں۔۔۔۔۔۔۔۔ارحم تھوڑا سا شرارت سے جھکا تھا۔۔

وہ اس کے ساتھ فرنٹ سیٹ پر بیٹھی تھی۔۔۔ماہوین جھنیپ کر پیچھے ہوئی تھی ۔۔۔

آپ بہت اچھے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔لبوں پر دلکش مسکراہٹ سجاتے ہوئے اس نے کہا تھا۔۔۔

وہ میں جانتا ہوں اور کچھ نیا ہے تو بتاؤ مجھے ۔۔۔۔۔۔۔ ارحم ہنوز گہری نگاہوں سے اسے دیکھ رہا تھا اور اس کے گال تپنے لگے تھے

ماہوین سے کچھ بولا ہی نہیں جارہا تھا ایک تو ارحم کے اتنے قریب آ جانے پر وہ پریشان حال ہو گئی تھی ---ارحم اس کی بے چینی پر مسکرا کر پیچھے ہوا تھا---

اچھا---ایشل کی شادی پر---کیا پہن رہی ہو------ارحم نے بات کو بدلہ تھا--

ابھی تک تو کچھ پلین نہیں کیا-----ماہوین ایک دم سے سیدھی ہوئی تھی اس کے دور ہو جانے پر---

تو کیوں نہیں کیا----چلو میرے ساتھ ------ارحم نے سن گلاسز چہرے پر سجاتے ہوئے خفگی سے کہا---

اب کہاں---ماہوین نے حیرت سے قہقہ لگایا تھا---

کہاں کہاں----شاپنگ--------ارحم نے سٹرینگ گھوماتے ہوئے مصروف سے انداز میں کہا

افف---ارحم---------ماہوین نے ماتھے پر ہاتھ رکھا

جی----میری-----------ارحم کچھ کہتے کہتے ایک دم سے رکا تھا

پھر ماہوین کا سرخ ہوتا چہرہ دیکھ کر قہقہ لگا گیا تھا

ارحم---------ماہوین نے روہانسی آواز میں خفگی سے گھورتے ہوئے کہا

اسے یہ جان جان کہنے والے لڑکے بلکل اچھے نہیں لگتے تھے وہ یہ بات ارحم کو بتا چکی تھی اور کسی رشتے سے پہلے تو یہ سب اسے بلکل قبول نہیں تھا---

اسی لیے چپ ہوا ہوں-------ارحم نے ہنسی کو دبایا تھا

چلو اب--------ارحم نے گاڑی آگے بڑھائی

آپ مجھے میری منگنی پر لے دینا---ایشل کی شادی کے فوار بعد ہے نہ------ماہوین نے لاڈ سے منع کیا تھا

کس نے کہا۔۔ منگنی ہے۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے حیرانگی سے کہا

کیا مطلب۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین ایک دم سے پریشان ہوئی تھی ۔۔۔یہی تو کہا تھا ایشل نے اسے فون پر کہہ اس کی شادی کے بعد وہ اور مما اس کی منگنی کریں گی ارحم سے۔۔۔

مطلب یہ کہ۔۔۔ محترمہ۔۔۔ڈائی ریکٹ شادی کروں گا میں تو۔۔۔ ارحم نے خمار بھری آواز میں کہا تھا

ہمم۔۔۔تو جناب اس کے بعد سارے حق آپ کے پاس ہوں گے تب پہنوں گی آپ کا لے کر دیا ہوا جوڑا۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے سکھ کا سانس خارج کرتے ہوئے کہا تھا

اوہ۔۔۔۔۔ چلیں ٹھیک ہے جناب۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے گاڑی موڑتے ہوئے مسکرا کر کہا

****

تو مت کرو نہ بات۔۔۔۔احان چیخا تھا

احان۔۔۔اٹس نوٹ فیر۔۔۔۔۔۔۔انعم کی روہانسی آواز ابھری تھی

تو جو تم کر رہی ہو میرے ساتھ کیا وہ فیر ہے بولو۔۔۔احان نے ناک پھلایا

کیا کر رہی۔۔۔ بولو۔۔۔

جینا حرام کر دیا یار جب سے دبئی آیا ہوں ۔۔۔ شک کرتی ہو ہر بات پر ۔۔۔ تارم کو لے کر تم ڈاؤٹ فل ہو ۔۔۔ احان دھاڑنے کے انداز میں غصہ نکال رہا تھا

تو تم کونسا مجھ سے محبت کر کر کے میرے شک و شبہات کو دور کر رہے ہو۔۔۔الٹا تم فاصلے بڑھا رہے ہو ہمارے بیچ۔۔۔۔۔۔انعم نے بھی اونچی آواز سے کہا

اوہ۔۔۔ میں کچھ بھی جسٹی فائی نہیں کروں گا سمجھی تم ۔۔۔ احان نے انگلی ایسے کھڑی کی تھی جیسے وہ فون پر نہیں اس کے سامنے کھڑی ہو

اوہ۔۔۔فائی ن۔۔۔مت کروجسٹ فائی۔۔۔ میں کچھ لگتی بھی کیا ہوں تمھاری۔۔۔کم از کم ۔۔

نکاح نہیں تو منگنی ہی کر جاتے اتنا کہا تھا تم سے میں نے ۔۔۔ انعم نے غرا کر کہا

تمہیں ہزار بار بتا چکا ہوں۔۔۔کس منہ سے آتا۔۔۔پہلے بے روزگار تھا۔۔۔پھر جاب ملی تو وقت کم تھا

۔۔۔۔۔احان بے زار آواز میں گویا ہوا

وقت۔۔۔کم تھا یا کچھ اور۔۔۔طنز بھرا لہجہ

کچھ اور کیا۔۔۔احان نے ناک پھلایا

کچھ اور یہ کے تارم کے فادر۔۔۔۔۔۔انعم نے طنز بھری بات شروع کی تھی

چپ کرو۔۔۔چپ کرو۔۔۔ سنو۔۔۔۔۔۔تم اپنے شک کے ساتھ بیٹھی رہو۔۔۔ میری طرف سے بھاڑ میں جاؤ تم اور تارم۔۔۔۔۔ احان فل والیم میں چیخا تھا

تم کیا بھیجو گے مجھے بھاڑ میں ۔۔ میں تمہیں چھوڑتی ہوں آج اور اسی وقت۔۔۔۔۔۔انعم بھی اسی انداز میں چیخی تھی

بس۔۔۔چھوڑ دو۔۔۔ کیونکہ تمہیں اب وہ نظر آ رہا ہے نہ تمھارا کزن۔۔۔۔۔۔ارحم نے لب کو منہ کے اندر لیا

جسٹ شٹ اپ۔۔۔

کیوں شٹ اپ۔۔۔خود پر بات آئی تو۔۔۔ یہی سچ ہے۔۔۔ ڈونٹ کال می اگین۔۔۔ احان نے غصے سے فون پٹخا تھا

اور سر کو دونوں ہاتھوں میں جکڑ لیا تھا۔۔۔

ماہوین۔۔۔۔مما۔۔۔۔سلام کرو جا کر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ارحم کی مدھم سی سرگوشی پر وہ تھوڑا سا چونکی

۔۔۔

ارحم بلکل اس کی پشت سے پاس آ کر کان میں بولا تھا۔۔۔

شادی حال میں گہما گہمی کا سماں تھا۔۔۔قہقے۔۔۔خوشبویں۔۔۔جلترنگ موسیقی۔۔۔۔چمکتے لباس دمکتے چہرے۔۔۔۔وہ اشعر کی بارات کے ساتھ آئی تھی ۔۔۔۔گہرے کھلتے میرون رنگ کے جوڑے میں وہ بے حد دلکش لگ رہی تھی ۔۔نازک سا سراپا شیوفون کے جوڑے میں دلربا لگ رہا تھا ۔۔۔بڑی بڑی مڑی ہوئی پلکوں کی بھاری جھالر میں چمکتی روشن سی آنکھیں۔۔۔ بھرے بھرے پنکھڑی کی تراش کے دل آویز لب۔۔۔ کتنی ہی ستائی شی نظروں کا مرکز بنی وہ دھیرے سے مسکرائی تو ارحم سمیت کتنے ہی دل دھڑک اٹھے تھے ۔۔۔

جی۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے کانوں کے پیچھے بالوں کو کیا تھا جو آبشار کی طرح دائیں کندھے پر گرے ہوئے تھے ۔۔۔ وہ خراماں خراماں چلتی ہوئی مسز حسن کے قریب آئی تھی ۔۔۔ وہ کسی عورت سے باتوں میں مصروف تھیں۔۔۔بڑے سلیقے سے شیفون ساڑھی زیب تن کے وہ ایک کرخت چہرے کی مالک خاتون تھیں جن کے چہرے پر زمانے کے گرد اور تجربات کی بھرمار صاف نظر آ رہی تھی۔۔۔ ماہوین پہلی دفعہ ان کو نہ صرف دیکھ رہی تھی بلکہ ان سے بات بھی پہلی دفعہ ہی کرنے والی تھی۔۔اس سے پہلے تو وہ ایشل سے ہی بات کرتی تھی اور اس کے ذریعے سے ہی وہ مسز حسن سے متعارف تھی۔۔۔

اسلام علیکم۔۔۔۔۔آنٹی۔۔۔۔۔۔۔۔۔مسز حسن کے بلکل قریب کندھے کے پاس جا کر ماہوین نے دلکش مسکراہٹ لبوں پر سجا کر مدھر سی آواز میں کہا تھا۔۔۔

مسز حسن نے بھنوں کو اچکاتے ہوئے دھیرے سے چہرے کو موڑ کر اس کی طرف دیکھا تھا۔۔۔ان کی نظروں سے صاف واضح تھا کہ وہ پہلی نظر میں ہی اس کو پہچان گئی ہیں کہ وہ کون ہے ۔۔۔

وسلام۔۔۔۔۔۔۔۔۔جان بوجھ کر انجان سے چہرے اور انجان سے لہجے میں مسز حسن نے کہا تھا۔۔۔

ماہوین۔۔۔۔ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین کے لبوں کی مسکراہٹ اور گہری ہوئی تھی ۔۔۔وہ تھوڑی

لجائی سی اور پریشان سی تھی۔۔

اوہ۔۔۔اچھا۔۔۔۔۔۔۔۔بڑی ہی لاپرواہی کے انداز میں مسز حسن نے کہا تھا۔۔۔اور پھر اس سے بنا کوئی بات کئے انھوں نے چہرے کا رخ پھر سے پاس کھڑی عورت کی طرف موڑ لیا تھا۔۔۔اور یوں کھڑی تھیں جیسے ماہوین کی موجودگی ان کے لیے کوئی معنی نہ رکھتی ہو۔۔۔

ماہوین کو عجیب سی تزلیل کا احساس ہوا تھا۔۔۔ماتھے پر ہلکے سے پسینے کے قطرے نمودار ہوئے تھے۔۔۔وہ شرمندہ سی ہو گئی تھی ۔۔۔ چند لمحے وہ یوں ہی پاس کھڑی رہی تھی ۔۔۔

آنٹی۔۔۔میں چلتی ہوں۔۔۔۔۔۔۔مدھم سی آواز میں اس نے مسز حسن کے قریب ہو کر کہا تھا

۔۔۔

مسز حسن نے جواب دینا تو دور کی بات اس کی طرف دیکھا تک نہیں تھا دل عجیب طریقے سے کٹا تھا وہ تیز تیز قدم اٹھاتی مدحیہ کے ساتھ والی نشت پر آ کر بیٹھی تھی۔۔۔موبائل کی مسیج سکرین کو نکال کر ایک ہاتھ سے وہ مسیج ٹائپ کر رہی تھی اور نظریں ہال میں ارحم کو تلاش کر رہی تھیں

۔۔۔

ارحم۔۔۔آنٹی کیا ناراض ہیں مجھ سے۔۔۔۔۔۔مسیج ٹائپ کے بعد تیزی سے اس نے سنڈ پر کلک کیا تھا۔۔۔

نہیں تو۔۔۔ایسا کیوں لگا۔۔۔۔۔۔ارحم کے مسیج کے ساتھ ہی وہ اسے نظر بھی آ گیا تھا وہ سامنے کھڑا تھا رخ اب اس کی طرف موڑ چکا تھا اور اسے اب کن اکھیوں سے دیکھ بھی رہا تھا۔۔۔

کچھ نہیں۔۔۔وہ۔۔۔۔۔۔ادھورا مسیج سنڈ کر کے ماہوین نے لب کاٹ کر ارحم کی طرف دیکھا تھا

۔۔۔

اسکی سانولی رنگت پر گہری کالی آنکھیں بہت جچتی تھیں۔۔۔ہر دفعہ کی طرح وہ آج بھی اپنے خبرو

سراپے سے اس کو بری طرح اسیر کر رہا تھا۔۔۔اور اب تو یہ مان بھی بہت تھا کہ وہ اس کا ہے۔۔۔

صرف اور صرف اسکا۔۔۔دیوانہ۔۔۔دل و جان سے محبت لٹانے والا۔۔۔

ارے۔۔۔ میری ماہی۔۔۔وہ تھوڑی اپ سیٹ ہیں ایشل کے جانے پر اور کچھ نہیں۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے محبت سے دیکھتے ہوئے مسیج سنڈ کیا تھا۔۔۔

ماہوین نے روہانسی شکل بنا کر مسیج پڑھا تھا پر کوئی جواب نہیں دیا تھا۔۔۔

تم بہت پیاری لگ رہی ہو آج۔۔۔۔۔۔۔پھر سے ارحم کا مسیج سکرین پر آیا تھا لیکن ماہوین نے بے دلی سے ارحم کی طرف دیکھا تھا۔۔۔ مسز حسن کا رویہ دل توڑ گیا تھا۔۔۔

ہمم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بے دلی سے بس اتنا لکھ کر بھیج دیا

پتا ہے کتنی پیاری ہو تم۔۔۔ساری دنیا سے حسین۔۔۔تم دنیا کی سب سے خوبصورت لڑکی ہو تمہیں پتا ہے کیا۔۔۔اور میں کتنا خوش نصیب ہوں کہ تم میری ہو۔۔۔۔۔۔ارحم نے گہری نظروں سے دیکھتے ہوئے مسیج سنڈ کیا تھا۔۔۔

ماہوین کے لب بے ساختہ مسکرا دیے تھے۔۔۔۔

تھنکیو۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے لاڈ سے دیکھا تھا۔۔۔

تھینکو۔۔۔کس بات کا۔۔۔ میرا دل کرتا ہے تمہیں سامنے بیٹھا کر بس تمھارے حسن کے قصیدے پڑھتا رہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے شرارت سے دیکھا تھا

نہیں آپ یہ مت کریں بس اب تو رشتہ داری بھی نکل آئی ہے بس آپ رشتہ بھجیں میرا۔۔۔ ۔۔۔۔ ماہوین نے مسکراہٹ دبائی

جی۔۔۔۔جو حکم۔۔۔۔۔سر آنکھوں پر جناب۔۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے تھوڑا سا جھک کر دیکھا تھا۔۔۔

لبوں پر ہاتھ رکھ کر وہ مسکراہٹ کو دباتی لجائی سی ارحم کی طرف دیکھ رہی تھی اور اگلا مسیج ٹائپ

کر رہی تھی ۔۔۔

بات سنو۔۔۔۔۔۔۔۔ سمیرا نے شزا کے کندھے کو بری طرح جھنجوڑا تھا۔۔۔

ہاں۔۔۔۔۔۔۔ شزا نے کندھے کو سہلاتے ہوئے دیکھا اور سمیرا کی مچلتی آنکھوں کا تعاقب کیا تھا۔۔۔

وہ سامنے لڑکا دیکھا۔۔۔ دلہن کا بھائی ہے شائید ۔۔۔ سمیرا نے کولڈرنک کا سپ لیا اور شزا کے کان میں سرگوشی کی تھی ۔۔۔

ہائے۔۔۔۔ئے۔۔۔۔ئے۔۔۔ بہت ڈیشنگ ہے۔۔۔ شزا نے لب دانتوں میں دبا کر ستائی شی نظروں سے کہا

ڈیشنگ کی بچی نوٹ کر ذرا۔۔۔ وہ اور ماہوین ایک دوسرے کی طرف مسکرا کر دیکھ رہے۔۔۔ تھوڑی دیر پہلے ماہوین کو اشارے بھی کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔ سمیرا نے ڈیلے گھماتے ہوئے کہا اور پھر دونوں ان کو نوٹ کرنے لگی تھیں اور کانوں میں باتیں۔۔۔

سمیرا اشعر کے تایا کی بیٹی تھی ۔۔۔ اور ماہوین کی پھپھو کی بیٹی۔۔۔ ارحم اور ماہوین اس بات سے یکسر انجان ایک دوسرے کو پیغامات بھیج رہے تھے ایک دوسرے کی طرف دیکھ کر مسکرا رہے تھے ۔۔۔ مسکراہٹیں دبا رہے تھے۔۔۔

****

ہیلو۔۔۔۔ بہت بے زاری سے احان نے ماتھے پر بل ڈالتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

وہ آفس کی کرسی پر کمپیوٹر کے سامنے بیٹھا تھا۔۔۔ ہیلو کہنے کے ساتھ وہ ٹائی کی ناٹ کو بے زاری سے دائیں بائیں گھوماتا ہوا ڈھیلی کر چکا تھا۔۔۔ شیو بڑھی ہوئی تھی ۔۔آنکھیں تھکی سی تھیں آج پورے تین ہفتے بعد النعم کی کال آئی تھی۔۔۔ ضد کی اور انا کی اگر وہ پکی تھی تو سکندر

عالم۔۔۔کا وہ بھی چھوٹا لاڈلا اکڑو سپوت تھا۔۔۔اس نے بھی پورے تین ہفتے انعم کو ایک بھی مسیج اور کال نہیں کی تھی۔۔۔وہ انعم کو ہزار دفعہ وضاحتیں دے چکا تھا کہ اس کا اور تارم کا کوئی تعلق نہیں ہے ۔۔ حتی کے وہ اس بات کی تصدیق فواد سے بھی کروا چکا تھا۔۔۔ لیکن انعم کا دل تھا کہ صاف ہو کے نہیں دے رہا تھا۔۔۔شائد اس کی ایک وجہ ۔۔۔ وجاہت تھا ۔۔۔ ہاں وجاہت اس کے باپ کے امیر دوست کا بیٹا جس کے پرپوزل پر اس کے والدین اسے رضامند کر رہے تھے۔۔۔

کیسے ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔انعم نے دھیمے سے لہجے میں کہا تھا

زندہ ہوں۔۔۔۔ تمہاری طرح۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے کرسی کی پشت سے سر ٹکایا تھا جب کہ ایک ہاتھ سے وہ اپنے ماتھے پر آئے بالوں کو جکڑ کر پیچھے کر چکا تھا۔۔۔

میری منگنی ہو گئی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔انعم نے ٹھہرے سے لہجے میں کہا تھا ۔۔۔

دوسری طرف خاموشی تھی۔۔۔ جو بھی تھا انعم کا اور اس کا چار سال کا تعلق تھا وہ اس کے ساتھ بہت سے خواب سجا چکا تھا اور اپنے آپ کو اسے کبھی نہ چھوڑنے پر آمادہ کر چکا تھا۔۔۔ وہ اس کے ساتھ ہر طرح سے مخلص تھا اس لیے وہ اس کی بات اپنی ماں اور بہن سے کر چکا تھا۔۔۔اس نے جب رشتہ بھیجنے کی بات کی تھی تب سمیعہ اس بات سے متفق نہیں ہوئی تھی وہ چاہتی تھی کہ احان پہلے کسی روزگار پر لگے پھر ہی وہ سر فخر سے اونچا کیے انعم کا رشتہ لینے جائیں گی ۔۔۔اور اب وہ اس سے بس اس سال کا وقت مانگ رہا تھا کیونکہ ابھی وہ پوری طرح دبئی میں سیٹ نہیں ہوا تھا اور ابھی پاکستان جلدی واپس چکر لگانا ممکن نہیں تھا۔۔ لیکن انعم نے انتظار نہیں کیا تھا۔۔۔اسے ہفتہ پہلے انعم کی دوست سے اس کی منگنی کی خبر مل چکی تھی۔۔۔

جانتا ہوں۔۔۔ فاطمہ بتا چکی ہے مجھے۔۔۔۔۔۔۔احان نے ناک پھلائی تھی ۔۔۔ چہرے پر ضبط کی واضح لکیریں تھیں ۔۔۔

اوہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔انعم نے گہری سانس لی تھی۔۔۔

احان کی طرف پھر خاموشی تھی۔۔۔انعم چاہتی تھی وہ کچھ بولے کوئی بڑھاس نکالے لیکن وہ کچھ بھی نہ بول کر اس کی الجھن کو مزید بڑھا رہا تھا۔۔۔ وہ بہت مجبور ہو چکی تھی اس کے والدین کی طرف سے وجاہت کو لے کر اس پر بہت پریشر تھا۔۔احان سال کا وقت مانگ رہا تھا جبکہ وہ گھر میں سب بہن بھائی یوں میں سے بڑی تھی اور اس کی تعلیم مکمل ہوئے سال ہونے کو آیا تھا والدین اس کی شادی جلدی کرنا چاہتے تھے۔۔۔

سنو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔انعم نے خاموشی کو توڑا تھا۔۔۔

فرمائیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ احان کا لہجہ خار دار تھا۔۔۔

ہوتا بھی کیوں نہ اس کے سارے خواب ختم ہوئے تھے۔۔وہ اس کو ہر وقت میں اپنے ساتھ دیکھنا چاہتا تھا۔۔۔وہ اس کی پہلی محبت تو نہ سہی لیکن پہلی وہ لڑکی ضرور تھی جسے اس نے اتنی اہمیت دی تھی اور اس نے آج اس کا مان توڑ دیا تھا۔۔۔

کیا ہم دوست بن سکتے ہیں سب بھولا کر۔۔۔۔۔۔۔انعم نے التجائی انداز اپناتے ہوئے مدھم سے لہجے میں کہا تھا۔۔

اس کی بھی کیا ضرورت ہے۔۔۔۔۔۔احان نے لب بھینچے وہ کرسی پر اپنے وجود کو گول گول گھوما رہا تھا۔۔چہرے پر اضطراب تھا۔۔۔کرب تھا۔۔۔

احان دیکھو۔۔۔۔میں بھی بہت مجبور تھی تم کوئی سٹپ لینے کے لیے راضی نہیں تھے میری فیملی کا بہت پریشر تھا مجھ پر۔۔۔۔۔۔۔انعم نے روہانسی سی آواز میں کہا تھا

14

اور لڑکا بھی بہت امیر کبیر ویل سٹرڈ تھا ہے نہ۔۔۔۔۔۔احان نے طنز سے بھرا قہقہ لگایا تھا۔۔۔اس کا

چہرہ سرخ پڑ رہا تھا۔۔۔

احان۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔انعم باقاعدہ روپڑی تھی اس کی سسکی کی آواز بھی احان کو اس وقت زہر لگ رہی تھی

ہوں۔۔۔انعم۔۔۔اوہ۔۔۔مس انعم۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے دائیں ہاتھ کی دو انگلیوں کو لبوں پر رکھا۔۔۔

لبوں پر طنزیہ مسکراہٹ تھی۔۔۔

احان قصور تمھارا ہے۔۔۔تم مجھ پر ڈال رہے ہو سب۔۔۔۔۔۔۔انعم کی بھاری آواز تھی۔۔۔

ہمممم۔۔۔کب کہا تمھارا ہے۔۔۔میرا ہی ہے۔۔۔ہنوز وہی طنز بھرا لہجہ۔۔۔

توکیا اب تم مجھے دوست بھی نہیں رکھو گے۔۔۔۔۔۔۔انعم کی آواز بھیگی ہوئی تھی۔۔

میں نے ایسا کب بولا رکھوں گا نہ۔۔۔ہیلو میں ہوں۔احان سکندر۔۔۔۔اور آپ کون۔۔۔۔۔۔احان نے کاٹ دار لہجے میں کہا تھا۔۔

احان۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔انعم نے اس کے نام کو لمبا کھینچا تھا لہجہ التجا بھرا تھا

اچھا بعد میں بات کرتا ہوں۔۔۔کچھ مصروف ہوں۔۔۔۔۔۔۔احان نے تیزی سے کہتے ہوئے فون بند کر دیا تھا۔۔۔

وہ سر کو ڈھنے کے سے انداز میں کرسی کی پشت سے ٹکا چکا تھا جسم بلکل ڈھیلا تھا۔۔۔آنکھوں میں جلن تھی۔۔۔دل عجیب سے کرب کا شکار تھا۔۔۔

افرشتہِ ازل نے مری نیند کی خراب
میں دیکھ ہی رہا تھا ابھی زندگی کا خواب

رقصاں ہے آرزوؤں کے میداں میں یوں شباب
چنگاریوں کے بیچ میں جیسے کوئی حباب

ہر شئے میں تیرا عکس ہے پھر بھی ہے کیوں حجاب
میری نگاہ نے تو کیے چاک سب نقاب

سوچا تھا میں نے دل میں کہ اب دل ہے لاعلاج
چارہ گروں نے بھی دیا آ کے یہی جواب

پیشِ خدا معاملہء صدق دل گیا
جتنے مرے گناہ تھے سب ہو گئے ثواب

قلبِ خزاں گزیدہ کی کھیتی اجڑ گئی
اس نخلِ بے ثمر کا میں اب کیا رکھوں حساب

دنیا کے ریگزاروں میں بھٹکا کبھی نہ میں
اس زندگی نے اتنے دکھائے مجھے سراب

یوں زندگی کے ہاتھ مجھے کاٹنے پڑے

اس نے چرا کے بیچ دیئے میرے سارے خواب

بلبل کی داستان میں جتنے اٹھے سوال
گل کی خموشیوں میں تھا ہر بات کا جواب۔۔

****

تمہیں پتا ہے وہ کیا باتیں پھیلا رہی ہے پورے خاندان میں ۔۔۔ جہانزیب نے دانت پیستے ہوئے غصے سے کہا تھا۔۔۔

وہ فون کان کو لگائے گھر کے چھوٹے سے لان میں کھڑے تھے۔۔لان کے اندر لگی ہوئی سفید کرسیوں میں سے ایک کرسی پر مدحیہ دکھی سی روہانسی شکل بنائے بیٹھی تھیں۔۔۔

بابا۔۔۔ مجھے نہیں پتا وہ ایسا کیوں کر رہی ہے۔۔۔۔۔۔۔ماہوین کے گال تپ رہے تھے دانت بری طرح نچلے لب کو جکڑ جکڑ کر چھوڑ رہے تھے۔۔۔

تمہیں نہیں پتہ لیکن ہمیں لگ پتا گیا ہے۔۔۔ کتنا شرمندہ ہوتے ہیں ہم۔۔۔ تمہیں اندازہ بھی ہے اس بات کا۔۔۔۔۔۔ جہانزیب نے پہلی دفعہ ماہوین کو اتنی اونچی آواز میں ڈانٹا تھا۔۔

وہ بہت غصے میں تھے ایشل نے پورے خاندان میں یہ بات پھیلا دی تھی کہ ماہوین اس کے بھائی احمر پر ڈورے ڈال رہی ہے ۔۔۔ اور اس کا بھائی اب اپنی منگنی ختم کر کے اس سے شادی کروانے پر تلا ہوا ہے۔۔۔ پورے خاندان میں چہ مگویاں ہونے لگی تھیں۔۔۔ کہ لڑکا شادی شدہ بھی تھا اور ایک بچہ بھی ہے لیکن ماہوین کو دیکھو کیسے اس کے پیچھے پڑی ہے۔۔۔

ارحم سے بات کرو رشتہ بھیجے وہ جلدی۔۔۔۔۔۔ جہانزیب نے ناک پھلا کر کہا تھا ان کا ماتھا شکن آلودہ تھا۔۔۔

ماہوین کی آنکھوں میں آنسو تیر گئے تھے۔۔۔جہانزیب فون بند کر چکے تھے۔۔۔اور وہ خاموش بیٹھی آنسو بہا رہی تھی پھر اچانک بے دردی سے آنسو رگڑتی وہ ارحم کو کال ملا رہی تھی لب ایک دوسرے کے ساتھ پیوست تھے۔۔۔ماتھا بھی شکن آلودہ تھا۔۔۔خوبصورت لب دانتوں کے بار بار کچلنے کی وجہ سے سرخ ہو رہے تھے۔۔۔ارحم کے فون اٹھاتے ساتھ ہی وہ غصے سے بولی تھی

ارحم۔۔۔۔ کیوں کر رہی ہیں آنٹی اور ایشل یوں میرے ساتھ ۔۔۔ وہ ضبط کی آخری انتہا پر تھی

ماہی میں خود بہت پریشان ہوں۔۔۔ تم سے ایک بات چھپائی تھی میں نے ایکچولی مما اپنی بھتیجی سے میری شادی کروانے کی خواہش مند ہیں اجکل گھر میں یہ ہی جھگڑا چل رہا ہے۔۔۔۔۔ارحم نے بے چارگی سے کہا تھا

ارحم۔۔۔یہ ٹھیک نہیں مجھے بدنام کر رہی ہیں آنٹی اور ایشل ۔۔۔ بابا کی کال تھی وہ بہت اپ سیٹ ہیں اس سب کو لے کر۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے روہانسی آواز میں کہا تھا آنسو لڑھک کر گال پر آ چکے تھے۔

ماہی۔۔۔میں معافی مانگتا ہوں تم سے۔۔۔۔۔ارحم کی آواز میں اس کی تکلیف کا دکھ تھا وہ خود بہت پریشان تھا

معافی مانگنے سے کیا ہوگا ارحم۔۔۔پلیز آپ جلد رشتہ بھیج دیں۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے سپاٹ لہجہ اپنایا تھا۔۔۔

ماہی۔۔۔مما کی سمجھ نہیں آ رہی ہے مجھے اچھی بھلی تھیں اب پتہ نہیں کیا ہو گیا ہے انھیں۔۔۔۔۔۔ارحم کی پریشان سی آواز ابھری تھی۔۔۔

میں کچھ نہیں جانتی ارحم۔۔۔پلیز۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے بے زاری سے کہا تھا۔۔

پورے خاندان میں وہ ارحم کے نام سے مشہور ہو چکی تھی وہ چاہتی تھی جلد از جلد ان کے درمیان کوئی رشتہ قائم ہو جائے اور لوگوں کے منہ بند ہو جائیں۔۔۔

اوکے اوکے۔۔۔ ریلکس۔۔۔ تم سٹریس نہیں لو گی سمجھی تم۔۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے محبت سے کہا تھا۔۔

بائے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے چڑ کر کہا تھا اسے آج ارحم کا یوں خیال رکھنا بھی اچھا نہیں لگ رہا تھا اس کا دل چاہ رہا تھا سب کے ذہنوں سے یہ سب کھرچ کے رکھ دے جس کی وجہ سے آج اس کے ماں باپ کا سر جھکا ہے۔۔۔

ماہی ایسے موڈ میں فون بند کرو گی تو میرا دن کیسے گزرے گا بولو۔۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے التجا کے انداز میں کہا تھا۔۔

اوکے۔۔۔اللہ حافظ۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین کا لہجہ ہنوز ویسا ہی تھا۔۔۔

اچھا سنو۔۔۔۔۔۔۔ناراض کیوں ہو رہی ہو۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے لاڈ اٹھانے کے انداز میں کہا تھا

نہیں میں ناراض نہیں ہو رہی ہوں۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے خفگی اور آنسو میں بھیگی آواز میں کہا تھا

ہو تو۔۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے بھیگی سی محبت بھری آواز میں کہا تھا۔۔۔

چلو رات ڈنر کے لیے چلتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے اس کی پریشانی کم کرنے کے لیے خوشگوار لہجہ اپنایا تھا

نہیں میرا دل نہیں۔۔۔ بائے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے بے زار سی آواز میں کہا تھا اور فون بند کر دیا تھا

ارحم اب پہلے سے بھی زیادہ اس کا خیال رکھنے لگا تھا وہ اپنی ماں اور بہن کے منہ بند نہیں کرا سکا تھا لیکن وہ ماہوین کو ہر لمحہ اپنے ساتھ کا یقین دلا رہا تھا۔۔۔ کبھی اسے اپنی کلاس سیٹ پر پھول ملتا اور کبھی بس سیٹ پر کبھی ہاسٹل کا گارڈ ارحم کے نام کے بکے دیتا تو کبھی یونیورسٹی کے گیٹ پر موجود گارڈ۔۔۔وہ گھر میں ہر طرح سے ضد کر چکا تھا لیکن مسز حسن کسی صورت بھی ماہوین کو اپنی بہو بنانے کے لیے آمادہ نہیں ہو رہی تھیں۔۔۔

****

ایشل تم کیوں کر رہی ہو میرے ساتھ ایسا۔۔۔ماہوین نے تڑپ کر اس سے کہا تھا۔۔

وہ وقار کی شادی کے لیے گھر آئی تھی اور آتے ہی وہ اشعر کے گھر ایشل کے بلکل سامنے کھڑی تھی ۔۔۔اس کی کی ہوئی نیکی اس کے ہی گلے پڑ رہی تھی وہ بری طرح ٹوٹی ہوئی تھی ساتھ تھا تو صرف ارحم کی محبت کا ۔۔۔

کیسا۔۔۔۔۔۔۔ایشل نے کاٹ دار مسکراہٹ لبوں پر سجا کر ہاتھ سینے پر باندھے تھے

وہ اتنی چالاک نکلی تھی کہ وہ اشعر کو بھی بری طرح ماہوین کے خلاف بھر چکی تھی

تمہیں پتا ہے جو تم کر رہی ہو۔۔۔ میں نے کبھی تمھارا برا نہیں چاہا اور تم یہ سب کر رہی ہو میرے ساتھ ۔۔۔۔۔۔ماہوین کا چہرہ سرخ ہو رہا تھا اور آواز پھٹ رہی تھی ۔۔

میں نے اور مما نے کبھی نہیں چاہا تھا کہ بھائی سے تمھاری شادی ہو۔۔۔اور اب بھی کبھی نہیں ہونے دیں گے ہم ایسا کبھی بھی۔۔۔۔۔۔ایشل نے دانت پیس کر ناک پھلاتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

ماہوین اس کے گھر کے ڈرائی نگ روم میں کھڑی تھی اور اس نے بیٹھنے تک کو نہیں کہا تھا ۔۔۔وہ جیسے آ کر کھڑی ہوئی تھی ابھی بھی ہنوز ویسے ہی کھڑی تھی ۔۔۔

لیکن یہ غلط کر رہی ہو تم میرے ساتھ ۔۔۔اور یہ تمھاری اور آنٹی کی بھول ہے کہ میں پیچھے ہٹوں گی ۔۔۔ایسا کبھی نہیں ہو گا۔۔۔۔۔۔ماہوین نے انگشت انگلی اس کی آنکھوں کے سامنے کی تھی ۔۔۔

جب تک ارحم کی محبت میرے ساتھ ہے تم لوگوں کی یہ گھٹیا سازشیں میرا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتی ہیں ۔۔۔ماہوین نے ناک پھلا کر کہا تھا اور اس سے پہلے کی ایشل کچھ کہتی وہ تیزی سے وہاں سے نکل آئی تھی ۔۔۔

اس نے جہانزیب سے بہت کہا کہ وہ ارحم کو وقار کی شادی پر بلائیں لیکن جہانزیب نے صاف منع کیا تھا ۔۔۔ انھوں نے بنا کسی رشتے کے ارحم کو بلانا مناسب نہیں سمجھا تھا ۔۔۔ارحم کے نا آنے کے باوجود وقار کی ساری شادی میں ماہوین کی پورے خاندان میں باتیں ہو رہی تھیں ۔۔۔

****

امی انعم کوئی آخری لڑکی نہیں تھی اس دنیا میں ۔۔۔۔احان نے بے زار سے لہجے میں کہا تھا۔۔

وہ لیپ ٹاپ سامنے رکھے سمیعہ سے ویڈیو کال پر بات کر رہا تھا۔۔۔

مجھے پتا ہے میرے بیٹے کے لیے لڑکیوں کی کمی نہیں ہے بس تم پریشان نہ ہونا۔۔۔۔۔۔سمیعہ نے محبت سے کہا تھا۔۔

امی میں پریشان نہیں ہوں آپکو کیسے سمجھاؤں میں ۔۔۔۔احان نے سر کو دونوں ہاتھوں کے پنجوں میں جکڑا تھا۔۔۔

اچھا اچھا ٹھیک ہے۔۔۔۔۔۔۔سمیعہ نے مسکراتے ہوئے بلائیں لی تھیں ۔۔۔

آپ سنائیں کیسے ہیں سب نازلین کی شادی کی تیاریاں کیسی چل رہی ہیں ۔۔۔ کہاں ہے وہ بات کرا دیں میری احان نے انگڑائی لی تھی ۔۔۔

وہ ماہوین کی طرف گئی ہے ۔۔۔۔۔۔۔

اوہ اچھا اچھا۔۔۔۔۔۔۔۔ایک دم سے لاہور کی ملاقات کا منظر اور اس دلربا کا سراپا احان کی آنکھوں میں لہرا گیا تھا۔۔۔کیا چیز تھی وہ بہت دن تک وہ اس کے حسن کے سحر میں جکڑا رہا تھا۔۔۔دل کے صندوق میں سے کوئی پورے جوش سے چیخنے لگا تھا۔۔۔

۱۴

امی ۔۔۔ماہوین آپکو کیسی لگتی۔۔۔۔۔۔۔بے ساختہ ہی پر سوچ لہجے میں وہ کہہ گیا تھا۔۔

الفاظ جب زبان سے ادا ہوئے تب اسے اندازہ ہوا وہ کیا کہہ گیا ہے۔۔۔

ماہوین۔۔۔توبہ توبہ۔۔۔ایسی تیز لڑکی۔۔۔۔۔۔سمیعہ نے کانوں کو ہاتھ لگائے تھے چہرے پر ناگواری تھی

کیوں کیا ہوا امی۔۔۔۔۔۔۔احان نے پر تجسّس انداز میں پوچھا تھا۔۔

ہونا کیا ہے۔۔۔لاہور میں ایک امیر کبیر شادی شدہ بزنس مین کے پیچھے پڑی ہوئی ہے۔۔۔ اس نے اپنی پہلی بیوی کو طلاق دے رکھی ہے اور اب اس سے شادی کرانے پر بضد ہے۔۔۔ ایک بچے کا باپ ہے موا۔۔۔۔لڑکے کی بہن آٹھ آٹھ آنسو بہا رہی تھی۔۔۔ کہ ماہوین نے کیسے اس کے بھائی پر ڈورے ڈال رکھے ہیں۔۔۔سمیعہ آنکھیں گھوما گھوما کر کہہ رہی تھیں۔۔۔

ماہوین کیوں خود کو اتنی تکلیف دیتی ہو۔۔۔زویا نے ماہوین کے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر کہا تھا۔۔۔

یونیورسٹی کے وسیع عریض گراونڈ میں وہ نیچے گھاس پر بیٹھی تھیں۔۔۔ماہوین کتابوں کا ڈھیر سامنے سجائے کھوئی کھوئی بیٹھی تھی اور اس کا یہ حال آج نہیں بہت دن سے تھا وہ اپنی پڑھائی کی طرف بلکل توجہ نہیں دے پا رہی تھی۔۔۔ ذہن ایک عجیب ہی ذہنی اذیت کا شکار تھا۔۔۔

خود سے نہیں کرتی یہ سب میں بس ہو جاتا ہے۔۔۔۔۔۔ماہوین نے دھیرے سے جھکا سر اوپر اٹھایا تھا لبوں پر پھیکی سی مسکراہٹ تھی۔۔۔

تمہیں کیا محبت ہے ماہوین اس سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔زویا نے آنکھیں سکیڑ کر دیکھا۔۔۔

زویا۔۔۔مجھے یوں لگتا ہے۔۔۔مجھے اس کی عادت ہو گئی ہے۔۔۔ میں نے خود کو اس کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا ہے۔۔۔غیر مرئی نقطہ پر نظریں جمائے ماہوین کھوئی کھوئی سی آواز میں کہہ رہی تھی۔

بال ہلکی ہلکی ہوا کے ساتھ اڑ کر اس کے گالوں کو چھو رہے تھے جنہیں وہ پیچھے کرنے کی زحمت نہیں کر رہی تھی۔۔۔

محبت کا نہیں پتہ مجھے لیکن جب وہ پاس ہوتا ہے تو سب اچھا لگتا ہے۔۔۔ ایسے لگتا ہے اگر وہ مجھے نہ ملا تو شائد میری سانسیں بند ہو جائیں گی اگر یہ محبت ہے تو ہاں مجھے اس سے محبت ہے۔۔۔ مجھے اس کا دیوانہ وار میرے آگے پیچھے پھرنا تسکین دیتا ہے اگر یہ محبت ہے تو ہاں مجھے اس سے محبت ہے۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے سر نیچے جھکا کر نظریں اپنے ہاتھوں کی لکیروں پر جما دی تھیں ۔۔۔

ماہوین۔۔۔ لیکن جو اس کی ماں بہن کر رہی ہیں تمہارے ساتھ وہ۔۔۔۔۔۔۔ زویا نے اس کی تکلیف کو محسوس کرنے کے انداز میں کہا تھا

ہاں وہ۔۔۔ میرے لیے تکلیف کا باعث ہے دل کرتا ہے اس لمحے شدت سے چھوڑ دوں اسے۔۔۔ لیکن پھر جب وہ میری منتیں کرتا ہے مجھے اپنے ساتھ کا اور سب کچھ ٹھیک ہو جانے کا احساس دلاتا ہے میں سب بھول جاتی ہوں۔۔۔ لبوں کو بچوں کی طرح باہر نکال کر ماہوین نے روہانسی آواز میں کہا تھا نظر اٹھا کر زویا کی طرف جو دیکھا تو کب سے ایک آنکھ میں روکا آنسو گال پر لڑھک گیا تھا۔۔۔ زویا نے کھینچ کر اسے اپنے ساتھ لگایا تھا۔۔۔

میری دعائیں تم دونوں کے ساتھ ہیں۔۔۔ لیکن پلیز تم اپنی سٹڈی پر فوکس کرو۔۔۔ زویا نرمی سے اس کی پشت پر ہاتھ پھیرتے ہوئے محبت بھرے لہجے میں کہہ رہی تھی۔۔

کوشش تو بہت کرتی ہوں۔۔۔ پر۔۔۔۔۔۔ ماہوین کی آواز کسی کھائی سے آتی ہوئی محسوس ہوئی تھی۔۔

اچھا چلو۔۔۔ کہیں باہر کا پلین کرتے ہیں عدیل کو کہتی ہوں تم تھوڑی ریلیکس بھی ہو جاؤ گی۔۔۔۔۔۔ زویا نے اس سے الگ ہو کر اس کے آنسو صاف کیے تھے۔۔۔

اور وہ کھوئی سی اس کے ساتھ چل دی تھی۔۔۔

ہر درد پہن لینا، ہر خواب میں کھو جانا
کیا اپنی طبیعت ہے، ہر شخص کا ہو جانا

اک شہر بسا لینا بچھڑے ہوئے لوگوں کا
پھر شب کے جزیرے میں دل تھام کے سو جانا

موضوعِ سخن کچھ ہو، تا دیر اسے تکنا
ہر لفظ پہ رک جانا، ہر بات پہ کھو جانا

آنا تو بکھر جانا سانسوں میں مہک بن کر
جانا تو کلیجے میں کانٹے سے چبھو جانا

جاتے ہوئے چپ رہنا ان بولتی آنکھوں کا
خاموش تکلم سے پلکوں کو بھگو جانا

لفظوں میں اتر آنا ان پھول سے ہونٹوں کا
اک لمس کی خوشبو کا پوروں میں سمو جانا

ہر شام عزائم کے کچھ محل بنا لینا

ہر صبح ارادوں کی دہلیز پہ سو جانا۔۔

****

ماشاللہ مجھے معلوم تھا تم ایسے ہی ترقی کرو گے تم ایسے ہی قابل ہو۔۔۔۔۔۔سمیعہ نے مسرت سے کہا تھا ۔۔۔آنکھیں چمک رہی تھیں۔۔۔

احان کی بہت اچھی کارکردگی پر اس کی پرموشن کر دی گئی تھی ۔۔۔ اور اب وہ یہ خوشی گھر والوں کے ساتھ بانٹنے کے لیے آن لائن آیا تھا

سمیعہ اپنے کمرے کے بیڈ پر وہ لیپ ٹاپ کی سکرین کھولے سامنے ویڈیو کال پر موجود احان سے گفتگو کر رہی تھیں۔۔۔

امی بس آپکی دعائیں ہیں ۔۔۔۔۔۔ احان دھیرے سے مسکرایا تھا۔۔۔

کیوں نہیں۔۔۔۔۔۔۔ میرے شہزادے۔۔۔۔سمیعہ نے خوشی کے آنسو پونچھے تھے۔۔۔

یہ حلیہ کیسا بنا رکھا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔سمیعہ نے پریشان ہو کر اسے دیکھا تھا۔۔۔

بال اور شیو دونوں بڑھے ہوئے تھے۔۔۔وہ بے حال سا تھا۔۔

وہ امی۔۔۔۔۔۔احان نے ابھی کچھ سوچتے ہوئے بات شروع ہی کی تھی جب سمیعہ نے بات کاٹ دی تھی

احان۔۔۔تم انعم کو بھولے نہیں۔۔۔۔۔۔۔سمیعہ کی آواز میں نرمی تھی۔۔۔

امی۔۔۔اس ٹاپک کو شروع مت کریں پلیز۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے بے زار سی شکل بنائی تھی

پر میں ماں ہو تمھاری مجھ سے تمھاری یہ حالت نہیں دیکھی جاتی ہے۔۔۔۔۔۔سمیعہ نے ماتھے پر بل

ڈالے تھے۔۔۔

امی اس کی شادی ہو گئی ہے ۔۔۔ میرا اب اسے یاد کرنے کا کوئی جواز نہیں بنتا ۔۔۔۔۔۔۔

احان نے ناگواری سے کہا اور ہاتھوں کے دنوں انگلیوں کو پھنسا کر تکیہ کی شکل میں سر کے پیچھے رکھا ۔۔

ایسی ہی تھی وہ قابل نہیں تھی تمھارے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سمیعہ نے ناک چڑھا کر برا سامنہ بنایا تھا۔۔۔

وہ نہیں چاہتی تھیں کہ احان دبئی میں یوں اکیلا پریشان ہوتا رہے ۔۔۔

امی میں بعد میں بات کروں۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے کچھ ضبط کرنے کے سے انداز میں کہا تھا

اچھا نازلین کی شادی پر تو چھٹی ملے گی نہ۔۔۔۔۔۔۔ سمیعہ نے فوراً اس کی بےزاری کو بھانپتے ہوئے بات کو بدل ڈالا تھا۔۔۔

جی جی بات کی ہے میں نے باس سے مل جائے گی چھٹی ۔۔۔آپ پریشان نہ ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے گہری سانس خارج کی تھی ۔۔۔

سبحان کی لاہور والی جاب ختم ہونے کی وجہ سے گھر کی ساری زمہ داری اس پر آ گئی تھی ۔۔۔ سبحان لاہور سے واپس آ کر گھر بیٹھ گیا تھا ۔۔۔ اور اب سارا کچھ اس اکیلے کو ہی کرنا تھا۔۔۔

اللہ تمھاری حفاظت کرے۔۔۔۔۔۔ سمیعہ نے بلائیں لیتے ہوئے اس اللہ حافظ کہا تھا اور دعا دی تھی ۔۔۔

لیپ ٹاپ کی سکرین بند کرتے ہی وہ بیڈ پر ڈھے سا گیا تھا۔۔۔۔۔۔ انعم کو یاد ۔۔۔ کیا وہ اس قابل تھی کہ اسے یاد رکھا جاتا۔۔۔

سب چلے جاؤ مجھ میں تاب نہیں

نام کو بھی اب اِضطراب نہیں

خون کر دوں تیرے شباب کا میں
مجھ سا قاتل تیرا شباب نہیں

اِک کتابِ وجود ہے تو صحیح
شاید اُس میں دُعاء کا باب نہیں

تو جو پڑھتا ہے بو علی کی کتاب
کیا یہ عالم کوئی کتاب نہیں

ہم کتابی صدا کے ہیں لیکن
حسبِ منشا کوئی کتاب نہیں

بھول جانا نہیں گناہ اُسے
یاد کرنا اُسے ثواب نہیں

پڑھ لیا اُس کی یاد کا نسخہ
اُس میں شہرت کا کوئی باب نہیں۔۔

****

اسلام آباد ٹرانسفر کی ٹرائی کر رہا ہوں ۔۔۔۔۔۔ ارحم نے سیاہ چشمہ آنکھوں سے اتار کر سامنے رکھے میز پر دھرا تھا ۔۔۔

وہ ماہوین کے ساتھ ایک بہت ہی شاندار ریسٹورانٹ میں بیٹھا تھا ۔۔اور وہ اس کے بلکل سامنے اداس سی صورت بنائے کوئی حسین مورت لگ رہی تھی ۔۔۔

گڈ ۔۔۔۔۔۔ مدھم سی آواز میں بے دلی سے کہتے ہوئے ماہوین نے دنوں ہاتھوں کو میز پر دھرا تھا ۔۔۔۔

تمھیں الگ ہی رکھوں گا مما سے ہم وہیں رہیں گے ۔۔۔۔۔۔۔ ارحم نے مسکرا کر گہری نظروں میں اس کے دلکش سراپے کو سموتے ہوئے کہا تھا ۔۔۔

اچھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین کا لہجہ ہنوز وہی تھا ۔۔

اداس کیوں ہو ۔۔۔۔۔۔۔ ارحم نے لاڈ اٹھانے کے انداز میں کہا تھا

نہیں ہوں ۔۔۔ پہلے ان کو راضی تو کرو ارحم ۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے بے زار سے انداز میں کہا تھا

تمھیں کیا لگتا ہے ماہوین میں کوشش نہیں کر رہا ۔۔۔ تمھیں پتہ ہے میں نے کل گھر چھوڑنے کی بات کی تو انھوں نے کیا کیا ۔۔۔۔ ارحم نے بے چارگی سے ماہوین کی طرف دیکھتے ہوئے کہا

وہ خود سے گھر سے چلی گئی ہیں ۔۔۔۔ سارا دن میں پریشان رہا کہاں کہاں ان کو تلاش کرتا رہا ۔۔۔ اور جب وہ ملیں تو سارے دن کی بھوکی پیاسی تھیں اور بی پی ڈاؤن تھا رات میں ایمرجنسی میں رہا ۔۔۔۔۔ ارحم نے پریشان سے لہجے میں اسے کل کی ساری بپتا سنائی

اسی لیے تمھیں کال نہیں کر سکا ۔۔۔۔۔۔ ٹھنڈی سانس خارج کی اور ماتھے پر ہلکے سے شکن نمودار

ہوئے۔۔۔

تو ارحم پھر میں کیا کروں بتائیں آپ ۔۔۔۔ ۔۔۔۔۔ ماہوین نے اس کے ماتھے پر پڑتے بل دیکھ کر چڑ کر کہا تھا

میں کوشش کر رہا ہوں۔۔۔۔ بس تم حوصلہ رکھو۔۔۔ کل میں ایشل کو لینے جا رہا ہوں اب اس کے ساتھ ہی مل کر کچھ کروں گا۔۔۔۔۔۔ارحم نے محبت بھرے انداز میں کہتے ہوئے اس کے حوصلے کو بڑھایا تھا

وہ ویسی ہی اداس صورت بنائے بیٹھی تھی۔۔۔ تھکنے لگے تھی جہانزیب وہ ناراض سے رہنے لگے تھے اس سے ارحم کو چھوڑنے کا تصور ہی جان لیوا لگتا تھا۔۔۔ وہ بری طرح پھنس چکی تھی۔۔۔

****

تم میری بہن ہو کر یہ سب کر رہی ہو میرے ساتھ ۔۔۔۔۔۔ارحم نے کار کے سٹیرنگ کو موڑتے ہوئے غصے سے ساتھ سیٹ پر بیٹھی ایشل سے کہا تھا۔۔

تم نے اپنی بیوی کو طلاق دیتے وقت میرا سوچا تھا کیا۔۔۔ایشل نے ناک چڑھا کر رخ اس کی طرف موڑا تھا

دیکھو ایشل ماہوین ایک بہت اچھی لڑکی ہے اور میں اس سے ہی شادی کروں گا۔۔۔۔۔۔ارحم نے دو ٹوک انداز میں کہا تھا

تو کر لو نہ۔۔۔۔۔۔۔۔ایشل نے دونوں ہاتھ ہوا میں اٹھا کر ہونٹ باہر نکالتے ہوئے کہا تھا

تم مما کو راضی کرو۔۔۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے لب بھینچے تھے۔۔۔

گاڑی بہاولپور سے لاہور کی طرف رواں دواں تھی۔۔۔

نہیں مما کبھی راضی نہیں ہوں گی۔۔۔۔۔۔۔۔ایشل نے لاپرواہی اور ناگواری سے کہا تھا

تومیں کیا کروں تم بتاؤ ۔۔۔۔۔۔۔۔ ارحم نے زور سے سٹیرنگ پر ہاتھ مارے تھے وہ بری طرح دانت پیسے ہوئے تھا

ایک راستہ ہے صرف۔۔۔۔۔۔۔۔ ایشل نے پرسکون انداز میں کہا تھا۔۔۔

کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ارحم نے کار چلاتے ہوئے ایک لمحے کے لیے نظر ایشل پر ڈالی تھی

15

تم مما کو بنا بتائے اس سے نکاح کرو۔۔۔ اور اسلام آباد لے جاؤ ۔۔۔ خود ہی مما مان جائیں گی ۔۔۔۔۔ ایشل نے منہ کے اندر زبان کو ایک انداز میں گھومایا تھا اور کن اکھیوں سے ارحم کی طرف دیکھا تھا

انکل جہانزیب نہیں مانیں گے اس بات پر۔۔۔ وہ کہتے ہیں ان کی اتنی بڑی فیمیلی ہے وہ یوں کس کس کو جواب دیں گے کہ لڑکا اکیلا ہے۔۔۔ ارحم نے مایوس صورت بنائی تھی

توماہوین بھی اپنی فیملی کو مت بتائے۔۔۔ میں اس معاملے میں ہی تمھارا ساتھ دے سکتی ہوں ورنہ تمہیں پتہ ہی ہے مما کسی صورت نہیں مانیں گی۔۔۔ نیلم کی دفعہ وہ صرف میری وجہ سے اور ان کے فیملی سٹنڈرا یکول ہونے کی وجہ سے راضی ہوئی تھیں ۔۔۔ لیکن اس دفعہ کوئی چانسز نہیں ہیں ۔۔۔۔۔ ایشل نے کندھے اچکائے تھے

ارحم پر سوچ انداز میں سامنے سڑک پر نظریں جمائے گاڑی ڈرائیو کر رہا تھا۔۔۔

****

نہیں ہر گز نہیں آپ ایشل کو کہیں وہ اپنے مشورے اپنے پاس ہی رکھے۔۔۔ ماہوین نے ماتھے پر بل ڈال کر ناگواری سے دیکھتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

آسکریم پارلر میں وہ دونوں نفوس آسکریم کے بھرے کپ سامنے رکھے بیٹھے تھے چہرے پر اظطراب
۔۔ کرب اور پریشانی سجائے

ایسے مشورے دینے کی کوئی ضرورت نہیں ہے ۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے دونوں ہاتھ سینے پر باندھ
کر خفا سے انداز میں چہرے کا رخ موڑا تھا

لیکن ماہوین مما کسی صورت نہیں مان رہی ہیں ہم نکاح کر لیں گے اسلام آباد چلے جائی یں گے بس
پھر فیمیلز خود ہی مان جائی یں گی۔۔۔۔۔ ارحم نے میز پر ہاتھ پھیلا کر کہا تھا چہرے پر التجا تھی

آپکو پتہ ہے۔۔۔ میرے بابا کو مجھ پر کتنا مان ہے۔۔۔۔آپ سے محبت کا اظہار کرنے سے پہلے میں ان
کو آپ کے بارے میں بتا چکی تھی۔۔۔ تو آپ نے کیسے سوچ لیا اتنا بڑا قدم میں ان کو بنا بتائے اٹھاؤ ں
گی ۔۔۔۔۔ ماہوین کے ماتھے کے شکن مزید بڑھ گئے تھے

آپکو پتہ ہے وقار کے لیے میں نے بھی یہی سوچا تھا۔۔۔ لیکن پھر جب حنا نے کہا میری جگہ خود کو رکھ
کے سوچو۔۔۔ تب مجھے احساس ہوا میں کتنا غلط کرنے کو کہہ گئ ئی تھی اس کو۔۔۔۔ تب میں نے
اس سے وعدہ کیا اب سب کی مرضی سے ہی تمہیں اپنی بھابھی بناؤ ں گی ۔۔۔۔۔۔ وہ روانی سے
دانت پیس پیس کر ارحم کو اس کی غلط بات کا احساس دلا رہی تھی

ارحم نے بے چارگی سے صرف دیکھا ہی تھا۔۔ کچھ کہنے کے لیے لب کھولے لیکن پھر خاموش ہو گیا

مسٹر ارحم۔۔۔ یہ کبھی بھی نہیں ہو گا آپ اپنی مما کو راضی کریں۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے سپاٹ چہرے
کے ساتھ کہا تھا

ماہوین۔۔۔ صرف یہی ایک راستہ ہے۔۔۔ ارحم نے گہری سانس لی تھی

مجھے یہ راستہ ہر گز نہیں منظور۔۔۔۔ ماہوین نے کرسی کو پیچھے دھکیلتے ہوئے کہا تھا

اٹھ کر بیگ کندھے پر ڈال کر وہ تیز تیز قدم اٹھاتی داخلی دروازے کی طرف بڑھ رہی تھی۔۔۔ اور ارحم

سر کو جکڑے وہیں بیٹھا رہ گیا تھا

****

اتنا مہنگا فون ارحم۔۔۔۔ ماہوین خوشگوار حیرت سے ایک ہاتھ میں فون پکڑے اور دوسرے ہاتھ سے دوسرا فون کان کو لگائے کہہ رہی تھی

وہ بیڈ پر اپنے مخصوص انداز میں بیٹھی تھی اور اسے آگے ایک بہت بڑا بکے اور ڈھیر سارے تحائف پڑے تھے ۔۔۔

آج ویلنٹائن ڈے تھا ۔۔۔ارحم نے اسے بہت بڑے بکے اور چھوٹے چھوٹے گفٹس کے ساتھ مہنگا ترین فون گفٹ کیا تھا پارسل کھول کر وہ ششدر رہ گئی تھی اور پھر فورا ارحم کو کال ملائی تھی۔۔۔

یہ تو کچھ بھی نہیں تمھارے آگے۔۔۔۔۔۔۔ارحم کے لہجے میں بے پناہ محبت تھی لیکن اس کی آواز اداس تھی۔۔۔

آج ایک مہینہ ہونے کو آیا تھا وہ مسلسل ماہوین کو چھپ کر نکاح کرنے پر رضا مند کر رہا تھا۔۔ لیکن ماہوین اس بات پر قطع راضی نہیں تھی۔۔۔

پھر بھی ۔۔۔ارحم۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے کندھے اچکاتے ہوئے کہا تھا

کچھ پھر بھی نہیں یہ میری محبت ہے تمھارے لیے ۔۔۔ پھر پتہ نہیں میں کر بھی سکوں تمھارا یا نہیں ۔۔۔۔۔آواز عجیب ٹوٹ پھوٹ کی۔وضاحت دے رہی تھی

ایسا کیوں کہہ رہے ہیں۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے حیران ہوتے ہوئے کہا تھا۔۔

ماہی۔۔۔ میں تم سے بہت محبت کرتا ہوں ۔۔۔ تم کیا ہو میرے لیے میں تمہیں کیسے سمجھاؤں ۔۔۔ تم دنیا کی وہ واحد لڑکی ہو جس کے لیے میں کچھ بھی کر سکتا ہوں ۔۔۔۔۔۔۔ ارحم کی آواز

میں محبت کا سمندر موجزن تھا

ماہی پلیز۔۔۔میں تم سے لاسٹ ٹائم ریکوسٹ کرتا ہوں ۔۔۔ہم پیرنٹس کو بنا بتائے شادی کر لیتے ہیں ۔۔۔ تم مان جاؤ پلیز۔۔۔۔۔۔۔۔بہت التجا بھرا لہجہ تھا۔۔۔

دوسری طرف بلکل خاموشی طاری تھی۔۔۔ماہوین لب کو دانتوں میں دبائے آسمان کی طرف دیکھ رہی تھی

بولو۔۔۔کچھ تو بولو۔۔۔ارحم بے چین ہو رہا تھا

ارحم۔۔۔۔نو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے سخت لہجہ اپناتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

ارحم کیوں کر رہی ہیں تمھاری مما ایسا میں نے کیا بگاڑا ہے ان کا۔۔۔ماہوین باقاعدہ رو رہی تھی۔۔۔

ماہوین میں نے کبھی نہیں سوچا تھا ہمارا ملنا اتنا مشکل ہو گا۔۔۔ارحم کی آواز روہانسی تھی۔۔۔

ماہوین نے جلدی سے کال بند کر دی تھی۔۔۔آنسو بری طرح گال بھگو رہے تھے۔۔۔

****

ارحم آج پھر فون بزی۔۔۔کیا ہے آپکو صبح سے ٹرائی کر رہی ہوں ۔۔۔ ماہوین نے خفگی اور لاڈ بھرے انداز میں کہا تھا۔۔

موسم بہت اچھا ہو رہا تھا وہ ہاسٹل کی سیڑھیوں میں کافی کا مگ تھامے کانوں میں ہینڈ فری گھسائے بیٹھی تھی۔۔۔موسم نے ارحم کی یاد دلائی تھی اور اس نے فورا کال ملائی تھی لیکن فون گھنٹا بھر مصروف رہنے کے بعد اب فری ہوا تھا۔۔۔ دو دن سے ایسا ہی ہو رہا تھا وہ ارحم کو کال کرتی اور فون بیزی ہوتا تھا۔۔۔ کل جب اس نے اس بات پر استفسار کیا تو ارحم نے ایک گہری سانس لی اور کہا کہ وہ اپنی بیوی سے بات کر رہا تھا۔۔۔ماہوین نے اس بات پر قہقہ لگایا تھا۔۔۔

ہاں تو اس دن بھی بتایا تھا نا۔۔۔اپنی بیوی سے بات کر رہا تھا۔۔۔ارحم نے سنجیدہ سے لہجے میں کہا تھا

اچھا۔۔۔ پھر وہی مزاق۔۔۔ کیوں تنگ کر رہے مجھے۔۔۔ ماہوین نے ہنستے ہوئے خفگی سے کہا تھا

نہیں تنگ نہیں کر رہا سچ کہہ رہا ہوں۔۔۔۔۔۔ ارحم نے پھر سے اسی لہجے میں کہا تھا

اچھا تو پھر میں بھی تو دیکھوں آپکی بیوی۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے شرارت سے کہا۔۔۔ لب بے تحاشہ مسکرا رہے تھے۔۔

ارحم کی بے پناہ محبت کا نشا تھا وہ خود کو کوئی شہزادی تصور کرتی تھی ایسے جیسے وہ کوئی انمول پھول ہو اور ارحم اسے سنبھال رکھتا ہو۔۔۔۔ وہ اس کی محبت میں سرشار تھی ایک غرور کہ کوئی اس کے لیے پوری دنیا لٹا سکتا ہے۔۔۔ کوئی دیوانہ ہے اس کا۔۔۔

فون بند کرو سنڈ کرتا ہوں پک۔۔۔۔۔۔ ارحم نے سنجیدہ سے انداز میں کہا اور کال بند ہو گئی تھی

ماہوین نے لب باہر نکال کر فون کی طرف دیکھا اگلے ہی لمحے فون پر مسیج بیپ ہوئی تھی ۔۔۔ جیسے ہی اس نے فون پر مسیج کو کھولا تھا ایک دلہن کی تصویر تھی ۔۔۔

واہ۔۔۔ یہ کس دلہن کی پک گوگل کرکے سنڈ کر دی۔۔۔۔۔ ماہوین نے تیزی سے نیچے پیغام لکھا تھا

بلکل اچھی نہیں لگ رہی میں جب دلہن بنوں گی پھر دیکھیے گا۔۔۔ مسکراہٹ دباتی وہ اگلا مسیج ٹائپ کر رہی تھی ۔۔۔

نہیں یہ بیوی ہے میری۔۔۔ رکو۔۔۔۔۔۔ ارحم کا پیغام نیچے آیا تھا۔۔

اور اس کے بعد ایک تصویر جس نے چھن سے کچھ توڑا تھا۔۔ ماہوین کے ہاتھ میں پکڑا مگ زمین بوس ہوا تھا۔۔۔

اسی دلہن کے ساتھ ارحم گلے میں پھولوں کی مالہ ڈالے بیٹھا اس کے ہاتھ میں رنگ پہنا رہا تھا

ہاتھ جیسے کانپ گئے تھے۔۔۔ایک چبھن سی ہوئی تھی۔۔۔ وہ جھوٹ بول رہا ہے مجھے وہ کبھی چھوڑ ہی نہیں سکتا کسی صورت بھی نہیں ۔۔۔ مجھے تنگ کر رہا صرف ۔۔۔ کانپتے ہاتھوں سے وہ ارحم کا نمبر ملا رہی تھی۔۔۔

ارحم یہ کیا ہے سب۔۔۔۔۔۔۔۔آواز جیسے بہت دور سے آتی ہوئی محسوس ہو رہی تھی ۔۔

آنکھیں حیرت سے ابھی بھی پھٹی ہوئی تھیں ۔۔۔ گلے میں کانٹے سے چبھ رہے تھے عجیب سی گھٹن تھی جو بڑھتی جا رہی تھی ۔۔۔

دوسری طرف کا خاموش نفوس اس کے اندر کی تکلیف کو بھانپ گیا تھا۔۔۔خاموشی توڑنے اور سچ بتانے کا وقت آ چکا تھا۔۔۔ماہوین کو اتنا راضی کرنے کے باوجود وہ راضی نہیں ہو رہی تھی ۔۔۔ایشل کی باتوں نے دماغ خراب کر رکھا تھا۔۔۔بقول اس کے ماہوین صرف اس کو لٹکا رہی ہے وہ اس سے اتنی چھوٹی ہے اور اتنی حسین ہے اس کے لیے تو تم جیسے ہزاروں بیٹھے وہ یوں ہی تمھیں لٹکائے رکھے گی کبھی تم سے شادی نہیں کرے گی اور مما کبھی اسے اپنی بہو بنانے پر رضامند نہیں ہوں گی۔۔۔

یہی ہے بیوی میری شادی ہو چکی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے مدھم سے آواز میں کہہ کر سکوت توڑ دیا تھا۔۔

ارحم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ایک گھٹی سی چیخ تھی جو سہی سے تو نکل بھی نہیں پائی تھی ۔۔۔

مان ۔۔۔۔ محبت۔۔۔۔۔۔رشک۔۔۔۔۔۔غرور۔۔۔۔۔۔سب کچھ ریزہ ریزہ ہو گیا تھا۔۔۔۔ کرچیاں پورے وجود میں پیوست ہو چکی تھیں وہ ساکن ہو گئی تھی ۔۔۔ارحم ہیلو ہیلو کر رہا تھا اور وہ تھی کہ بلکل خاموش تھی ۔۔۔ ۔۔۔

اس دن میں نے تمہیں آخری دن یہی پوچھا تھا۔۔۔ماہوین لاسٹ ٹائم بتا دو کہ کیا تم مجھ سے نکاح کرو گی ۔۔۔ تم نے کہا نہیں ۔۔۔ ارحم نے روہانسی آواز میں کہا تھا۔۔۔

ماہوین نے فوراً فون کاٹ دیا تھا۔۔ تیز تیز سانس کے ساتھ آنسو بھی گال بھگو رہے تھے۔۔۔ ذہن شل تھا دل کی دھڑکن کی رفتار کم ہو گئی تھی ۔۔۔ وہ کچھ دیر یوں ہی زندہ لاش کی مانند بیٹھی رہی تھی پھر جلدی سے گود میں دھرا فون اٹھا کر اشعر کا نمبر ملایا تھا۔۔۔

اشعر۔۔۔۔۔۔۔۔۔گال کے آنسو ہاتھ کی پشت سے رگڑتے ہوئے اس نے بنا سلام کیے کہا تھا

ہاں۔۔۔ماہوین۔۔۔ کیسی ہو۔۔۔۔۔۔۔اشعر مصروف اور نارمل سے انداز میں گویا ہوا تھا۔۔۔

اشعر۔۔۔ارحم کی شادی ہو گئی ہے کیا ۔۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین کی آواز کسی کھائی سے آتی ہوئی محسوس ہوئی تھی

ماہوین۔۔۔ پلیز مجھے ان معاملات سے دور رکھو۔۔۔اشعر نے چڑ کر کہا تھا۔۔

اشعر۔۔۔۔۔اشعر۔۔۔۔۔بس اتنا بتا دو۔۔۔اس کی شادی ہو گئی ہے کیا ۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے تڑپ کر کہا تھا ۔۔

ہاں۔۔۔ یہ سچ ہے اس کی کزن سے شادی ہو گئی ہے اس کی ۔۔۔ اشعر نے گہری سانس لے کہا تھا

ماہوین نے جلدی سے فون بند کر دیا تھا۔۔۔اس کا دل کر رہا تھا وہ چیخے۔۔۔۔زور زور سے چیخے ۔۔۔۔ گھٹن جلن۔۔۔۔بڑھ گئی تھی ۔۔۔۔ سب ختم ہوا تھا ۔۔۔ سب ختم تھا ۔۔۔ ارحم کی کال بار بار فون پر آ رہی تھی ۔۔۔۔ اور یہ صرف آخری کالز تھیں اس کی ۔۔۔ اس کے بعد دن پر دن گزرتے گئے پر اس کی کو کال نہیں آئی تھی ۔۔۔۔وہ زندہ لاش کی طرح پہروں فون کو گھورتی تھی لیکن بے سود ۔۔۔۔۔ ہاں اس لمحے اسے عمار شدت سے یاد آتا تھا۔۔۔اس کا دل جب اس نے توڑا تھا۔۔۔ عمار کے آنسو۔۔۔

اف۔۔۔۔عمار۔۔۔۔۔۔آج اس کے دکھ کا باخوبی اندازہ ہو رہا تھا۔۔۔ عمار نے اس سے محبت کی تھی

اس نے ٹھکرا دیا تھا اور آج جس سے اس نے محبت کی تھی وہ اسے چھوڑ گیا تھا۔۔۔

وہ ایک شخص۔۔۔

جس کی محبتیں ، چاہتیں ، عنایتیں؛

بارش کی طرح مجھ پر برسیں تھیں؛

وہ ایک شخص۔۔۔۔

جو میری روح میں ا ُتر کر

مجھ میں جزب ہوکر میری متاع جان بن گیا؛

وہ ایک شخص۔۔۔۔

اکثر مجھ کو کہتا تھا ؛

کہ میں کائنات ہوں ا ُس کی ؛

وہ ایک شخص۔۔۔۔

جس کی انکھوں میں مجھے اپنے لیے ؛

بےپناہ محبت اور عزت دکھائی دیتی تھی؛

وہ ایک شخص۔۔۔۔

جس کو مجھ سے گہرا عشق تھا؛

وہ ایک شخص۔۔۔

جس کو یاد میں شدت سے کرتی تھی ؛

تو بے چین وہ ہو جاتا تھا؛

وہ ایک شخص۔۔۔

جو راز ہے میری زندگی کا؛

حاصلِ زندگی ہے میری؛

وہ ایک شخص۔۔۔۔

جو لمحہ لمحہ مجھ سے باخبر رہتا تھا؛

جس کو فکر میری ہر لمحہ رہتی تھی؛

ہاں وہی ایک شخص۔۔۔۔

!!!!:اب بلکل بے خبر ہے مجھ سے۔۔۔۔؛؛؛

****

ماہوین۔۔۔۔ پلیز۔۔۔ میری جان خود کو سنبھالو۔۔۔۔۔۔زویا نے اس کے بلکتے وجود کو گود میں بھرا تھا۔۔۔

وہ روز یونیورسٹی سے واپسی پر ماہوین کے پاس آتی تھی۔۔۔لاسٹ سمسٹر کے لاسٹ دن چل رہے تھے اور ماہوین بیمار ہو گئی تھی آج پورا ہفتہ ہو گیا تھا اس کو یوں ماہوین کے پاس آتے ہوئے ۔۔۔ اور آج بھی وہ پہلے دن کی طرح ہی رو رہی تھی وہی الفاظ وہی تڑپ ۔۔۔

کیوں کیا ایسا اس نے میں اس کے پیچھے نہیں گئی تھی وہ وہ خود ہی آیا تھا ۔۔۔ اس نے خود ہی مجھے دل کے تخت پر بیٹھایا تھا ۔۔۔۔ اب کیوں چھوڑ دیا یوں اس نے ۔۔۔۔۔۔۔۔ سسکیاں لیتے ہوئے وہ زویا کے گلے لگی ہوئی تھی ۔۔۔

ماہی۔۔۔۔ پلیز۔۔۔۔۔۔۔۔۔زویا دھیرے دھیرے اس کی پشت کو سہلاتے ہوئے کہہ رہی تھی۔۔۔

ماہوین کا رونا تھوڑا بند ہوا تو زویا نے عدیل کو فون کیا تھا۔۔۔

اور پھر وہ روز ایسا کرنے لگے تھے وہ چاروں مل کر ماہوین کو باہر لے جاتے تھے اسے مصروف رکھتے

تھے۔۔۔ سارا سارا دن گھومنا پھرنا۔۔۔۔ ماہوین کھوئی کھوئی سی ہی رہتی تھی ۔۔۔ وہ لوگ زبردستی ہنساتے تھے تو ہنس پڑتی تھی۔۔۔ نہیں تو وہ سب مستیوں میں لگے ہوتے تھے اور ماہوین کہیں اور ہوتی تھی۔۔۔۔

کوئی کسی، کوئی کسی کا ہے
درد جس کا ہے بس اسی کا ہے

تم نہیں سن سکو گے رو دو گے
واقعہ یوں بھی بے بسی کا ہے

ایک ہی لمحہ ہے، سفر کا اور
ایک ہی لمحہ واپسی کا ہے

تم ہو سورج، یہ تم سے، کون کہے
مسئلہ آنکھ، اور نمی کا ہے

جو بھی دیکھے اسی کو یہ دیکھے
آئینہ کب بھلا کسی کا ہے

تیرے سورج سے ہے کہیں روشن

جو دیا مجھ میں تیرگی کا ہے

****

ماہوین۔۔۔وہ غلطی تھا تمھاری۔۔۔۔ جہانزیب نے ماہوین کے گود میں دھرے دونوں ہاتھوں کو اپنے ہاتھ میں لے لیا تھا۔۔۔

لاہور سے واپس آئے تین دن ہوئے تھے اسے۔۔۔وہ خاموش رہنے لگی تھی گھر میں بھی سب کو سب معلوم تھا اس لیے سب لوگ چپ چپ سے تھے۔۔۔ جہانزیب سے ایسے ماہوین کو دیکھنا بہت مشکل ہو رہا تھا وہ چہکتی ہی ہر دم ان کے گھر کی رونق بڑھاتی ان کو چاہیے تھی۔۔۔

وہ آج تین دن بعد ماہوین کے کمرے میں اس کے بیڈ پر اس کے بلکل سامنے بیٹھے تھے۔۔۔

تم نے غلط کیا جو بھی کیا۔۔پر میں کیا کروں میں باپ ہوں تمھارا میں نے تم سے بہت پیار کیا ہمیشہ ۔۔۔جہانزیب ماہوین کا سر اپنے سینے سے لگا چکے تھے۔۔۔

ہر رشتے سے بڑھ کر مان دیا۔۔۔ میں نہ تو تمہیں اس غلطی کی سزا دے سکتا ہوں اور نہ ہی تم سے ناراض ہو سکتا ہوں۔۔۔۔۔۔وہ گہرے سانس لیتے ہوئے ٹھہر ٹھہر کر مدھم سی آواز میں کہہ رہے تھے۔۔۔

تم بس اللہ سے معافی مانگو۔۔۔اس کو بھلا دو بیٹا۔۔۔زندگی ایک شخص پر ختم نہیں ہو جایا کرتی اسے ایک خواب سمجھو۔۔۔۔۔۔۔۔۔جہانزیب نے اسے خود سے الگ کیا تھا اور دھیرے سے اسکے آنسو صاف کیے تھے۔۔

آج بہت دن بعد ماہوین کے چہرے پر سکون آیا تھا۔۔۔اس کا رنگ زرد پڑ گیا تھا۔۔۔آنکھوں کے نیچے حلقے تھے۔۔۔اور ہونٹ خشک تھے۔۔۔

بابا۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ روہانسی ہو کر جہانزیب سے بغل گیر ہوئی تھی ۔۔۔۔ سکون تھا ۔۔۔ بابا

جیسی محبت اس سے کوئی نہیں کر سکتا تھا۔۔۔

****

مما۔۔۔کس کی دعوت ہے۔۔۔۔۔۔۔کچن میں پشت کر کے کھڑی مدحیہ کو دیکھتے ہوئے وہ گویا ہوئی تھی۔۔۔

حنا ایک طرف کھڑی برتن نکال کر صاف کروا رہی تھی۔۔۔کچن میں مختلف کھانوں کی خوشبوئیں اٹھ رہی تھیں وہ دس بجے اٹھ کر اپنے کمرے سے باہر آئی تھی۔۔۔

وہ تمھارے انکل سکندر تھے نہ ان کی فیملی کی ہے۔۔ان کا بیٹا آیا ہے دبئی سے ۔۔۔۔۔۔۔۔ مدحیہ نے مصروف انداز میں کہا تھا

اچھا نازلین کی شادی بھی تو ہے نہ۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے پانی کا گلاس پیتے ہوئے کہا تھا۔۔۔۔

ہاں۔۔۔اسی لیے۔۔۔۔۔۔۔مدحیہ نے اس کا بغور جائزہ لیتے ہوئے کہا تھا

اچھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ بجھے سے انداز میں کہتے ہوئے مڑی تھی

تم کچھ نہیں کھاؤ گی ۔۔۔۔۔۔۔ مدحیہ نے ایک دم سے اسے آواز لگائی تھی

نہیں۔۔۔دل نہیں۔۔۔ میرا۔۔۔۔۔۔۔وہی بجھا سا انداز

بات سنو۔۔۔ کتنے دن تک ایسے چلے گا حالت دیکھو اپنی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مدحیہ اب اسے کندھے سے پکڑ کر اپنی طرف موڑ چکی تھیں

حلقے پڑ گے ہیں اتنی ڈل ہو گئی ہو کمزور بھی ۔۔۔۔۔۔۔وہ اسے بری طرح ڈانٹ رہی تھیں ۔۔۔

مما۔۔۔میں جاؤں ۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ ساکت کھڑی ان کی ساری باتیں سنتی رہی تھی ۔۔ پھر بے

زار سی شکل بنا کر کہا تھا

آج تو باہر رہو نہ۔۔۔ مہمان آرہے آج۔۔۔۔۔۔۔۔مدحیہ نے خفگی سے گھورا تھا

مما۔۔۔ پلیز۔۔۔۔۔۔۔ہاتھ کو اٹھا کر اشارہ کرتی وہ باہر جا چکی تھی۔۔۔

احان۔۔۔ سمیعہ۔۔۔۔ سبحان اور نازلین کھانے پر آئے تھے حنا اسے مدحیہ کے کہنے پر زبردستی باہر لائی تھی جبکہ اس کا اپنا کوئی دل نہیں تھا کہ وہ باہر آتی ۔۔۔

ارے ماہوین آئی ہوئی ہے کیا۔۔۔۔۔۔۔۔ سمیعہ نے خوشگوار انداز میں اسے دیکھتے ہوئے کہا تھا ۔۔۔

جی تین ہفتے ہوئے ہیں۔۔۔اب جاب تلاش کر رہی ہے۔۔۔مدحیہ نے چہرے پر مسکراہٹ سجا کر کہا تھا

احان کا پلیٹ میں چلتا ہوا چیچ ساکن ہوا تھا اس نے جھکا ہوا سر اوپر اٹھایا تھا اور پھر حیرت اس کی آنکھوں میں تھی۔۔۔ یہ وہ ماہوین تو نہیں تھی جس سے وہ ایک سال پہلے لاہور میں ملا تھا۔۔۔اس کا مرجھایا سا چہرہ اور کھوئی کھوئی سی آنکھیں اسے پریشان کر گئی تھیں ۔۔۔

اسلام علیکم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے مدھم سی آواز میں سلام کیا تھا۔۔16

وعلیکم سلام۔۔۔ کیسی ہو بیٹا۔۔۔۔۔۔۔۔۔سمیعہ نے مسکرا کر دیکھا تھا۔۔۔۔

جی ٹھیک ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے چہرے پر زبردستی مسکراہٹ سجائی تھی ۔۔۔

پھر وہ دھیرے سے سر جھکائے وہاں سے چلی گئی تھی ۔۔۔

****

توبہ توبہ دیکھے نخرے لڑکی کے۔۔۔۔۔۔۔سمیعہ نے گاڑی میں بیٹھتے ہی کہا تھا۔۔۔

احان ڈرائیو کر رہا تھا اور سمیعہ فرنٹ سیٹ پر اس کے ساتھ بیٹھی تھیں ---

آئی سلام کیا --- یہ جا --- وہ -- جا -------- سمیعہ نے ہاتھ ہلا کر کہا اور پھر پیچھے مڑ کر نازلین کی طرف دیکھا تھا

امی کچھ پریشان لگ رہی تھی ایسے تو مت کہیں -------- نازلین نے احان کے دل کی بات کر دی تھی ---

ایسی ہی ہے --- مغرور بہت ہے -------- سمیعہ نے ناک چڑھایا تھا ---

اور پھر نازلین کی شادی میں وہ اپنے پورے جلوے سمیت احان کی روح تک اتر گئی تھی پر وہ بہت چپ چپ تھی --- اور احان خود کو سرزنش ہی کرتا رہا کہ وہ کسی اور سے محبت کرتی ہے اور اس سے شادی کرنا چاہتی ہے --- وہ اس خلش کے ساتھ ہی نازلین کی شادی کے بعد دبئی چلا گیا تھا

****

باجی ایک منٹ کال سن لوں میں -------- رکشے والے نے گردن موڑ کر کہا تھا ---

ماہوین حنا کے ساتھ مارکیٹ جانے کے لیے نکلی تھی --- جب رکشے والے کی مسلسل کال پر اس نے رکشہ ایک طرف لگا کر فون سننے کی اجازت طلب کی تھی --- ماہوین کی بہت اچھی ملٹی نیشنل کمپنی میں جاب ہو گئی تھی --- مصروف ہونے کی وجہ سے وہ بہت حد تک سنبھل چکی تھی ---

جی سن لیں -------- ماہوین نے ہلکے سے ہاتھ کا اشارہ کیا تھا

رکشے والے کے چہرے سے ہی واضح تھا کہ کوئی ضروری کال تھی ---

ارے --- پلیے --- لوکے --- پریشان نہ ہو بیٹیوں کو ایسے نہیں کہتے --- رحمت ہوتی یہ اللہ بڑا کارساز

۔۔۔۔۔۔رکشے والا شائی د اپنی بیوی سے بات کر رہا تھا

اچھا۔۔۔اچھا میں آ رہا ہوں۔۔۔پریشان نہ ہو کرتا ہوں کچھ۔۔۔۔۔۔۔رکشے والے نے اپنی بیوی کو تسلی دی تھی۔۔

پریشان سی حالت میں اس نے فون بند کیا تھا

کیا ہوا آپکی بیٹی کو۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے دھیمے سے لہجے میں پوچھا تھا۔۔۔

کچھ نیں۔۔۔جی باجی جی۔۔۔شادی ہے وڈی بیٹی کی۔۔۔بس بڈھی پریشان ہے کچھ۔۔۔۔۔۔۔رکشے والے نے اپنے کندھے پر ڈالے کپڑے سے اپنا ماتھا صاف کیا تھا۔۔۔

روزگار بھی ایسا ہے۔۔۔۔۔۔۔وہ روہانسا ہوا تھا پھر رکشہ چل پڑا تھا۔۔۔

مارکیٹ میں ان کی مطلوبہ جگہ پر رکشہ رکا تھا ماہوین رکشے سے اتر کر بیگ میں سے کچھ نکالنے لگی تھی ۔۔۔

بات سنو۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے پیسے رکشے والے کی طرف بڑھاتے ہوئے کہا

جی۔۔۔۔۔۔۔رکشے والے نے حیرت سے دیکھا تھا

یہ رکھ لو۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے زبردستی سارے پیسے رکشے والے کو تھما دیے تھے۔۔۔

وہ اتنے سارے پیسے دیکھ کر رو دیا تھا پھر دعائیں دینے لگا تھا۔۔۔

ماہوین خاموشی سے آگے بڑھ گئی تھی چہرے پر سکون تھا۔۔۔

ماہوین۔۔۔ساری پے دے دی۔۔۔۔۔۔۔حنا نے حیرت سے کہا تھا

بہت کم ہو گی نا یار اس کے لیے۔۔۔نمبر لینا چاہیے تھا اس کا۔۔۔ذہن میں ہی نہ رہا۔۔۔ماہوین نے ماتھے پر ہاتھ مارا تھا۔۔۔

اور حنا حیرت زدہ سی اسے بس دیکھتے ہی رہ گئی تھی ۔۔۔

کیسی ہو۔۔۔زویا نے خوشگوار موڈ میں کہا تھا۔۔۔

میں ٹھیک ہوں تم کیسی ہو۔۔۔...فون کو دوسرے ہاتھ میں دے کر کان سے لگا کر اس نے کہا تھا۔۔۔
انداز مصروف سا تھا۔۔۔

آفس کے آخری کام نمٹاتے ہوئے وہ کسی فائل کو تلاش کرنے میں سرگرداں تھی۔۔۔اس ملٹی نیشنل کمپنی میں اسے کام کرتے ہوئے سات ماہ گزر چکے تھے۔۔۔جاب کرنا اس شوق میں شامل نہیں تھا لیکن اپنے آپ کو مصروف رکھنا بہت ضروری تھا۔۔۔

میں ٹھیک۔۔۔۔۔۔زویا نے اپنی چہکتی ہوئی مخصوص آواز میں کہا تھا۔۔۔

ماہوین میرا ایک کزن ہے۔۔۔زویا نے جھجکتے ہوئے بات کو شروع کیا تھا۔۔۔

ایکچولی اس نے تمہیں پکس میں میرے ساتھ دیکھا۔۔۔اسے تم بہت اچھی لگی وہ رشتہ بھجوانا چاہتا ہے ۔۔۔۔۔۔زویا نے دوستانہ انداز میں اسے رکتے رکتے کہا تھا۔۔۔

زویا میں شادی نہیں کرنا چاہتی اب کبھی بھی۔۔۔۔۔۔ماہوین نے گہری سانس لے کر کہا وہ کسی فائل پر جھکی ہوئی تھی۔۔۔

اچھا بس کرو تم اب۔۔۔کیوں نہیں کرو گی شادی بھلا آئی بڑی میں رشتہ لے کر آوں گی تم نے جو کرنا ہے وہ کر لینا۔۔۔۔۔۔زویا نے خفگی بھرے لہجے میں کہا۔۔۔

پلیز۔۔زویا بات کو سمجھا کرو ابھی میں کسی کو بھی ذہنی طور پر ایکسپٹ نہیں کر سکتی ہوں۔۔۔۔۔۔ٹھہرے سے لہجے میں کہتے ہوئے ماہوین نے اپنے آپ کو کرسی کی پشت پر گرایا تھا جبکہ قلم ہاتھ میں دائیں بائیں جھول رہا تھا۔۔۔

تو جناب وہ آپ کب کریں گی ایکسپٹ۔۔۔۔۔۔زویا نے دانت پیس کر پوچھا تھا۔۔۔

پتہ نہیں ابھی تو کچھ نہیں کہہ سکتی میں۔۔۔۔۔۔پن کو ٹیبل پر رکھ کر اب وہ ایک ہاتھ سے اپنا بیگ اٹھا

رہی تھی۔۔۔۔

ماہوین۔۔۔۔۔زویا نے اس کے نام کو ڈانٹنے کے انداز میں لمبا کھینچتے ہوئے لیا تھا۔۔۔

زویا پلیز۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے اب کی بار تھوڑا چڑ کر کہا تھا۔۔۔

وہ واقعی شادی سے اب کوسوں دور بھاگنے لگی تھی۔۔۔ارحم کی یاد کی چبھن سے نکلنا اتنا آسان نہیں تھا ۔۔۔وہ اپنی دلکشی کی وجہ سے آفس میں بھی بہت سے کنوارے دلوں کو بھا گئی تھی ایک دو نے تو رشتہ بھیجنے جیسی جسارت کرنے کی کوشش میں اس سے بات بھی کی تھی۔۔۔ لیکن وہ اپنے رویے کو اتنا سخت بنا چکی تھی کہ کوئی زیادہ دیر اس کے پاس ٹکتا ہی نہیں تھا۔۔۔۔۔ ایک شازر نامی اس کا کولیگ کافی دیر تک اس کے پیچھے پڑا رہا تھا جس پر اس نے اسے سختی سے کہا تھا وہ شادی کرنا ہی نہیں چاہتی ۔۔۔ تب اسے خود کو بھی معلوم ہوا۔۔کہ وہ اب شادی کے نام سے چڑنے لگی تھی۔۔۔ جبکہ جہانزیب اور مدیحہ اس کے اچھے رشتے کی تلاش میں مسلسل دوڑ دھوپ کر رہے تھے۔۔۔

ماتھے پر بل ڈالے اس نے زویا کو بولتا چھوڑ کر اس کی کال کاٹ دی تھی۔۔۔

****

سیم وزر کی کوئی تنویر نہیں چاہتی میں
کسی شہزادی سی تقدیر نہیں چاہتی میں

مکتبِ عشق سے وابستہ ہوں کافی ہے مجھے
دادِ غالب، سندِ میر نہیں چاہتی میں

فیض یابی تری صحبت ہی سے ملتی ہے مجھے
کب ترے عشق کی تاثیر نہیں چاہتی میں

قید اب وصل کے زنداں میں تو کر لے مجھ کو
یہ ترے ہجر کی زنجیر نہیں چاہتی میں

مجھ کو اتنی بھی نہ سکھلا تُو نشانہ بازی
تجھ پہ چل جائے مرا تیر نہیں چاہتی میں

اب تو آتا نہیں عنبر وہ کبھی سپنے میں
اب کسی خواب کی تعبیر نہیں چاہتی میں

-

آج پھر احان سکندر فیس بک کے فرینڈ سیجیشن میں منظرِ عام پر تھا۔۔۔ وہ ٹانگوں کو کراس شکل میں دے کر اپنے بستر پر نیم دراز تھی۔۔۔ وہ ہر روز رات کو یوں ہی جاگتی رہتی تھی اور موبائل پر فیس بک پر اپنے آپ کو مصروف رکھ کر وہ خود کو کسی دلدل سے باہر نکالنے کے لیے کوشاں رہتی تھی ۔۔۔ ارحم کو اسے چھوڑے ہوئے دو سال کا عرصہ تو بیتنے کو تھا ۔۔۔ گھر میں وقار کا بیٹا آ جانے کی وجہ سے وہ کچھ اور بہل گئی تھی ۔۔۔ آفس سے گھر آ کر اب وہ اس میں لگی رہتی تھی ۔۔۔ حنا کے ساتھ باہر نکل جاتی تھی ۔۔۔ نازلین نے شادی کے بعد اسے اپنے نئے فیس

بک اکاؤنٹ دوست بنایا تھا جب سے تب سے احان سکندر اسے سیجیشن فرینڈ لسٹ میں نظر آ جاتا تھا۔۔۔اور آج بلاوجہ ہی انگلیاں بے ساختہ اس کی پروفائل کو کھول گئی تھیں ۔۔۔۔اس نے دبئی کے مختلف مقامات کے مناظر کو تصاویر میں قید کر رکھا تھا۔۔۔۔ ۔۔۔۔۔ کافی دیر اس کی پروفائل کو بلاوجہ سٹاک کرنے کے بعد وہ اسے ایک طرف رکھ چکی تھی ۔۔۔۔

****

آلارم کی آواز پر اس نے اپنا مضبوط ہاتھ بڑھا کر بیڈ کی ایک طرف پڑے چھوٹے سے میز سے اپنا موبائل اٹھایا تھا۔۔۔۔

آنکھیں ملتا انگڑائی لیتا وہ اٹھ کر بیٹھ چکا تھا۔۔۔اور اب اپنے روز کے معمول کے مطابق وہ موبائل کے پیغام اور فیس بک نوٹیفیکشن چیک کر رہا تھا۔۔۔جب اچانک اس کے موبائل پر چلتے ہاتھ جامد ہوئے تھے۔۔۔۔

ماہوین جہانزیب نے اسے فیس بک پر فرینڈ ریکوسٹ بھیجی ہوئی تھی ۔۔۔دل کی دھڑکن بے ساختہ ہی تیز ہو گئی تھی ۔۔۔اور لمحہ بھر کی بھی دیر کیے بنا وہ اس کی ریکوسٹ کو قبول کر چکا تھا۔۔۔

اُف۔۔۔۔جاتے ہی سب سے پہلے وہ اس کی تصاویر کی طرف لپکا تھا۔۔۔وہ کیا تھی۔۔۔غضب۔۔۔ تھی۔۔۔ہزاروں لڑکیاں زندگی میں آئی یں۔۔۔ پر جو بجلی سی اس لڑکی کی وجہ سے دل میں کوند جاتی تھی ویسا تو کبھی نہیں ہوا تھا۔۔۔

" کسی بہت بڑے بزنس میں کو پھنسا رکھا ہے۔۔۔وہ شادی کرنا چاہتا ہے اس سے۔۔۔"

سمیعہ کی آواز کانوں میں گونجی تھی۔۔۔اور دل ایک دم سے عجیب لے سے دھڑکنا بند ہوا تھا۔۔۔وہ اسے کتنا تلاش کرتا تھا فیس بک پر۔۔۔۔۔پر وہ شائد تھی نہیں اور آج اس کی ریکوسٹ دیکھ کر

ایک عجیب سی خوشی محسوس ہوئی تھی ۔۔۔ یہ وہ واحد لڑکی تھی جس کو بچپن سے جاننے کے باوجود اس نے کبھی اس سے بات نہیں کی تھی ایک عجیب سا طلسم تھا جو طاری ہو جاتا تھا۔۔۔وہ خود کو احمرین کی مہندی کی رات سے لے کر اب تک اس طلسم سے باہر نہیں لا پایا تھا۔۔۔ہزار کوششیں کی تھیں۔۔۔پر بے سود تھا سب ۔۔۔۔وہ دل کے ہی کسی نہاں خانے میں برسوں سے براجمان تھی ۔۔۔ دل کی سلطنت سنبھالنے کے لیے کتنی جنگیں وہ لڑ چکی تھی ۔۔۔ جسے وہ اپنی نام نہاد سوچوں کے زیر اثر اسے ہرا چکا تھا۔۔۔۔

بے ساختہ وہ اسے پیغام بھیج رہا تھا۔۔۔۔۔۔

****

کیسی ہیں آپ۔۔۔۔۔۔۔۔۔فیس بک پر احان سکندر کے پیغام کو دیکھ کر وہ کچھ دیر کے لیے ساکن سی ہو ئی تھی ۔۔۔

کل رات ہی اس نے اسے فرینڈ ریکوسٹ بھیجی تھی ۔۔۔۔۔اور آج صبح وہ جب آفس کے لیے تیار ہو رہی تھی تو اس کا پیغام سکرین پر چمک رہا تھا۔۔۔افففف۔۔۔رات کی گئی بیوقوفی کا اب اندازہ ہوا ۔۔۔۔ اس نے اگر یہ کہہ دیا کہ مجھے کیوں آپ نے دوستی کی ریکوسٹ بھیجی تو کیا کہوں گی میں اف کتنا پاگل پن کیا رات کیا ضرورت تھی ایسا کرنے کی ۔۔۔۔۔۔اپنے حواسوں کو بحال کرتے ہوئے وہ پیغام کا جواب ٹائپ کر رہی تھی ۔۔۔

ٹھیک۔۔۔آپ کیسے ہیں ۔۔۔۔۔۔ماہوین نے برش کو ایک طرف رکھا تھا جو وہ بالوں میں پھیر رہی تھی۔۔۔

جی۔۔۔ ٹھیک۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین کے فوراً جواب نے دل کو پھر سے دھڑکنے پر مجبور کر دیا تھا۔۔۔

احان کا مختصر سا جواب سکرین پر ابھرا تھا۔۔۔وہ اتنی دیر میں بالوں کو کنگھی کرنے کے بعد کندھوں پر بکھرا چکی تھی۔۔۔جلدی سے فون اٹھایا جو وہ بیڈ پر رکھ چکی تھی۔۔۔

وہ۔۔ سیچیشن میں آرہے تھے آپ۔۔۔۔

ماہوین بری طرح لب کچل رہی تھی۔۔۔۔اسے بچپن سے جاننے کے باوجود وہ آج پہلی دفعہ اس سے یوں بات کر رہی تھی۔۔۔۔جلدی سے موبائل بیگ میں رکھا کیونکہ نیچے کمپنی کی وین آ چکی تھی۔۔۔۔

اوہ۔۔۔اچھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جواب لکھتے ہوئے احان کے لب بے اختیار مسکرا دیے تھے۔۔۔

اس کے دل میں کیا آیا جو اس نے دوستی کی ریکوسٹ بھیج دی وہ تو اسے بلا کی مغرور اور نک چڑھی حسینہ سمجھتا تھا۔۔۔

پھر مختصر سا جواب تھا۔۔۔۔۔۔۔وہ بس کی سیٹ سے ٹیک لگائے بیٹھی تھی۔۔۔۔اور جواب آتے ہی تیزی سے موبائل سے فون نکالا تھا۔۔۔

کیسی جا رہی آپکی جاب۔۔۔۔۔۔

ماہوین نے بات کو تھوڑا سا آگے بڑھا کر اپنی شرمندگی کو کم کرنا چاہا تھا۔۔۔

بہت اچھی۔۔۔آپ سنائیں۔۔۔انکل کیسے ہیں۔۔۔۔۔۔احان بڑے آرام سے جاگنگ کرنے کا منصوبہ رد کر چکا تھا اور اب بستر پر ٹانگیں اور پسارے مزے سے مسیج ٹائپ کر رہا تھا۔۔۔۔

اس کا جواب فورا فورا آ رہا تھا۔۔۔۔۔۔ماہوین نے سکھ کا سانس لیا تھا اس نے کچھ بھی ایسا نہیں کہا تھا جیسا وہ سوچ رہی تھی۔۔۔

بابا۔۔۔ٹھیک ہیں۔۔۔

ماہوین نے بھی مختصر لکھا تھا۔۔۔

شیراز اور وقار بھائی ۔۔۔ ۔۔۔۔ دل چاہ رہا تھا وہ بات کرتی رہی۔۔۔پتہ تھا وہ کسی اور کی ہے بہت جلد اس سے شادی بھی ہونے والی ہو گی پر پتہ نہیں کیوں دل چاہ رہا تھا بس وہ یوں بات کرتی رہے اس سے۔۔۔

اگلا پیغام۔۔۔وہ بس کی کھڑکی سے باہر دیکھ رہی تھی۔۔۔ گود میں دھرے موبائل پر بل ہوئی تھی ۔۔۔

جی ٹھیک ہیں۔۔۔۔۔۔۔

ماہوین نے پھر سے مختصر جواب دیا تھا۔۔۔

اوکے۔۔۔۔۔۔۔احان سکندر کے اس جواب کے بعد اس نے کوئی جواب نہیں لکھا تھا۔۔۔۔ ۔۔۔۔

آفس پہنچ چکی تھی موبائل کو بیگ میں رکھتے وہ آفس کے داخلی دروازے کی طرف بڑھ رہی تھی۔۔۔

****

نائس پک۔۔۔۔۔احان کے مسیج کو دیکھ کر وہ دھیرے سے مسکرائی تھی ۔۔۔

موبائل ہاتھ میں لیے وہ ٹی وی کے سامنے بیٹھی تھی ۔۔۔آدھی رات تک ٹی وی دیکھنا اور موبائل استعمال کرنا اب اس کی روٹین میں شامل ہو چکا تھا۔۔۔ کل کمپنی کے ڈنر پر وہ سیاہ رنگ کے جوڑے میں لی۔گ ئی پکس کو اپنی فیس بک پر لگا چکی تھی اب احان نے پرسنل مسیج میں اس کی تصویر پر کمنٹ کیا تھا۔۔۔17

تھنکیو۔۔۔۔۔۔ماہوین نے مختصر جواب لکھ کر آنکھیں پھر سے سامنے لگے ٹی وی سکرین پر جما دی تھیں۔۔۔اور موبائل کو اپنے ایک طرف صوفے پر رکھ چھوڑا تھا۔۔۔

وہ آفس سے نکل کر ابھی گھر پہنچا تھا۔۔۔بستر پر لیٹ کر فیس بک کو کھولا تھا پھر سے اس پر ماہوین کی تصویر نے طلسم پھونک دیا تھا۔۔۔وہ سیاہ رنگ کے جوڑے میں سرخ رنگ کی لالی کو بھرے بھرے لبوں پر مزین کیے قاتل مسکراہٹ سمیت کسی فنکشن میں کھڑی تھی۔۔۔بے ارادہ وہ اس کی تصویر کو بڑا کرتا ہوا اس کے چہرے کے تمام نقوش کو اپنی انگلی کی پور سے چھو رہا تھا۔۔۔اور پھر اس کی تصویر کے نیچے کوئی بھی تعریفی کلمات لکھنے کے بجائے وہ اسے انباکس پیغام بھیج چکا تھا۔۔۔اسے اتنی جلدی جوابی پیغام کی توقع نہیں تھی جتنی جلدی جواب آیا تھا۔۔۔وہ تین دن سے اس کی فیس بک فرینڈ میں شامل تھی ہر دفعہ جب اسے آن لائن دیکھتا تو دل بلاوجہ اسے مسیج کرنے کو چاہنے لگتا جس چاہت کو تین دن سے بری طرح جھٹک رہا تھا۔۔۔لیکن آج اس کی تصویر نے سارے حواس شل کر دیے تھے۔۔۔اور وہ اسے پیغام بھیج چکا تھا۔۔۔

کیسی ہیں آپ۔۔۔۔۔۔۔۔۔اگلا مسیج لکھ کر وہ سینے پر موبائل رکھے اب بے چینی سے اس کے جواب کا انتظار کر رہا تھا۔۔۔

اگلا مسیج پھر سے آیا تھا وہ جو لاپرواہ سی ٹی وی میں کھوئی بیٹھی تھی مصروف سے انداز میں موبائل اٹھایا اور جواب ٹائپ کیا۔۔۔

ٹھیک ہوں آپ کیسے ہیں۔۔۔۔۔۔۔

آگیا۔۔۔وہ جو ٹانگیں ہلا کر اس کے جواب کا انتظار کر رہا تھا جلدی سے موبائل سکرین کھولی۔۔۔

میں بھی ٹھیک۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔آپکی شادی کب ہے۔۔۔۔۔۔۔دل میں اٹھنے والے سوال کو وہ ٹائپ کرنے سے روک ہی نہیں پایا تھا۔۔۔

مسیج پڑھ کر ماہوین کی بھنویں اچک گئی تھیں۔۔۔

میری شادی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے حیرانگی والی شکل کے ساتھ جواب لکھا۔۔۔

آئی یں ۔۔۔ یہ تو ایسے ریکٹ کر رہی جیسے کوئی انوکھا سوال داغ بیٹھا ہوں ۔۔۔۔

جی آپکی ۔۔۔ سنا تھا امی اور نازلین سے ۔۔۔۔۔۔ اگلا مسیج لکھ کر اب وہ سکرین بند کیے بے چینی سے اس کے جواب کا منتظر تھا ۔۔۔

جی میری کوئی شادی نہیں ہونے والی تھی نہ ہو رہی ہے ۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے لب بھینچ کر جواب لکھا تھا ۔۔۔

کیا ۔۔۔ موبائل نیچے گر کر چہرے پر لگا تھا ۔۔۔ احان ایک دم سے اچھل کر بیٹھ چکا تھا ۔۔۔

اوہ ۔۔۔ تو وہ ارحم حسن ۔۔۔۔۔۔ ایک ہاتھ سے اپنا چہرہ سہلاتے ہوئے دوسرے ہاتھ سے دل کی تیز ہوتی رفتار کے ساتھ وہ مسیج ٹائپ کر رہا تھا ۔۔۔

آپکو ۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے مسیج ٹائپ کرنا شروع کیا تھا دل میں تو یہ تھا کہ اس سے پوچھ لے کہ اسے کس نے بتایا ہے ۔۔۔ لیکن پھر مسیج کو مٹانے کے بعد وہ اگلا مسیج ٹائپ کر رہی تھی ۔۔۔۔ جی ۔۔۔ ان کی شادی ہو چکی ہے ۔۔۔۔۔۔ مسیج لکھنے کے بعد اب ماہوین نے موبائل کو ہاتھ میں رکھا ہوا تھا ۔۔۔

حیرت سے آنکھیں پھٹ رہی تھیں ۔۔۔ افف کس کس کو پتہ تھا ارحم کا کہاں کہاں تک یہ قصہ پہنچا ہوا تھا ۔۔۔ عجیب سی شرمندگی ہو رہی تھی ۔۔۔۔

کیا ۔۔۔۔ احان کی حیرت سے آنکھیں ششدد تھی تو دل الٹی قلابازیاں لگانے میں مصروف ہو گیا تھا ۔۔۔۔

اوہ اچھا ۔۔۔۔۔۔۔۔ دل کے اندر پھوٹتے لڈو کے برعکس احان نے مسیج افسوس والا ٹائپ کیا تھا ۔۔۔

اور آپکی شادی کب ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے اس پر بھی وہی سوال داغ دیا تھا۔۔۔
ذہن میں اس کی گہری محبت کے قصے گونج رہے تھے جو سمیعہ کی زبانی وہ سن چکی تھی جب وہ ان کے گھر آئی تھیں ۔۔۔

آئی یں۔۔۔۔ اس کو کیا ہو گیا میری کونسی شادی ۔۔۔احان نے بھنویں اچکائی تھیں ۔۔۔۔

میری شادی۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے بلکل وہی جواب دیا تھا جو پہلے ماہوین نے دیا تھا۔۔۔

جی آپکی۔۔۔آئی تھنک ۔۔۔انگیج تھے آپ۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین اب کچھ دلچسپی سے اس کے ساتھ بات کر رہی تھی۔۔۔

جی نہیں۔۔۔ میں کبھی انگیج نہیں تھا اس سے۔۔۔۔ وہ کسی اور کے ساتھ انگیج ہونے کے بعد رخصت ہو چکی ہے۔۔۔۔۔۔احان نے سنجیدہ سے چہرے کے ساتھ مسیج ٹائپ کیا تھا ۔۔۔

اوہ اچھا۔۔۔۔افسوس ہوا سن کر۔۔۔۔۔۔۔ماہوین کو واقعی افسوس ہوا تھا۔۔۔اسے اندازہ تھا اب جب آپ کسی سے بہت محبت کرو اور وہ آپکو چھوڑ دے تو وہ تکلیف کتنی بری ہوتی ہے۔۔۔

ہمم۔۔۔۔بس غلطی ہی تھی کوئی ۔۔۔۔۔۔۔ احان نے جواب لکھا تھا ۔۔۔

ماہوین جواب پڑھ کر ساکت سی ہو گئی تھی ۔۔۔ہاں غلطی۔۔۔ سہی کہہ رہا تھا وہ۔۔۔ارحم حسن اس کی بھی تو غلطی ہی تھا۔۔۔اس کے بعد وہ احان کو کوئی جواب نہیں لکھ سکی تھی ۔۔۔

وہ سینے پر موبائل رکھے اس کے جواب کا انتظار کرتے ہوئے کب نیند کی آغوش میں گیا خبر نہ ہوئی تھی ۔۔۔۔

لیکن صبح اٹھتے ہی اس نے پہلا مسیج ماہوین کو کیا تھا۔۔۔اور پھر یہ سلسلہ چل ہی نکلا تھا۔۔۔ماہوین پہلے پہل تو بہت کم اس کے مسیج کا جواب دیتی پھر آہستہ آہستہ۔۔۔وہ بھی اس کی تصاویر کی تعریف اسے انباکس کرنے لگے تھی۔۔۔۔۔

تم رونا تو بند کرو کچھ نہیں ہو گا بابا کو۔۔۔ وقار نے جھاڑنے کے سے انداز میں سامنے کھڑی ماہوین سے کہا تھا۔۔۔

وہ جہانزیب کے کمرے میں موجود بیڈ پر ان کے پاؤں کے قریب بیٹھی رو رہی تھی ۔۔۔ جہانزیب کو بائی پاس کے لیے لاہور لے کر جا رہے تھے ۔۔۔ ماہوین کا رو رو کر برا حال تھا ۔۔۔ جہانزیب کو ڈاکٹر نے اچانک ہی بائی پاس کا کہہ دیا تھا جس پر گھر کے سب افراد ہل کر رہ گئے تھے ۔۔۔اور ماہوین سب سے زیادہ پریشان ہو رہی تھی ۔۔۔

وقار میں ساتھ جاؤں گی ۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے ہاتھ کی پشت سے آنسو صاف کرتے ہوئے روہانسی آواز میں کہا تھا ۔۔۔

پاگل ہو گیا گھر رہو جاب سے لیو ملے گی کیا۔۔۔۔۔ وقار نے کمر پر ہاتھ دھر کر دوٹوک انداز میں منع کر دیا تھا۔۔۔

تو نہ ملے چھوڑ دیتی ہوں جاب بابا سے بڑھ کر کچھ بھی نہیں ۔۔۔ماہوین نے روتے ہوئے کہا تھا

شیراز بھی ہے لاہور اور میں بھی ہوں۔۔۔۔۔۔ وقار نے ماتھے پر بل ڈال کر کہا تھا۔۔۔

وہ لوگ شام تک لاہور کے لیے روانہ ہو رہے تھے اور ماہوین نے ضد لگا رکھی تھی وہ بابا کے ساتھ ہی رہے گی جبکہ وقار اس بات پر رضامند نہیں ہو رہا تھا۔۔۔

نہیں ۔۔۔ مجھے ساتھ جانا بابا اس سے بولیں نہ اسے کیا مسئلہ ہے ۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے روہانسی شکل بنا کر جہانزیب کی طرف دیکھا تھا۔۔۔

وقار ماہوین ساتھ جائے گی۔۔۔۔۔۔ جہانزیب نے نقاہت بھری آواز میں کہتے ہوئے وقار کی طرف حکمانہ انداز میں دیکھا تھا

اور پھر ایسا ہی ہوا تھا وہ لاہور ساتھ ہی گئی تھی ۔۔۔ وقار کا بائی پاس کامیاب ہوا تھا ۔۔۔ انھیں

اب ہوش آگیا تھا۔۔۔ماہوین کے سب دوستوں نے ایک فیمیلی کی طرح ان کا خیال رکھا تھا۔۔۔سب دوستوں کے جانے کے بعد وہ جہانزیب کے بیڈ کے پاس لگے میز کو صاف کر رہی تھی۔۔۔

ماہوین میرے پاس آؤ۔۔۔۔۔۔۔ جہانزیب نے نقاہت بھری مدھم سی آواز میں ماہوین کو بلایا تھا

جی بابا۔۔۔۔۔۔۔وہ سب کام چھوڑ کر ان کے پاس لگے سٹول پر بیٹھ گ ئی تھی

ماہوین اپنی ضد چھوڑ دو۔۔۔مجھے جلد از جلد تمھاری شادی کرنی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔جہانزیب نے اپنے کانپتے ہاتھوں میں اس کے ہاتھوں کو لیا تھا۔۔۔۔۔

بابا۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے التجائی انداز میں دیکھا تھا۔۔۔۔

کچھ نہیں سنوں گا اب میں بس۔۔۔۔۔۔۔۔۔جہانزیب نے اپنے منہ پر انگلی رکھتے ہوئے کہا ان کی آنکھوں میں آنسو تیر رہے تھے۔۔۔

اگر تمہیں مجھ سے پیار ہے تو اب جو بھی رشتہ میں فائی نل کروں گا تمھارے لیے تمہیں وہاں شادی کرنی ہو گی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ روہانسی آواز میں گویا ہوئے ۔۔۔

بابا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے روہانسی صورت بنا کر التجا کے انداز میں دیکھا تھا

وہ شادی نہیں کرنا چاہتی تھی کبھی بھی نہیں کرنا چاہتی تھی۔۔۔ لیکن آج بابا اسے اس کی ضد ختم کرنے کا کہہ رہے تھے۔۔۔

ماہی۔۔۔۔بیٹا۔۔۔۔۔۔۔۔جہانزیب نے ایک دم سے اس کے آگے اپنے دونوں ہاتھ جوڑے تھے۔۔۔۔

بابا۔۔۔۔۔۔ایسا کیوں کر رہے آپ۔۔۔۔پلیز۔۔۔ایسا مت کریں۔۔۔۔ماہوین نے ایک دم سے جہانزیب کے ہاتھوں پر اپنے لب رکھ دیے تھے آنسو نکل کر ان کی ہتھیلی میں جذب ہوئے تھے۔۔۔

آپ رشتہ دیکھیں میرا۔۔۔۔۔۔۔ جھکے چہرے کو اٹھا کر اس نے پر عزم انداز میں کہا تھا۔۔

جہانزیب مسکرا دیے تھے۔۔۔اور جیسے ہی ماہوین نے ان کی مسکراہٹ پر پر سکون ہو کر آنکھوں کو بند کیا تھا۔۔احان سکندر کا چہرہ ایک دم سے آنکھوں کے آگے لہرا گیا تھا۔۔۔وہ سٹپٹا گئی تھی ۔۔۔ بھلا اس لمحے وہ اس کو کیوں نظر آیا تھا ۔۔۔ عجیب سا احساس ہوا تھا۔۔۔اس نے جہانزیب کے آپریشن کے وقت فیس بک پر ان کی دعا کہ لیے ایک پوسٹ لگائی تھی ۔۔۔ دو دن ہو چکے تھے ۔۔۔ کتنے ہی لوگ کمنٹس کر چکے تھے فون کر کے جہانزیب کی خیریت لے رہے تھے لیکن احان کی کوئی کال یا مسیج نہیں آیا تھا ۔۔۔ ویسے تو اکثر تین یا چار دن بعد اس کا مسیج آجاتا تھا اس کی مختلف پوسٹ پر کمنٹ کرنے کے بجائے وہ اسے پرسنل مسیج کرتا تھا۔۔ لیکن اس دفعہ کوئی مسیج نہیں آیا تھا دو دن سے ۔۔۔ پتہ نہیں کیوں لیکن وہ ساری رات احان کے بارے میں سوچتی رہی اس کی تصاویر دیکھتی رہی ۔۔۔ اسے وہ عجیب طرح سے اچھا لگنے لگا تھا۔۔۔اچھا تو وہ اسے بچپن سے ہی لگا تھا پر اب عجیب سا تھا کچھ ۔۔۔ جسے وہ ساری رات سلجھاتی رہی تھی ۔۔۔پہلی دفعہ ایسا ہوا تھا کہ اس نے پوری رات میں ایک دفعہ بھی ارحم حسن کے بارے میں نہیں سوچا تھا۔۔۔

****

کیسی ہیں آپ۔۔۔۔۔۔۔احان نے مسیج ٹائپ کیا تھا ۔۔آج پورے ہفتے بعد وہ اسے مسیج کر رہا تھا ۔۔۔

آفس آج کتنے دن بعد ایک پر سکون دن تھا جب کام کم تھا اور جیسے ہی آج فرصت ملی تھی ایک دم سے وہ آن لائن دکھی اور وہ بے اختیار ہو کر اسے مسیج کر چکا تھا

اللہ کا شکر ہے۔۔۔۔ ویسے میرے خیال سے کسی اور کا بھی پوچھنا چاہیے آپکو۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے

شکوہ بھرا جواب دیا تھا۔۔۔

ایک نظر سامنے ہاسپٹل کے بیڈ پر آنکھیں موندے نیم دراز جہانزیب کو دیکھا اور موبائل کو اپنی گود میں دھر لیا تھا۔۔۔

ماہوین کے جواب پر اس کی بھنویں مخصوص انداز میں اوپر ہوئی تھیں۔۔۔

جی۔۔۔ سمجھا نہیں۔۔۔۔۔احان نے الجھن کے انداز میں لکھا تھا

میرے بابا والی پوسٹ آپ نے پڑھی ہی ہوگی۔۔۔ لیکن افسوس آپ نے ان کی خیریت کے بارے میں کچھ نہیں پوچھا مجھ سے۔۔۔آپ کے بابا کے بہت اچھے دوست تھے وہ۔۔۔ماہوین نے ماتھے پر بل ڈال کر شکوے سے بھرا مسیج ٹائپ کیا تھا۔۔۔

احان نے ایک دم سے مسکرا کر اس کے شکوے بھرے مسیج کو پڑھا تھا۔۔۔کتنا اچھا لگا تھا اسکا یوں شکوہ کرنا۔۔۔مطلب اس نے میرے بارے میں سوچا۔۔۔اوہ۔۔۔اسے خوشی ہو رہی تھی مسکراہٹ دباتے ہوئے وہ مسیج ٹائپ کر رہا تھا۔۔۔

اوہ۔۔۔معافی مل سکتی ہے کیا۔۔۔بہت مصروف تھا۔۔۔پوسٹ پڑھی تھی لیکن سچ بتاؤں سوچا تھا کال کروں۔۔۔ پر۔۔۔۔۔۔۔ مسیج ادھورا چھوڑ کر اب وہ بے چینی سے کرسی پر جھول رہا تھا۔۔۔ لب مسکرا رہے تھے۔۔۔ دل میں گدگدی سی ہوئی تھی۔۔۔

اٹس اوکے۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین کو اس کے مسیج پر ایک دم سے ریڑھ کی ہڈی میں سنسناہٹ محسوس ہوئی تھی۔۔۔

غصہ کم ہوا۔۔۔۔۔۔۔احان نے لبوں پر جان لیوا مسکراہٹ سجائے لکھا تھا۔۔۔۔

جی۔۔۔غصہ۔۔۔وہ ایکچولی بابا سے بہت محبت ہے مجھے تو میں۔۔۔مجھے ایسے نہیں کہنا چاہیے تھا آپکو۔۔۔۔۔۔۔ماہوین کو اس کی بے تکلفی اچھی لگ رہی تھی سمجھ نہیں آ رہا تھا اس کو کیا لکھے لبوں کو

کچلتے وہ آئی یں بائی یں شائی یں کر گ ئی تھی ۔۔۔

مجھے اچھا لگا آپکا گلِا کرنا سچ میں ۔۔۔۔۔۔احان نے بھرپور مسکراہٹ سجائے لکھا تھا۔۔۔

مجھے وہ۔۔۔ایکچلوی سب نے پوچھا تھا سوائے آپکے۔۔۔ تو ایسے ہی بس کہہ گ ئی ۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین کے دل میں گدگدی سی ہوئی تھی ۔۔۔ مسیج ٹائپ کرتے ہوئے لب مسکرا دیے تھے ۔۔۔

مجھے بلکل برا نہیں لگا۔۔انفیکٹ اچھا لگا مجھے ۔۔۔۔۔۔احان مسکرا رہا تھا۔۔۔

جتنے دن ماہوین وہاں لاہور میں رہی دونوں میں بات چیت ہونے لگی تھی ۔۔۔اسے احان کا یوں توجہ دینا اچھا لگنے لگا تھا۔۔۔

****

ماہی۔۔۔ سیدھے طریقے سے جہاں رشتہ ہو رہا شادی کرو نہ۔۔۔۔۔۔زویا نے ڈانٹنے کے انداز میں کہا تھا۔۔۔

کیسے کروں سیدھے طریقے سے۔۔۔ کوئی بھی سیدھا کام اٹریکٹ نہیں کرتا مجھے۔۔۔ ماہوین نے بے زاری سے کہا تھا۔۔۔

وہ فون کان کو لگائے گھر کی چھت پر ٹہل رہی تھی ۔۔۔

وہ زویا کو احان کے بارے میں اور اس کے لیے اس کے دل میں اٹھنے والی محسوسات کے بارے میں بتا رہی تھی ۔۔۔

مجھے وہ اچھا لگنے لگا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے الجھتے ہوئے آسمان کی طرف دیکھا تھا۔۔۔

جبکہ تم جانتی ہو اسے تم میں کوئی انٹرسٹ نہیں ہی نہ۔۔۔۔۔۔۔ زویا نے دانت پیس کر کہا تھا

ہاں مجھے یہی لگتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔اپنے ہاتھوں کے ناخنوں کو ایک دوسرے میں پھنسا کر ان کی طرف دیکھتے ہوئے ماہوین نے روہانسی سی آواز میں کہا تھا۔۔۔

تو کیوں کر رہی ہو ایسا۔۔۔۔۔۔۔۔۔زویا کا ہنوز وہی انداز تھا۔۔۔

خود بخود ہو رہا۔۔۔یہ سب۔۔۔میرے بس میں کچھ بھی نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔بچارگی سے کہا۔۔۔

ماہوین۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زویا نے اس کے نام کو لمبا کھینچا اور گہری سانس خارج کی ایسے جیسے کہہ رہی ہو تمھارا کچھ نہیں ہو سکتا۔۔۔

زویا۔۔۔کیا کروں بچپن سے ہی کچھ عجیب فیلنگز تھیں اس کو لے کر اس کو سوچتی تھی میں جب بھی وہ سامنے آتا تھا۔۔۔ملتا تھا۔۔۔لیکن کبھی محسوس نہیں کر پاتی تھی یہ سب کیوں۔۔۔اب جب اس کا کوئی بھی مسیج آتا ہے ایک عجیب سی خوشی ہوتی ہے مجھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین ایک جزب کے عالم بولے جا رہی تھی ۔۔۔

تو ماہوین وہ تو نہیں کرتا نہ تمہیں لائک بے بی ۔۔۔ خود کو مت الجھاؤ۔۔۔ اور انکل کی بات مان لو۔۔۔۔۔۔ زویا نے اس کی بات کو پھر سے رد کیا تھا۔۔۔

لیکن وہ پھر بھی اسی بات پر سوئی اڑائے بیٹھے تھی ۔۔۔

****

تمھارا دماغ ٹھیک ہے ہر گز نہیں۔۔۔۔۔۔۔سمیعہ نے ساری آنکھیں باہر نکال کر گھور کر لیپ ٹاپ سکرین کو دیکھا تھا۔۔۔

کیوں امی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے حیرانگی سے اور بے چارگی سے دیکھا۔۔۔

وہ اپنے بیڈ پر بیٹھا اپنے لیپ ٹاپ سے سمیعہ کے ساتھ ویڈیو چیٹ کر رہا تھا۔۔۔اور سمیعہ کو ماہوین کے لیے رشتہ بھیجنے کا کہہ رہا تھا۔۔۔اس کو تھوڑا بہت اندازہ ہو گیا تھا کہ ماہوین اس کے بھیجے ہوئے رشتے سے انکار نہیں کرے گی۔۔۔ان کی اب کافی بات چیت ہونے لگی تھی۔۔۔اور ماہوین کی دلچسپی اسے

محسوس ہوتی تھی۔۔۔اس کا فوراًاس کو جواب دینااحان کو بہت کچھ باور کر چکا تھا۔۔۔

مجھے وہ بلکل پسند نہیں اور اس قصے نہیں سنے تم نے۔۔۔ سمیعہ نے غصے سے کہا تھا۔۔۔

امی تو قصے کس کے نہیں ہوتے۔۔۔ میرے نہیں تھے کیا۔۔۔اس میں اس کی کوئی غلطی نہیں تھی۔۔۔ احان نے بے زار سی الجھن بھر

احان۔۔۔ یہ بات آج کی ہے تم نے آج کے بعد ہر گز نہ کرنا۔۔۔ میں

کبھی ماہوین جیسی لڑکی سے اپنے لاڈلے ہونہار بیٹے کی شادی نہیں کروں گی۔۔۔اور تم کن خیالوں میں ہو۔۔۔وہ لڑکی اتنی نک چڑھی ہے کہ وہ کبھی تم سے شادی کرنے کو راضی نہیں ہو گی۔۔۔ سمیعہ کے چہرے پر زمانے بھر کی ناگواری تھی۔۔۔

امی۔۔۔احان نے بے چارگی سے کہا تھا۔۔۔

احان بس۔۔۔۔اس بات پر اب ہم کبھی بحث نہیں کریں گے۔۔۔ سمیعہ نے ہاتھ اوپر کیا تھا۔۔۔۔

احان کا چہرہ ایک دم سے اتر سا گیا تھا۔۔۔

****

ماہوین۔۔۔ پلیز آپ مجھے مسیجز مت کیا کریں۔۔۔دیکھیں ہمارے بیچ کچھ نہیں ہو سکتا کبھی بھی۔۔۔ تو مجھے لگتا ہے ہمیں ایک دوسرے سے بات بھی نہیں کرنی چاہیے۔۔۔آج کے بعد نہ میں آپکو کوئی مسیج کروں گا اور نہ ہی آپ۔۔۔اللہ حافظ۔۔۔

احان کے مسیج پر وہ ایک دم سے لڑکھڑا سی گئی تھی ۔۔۔ دل کیا زمین پھٹے اور وہ اس میں سما جائے ۔۔ احان کو کیا ہوا تھا اس نے ایسا کیوں کہا تھا ۔۔۔۔ دل ایک دم گھٹن کا شکار ہوا تھا ۔۔۔ کتنی تذلیل کا احساس ہوا تھا ۔۔۔دل کیا آسمان نگل لے زمین پھٹے اور وہ اس میں سما جائے ۔۔۔

آفس میں بیٹھنا مشکل ہو گیا تھا وہ جلدی گھر واپس آئی تھی اور پھر جہانزیب کی گود میں سر رکھ کر پھوٹ پھوٹ کر رو دی تھی ۔۔۔۔۔

ماہی۔۔۔۔ مجھے بتاؤ۔۔۔ کیا ہوا ہے ۔۔۔۔۔۔۔ جہانزیب پریشان ہو گئے تھے ۔۔۔

کچھ نہیں بابا بس آفس میں ایسے ہی۔۔۔۔۔۔ باس نے انسلٹ کر دی تھی۔۔۔ ماہوین نے آنسو صاف کر کے جھوٹ بولا تھا۔۔۔

****

اللہ مجھے معاف کر دے۔۔۔۔۔ خدایا۔۔۔ میرے دل کو سکون دے۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے دعا کے لیے ہاتھ اٹھا رکھے تھے۔۔۔۔ وہ تہجد کی نماز ادا کر رہی تھی پھوٹ پھوٹ کر رو دی تھی آج تین ہفتے گزر چکے تھے احان سکندر کا کوئی مسیج نہیں آیا تھا۔۔۔ وہ ٹوٹ چکی تھی ۔۔۔ کیونکہ وہ دل سے جانے کا نام نہیں لے رہا تھا۔۔۔ کیا تھا کچھ بھی سمجھنے سے قاصر تھی وہ ۔۔۔

اللہ۔۔۔۔ میرے دل سے اس کا خیال نکال دے اللہ مجھے سکون دے۔۔۔۔ خدایا۔۔۔۔ میری روح کو سکون دے۔۔۔۔ وہ زور زور سے گڑگڑا رہی تھی۔۔۔۔

اور اگر ایسا نہیں تو۔۔۔ پھر اس کے دل میں مجھے ڈال دے۔۔۔ وہ سجدے میں گر گئی تھی ۔۔۔۔

اللہ۔۔۔۔۔۔ وہ کتنی دیر روتی رہی تھی۔۔۔۔

****

بہت اچھا لگا مجھے تو۔۔۔ مدحیہ نے مسکراتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

شکر ہے اس دفعہ کچھ اچھے لوگ لگے ہر طرح سے۔۔۔ جہانزیب بھی پر سکون تھے۔۔۔

ماہوین کے لیے ایک رشتہ آیا تھا جس پر جہانزیب اور مدحیہ مطمئن تھے۔۔۔۔

شیراز آ رہا ہے اس ہفتے لاہور سے پھر چلتے ہیں ان کی طرف۔۔۔ جہانزیب نے مسکرا کر کہا تھا۔۔۔

ہاں۔۔۔ انشااللہ۔۔۔۔

ماہی۔۔۔ بات سنو۔۔۔ پاس سے گزرتی ماہوین کو انھوں نے اپنے پاس بیٹھایا تھا۔۔۔

جی بابا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ اداس سی شکل بنا کر بیٹھ گئی تھی۔۔۔

ماہی لڑکا بہت اچھا ہے۔۔۔ لوگ بھی بہت اچھے لگے ہیں ہمیں۔۔۔ جہانزیب نے اس کے سر پر ہاتھ رکھا تھا۔۔۔

جی۔۔۔۔۔ ماہوین نے سر جھکا لیا تھا۔۔۔

بیٹا ہم ہفتے کو جا رہے۔۔۔ تم راضی ہو نہ۔۔۔ انھوں نے پیار سے پوچھا تھا۔۔۔

جی بابا۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے ہنوز مدھم آواز میں کہا تھا

شاباش۔۔۔۔ وہ مسکرا دیے تھے

بس تمھارا گھر بس جائے تمھاری اور شیراز کی ایک ساتھ شادی کروں۔۔۔ وہ آج خوش تھے۔۔۔

****

مجھے اس سے پیار ہے۔۔۔۔ سن رہے ہو تم سب۔۔۔۔ مجھے اس سے پیار ہے۔۔۔۔ احان نے ماہوین کے ہاتھ کو زور سے تھام کر ارد گرد کھڑے ہزاروں کی تعداد میں لوگوں سے کہا تھا۔۔۔

بہت سے لوگ تھے بہت بھیڑ تھی وہ چلتی جا رہی تھی جب احان نے اچانک ہاتھ تھام کر اسے روکا تھا اور اب وہ سب لوگوں سے چیخ چیخ کر کہہ رہا تھا۔

ماہوین۔۔۔۔ مجھے تم سے محبت ہے۔۔۔ میں آج ساری دنیا کے سامنے اقرار کرتا ہوں مجھے تم سے پیار ہے۔۔۔ احان نے اس کے چہرے کو اپنے دونوں ہاتھوں میں لیا تھا۔۔۔

ہاں مجھے تم سے پیار ہے۔۔۔

ماہوین۔۔۔۔ مجھے تم سے محبت ہے۔۔۔ میں آج ساری دنیا کے سامنے اقرار کرتا ہوں مجھے تم سے پیار ہے۔۔۔احان نے اس کے چہرے کو اپنے دونوں ہاتھوں میں لیا تھا۔۔۔

ہاں مجھے تم سے پیار ہے۔۔۔احان جزبات میں ڈوبی ہوئی آنکھیں لیے اس کے بلکل سامنے کھڑا تھا ۔۔

احان۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین کی ایک جھٹکے سے آنکھ کھلی تھی۔۔۔۔ وہ اپنے بستر پر تھی اور یہ سب صرف اس کا خواب تھا۔۔۔ گھڑی کی طرف گردن گھوما کر وقت دیکھا تو رات کے تین بج رہے تھے۔۔۔ وہ دھیرے سے بستر سے اتری تھی اور پھر تہجد کی نماز میں آج پھر اس نے وہی دعا مانگی تھی۔۔۔ کہ اللہ یا تو میرے دل کو سکون دے یا پھر احان سکندر کے دل میں میری محبت ڈال دے یہی شدت ڈال دے جو میں اس کے لیے محسوس کرتی ہوں۔۔۔ کیوں ہے ایسا میں کیوں اسے بھلا نہیں پا رہی ہوں۔۔۔۔ اسے خبر بھی نہ ہوئی تھی کب تلک وہ سجدہ ریز یوں ہی سسکتی رہی تھی اپنے قلب کے سکون کی خاطر۔۔۔

میری بھی کیا قسمت ہے۔۔۔۔ مجھے جس جس نے چاہا۔۔۔انھیں میں نہیں ملی اور جس کو اب میں چاہ رہی ہوں اس کو میں پسند نہیں۔۔۔اس کے دل میں میں نہیں۔۔۔

****

مجھے تیری محبت کا سہارا مل گیا ہوتا

اگر طوفاں نہیں آتا کنارا مل گیا ہوتا

نہ تھا منظور قسمت کو، نہ تھی مرضی بہاروں کی

نہیں تو اس گلستاں میں کمی تھی کیا نظاروں کی
میری نظروں کو بھی کوئی نظارہ مل گیا ہوتا

خوشی سے اپنی آنکھوں کو میں اشکوں سے بھگو لیتا
میرے بدلے تُو ہنس لے گی تیرے بدلے میں رو لیتا
مجھے اے کاش تیرا درد سارا مل گیا ہوتا

ملی ہے چاندنی دن کو، یہ اُن کی اپنی قسمت ہے
مجھے اپنے مقدر سے فقط اتنی شکایت ہے
مجھے ٹوٹا ہوا کوئی ستارا مل گیا ہوتا

وہ چھا گئی تھی پورے وجود میں زہر کی طرح گھل کر اب اس کی یاد پل پل مار رہی تھی۔۔۔ برسوں سے جسے پرانے سے صندوق میں بند رکھا تھا جسے دل کی سلطنت کی جنگ میں ہار بار شکست ہوئی تھی ہائے۔۔۔۔ وہ ظالم اس بار جنگ جیت چکی تھی ۔۔۔۔ احان سکندر کی پہلی محبت ماہوین جہانزیب اس کے دل کی سلطنت کے تخت پر پورے وثوق کے ساتھ براجمان تھی۔۔۔۔ ۔۔۔۔

احان اسے ایک پل کے لیے بھی ذہن اور دل سے جھٹکنے میں کامیاب نہیں ہو سکا تھا۔۔۔۔۔۔ وہ دل کے ہاتھوں بہت بری طرح مجبور ہو چکا تھا۔۔۔

****

ہیلو۔۔۔۔۔۔ احان نے بے چین سی آواز میں کہا تھا۔۔۔

ماہوین نے نیند میں اٹھ کر فون اٹھایا تھا اور لحظہ بھر کو تو اسے اپنی آنکھوں پر یقین نہیں آیا تھا۔۔۔ پھر بے یقینی ہی کے عالم میں اس نے احان کا فون اٹھایا تھا۔۔ آج پورے دو ماہ بعد تیرہ فروری کی رات ایک بجے احان سکندر نے اسے فون کیا تھا۔۔۔

ماہوین۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے تڑپ کر کہا تھا۔۔۔

جی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین ابھی بھی بے یقینی کی سی کیفیت میں ہی تھی۔۔۔

تم کیسے سو سکتی ہو میری نیندیں اڑا کر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان کی بھیگی سی بے چین آواز ابھری تھی۔۔۔۔

وہ بھاری آنکھیں لیے۔۔۔بیڈ کے ساتھ موجود صوفے پر سر نیچے جھکائے ایک لٹے ہوئے مسافر کی طرح تھکا سا بیٹھا تھا۔۔۔

جی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین کو اب اپنے کانوں پر یقین نہیں آ رہا تھا۔۔۔

وہ کہیں آج بھی کوئی خواب تو نہیں دیکھ رہی ہے۔۔۔اس نے الجھن سے آنکھیں پھاڑ کر ارد گرد دیکھا تھا۔۔۔

ہاں۔۔۔۔ماہوین۔۔۔میں احان ہوں۔۔۔۔۔۔بہت تھکی سی آواز تھی۔۔۔

احان نے ایک ہاتھ سے بال پیچھے کیے تھے پھر ذہن میں الفاظ ترتیب دیے تھے کہ اسے اس سے بات کیسے شروع کرنی ہے۔۔۔

آپ نے۔۔کیا غلطی سے میرا نمبر ملایا ہے۔۔۔ طبیعت ٹھیک ہے آپکی۔۔۔۔۔۔۔ماہوین کو ایک دم سے اس کو آج سے دو ماہ پہلے کیے ہوئے مسیج یاد آ گئے تھے۔۔۔ وہ کتنی اذیت میں رہی ہے یہ دو ماہ ۔۔۔

ماہوین میں۔۔۔ تم سے بہت محبت کرتا ہوں میں تم سے بچپن سے محبت کرتا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

احان نے بے چین سی آواز میں کہا تھا۔۔۔

آہ۔۔۔۔۔تو اللہ نے فیصلہ یہ کیا۔۔۔۔اسے میرے دل سے نہیں نکالا ہاں مجھے اس کے دل میں ڈال دیا۔۔۔ماہوین کے دل میں ایک ٹیس اٹھی تھی اور آنکھیں خود بہ خود بند ہو گئی تھیں ۔۔۔۔ وہ بول رہا تھا اپنی برسوں کی دبی ہوئی محبت میں پھر سے جان ڈالے وہ اس سے محبت کا اظہار کر رہا تھا۔۔۔۔

تمہیں پتہ ہے کیا۔۔۔احمرین آپی کی مہندی پر جب میں نے تمہیں پہلی دفعہ دیکھا تھا۔۔۔میں تب سے اب تک تمہیں نہیں بھلا سکا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ تڑپ کے انداز میں اسے اپنی بے لوث اور لازوال محبت کا یقین دلا رہا تھا۔۔۔۔وہ اسے چاہتا ہی آیا تھا آج تک بنا کسی طلب کے بس بنا کسی طلب کے بس چاہنا اور چاہتے ہی جانا اتنا آسان نہیں ہوتا۔۔۔۔

اور احان سکندر نے ماہوین جہانزیب کو برسوں بنا کسی طلب کے چاہا تھا۔۔۔۔

پھر جب تمہیں دوسری دفعہ لاہور میں دیکھا تو پتہ ہے میں تین راتیں نہیں سو پایا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اب روانی سے بولے جا رہا تھا۔۔۔

اور وہ ساکن۔۔۔فون کان کو لگائے۔۔۔۔بس اسے سن رہی تھی۔۔۔جسے اس نے محبت کی۔۔۔ہاں عمار نے اس سے کی۔۔۔ارحم نے اس سے کی۔۔۔۔لیکن احان وہ واحد تھا جس سے ماہوین جہانزیب کو محبت ہوئی تھی ۔۔۔۔ بے لوث بے غرض محبت۔۔۔۔

میں نے تمہیں بھلانے کی بہت کوشش کی ہے۔۔۔پر مجھ سے نہیں ہو پا رہا۔۔۔۔میں ہار گیا ہوں ماہوین۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے نچلے لب کو دانتوں میں دبا کر آسمان کی طرف دیکھا تھا۔۔۔

لیکن آپ نے خود کہا کہ ہم دونوں کبھی ایک نہیں ہو سکتے۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے روہانسی آواز میں شکوہ کیا تھا۔۔۔

ہاں تو احان کے اس مسیج نے اسے کاٹ کر رکھ دیا تھا۔۔۔کتنی ذلت کتنی تکلیف ہوئی تھی اسے ۔۔۔۔

ماہوین میں تمہیں کبھی نہیں چھوڑوں گا۔۔۔ میں ساری دنیا سے لڑ جاؤں گا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ احان کی آواز میں بے پناہ محبت کا تاثر تھا۔۔۔

ماہوین تم۔۔۔ تم مجھ سے محبت کرتی ہو نہ۔۔۔ بولو۔۔۔۔ کتنی تڑپ تھی احان کے لہجے میں۔۔۔۔

ماہوین۔۔۔۔۔ کی آنکھوں میں آنسو تیر گئے تھے۔۔۔۔ لب مسکرا دیے تھے۔۔۔۔ ایک انجان سا سکون تھا جو دو ماہ سے لگی آگ کو بجھا گیا تھا۔۔۔۔۔ ماہوین نے ایک پر سکون لمبا سانس لیا تھا۔۔۔

جی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بہت مدھر سی مدھم آواز میں اس نے احان سکندر سے اقرار کیا تھا۔۔۔۔

پھر سے کہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ احان نے بھی ایک گہری سانس لے کر صوفے کی پشت پر ڈھتے ہوئے کہا تھا۔۔۔ آنکھیں نم تھیں لیکن لب مسکرا رہے تھے۔۔۔

ماہوین جہانزیب۔۔۔۔۔ اس سے محبت کرتی تھی۔۔۔ اس کا پہلی نظر میں ہی دل میں بس جانا بلاوجہ نہیں تھا۔۔۔ وہ اسی کی ہی تھی برسوں سے۔۔۔ بس دونوں ادھر ادھر بھٹکتے رہے۔۔۔ کیوں ہم دونوں نے برسوں پہلے ایک دوسرے سے اظہار نہیں کیا۔۔ کیوں اس محبت کو بھلانے کے لیے غلطیاں کرتے رہے۔۔۔ وہ سوچ کر رہ گیا تھا۔۔۔

جی کرتی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے پھر سے مدھر آواز میں کہا تھا۔۔

پھر سے کہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ احان کے اندر اسکا اقرار سکون اتار رہا تھا۔۔۔۔

احان میں آپ سے بہت محبت کرتی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے لجائی سی آواز میں کہا تھا

۔۔۔

پھر سے کہو۔۔۔۔۔۔۔ احان نے شرارت سے کہا تھا اب کی بار۔۔۔ احان۔۔۔۔۔ ماہوین نم آنکھوں سمیت ہلکا سا خفگی بھر قہقہ لگا گئی تھی۔۔۔۔

وہ پوری رات احان اس سے باتیں کرتا رہا تھا کتنی باتیں تھیں جو کرنی تھیں۔۔۔ احان کو یہ تک یاد تھا

کہ احمرین کی مہندی پر اس نے کس رنگ کا جوڑا پہنا تھا کیسے جھمکے تھے۔۔اور تب جب وہ لاہور آیا تھا۔۔اور جب وہ ان کے گھر آیا تھا۔۔۔احان اسے اپنی ساری تڑپ بتا رہا تھا۔۔۔۔اور وہ اندر تک سرشار ہو رہی تھی۔۔۔۔جس کے بارے میں وہ سوچتی تھی وہ اسے پسند تک نہیں کرتا وہ اس سے برسوں سے محبت کرتا تھا یہ احساس کتنا انوکھا تھا کتنا سرشار کر دینے والا تھا۔۔۔

****

تمھارا دماغ ٹھیک ہے کیا۔۔۔۔۔حنا نے چونک کر اس کی طرف دیکھا تھا اور پھر دھیمے سے لہجے میں دانت پیستے ہوئے کہا۔۔۔

چور نظر واش روم کے دروازے پر ڈالی جہاں سے کسی بھی لمحے وقار کے نکلنے کا خدشہ تھا۔۔۔۔

پتہ نہیں۔۔۔لیکن ایسا ہی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے لب کچلے۔۔۔اور پریشان سے لہجے میں کہا۔۔۔۔

ایک واحد حنا ہی تو تھی جو اب اس وقت اس کی کچھ مدد کر سکتی تھی۔۔۔ماہوین نے پریشان سی نظر اس پر ڈالی اور بچوں کی طرح مدد طلب نظروں سے دیکھا تھا۔۔۔

پر وہ کیسے۔۔۔کب ملا تمہیں۔۔۔۔۔۔۔حنا نے حیران ہو کر ماہوین کی طرف دیکھا تھا۔۔۔

دو سال پہلے دیکھا ہوا اس کا خوبرو سراپا حنا کے ذہن میں امڈ آیا تھا۔۔۔۔

پانچ سال بعد فیس بک پر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے بے چارگی سے کہا۔۔۔بڑی بڑی آنکھیں عجیب سی الجھن کا شکار لگ رہی تھی۔۔۔۔

آج جا رہے ہم رشتہ دیکھنے۔۔۔اور تمہیں معلوم ہے بابا جب ایک دفعہ کچھ کرنے کا سوچ لیں پھر کب سنتے کسی کی۔۔۔۔۔۔۔حنا نے ڈانٹنے کے سے انداز میں کہا تھا۔۔۔۔

افف۔۔۔۔مجھے نہیں معلوم تم کچھ کرو گی بس۔۔۔۔ماہوین نے الجھتے ہوئے اپنے مخصوص انداز میں کہا۔۔۔۔

تمہیں اس سے محبت ہے۔۔۔۔۔۔۔۔حنا نے بے چینی سے مسلتے اس کے ہاتھوں پر اپنا ہاتھ رکھا تھا۔۔۔

ہاں ہے۔۔۔۔۔ماہوین نے روہانسی آواز میں کہا۔۔۔۔

مجھے کچھ اشارے ملے ہیں۔۔۔۔وہی ہے وہ جس کی تلاش رہی مجھے۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے پریشانی سے دیکھتے ہوئے روہانسی آواز میں کہا۔۔۔

اچھا اور یہ اشارے اب ملنے تھے تمہیں۔۔۔۔۔۔۔۔حنا نے دانت پیس کر کہا۔۔۔

ایک تو اس لڑکی کا ہر کام عجیب تھا۔۔۔ سیدھے سے کوئی کام ہو کر تو دے اسکا۔۔۔ حنا نے الجھتے ہوئے سوچا۔۔۔اور پھر نظر پریشان حال کھڑی اس کی پیاری سی صورت پر پڑی۔۔۔ جو

19

واقعی ہی اس کے دل کی الجھن میں ہونے کی گواہ تھی۔۔۔

تم بتاؤ دیکھا ہے نہ اسے۔۔۔بتاؤ۔۔۔۔ماہوین نے حنا کو کندھوں سے پکڑ کر جھنجوڑ ڈالا تھا۔۔۔۔جبکہ آنکھیں اس لمحے چمک اٹھیں تھیں۔۔۔

ہاں دیکھا تھا دو سال پہلے جب میں بابا ساتھ گئی تھی شادی کی دعوت تھی میری ان کے گھر۔۔۔۔۔۔۔حنا نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔

تو۔۔۔بولو۔۔۔کیسا لگا تھا تمہیں۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین کے لب پریشانی کے عالم میں بھی مسکرا دیے تھے۔۔۔۔

بہت زیادہ۔۔۔خوبصورت پر۔۔۔۔۔۔۔۔۔حنا نے الجھے سے لہجے میں کہا اور کچھ کہتی اس سے پہلے

ماہوین نے بات کاٹ دی تھی۔۔۔

پر ور کچھ بھی نہیں۔۔۔ بس اب کچھ کرو۔۔۔۔۔۔ یہ رشتہ نہ ہو جائے کہیں۔۔۔۔۔۔۔ پھر سے حنا کے دونوں ہاتھوں کو اپنے ہاتھوں میں لے کر مدد طلب لہجے میں کہا۔۔۔

اچھا۔۔۔ میں کوشش کروں گی وعدہ نہیں۔۔۔۔۔۔۔ حنا نے لب کچلے تھے۔۔۔

اسی لمحے واش روم کی کھلتی چٹخنی کی آواز پر ماہوین تیزی سے کمرے سے باہر نکل آئی تھی۔۔۔ وہ بھاری بھاری قدم اٹھاتی اپنے کمرے کی طرف جا رہی تھی۔۔۔ کتنی مشکل میں پھنس چکی تھی۔۔۔ اگر وہ کل بھی اظہار نہ کرتا تو۔۔۔ماہوین نے بے چینی سے کشن کو گود میں رکھا تھا۔۔۔اور اگر آج یہ رشتہ ہو گیا تو۔۔۔ افف بابا کو بہت دکھ دے چکی ہوں میں بہت تنگ کر چکی ہوں۔۔۔ اب مزید۔۔۔۔۔۔۔

وہ ماہوین جہانزیب تھی۔۔۔۔۔ اپنی عمر کے پچیس سال وہ جس کی تلاش میں رہی۔۔۔ آج وہ محسوسات اسے گھیرے ہوئے تھیں۔۔۔ اور یہ سب جس کے لیے تھا اس کے بارے میں اسے کبھی گماں تک نہ گزرا تھا۔۔۔ لیکن آج تلاش غلط وقت پر ختم ہوئی تھی۔۔۔

شیراز کے آنے پر سب لوگ رشتہ دیکھنے گئے تھے لیکن شیراز کو لڑکا ماہوین کے بلکل قابل نہیں لگا تھا۔۔۔۔ ماہوین جب لاہور تھی تو اس کے دوستوں کے بعد اس کے دکھ سکھ کا سا تھی شیراز ہی تو تھا۔۔۔۔اور آج اس رشتے کی پریشانی بھی شیراز کی وجہ سے ہی اس کی زندگی سے نکلی تھی۔۔۔۔

وہ کتنی خوش ہوئی تھی جب حنا نے اسے آ کر بتایا تھا کہ رشتہ فائی نل نہیں ہوا۔۔۔۔۔

احان نے اس دن کے بعد سے ایک پل کے لیے بھی ماہوین کو اکیلا نہیں چھوڑا تھا۔۔۔ اٹھتے بیٹھتے وہ اس سے بات کرتا تھا۔۔۔۔ صبح کا آغاز تو رات کے ڈھلنے کی وجہ اب احان ہی بن گیا تھا۔۔۔۔ وہ اب چھپ چھپ کر ایک دوسرے کی تصاویر کے لیے انباکس نہیں کرتے تھے بلکہ کھل کر کمنٹس کرتے تھے

اس بات یکسر انجان کہ نازلین اس بات کو نوٹ کر رہی ہے۔۔۔

****

سنو۔۔۔مدحیہ سمیعہ کی طرف چلتے ہیں۔۔۔۔مل آتے ہیں۔۔۔جہانزیب نے مصروف سے انداز میں اخبار کو فولڈ کرتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

ماہوین جو اپنے موبائی ل پر احان سے بات کر رہی تھی اس کی انگلیاں ایک دم سے رک گ ئی تھیں ۔۔۔۔ آج چاند رات تھی اور صبح عید تھی۔۔۔ احان کل چھٹی پر گھر پہنچا تھا ۔۔۔ اور وہ کتنی خوش تھی آج ان کو بات کرتے ہوئے پورے سات ماہ ہونے کو آئے تھے۔۔۔اب جا کر احان پاکستان آیا تھا۔۔۔ماہوین نے لب دانتوں میں دبا کر حنا کی طرف آنکھوں سے اشارہ کیا تھا۔۔۔

بابا۔۔۔۔سب جائی یں گے کیا ۔۔۔۔ ۔۔۔۔۔ حنا نے گلا صاف کرتے ہوئے جہانزیب سے پوچھا تھا۔۔۔

احان اور ماہوین کے بارے میں ابھی تک صرف وہی جانتی تھی ۔۔۔اور اب ماہوین کے آنکھوں کے اشارے کو وہ لمحے بھر میں پہچان گ ئی تھی ۔۔۔

ہاں پوری فیمیلی جائی ی گی ۔۔۔۔۔ جہانزیب نے مسکرا کر دیکھا تھا۔۔۔

حنا اور ماہوین ایک دم سے مسکرا دی تھیں۔۔۔۔

مجھے میرا چاند دیکھنا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔احان کے اس لمحے آئے مسیج کو دیکھ کر ماہوین کے لب شرارت سے مسکرا دیے تھے۔۔۔

آہاں۔۔۔۔۔۔وہ کیسے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔شریر سے انداز میں ماہوین نے میسج کیا تھا

یہ نہیں معلوم۔۔۔۔لیکن دیکھنا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے بے چین سے انداز میں لکھا تھا۔۔۔

اسے پاکستان آئے دوسرا دن تھا۔۔۔کل تو وہ سارا دن سویا رہا تھا اور آج اٹھتے ہی وہ صبح سے ماہوین کے ساتھ باتیں کرنے میں مصروف تھا اور اب وہ اپنے دل میں امڈنے والی خواہش کا اظہار وہ ماہوین سے کر بیٹھا تھا۔۔۔

تو کیا پک بھیج دوں اپنی۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے شریر سے انداز میں کہا تھا۔۔۔

نہیں۔۔۔۔اب تمھارے پاس ایک ہی شہر میں ہوتے ہوئے بھی میں صرف تمھاری پک ہی دیکھوں ۔۔۔۔۔۔۔۔احان کا خفگی بھرا جواب آیا تھا۔۔۔۔

ماہوین کیوں اتنی ظالم ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پھر سے تڑپنے کے انداز میں پیغام آیا تھا۔۔۔

تو احان کیسے۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے شرارت سے لکھا تھا اسے تنگ کرنے میں لطف آ رہا تھا۔۔۔

مجھے نہیں پتا جیسے بھی۔۔۔مجھے تمہیں دیکھنا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے خفا سے انداز میں کہا تھا۔۔۔

میں آ رہی ہوں۔۔۔آپ کے گھر۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے لب دانتوں میں دبائے دھڑکتے دل کے ساتھ کہا تھا۔۔۔

کیا۔۔۔سچ کہہ رہی ہو نہ۔۔۔۔احان بے چین ہی تو ہو گیا تھا۔۔۔

جی بلکل سچ ہم آ رہے ہیں آپکی طرف۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین اسے اب اور تنگ کرنے کے منصوبے کو ترک کر چکی تھی۔۔۔

نگاہیں منتظر پاؤ گے میری ۔۔۔۔۔۔۔۔ احان نے گہری خمار آلودہ آواز میں کہا تھا۔۔۔۔۔

ماہوین کی ریڑھ کی ہڈی میں سنسناہٹ ہو گئی تھی ۔۔۔

گہرے نیلے رنگ کے جوڑے میں دمکتی رنگت اور دل موہ لینے والی مسکراہٹ لبوں پر سجائے وہ لجائی سی

کار سے باہر نکلی تھی۔۔۔

وہ لوگ احان سکندر کے گھر کے پورچ میں گاڑی روک چکے تھے ۔۔۔۔احان کو سامنے یوں اتنے عرصے بعد دیکھ کر ویسے ہی جان کہیں پسلیوں میں لرزنے لگی تھی۔۔۔اوپر سے اس کی معنی خیز گہری محبت پاش نظر اس کے گال تپا رہی تھی لبوں پر معنی خیز مسکراہٹ دبائے وہ شرارت اور محبت سے دیکھتا ہوا سب سے پیچھے ماہوین کے بلکل پیچھے آپ گیا تھا۔۔۔وہ لوگ پورچ سے باتیں کرتے ہوئے ڈرائی نگ روم کی طرف جا رہے تھے ۔۔۔

اسلام علیکم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین کو اپنی پشت سے کان کے قریب احان کی سرگوشی سنائی دی تھی ۔۔۔

دل اتنی تیزی سے دھڑکنے لگا تھا ایسا لگ رہا تھا ابھی پہلو سے نکل جائے گا۔۔۔۔

وہ ماہوین تھی اس کے بلکل قریب۔۔۔۔۔اس کی ماہوین تھی ۔۔۔۔وہ دلکش سورج کی کرن کی مانند اجالا کر دینے والی جس سے وہ برسوں دل کے نہاں خانوں میں چھپائے سینچ سینچ کر رکھتا رہا۔۔۔وہ آج اس کے لیے شرما رہی تھی ۔۔۔افف نیلے رنگ کے جوڑے میں دمکتا وجود۔۔۔ شرمایا سا دلکش چہرہ ۔۔۔۔وہ آج اسے کتنے عرصے بعد یوں دیکھ رہا تھا۔۔۔وہ اپنی ساکن تصاویر سے بھی کہیں زیادہ حسین تھی ۔۔۔۔ایک پل میں دلوں کو جکڑ لینے والی ایک ہی نظر میں طلسم پھونک دینے والی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ماہوین نے لرزتی پلکوں کو اٹھایا تک نہیں تھا۔۔۔اور نہ ہی احان کے سلام کا جواب دیا تھا وہ لوگ ڈرائی نگ روم میں بیٹھ چکے تھے اور احان جان بوجھ کر بلکل سامنے ایسی جگہ پر بیٹھا تھا جہاں سے وہ با آسانی ماہوین کو دیکھ سکتا تھا۔۔۔ کتنے سالوں کی تشنگی تھی جو آج یہ پیاسی نگاہیں ایک پل کو بھی ماہوین کے سراپے سے اٹھنے کو تیار نہیں تھیں۔۔۔۔

سلام کا جواب کیوں نہیں۔۔دیا۔۔۔احان کے مسیج کو دیکھ کر اس نے چور نظروں سے ارد گرد دیکھا تھا ۔۔۔

سب لوگ ساتھ ساتھ بیٹھے تھے ماہوین نے موبائل پھر سے گود میں دھر لیا تھا ہاں لبوں کی مسکراہٹ اور اس کی جھکی نگاہیں احان کو اور شرارت پر اکسا گئی تھیں ۔۔۔۔

اتنی پیاری لگ رہی ہو قسم سے۔۔۔۔۔۔۔۔شرارت سے مسکراہٹ کو دباتے ہوئے اس نے پھر سے مسیج کیا تھا۔۔۔

وہ خود تو ایسی پوزیشن میں بیٹھا تھا کہ مزے سے ماہوین کو بار بار دیکھ رہا تھا لیکن وہ سب کے بیچ میں بیٹھی گلابی ہو رہی تھی۔۔۔۔بڑی مشکل سے وہ اس کے مسیج کو صرف پڑھ ہی پا رہی تھی جواب نہیں دے پا رہی تھی۔۔۔

میری طرف دیکھو۔۔۔۔ماہوین۔۔۔ میری طرف کیوں نہیں دیکھ رہی۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان شرارت بھری نگاہوں اور مسکراتے لبوں کے ساتھ اگلا مسیج کر رہا تھا۔۔۔

ماہوین نے مسیج پڑھ کر بمشکل نگاہ اٹھا کر سامنے دیکھا تھا۔۔۔اور وہ ایک لمحے میں اسے ڈھیر کر چکا تھا۔۔۔ ہلکے گرے رنگ کی شرٹ میں وہ غضب ڈھا رہا تھا۔۔۔ماہوین نے پل بھر میں پلکوں کی جھالر کو پھر سے گرا لیا تھا۔۔۔

کولڈ ڈرنک تو پی لو۔۔۔ گرم ہو رہی۔۔۔۔۔۔احان باز آ جانے والوں میں سے نہیں تھا۔۔۔

ماہوین نے ایک بھی پیغام کا جواب نہیں دیا تھا۔۔۔اس کی نظروں کی تپش اس کے پیار بھرے جملے اس کو اندر تک سرشار کر دینے کے لیے کافی تھے۔۔۔۔وہ لوگ ان کو عید کے دن پر آنے کی دعوت دیتے ہوئے وہاں سے واپس آئے تھے۔۔۔

****

آج تنگ کرنے کی باری میری ہے۔۔۔۔۔۔۔ماہوین کے مسیج پر احان نے صوفے پر کسمسا کر سائیڈ بدلی تھی ۔۔۔۔

میں کب تنگ ہو رہا ہوں۔۔۔جوابی مسیج ٹائپ کیا تھا۔۔۔ وہ چور نظر سے سب کی طرف دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

ماہوین آج سب کے سامنے نہیں آئی تھی ۔۔۔ آج عید کا دوسرا دن تھا اور آج احان اور سمیعہ ان کے گھر آئے تھے لیکن ماہوین اپنے کمرے میں بیٹھی احان کو مسیج کر کے تنگ کر رہی تھی ۔۔۔احان اسے دیکھنے کو بے تاب تھا جب کے وہ سامنے آنے کے لیے راضی نہیں ہو رہی تھی۔۔۔۔

اچھا جی۔۔۔۔۔تو پھر میری طرف کیوں نہیں دیکھ رہے آج۔۔۔۔۔۔ماہوین نے شرارت سے نچلا ہونٹ دانتوں میں دبا کر مسیج ٹائپ کیا تھا۔۔۔۔

تم سامنے آؤ تو دیکھوں ۔۔۔ احان نے بھنوئیں اچکا کر جوابی مسیج لکھا تھا۔۔۔۔

آپ آ جائیں میرے کمرے میں ۔۔۔۔۔.....۔۔۔ ماہوین نے شرارت سے مسکراتے ہوئے مسیج لکھا تھا ۔۔۔

یہ کیا بات ہوئی تم کیوں نہیں آ رہی ہو یہاں ۔۔۔ ۔۔۔۔ احان نے لب بھینچ کر مسیج لکھا تھا۔۔۔۔

پھر ارد گرد بیٹھے سب لوگوں کی طرف دیکھا تھا سب لوگ اپنی اپنی باتوں میں مصروف تھے۔۔۔ وقار حنا کو لے کر اپنے سسرال گیا تھا۔۔۔ شیراز ابھی کسی کام سے معزرت کر کے باہر نکلا تھا۔۔۔۔مدحیہ اور جہانزیب سمیعہ کے ساتھ کوئی پرانا قصہ چھیڑے بیٹھے تھے ۔۔۔

نہیں کل آپ نے تنگ کیا تھا آج میں کروں گی ۔۔۔ماہوین پوری طرح شرارت کے موڈ میں تھی۔۔۔

ہمممم۔۔۔۔ یہ بات ہے۔۔۔کیا کہہ رہی تھی تم کہ تمھارے کمرے میں آؤں ۔۔۔۔ احان نے بھنویں اچکا کر آنکھیں سکیڑتے ہوئے مسیج ٹائپ کیا تھا۔۔۔

جی۔۔۔۔ اگر مجھے دیکھنا ہے تو میرے کمرے میں آئیں ۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ قہقہ لگا رہی تھی ۔۔۔۔

اور اگر میں آ گیا تو جو میں مانگوں گا وہ ملے گا کیا۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے لبوں پر مسکراہٹ دبا کر لکھا تھا۔۔۔۔

آ ہی نہ جائیں کہیں آپ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین کو اسے تنگ کرنے میں مزہ آ رہا تھا۔۔۔

چیلنج کر رہی ہو احان سکندر کو۔۔۔احان نے ناک چڑھا کر مسیج لکھا تھا۔۔۔

یس۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے چمکتی شرارتی آنکھوں کو موبائل کی سکرین پر جما کر مسیج لکھا تھا ۔۔۔

چلو۔۔۔ دیکھو پھر۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے مسیج لکھا سنڈ کیا اور موبائل کو جیب میں رکھا ۔۔۔۔

انکل۔۔۔۔ گھر بنانے کا سوچ رہا ہوں اب میں بھی ۔۔۔۔بہت رہ لیا امی نے کرائے کے گھر میں سبحان تو شادی کے بعد سسرال کا ہی ہو کر رہ گیا ہے۔۔۔احان نے ارد گرد نظریں گھوماتے ہوئے کہا تھا

ہمممم اچھی بات ہے۔۔۔۔جہانزیب احان کی طرف متوجہ ہوئے تھے۔۔۔

سبحان نے لاہور میں شادی کر لی تھی اور وہ وہیں اب اپنی بیوی کے ساتھ میقیم تھا۔۔۔

آپ لوگوں کا گھر بھی اچھا بنا ہے۔۔۔۔احان پینٹ کی جیبوں میں ہاتھ آڑاتے ہوئے اٹھا تھا۔۔۔

ہاں بہت دل سے بنایا۔۔۔۔بیٹا۔۔۔۔جہانزیب مسکرائے تھے۔۔۔

ہمممم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ آگے بڑھ کر اب ڈرائی نگ روم کے داخلی دروازے تک آ گیا تھا ۔۔۔

دیکھ لوں میں سارا۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے جہانزیب کی طرف اجازت طلب نظروں سے دیکھتے ہوئے مہذب انداز میں کہا تھا۔۔۔

جی جی۔۔۔۔ کیوں نہیں بیٹا۔۔۔۔۔۔۔۔ جہانزیب نے خوش دلی سے کہا تھا۔۔۔۔

احان مصروف انداز میں گھر کو دیکھتا ہوا آگے بڑھا تھا پھر ماہوین کا کمرہ تلاش کرنے میں اسے زیادہ دیر نہیں لگی تھی۔۔۔

آپ۔۔۔۔آپ۔۔۔۔کیسے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین کا منہ کھلے کا کھلا رہ گیا تھا۔۔۔۔

کیسے کی بچی۔۔۔ کہا تھا نہ چیلنج نہ کرنا۔۔۔۔احان ہوں میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان گہری نظروں سے دیکھتے ہوئے مسکراہٹ دبائے اس کی طرف بڑھ رہا تھا۔۔۔

مان گئی آپکو۔۔۔۔پر پلیز ابھی تو جائیں۔۔۔ ماہوین نے ڈرتے ہوئے کہا تھا اور ہاتھ جوڑ لیے تھے۔۔۔

دیکھ تو لینے دو جی بھر کے۔۔۔۔۔۔۔احان نے سینے پر ہاتھ باندھ لیے تھے۔۔۔

ہلکے گلابی رنگ کے جوڑے میں ہم رنگ ہوئے کوئی پھول ہی لگ رہی تھی۔۔۔۔۔

احان۔۔۔۔۔۔۔۔۔پلیز۔۔۔۔۔۔۔۔احان کو اور قریب آتا دیکھ کر ماہوین تھوک نگلنے لگی تھی۔۔۔۔پلکیں گالوں پر لرزنے لگی تھیں۔۔۔

بڑی آئی مجھے تنگ کرنے والی۔۔۔۔۔۔احان نے دھیرے سے ماہوین کے ناک کو اپنی انگلی کی پور سے چھوا تھا۔۔۔۔

ماہوین نے آنکھوں کو اتنی زور سے بند کیا تھا کہ پلکوں کے اوپر آنکھوں میں بل پڑ گئے تھے۔۔۔اس کا دل پہلی دفعہ احان کی اتنی قربت سے لرز گیا تھا۔۔۔۔

احان۔۔۔۔پلیز جائیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کتنی گھٹی سی ڈری سی آواز تھی جو ماہوین کے حلق سے نکلی تھی۔۔۔

ایک شرط پر پہلے آ کر باہر بیٹھو سب کے سامنے۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے اس کے قریب ہو کر اس کی کان کی

لو کو جلاتے ہوئے سرگوشی کی تھی۔۔۔۔

آتی ہوں۔۔آتی ہوں۔۔۔ پلیز آپ جائیں۔۔۔ میری توبہ جو پھر سے کبھی آپکو تنگ کرنے کی سوچوں بھی۔۔۔۔ماہوین نے بے چارگی سے کہا تھا۔۔۔

احان نے مدھم سا شریر قہقہ لگایا تھا۔۔۔۔

پھر اسے آنے کا اشارہ کرتا ہوا وہ باہر جا چکا تھا۔۔۔اور وہ اپنا سانس بحال کرتی ہوئی بیڈ پر ڈھے سی گئی تھی۔۔۔ جب کے گال گلابی ہو رہے تھے اور لب مسکرا رہے تھے۔۔۔

****

صرف ایک گلاب۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے حیرت سے گلاب کے پھول کو ہاتھ میں لیا تھا۔۔۔

احان بلکل سامنے کرسی پر براجمان چہرے پر مسکراہٹ سجائے بیٹھا تھا۔۔۔وہ ایک کافی شاپ میں بیٹھے تھے۔۔۔ارحم نے اسے آج جاب سے ہی پک کر لیا تھا۔۔۔یہ ان کی پہلی ملاقات تھی باہر۔۔۔۔

تم۔۔۔ایک گلاب۔۔۔۔ تم بھی ایک انمول ہو۔۔۔ میرے لیے یہ ایک انمول گلاب بھی تمھارے لیے۔۔۔۔احان نے معنی خیز انداز میں کا تھا۔۔۔

اور یہ سب۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے ایک بہت بڑا گفٹ اس کے سامنے رکھا تھا۔۔۔اور اسے کھولنے کا اشارہ کیا تھا۔۔۔

احان۔۔۔۔۔اتنا کچھ۔۔۔۔اتنا کچھ کیوں لائے۔۔۔۔۔۔۔۔بیگ۔۔۔پرفیومز۔۔۔۔۔ڈبہ مختلف قیمتی تحائف سے بھرا پڑا تھا۔۔۔

پہلی دفعہ۔۔۔۔تم سے ایسے ملنا تھا دل تو چاہتا تھا ہر چیز خرید لوں تمھارے لیے۔۔۔۔احان نے ٹھنڈی محبت بھری سانس لیتے ہوئے کرسی کی پشت سے سر ٹکایا تھا۔۔۔

احان۔۔۔۔۔کیوں کیا آپ نے یہ۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے بچوں کی طرح شکل بنا کر احان کی طرف

دیکھا تھا۔۔۔

میری مرضی۔۔۔ چلو اب میری شاپنگ کرنی ہے۔۔۔ احان نے اس کی خفگی کو نظر انداز کیا تھا اور کرسی کو پیچھے کرتا ہوا اٹھا تھا۔۔۔

سڑک کو پار کرتے ہوئے احان نے اس کے ہاتھ کو تھام لیا تھا۔۔۔ایک دم سے ٹھوکر لگی تھی اور ماہوین کے پاؤں کے ناخن کے پاس چوٹ آئی تھی ۔۔۔

ماہوین۔۔۔۔ رکو۔۔۔۔ کیا کرتی ہو۔۔۔۔ چلنا نہیں آتا کیا۔۔۔۔ احان نے پریشان ہو کر کہا تھا اور تیزی سے سڑک کے کنارے پر لگے بینچ پر اسے بیٹھایا تھا۔۔۔

رکو۔۔۔۔ اب۔۔۔۔ سامنے میڈیکل سٹور ہے۔۔۔۔۔۔۔ وہ ماہوین کو احتیاط سے بیٹھاتا ہوا کہہ رہا تھا۔۔۔

احان معمولی سی تو ہے۔۔۔۔ ماہوین نے بازو کو تھام کر روکا تھا۔۔۔

بس چپ۔۔۔۔ کوئی معمولی نہیں ہے ۔۔۔ سمجھی تم ۔۔۔۔ احان نے ڈانٹنے کے انداز میں کہا ۔۔۔

اور تیزی سے میڈیکل سٹور کی طرف چل پڑا تھا۔۔۔۔

احان۔۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے روہانسی آواز میں اپنے پاؤں پر جھکے احان سکندر کو پکارا تھا۔۔۔۔

ساری خوشیاں جیسے سمٹ کر اس کے قدموں تھی ۔۔۔۔ اس دن احان شام گئے تک اس کے ساتھ تھا۔۔۔ اس نے دبئی کے لیے ساری شاپنگ ماہوین کی پسند سے کی تھی ۔۔۔اور پھر واپسی پر احان کی گاڑی خراب ہونے پر دونوں رکشے میں واپس ماہوین کے گھر تک آئے تھے ۔۔۔۔

ایک بات کہوں۔۔۔۔ احان نے ماہوین کے کان کے قریب سرگوشی کی تھی۔۔۔

جی۔۔۔۔ ماہوین نے لرزتی پلکوں کی ہلکی سی جھالر اٹھائی تھی ۔۔۔ وہ رکشے میں بلکل اس کے

ساتھ بیٹھا تھا۔۔۔

گاڑی خراب نہیں تھی۔۔۔۔احان نے مسکراہٹ چھپائی تھی ۔۔۔

تو۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے حیرت سے آنکھیں پھیلائی تھیں ۔۔۔

تو یہ کہ کار میں تم میرے اتنے قریب کہاں ہوتی۔۔۔احان نے چہرہ بلکل قریب کیا تھا۔۔۔

افففف۔۔۔احان۔۔۔ماہوین نے خجل ہوتے ہوئے ارد گرد دیکھا تھا۔۔۔

احان نے ہلکا سا قہقہ لگایا تھا۔۔۔

پریشان نہیں ہو۔۔شادی سے پہلے بلکل کچھ نہیں۔۔۔احان نے بھرپور انداز میں مسکراتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

****

امی اس کا تو دماغ خراب ہو گیا ہے۔۔۔نازلین نے کمر پر ہاتھ دھر کر غصے سے لال ہوتے ہوئے کہا تھا ۔۔۔

مجھے تو پہلے ہی شک تھا اس پر۔۔۔کمنٹس ہوتے تھے جناب کے اس کی تصویر پر۔۔۔نازلین نے ہاتھ نچا کر کہا تھا۔۔۔

نازلین۔۔۔مجھے تم پر حیرت ہے تمھاری تو وہ دوست ہے۔۔۔احان نے ماتھے پر بل ڈال کر کہا تھا۔۔۔

ہاں دوست ہے تو ہی کہہ رہی ہوں میں۔۔۔میں جانتی ہوں وہ کیا تھی۔۔۔۔۔۔نازلین چیخنے کے انداز میں بولی تھی۔۔۔

کیا تھی۔۔۔سب پتہ ہے مجھے۔۔۔احان نے اسی کے انداز میں کہا تھا۔۔۔

احان چاہتا تھا اس دفعہ اس کی چھٹی ختم ہونے سے پہلے اس کی ماہوین کی ساتھ بات پکی ہو جاتی ۔۔۔اس لیے اس نے آج پھر سے سمیعہ کے سامنے اپنی اور ماہوین کے رشتے کی بات رکھی تھی۔۔۔

نہیں پتہ تمہیں وہ کیا تھی۔۔۔اتنے لڑکوں سے دوستیاں تھیں اس کی۔۔۔اور اس کا ایک کزن۔۔۔ عمار اس کے پیچھے چل بسا تھا۔۔۔اور کالج کے سامنے کھڑے لڑکے اور چیٹ کرتی تھی وہ پتہ نہیں کتنے لڑکوں سے۔۔۔اور ارحم حسن بھول گئے ہو کیا تم اسے۔۔۔ نازلین پوری طرح ماہوین کے خلاف ذہر اگل رہی تھی۔۔۔۔

مجھے سب بتا چکی ہے وہ۔۔۔۔۔۔۔احان نے دوٹوک انداز میں پر سکون لہجے کے ساتھ کہا تھا۔۔۔

مجھے وہ ہر طرح سے قبول ہے اس کے ماضی کے ساتھ وہ قبول ہے۔۔۔۔۔۔۔احان نے گہری سانس لی تھی اور مسکرا دیا تھا۔۔۔

لیکن مجھے ہر گز قبول نہیں ہے۔۔۔۔ مجھے وہ مغرور لڑکی ایک آنکھ نہیں بھاتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔سمیعہ نے ناک چڑھا کر کہا تھا۔۔۔

کسی سے بھی کر دوں گی لیکن اس سے نہیں کروں گی۔۔۔۔سمیعہ نے دوٹوک انداز میں کہا تھا۔۔۔

امی۔۔۔زندگی میری ہے۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے التجا کی تھی۔۔۔

اور تمھارے ساتھ ہم بھی جوڑے ہیں۔۔۔ یا تم بھی سبحان کی طرح چلے جاؤ چھوڑ کر ۔۔۔۔۔۔۔ سمیعہ نے روہانسی ہو کر کہا تھا۔۔۔

وہ بھی گیا۔۔۔تم بھی جاؤ ۔۔۔۔۔ میری تو قسمت ہی ایسی ہے بیٹوں کے معاملے میں ۔۔۔ وہ باقاعدہ رونے لگی تھیں ۔۔۔۔

آپ روئیں تو مت۔۔۔۔۔۔۔۔احان جلدی سے ان کے گھٹنے کے پاس بیٹھا تھا۔۔۔

تو اور کیا کروں۔۔۔۔ سن لو میرے بھی کچھ ارمان ہیں۔۔۔ سبحان نے کروالی ہے اپنی مرضی سے لیکن تمھاری ہر گز نہیں ہو گی۔۔۔۔سمیعہ نے سخت لہجے میں کہا تھا۔۔۔

احان مایوس ہو کر ان کے پاس سے اٹھا تھا۔۔۔کچھ دیر وہ یوں ہی کمر پر ہاتھ رکھے وہیں کھڑا رہا۔۔۔
پھر ایک نظر ٹسوے بہاتی سمیعہ پر اور ایک نظر ان کو تسلیاں دیتی نازلین پر ڈالتا ہوا وہ باہر نکل گیا تھا۔۔۔۔۔

پتہ نہیں کہاں سے یہ چمٹ گئی میرے بچے سے ۔۔۔۔۔ سمیعہ نے دوپٹے کے پلو سے آنسو صاف کیے تھے ۔۔۔

امی ۔۔۔۔ چپ کریں اس کو تو میں دیکھ لوں گی ۔۔۔۔۔۔۔۔ نازلین نے دانت پیسے تھے اور سمیعہ کو گلے لگایا تھا ۔۔۔۔۔۔۔

****

تو پھر شادی ہی کر لو۔۔۔یہ منگنی کیا رشتہ ہوا بھئی۔۔۔۔ جہانزیب نے شیراز کی طرف سنجیدہ انداز میں کہتے ہوئے کہا تھا ۔۔۔شیراز ان کے کمرے میں لگے صوفے پر پریشان حال سا بیٹھا تھا ۔۔۔ وہ اور اس کی ایک ہم جماعت ایک دوسرے کو یونیورسٹی لائف سے ہی پسند کرتے تھے ۔۔۔اب دونوں کا ایک ساتھ باہر جا کر پی ایچ ڈی کرنے کا منصوبہ تھا۔۔۔تو چاہتے تھے ان کی منگنی کر دی جائے۔۔۔لیکن جہانزیب اس بات پر راضی نہیں ہوئے تھے۔۔۔وہ شیراز اور عزا کی شادی کر دینا چاہتے تھے۔۔۔

ہمم لیکن ۔۔۔۔ سوچا تھا پہلے ماہوین کی شادی ہو جاتی ۔۔۔۔۔۔مدحیہ نے گہری سانس لیتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

ماہوین کی قسمت اس کے ساتھ ۔۔۔ لیکن اب یہ بھی تو مسئلہ ہے ۔۔۔۔جہانزیب نے پر سوچ انداز میں کہا تھا ۔۔۔

ماہوین کے لیے تو انھوں نے بہت رشتے دیکھے تھے لیکن ہر رشتے میں کوئی نہ کوئی مسئلہ

آ جاتا تھا۔۔۔ شیراز کی شادی کی تاریخ رکھ دی گئی تھی۔۔۔

****

ہیلو۔۔۔ بھابھی۔۔۔۔۔۔ احان نے پریشانی سے سر کے بالوں کو ہاتھوں سے پیچھے کیا تھا۔

جی۔۔۔ کیسے ہو احان۔۔۔۔ حنا نے مرتضی کو گود میں درست کرتے ہوئے دوسرے ہاتھ سے فون کان کو لگایا تھا۔۔۔

بھابھی۔۔۔ ٹھیک ہوں آپ کیسی ہیں۔۔۔احان نے آواز کو نارمل کیا تھا۔

وہ تین گھنٹے سے ماہوین کا فون ٹرائی کر رہا تھا وہ نہ تو کسی مسیج کا جواب دے رہی تھی اور نہ ہی اس کا فون اٹھا رہی تھی۔۔۔۔۔ پہلے کبھی ایسا نہیں ہوا تھا اس لیے احان بہت پریشان تھا وہ ابھی پاکستان میں ہی تھا اور صبح کو گیارہ بجے کے قریب سو کر اٹھا تھا اور اپنے روز کے معمول کے مطابق اس نے سب سے پہلے ماہوین کو مسیج کیا تھا لیکن اس کی طرف سے کوئی جواب نہیں آیا تھا۔۔۔ وہ تین گھنٹے سے مسلسل اس کو فون کر رہا تھا اور اب پریشان ہو کر حنا کو فون کیا تھا۔۔۔

میں بھی ٹھیک۔۔۔۔۔۔۔احان نے اپنے آپ کو نارمل رکھتے ہوئے کہا۔۔۔

بھابھی ماہوین کا نمبر بند جا رہا ہے تین گھنٹے سے۔۔۔۔۔۔احان نے پریشان سی آواز میں کہا تھا۔۔۔

احان میں تو اپنی امی کی طرف ہوں کل سے۔۔۔ معلوم نہیں رابطہ نہیں ہوا۔۔۔.....حنا نے معزرت کے انداز میں کہا تھا۔۔۔

اوہ۔۔۔ بھابھی آپ ایسا کریں کہ۔۔۔آپ گھر سے پتہ کریں ذرا۔۔۔۔احان بری طرح پریشان ہو چکا تھا۔۔۔

احان میں اس وقت باہر آئی ہوں مرتضی کو لے کر۔۔۔ میں ابھی جاتے ہی کرتی ہوں پھر بات۔۔۔۔۔۔۔۔ حنا نے عجلت میں کہا تھا۔۔۔

ہمممم اٹس اوکے بھابھی ۔۔۔۔۔۔۔ احان نے پرسوچ لہجے میں کہااور موبائیل کو بند کر دیا تھا۔۔۔

بے چینی اور بڑھ گئی تھی۔۔۔ کیا ہوا اسے وہ تو اس وقت آفس میں ہوتی اور سارا وقت وہ ایک دوسے کے ساتھ بات کرتے رہتے تھے مسیجز پر ۔۔۔۔۔۔ احان خود کو جہانزیب سے بات کرنے سے نہیں روک سکا تھا۔۔۔شائد وہ آج گھر پر ہو اور سو رہی ہو۔۔۔اپنے ذہن میں ابھرتے خیال کے زیر اثر وہ جہانزیب کو کال ملا چکا تھا۔۔۔

اسلام علیکم انکل کیسے ہیں آپ۔۔۔ جہانزیب کے فون اٹھاتے ہی وہ مہدب انداز میں گویا ہوا تھا۔۔۔

وعلیکم سلام۔۔۔۔ کون۔۔۔۔۔۔۔احان نے ان کو پہلی دفعہ فون کیا تھااس لیے وہ پہچان نہیں سکے تھے اور سوالیہ انداز میں پوچھا۔۔۔

احان انکل۔۔۔۔احان بات کر رہا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔اپنے لہجے کو نارمل رکھتے ہوئے کہا۔۔۔

اوہ۔۔۔۔۔کیسے ہو بھئی برخوردار ۔۔۔۔۔۔۔۔ جہانزیب نے خوشگوار انداز میں کہا اور سامنے لگے ٹی وی کی آواز کو بند کیا تھا ریموٹ سے۔۔۔

اللہ کا بڑا کرم ہے انکل۔۔۔آپ سنائیں کیسے ہیں ۔۔۔۔ گھر میں سب کیسے ۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے بھی خوشگوار لہجے میں کہا تھا۔۔۔

ٹھیک سب بیٹا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے ہنوز اسے لہجے میں کہا تھا۔۔۔

وہ ۔۔۔۔ نازلین ۔۔۔ کو کچھ بکس چاہیے تھی ماہوین سے تو میں گھر آنے والا تھا پھر سوچا کہ پہلے پوچھ لوں کہ وہ گھر پر ہے کہ نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے نارمل انداز میں کہا تھا۔۔۔

ماہی تو اس ٹائم جاب پر ہوتی ہے ۔۔۔۔ جہانزیب نے بے ارادہ سامنے لگے گھڑیال کی طرف دیکھا تھا۔۔۔

اوہ ۔۔۔ چلیں یہی پوچھنا تھا ۔۔۔۔ ۔۔۔۔۔۔ احان کی پریشانی اور بڑھ چکی تھی ۔۔۔

موبائل کو ہاتھ میں پکڑے وہ بے حال کھڑا تھا۔۔۔ سمیعہ کچھ دیر پہلے اس کے سامنے چائے کا کپ رکھ کر گئی تھیں وہ ویسے کا ویسا دھرا تھا ۔۔ اچانک اس کی دوست سعدیہ کا خیال آتے ہی وہ اسے فیس بک مسینجر پر کال کر چکا تھا ۔۔۔۔

ہیلو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ احان کی بے چینی اور پریشانی بھری آواز ابھری تھی ۔۔۔

جی۔۔۔۔........ سعدیہ نے بے یقینی کے عالم میں جی کہتے ہوئے تیزی سے سامنے بیٹھی ماہوین کی طرف دیکھا۔۔۔

وہ احان کو جانتی تھی لیکن اس کی کال پہلی دفعہ اسے آئی تھی تو حیران ہونا تو بنتا تھا اس کا ۔۔۔

سعدیہ۔۔۔ میں احان سکندر بات ۔۔۔۔۔۔احان کی بات ابھی پوری نہیں ہوئی تھی کہ سعدیہ بول پڑی تھی

اوہ احان بھائی کیسے ہیں آپ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ خوشگوار انداز میں گویا ہوئی تھی ۔۔۔

جی ٹھیک بس وہ پریشان تھا تھوڑا سا ۔۔۔ ماہوین کا نمبر بند جا رہا ہے مسلسل تین گھنٹے سے ۔۔۔احان نے گردن پر ہاتھ پھیرتے ہوئے مہذب انداز میں کہا

اچھا۔۔۔ویٹ۔۔۔وہ آئی ہے آفس میں بات کرواتی آپکی ۔۔۔۔۔۔۔ سعدیہ نے ماہوین کی طرف مسکرا کر فون بڑھایا تھا۔۔۔

ہیلو۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے حیران ہوتے ہوئے کہا تھا ۔۔۔۔

تمہیں خبر بھی ہے کہ میں کتنا ہریشان ہو رہا ہوں ۔۔۔۔۔ احان نے دانت پیس کر غصے سے کہا۔۔۔

صبح سے موبائل بند تمھارا ۔۔۔۔۔۔ اس سے پہلے کہ ماہوین کچھ بولتی وہ پھر سے غرائے

کے انداز میں گویا ہوا تھا۔۔

احان ۔۔۔ وہ میں چارجر گھر بھول گئی آج ۔۔۔ کام میں بہت بزی تھی ۔۔۔ ماہوین نے التجائی انداز میں کہا تھا

تو پھر رہو یار ۔۔۔ بزی ۔۔۔۔ بائے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان کی جان میں جان تو آگئی تھی لیکن اب اسے صرف غصہ آ رہا تھا ماہوین پر

احان۔۔۔احان ۔۔۔۔ ایک منٹ ناراض مت ہوئیں آپ ۔۔۔ابھی چارج کرتی موبائل ۔۔۔۔ پہلی دفعہ احان کو وہ اتنے غصے میں دیکھ رہی تھی جان پر ہی تو بن گئی تھی ۔۔۔ بڑی مشکل سے وہ احان کو راضی کر پائی تھی۔۔۔ لیکن دل کو ایک عجیب سی خوشی بھی ہو رہی تھی کہ وہ کتنا چاہتا ہے اسے کیسے تڑپ گیا تھا اس کے ایسے تین گھنٹے غائب ہو جانے پر ۔۔۔

****

امی بات سنیں میرے لیے ایک دفعہ بس ۔۔۔ احان نے التجا کے انداز میں کہا اور سمیعہ کے ہاتھوں کو اپنے ہاتھوں میں لیا تھا۔۔۔

وہ سرخ چہرے کے ساتھ ماتھے پر بل ڈالے بیٹھی تھیں۔۔۔احان انھیں شیراز کی شادی پر ماہوین کو اچھی طرح دیکھنے کا کہہ رہا تھا۔۔۔ وہ چاہتا تھا ماہوین کو لے کر ان کے دل میں جو خلش ہے وہ ختم ہو جائے۔۔۔

شادی پر آپ اسے بہو کے انداز میں پرکھنا۔ وہ بہت اچھی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے بے چارگی سے ماں کی طرف دیکھا تھا۔۔۔ جو ہنوز ماتھے پر بل سجائے بیٹھی تھیں۔۔

احان۔۔۔۔۔۔۔۔۔انھوں نے ناگواری سے احان کے نام کو لمبا کھینچا تھا۔۔۔

امی پلیز۔۔۔ دیکھیں تو ایک دفعہ۔۔۔۔ اس نظر سے۔۔۔ اب شیراز کی شادی ہے نہ تو اس شادی میں آپ پورے دل سے اسے دیکھیں ایک دفعہ۔۔۔ احان بار بار ان کو پیار سے سمجھا رہا تھا۔۔۔

وہ سمیعہ سے بہت محبت کرتا تھا اور سکندر کے جانے کے بعد اس نے اپنی ماں کو بہت سی مشکلوں کو برداشت کرتے دیکھا تھا۔۔

احان وہ بہت اونچے دماغ کی لڑکی ہے تم بھی چلے جاؤ گے ۔۔۔ سمیعہ نے منہ بگاڑ کر کہا تھا۔۔

امی وہ تو میں اسے یا اگر کوئی اور بھی ہوئی اسے بھی اپنے ساتھ لے ہی جاؤں گا ۔۔۔۔ احان اب تھک گیا تھا ان کو سمجھاتے سمجھاتے۔۔۔

لیکن وہ نہیں ملنے دے گی پھر ہمیں ۔۔۔۔ سمیعہ نے روہانسی آواز میں کہا تھا ۔۔۔

امی بس کریں تو اس کی گیرنٹی کون دے گا جو آپ لے کر آئی یں گی وہ ایسا نہیں کرے گی ۔۔۔ ہے کیا کوئی گیرنٹی آپ کے پاس۔۔۔ احان نے چڑنے کے انداز میں کہا تھا ۔۔۔

وہ گھنٹے بھر سے ان کی منتیں کر رہا تھا ۔۔۔ اور ان کی سوئی بس ایک ہی بات پر اٹکی ہوئی تھی ۔۔

فار گاڈ سیک امی ۔۔ یہ سب چھوڑ دیں ہم دونوں شادی کے سب فنکشن میں جا رہے ہیں۔۔۔۔ احان نے غصے سے کہا تھا۔۔۔

اور پھر وہ کمرے میں رکا نہیں تھا تیزی سے باہر نکل گیا تھا۔۔۔

****

تھوڑا سا اور پیچھے۔۔۔۔۔۔۔ احان نے شرارت سے مسیج کیا تھا۔۔۔

اتنی بھیڑ میں اس نے چھپا کر مسیج پڑھا تھا۔۔۔۔ دودھ پلائی کی رسم ہو رہی تھی سب لوگ جھمگٹا بنائے سٹیج پر کھڑے تھے جب اس کے بلکل عقب پر اسے احان کے مخصوص پر فیوم کی خوشبو

محسوس ہوئی تھی ۔۔۔ آج شیراز کی بارات کا دن تھا ۔۔۔ ماہوین نے میرون رنگ کا شیفون فراک زیب تن کیا تھا ۔۔۔ جس میں وہ احان کے دل کے تار ہلانے کا سامان کیے ہوئے تھے ۔۔۔ سیدھے بال کندھوں پر گرائے۔۔۔ ہلکے سے میک اپ سے خوبصورت چہرے کو چار چاند لگائے وہ اسے بری طرح بے قرار کر چکی تھی۔۔۔ احان کو خبر ہی نہ ہوئی کب وہ اس کے حسن کے طلسم میں جکڑا ہوا اس بلکل پیچھے آ کر کھڑا ہو چکا تھا ۔۔۔ وہ رسم دیکھنے میں مصروف تھی۔۔ اب وہ اسے مسیج کے ذریعے اور قریب آنے کا کہہ رہا تھا۔۔۔

ماہوین آہستہ سے پیچھے ہوئی تھی ۔۔۔۔ چور نظروں سے ارد گرد

21

دیکھا تھا۔۔۔ ہر شخص رسم کو دیکھنے میں مگن تھا۔۔۔

تھوڑا سا اور۔۔۔۔۔۔۔ احان کا پھر سے مسیج آیا تھا۔۔۔

ماہوین کا دل جیسے پسلیوں میں دھڑکنے لگا تھا۔۔۔ وہ دھیرے سے اور پیچھے ہٹی تھی ۔۔۔۔

بس اب ٹھیک ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ احان کا اگلا مسیج آیا تھا۔۔۔۔

بہت پیاری لگ رہی ہو۔۔۔ تھنکیو اس کلر کو پہننے کے لیے۔۔۔۔۔۔۔۔ احان اب اس کے پیچھے اتنا قریب کھڑا تھا کہ ماہوین آسانی سے اس کی سرگوشی سن سکتی تھی۔۔

وہ جھینپ گ ئی تھی۔۔۔ ایک دم سے ہاتھ پسینے میں بھیگنے لگے تھے ۔۔۔۔

احان۔۔۔۔ کوئی سن لے گا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے مسیج جلدی سے ٹائپ کر کے سنڈ کیا تھا ۔۔۔۔

رسم ختم ہوتے ہی سب لوگ سٹیج سے اترنے لگے تھے ۔۔۔۔ وہ بھی بڑی ہیل اور فراک کو

سنبھالتی ہوئی لجائی سی سٹیج سے اتری تھی ۔۔۔

آپ نے کھانا کھایا۔۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے پھر سے ٹیکسٹ کیا تھا ۔۔۔

احان اب کچھ فاصلے پر کھڑا وقار اور اس کے دوستوں کے ساتھ باتیں کر رہا تھا ۔۔۔

کھانا کھانے کون کمبخت آیا تھا۔۔۔ احان نے شرارت سے مسیج لکھا تھا ۔۔۔

احان ۔۔۔۔ مزاق نہیں ۔۔۔ بتائیں کھایا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے خفا سی شکل بنا کر احان کی طرف دیکھا اور مسیج ٹائپ کیا۔۔۔۔

ہمممم کھا لیا ہے ۔۔۔ ان معاملوں میں فکر مت کیا کرو ۔۔۔ بہت بے شرم ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ احان نے مسکراہٹ دباتے ہوئے مسیج کیا تھا ۔۔۔

اچھا جی ۔۔۔ ۔۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین کھل گئی تھی ۔۔۔

مجھے چھوڑو امی کے آگے پیچھے رہو تم بس ۔۔۔ ۔۔۔۔ احان نے حکم۔چلانے جیسے انداز میں مسیج کیا تھا ۔۔۔

جی جی ۔۔۔۔ ان کو کھانا کھلایا ہے بہت پروٹوکول میں ۔۔۔۔ ماہوین نے لب دانتوں میں دبائے کہا۔۔۔۔

ویری گڈ ۔۔۔۔ ان کی نظروں میں کچھ اچھی بہو والے آثار نظر آئے پھر۔۔۔۔۔۔احان نے سوال دغا۔۔۔

نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین کا چہرہ اداس ہوا تھا۔۔۔

اچھا چلو دل چھوٹا مت کرو۔۔۔ جاؤ ان لوگوں کے پاس ہی ۔۔۔ بس امی کے آس پاس رہو ۔۔۔

احان کے اگلے مسیج پر ماہوین نے ٹھنڈی سانس لی تھی ۔۔۔

جی ۔۔۔۔ ۔۔۔ وہ جوابی مسیج سنڈ کرتی چل پڑی تھی۔۔۔

سمیعہ مدحیہ کے پاس بیٹھی تھی وہ بھی دھیرے سے چلتے ہوئے وہاں آگ ئی تھی۔۔۔ مہندی پر بھی اس نے سمیعہ کا بہت خیال رکھا تھا اسکے آگے پیچھے پھرتی رہی تھی ۔۔۔پر سمیعہ اسے گھورتی ہی رہی تھی ۔

ارے بھ ئی ۔۔۔۔ سبحان نے بھی اپنی پسند کی کی ہے ۔۔۔میں تو احان کو بھی کہتی ہوں کوئی کرلے پسند ۔۔۔۔۔۔۔ سمیعہ نے مدحیہ کے ساتھ خوشگوار انداز میں کہا ۔۔۔

آج کل پسند نہ پسند کیا بہن جی زمانہ اور ہے ہمارے زمانے میں ہم اپنے چچا پھوپھا کے بچوں کے سامنے بھی نا جاتی تھیں پر آج کل بچے ساتھ پڑھتے اٹھتے ۔۔۔۔

تو ایک دوسرے کے قریب ہو ہی جاتے سمجھنے لگتے ایک دوسرے کو میرے دنوں بیٹوں نے پسند کی ہے۔۔۔ان کی زندگی ہے جہاں چاہتے ہیں ہم کر دیتے۔۔۔ مدحیہ بھرپور انداز میں مسکرا رہی تھیں۔۔۔اس بات سے یکسر انجان کے سامنے والا نفوس اس بات پر تپ گیا ہے۔۔۔۔

درست کہا۔۔۔میں تو خود پسند کی شادی کے حق میں ہوں۔۔۔ سمیعہ بڑے انداز سے مسکراتے ہوئے گویا ہوئی ۔۔۔

ماہوین کو ان کے یہ الفاظ ایک آس ہی دلا گۓ تھے۔۔۔

بہت اچھا کر رہی ہیں آپ ۔۔۔ تو ہے اب ارادہ آپکا۔۔۔ احان کی شادی کا ۔۔۔۔۔۔ مدحیہ نے خوشگوار انداز میں پوچھا۔۔۔

ہمم دیکھو ۔۔۔ ویسے تو ایک لڑکی میں نے بھی دیکھ رکھی ہے بہت اچھی اب دیکھو احان کیا کہتا ہے ۔۔۔۔۔۔سمیعہ نے ناک کو تھوڑا سا چڑھا کر کہا تھا۔۔۔

احان کی دب ئی میں بہت اچھی جاب تھی وہ لاکھوں پاکستان بھیجتا تھا ۔۔۔ سمیعہ کو اس بات کی بھی تھوڑی سی اکڑ آ گ ئی تھی وہ ایسی بہو لانے کے بلکل حق میں نہیں تھیں جن پر ان کا بیٹا

جان چھڑکتا ہو۔۔۔

وہ بار بار ایک ناگوار نظر جز بز سی کھڑی ماہوین پر ڈال رہی تھیں۔۔۔

****

کیسی ہیں آپ۔۔۔۔۔۔ جہانزیب نے خوشگوار انداز میں کہا تھا۔۔۔

وہ شام کے وقت لان میں لگی کرسی پر بیٹھے تھے۔۔۔ سامنے چائے کا کپ پڑا تھا۔۔ جس کی بھاپ اس بات کا ثبوت تھی کہ اسے ابھی ابھی یہاں رکھا گیا ہے۔۔۔ جہانزیب سمیعہ کا نام دیکھ کر مسکرائے اور فون اٹھایا تھا۔۔۔

میں تو ٹھیک ہوں بھائی صاحب آپ اپنی بیٹی کو رکھیں ذرا قابو میں۔۔۔ ۔۔۔۔۔ سمیعہ کی آواز تلخ اور کاٹ دار تھی ۔۔۔۔

جی۔۔۔ کیا۔۔۔ کیا ۔۔ کہہ۔۔۔۔ رہی ہیں آپ۔۔۔۔۔۔۔ جہانزیب گڑبڑا سے گئے تھے۔۔۔

درست کہہ رہی ہوں جو بھی کہہ رہی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سمیعہ نے کاٹ دار لہجے سے کہا۔۔۔

ماہوین کو کہیں میرے بیٹے احان سے دور ہی رہے۔۔۔۔۔۔۔ وہ تیز آواز میں دانت پیستے ہوئے کہہ رہی تھیں۔۔۔

Top of Form

احان۔۔۔ماہوین۔۔۔ میں کچھ سمجھا نہیں۔۔۔ جہانزیب نے پریشانی اور نا سمجھی کے انداز میں کہا تھا...

آپ کیا سمجھیں۔۔۔ آپکی بیٹی کے قصے کون نہیں جانتا خاندان میں۔۔۔ اب میرے بیٹے کا دماغ خراب

کر رکھا ہے اس نے وہ ضد پر اڑا بیٹھا ہے اس سے ہی شادی کرنی۔۔۔...سمیعہ گلا پھاڑے جہانزیب پر ذلت کے پہاڑ توڑ رہی تھی۔۔۔

جہانزیب ایک دم سے چکرا سے گئے تھے۔۔۔۔۔کانوں کے پیچھے پسینہ رنگینے لگا تھا۔۔۔

جی دیکھیں مجھے اس بات کے بارے میں۔۔۔۔۔جہانزیب کی آواز کسی کھائی سے آتی ہوئی محسوس ہو رہی تھی۔۔۔

آپکو بھی پتہ ہی ہو گا سب۔۔۔ جو کرتی پھرتی آپکی بیٹی۔۔۔ نظر جو آ رہا اچھا کماتا ہے۔۔ خوبصورت ہے لڑکا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سمیعہ نے دانت پیس کر کاٹ دار انداز میں جہانزیب کے غرور کی دھجیاں بکھیر دی تھیں۔۔۔۔۔

آپ حد سے بڑھ رہی ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔جہانزیب کی برداشت جواب دے گئی تھی۔۔۔۔

کوئی حد سے نہیں بڑھی میں۔۔۔ حد سے آپکی بیٹی بڑھ رہی ہے۔۔۔ طنز بھرا کاٹ دار لہجہ۔۔۔

آج کے بعد اگر اس نے میرے بیٹے کا دماغ خراب کیا نہ تو مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا۔۔۔۔۔۔۔سمیعہ نے دو ٹوک انداز میں کہا تھا۔۔۔ اور فون بند کر دیا۔۔۔۔

جہانزیب کا سر ایسے نیچے کو لڑھکا تھا جیسے گردن نے سر کا وزن سہنے سے انکار کر دیا ہو۔۔۔

کچھ لمحے یوں ہی ٹھنڈی ملائی جمی چائے کے کپ کے آگے وہ جھکے ہوئے سر کے ساتھ بیٹھے رہے۔۔۔ پھر دانتوں کو پیوست کیے وہ اندر کی طرف بڑھے تھے چہرہ ضبط سے لال ہو رہا تھا

ماہوین۔۔۔۔۔۔ماہوین۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جہانزیب اپنی پوری قوت سے چلائے تھے کہ گھر کی در و دیوار ہل کر رہ گئی تھیں۔۔۔۔

وہ لاونج کے بیچ و بیچ کھڑے تھے۔۔۔ان کا دھاڑنا اتنا جاندار تھا کہ سب لوگ اپنے کمروں سے باہر

نکل آئے تھے۔۔۔

کیا ہوا بابا۔۔۔۔۔۔۔۔۔وقار سب سے پہلے اپنے کمرے سے نکلا تھا۔۔۔

ماہوین کو بلاؤ ۔۔۔۔۔۔۔۔ وقار کی طرف دیکھ کر جہانزیب نے ضبط سے لب بھینچے تھے ۔۔۔

شیراز کی شادی کو ابھی ایک ہفتہ ہی گزرا تھا۔۔۔ شیراز اور عزا پی ایچ ڈی کے لیے انگلینڈ جا چکے تھے ۔۔۔

جی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین پریشان سی کمرے سے باہر نکلی تھی۔۔۔آج سے پہلے جہانزیب نے کبھی اس کو یوں نہیں پکارا تھا۔۔۔

احان۔۔۔۔۔۔احان سے کیا تعلق ہے تمھارا۔۔۔۔۔۔۔۔جہانزیب نے دانتوں کو ایک دوسرے میں جکڑے غصے سے ماہوین کی طرف دیکھا تھا۔۔۔

اُفف وہ ایک دم سے لڑکھڑا گئی تھی ۔۔۔

بابا ۔۔۔۔ وہ ۔۔۔۔۔۔۔۔ آواز جیسے حلق سے نکل ہی نہیں رہی تھی ۔۔۔

کیا وہ۔۔۔۔۔۔۔ احان سے بات کرتی ہو تم۔۔۔۔۔۔۔ جہانزیب اس کی آنکھوں میں جھانکتے ہوئے کہہ رہے تھے

بابا ۔۔۔ وہ مجھ سے شادی کرنا چاہتے ہیں۔۔۔۔۔۔ماہوین نے گھٹی سی آواز میں سر جھکا کر کہا تھا ۔۔۔

تم نے پھر وہی غلطی دھرائی ۔۔۔۔۔ تمہیں روکا تھا نہ میں نے ۔۔۔۔۔۔۔جہانزب نے ہاتھ ہوا میں اٹھایا تھا جو ہوا میں معلق رہ گیا تھا۔۔۔ ماہوین کے گال تک نہیں پہنچا تھا

اور اس دفعہ تم نے مجھ سے بات کیوں نہیں کی۔۔۔۔۔۔وہ ماہوین کے جھکے سر کو کھا جانے والی نظروں سے دیکھتے ہوئے کہہ رہے تھے

بابا۔۔۔میں نے جان بوجھ کر کچھ نہیں کیا۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے روہانسی آواز میں کہا تھا

بابا۔۔ ہوا کیا ہے مجھے تو بتائیں۔۔۔۔۔۔ وقار کبھی ماہوین کی طرف دیکھ رہا تھا اور کبھی جہانزیب کی طرف۔۔۔

ہونا کیا ہے۔۔۔وہی ذلت جو اس کی وجہ سے تین سال پہلے سہنی پڑی تھی وہی۔۔۔۔۔۔۔ جہانزیب ایک دم سے صوفے پر ڈھے سے گئے تھے۔۔۔

کیا مطلب بابا۔۔۔۔۔۔۔۔وقار ابھی تک نا سمجھی کی حالت میں ہی تھا

احان کی ماں کا فون تھا۔۔۔اور جو کچھ تین سال پہلے ارحم کی ماں لوگوں سے کہتی پھرتی تھی وہی کچھ وہ آج احان کے حوالے سے مجھے کہہ رہی تھیں۔۔۔۔۔۔۔ جہانزیب نے پیشانی پر تاسف سے ہاتھ پھیرا تھا۔۔۔

ماہوین۔۔۔۔۔۔۔۔۔جہانزیب سوالیہ سی شکل لے کر ماہوین کی طرف مڑا تھا۔۔۔

وقار وہ مجھ سے شادی کرنا چاہتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین کا چہرہ اور جھک گیا تھا

لیکن اس کی ماں تو تم پر ہی الزام لگا رہاہی ہے نہ صرف۔۔۔۔۔۔۔۔ جہانزیب نے پھر غصے سے ماہوین کی طرف دیکھتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

مدحیہ اور حنا ہونق بنی کھڑی تھیں۔۔۔ جہانزیب کا ماہوین پر اتنا غصہ سب کو حیران و پریشان کر گیا تھا ۔۔۔

وہ منا رہا ہے انھیں۔۔۔۔۔۔ماہوین نے مدھم سے لہجے میں کہا تھا۔۔۔

خاک منا رہا ہے وہ۔۔۔اس کی ماں بابا کو باتیں سنا رہی ہیں۔۔۔۔۔۔ وقار نے ڈانٹنے کے انداز میں کہا تھا۔۔۔

ماہوین تم احان سے کوئی رابطہ نہیں رکھو گی وہاں تمھاری شادی ہر گز نہیں ہو گی۔۔۔۔۔۔۔

جہانزیب نے اٹھ کر دوٹوک انداز میں کہا اور اپنے کمرے میں چلے گئے تھے۔۔۔

اور آج کے بعد میں نے تمہیں اس سے بات کرتے دیکھا یا مجھے پتہ چلا تو مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا۔۔۔۔۔۔ وقار نے بھی ماہوین کے سر پر انگلی نچا کر کہا تھا اور وہاں سے نکل گیا تھا۔۔۔

وہ بوجھل قدموں سے حنا کا بڑھتا ہاتھ جھٹکتی ہوئی اپنے کمرے کی طرف بڑھ گئی تھی۔۔۔

****

امی۔۔۔ یہ سب کیا کیا آپ نے۔۔۔۔۔۔احان نے دھاڑنے کے انداز میں سمیعہ کے سر پر آ کر کہا تھا ۔۔۔

وہی جو کرنا چاہیے تھا۔۔۔۔۔۔۔۔ سمیعہ نے مزے سے اپنا موبائل ایک طرف رکھا اور گھٹنے کو دونوں ہاتھوں میں جکڑ کر مغرور شکل سے کہا۔۔۔

جب سے شیراز کی شادی سے واپس آئے تھے احان بار بار سمیعہ پر رشتے کے لیے زور دے رہا تھا۔۔اس کو تھا اس دفعہ دبئی جانے سے پہلے وہ ماہوین کو اپنا بنا کر ہی جائے۔۔۔ لیکن ابھی ماہوین کے فون نے اسے ہلا کر رکھ دیا تھا۔۔۔اس نے فون کر کے بس اتنا ہی کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

احان مجھے محبت سے زیادہ عزت عزیز ہے میں نے تمہیں چھوڑ دیا۔۔۔اور بے وفا کہو۔۔۔ یا بے حیا ۔۔۔پر میں تم سے اب کوئی رابطہ نہیں رکھنا چاہتی۔۔۔

اس کے بعد ماہوین نے اس کی ایک کال نہیں اٹھائی تھی اور نہ ہی اس کے کسی مسیج کا کوئی جواب دیا تھا۔۔ اسے ساری حقیقت حنا نے بتائی تھی۔۔۔وہ اسی لمحے سمیعہ کے کمرے میں پہنچا تھا

امی یہ بہت غلط کیا آپ نے ۔۔۔۔۔ احان کی آواز پھٹ رہی تھی۔۔۔

آگیا فون تمہیں اس کا۔۔۔ بڑھکا دیا میرے خلاف تمہیں ۔۔۔۔۔۔ سمیعہ نے ناک چڑھا کر

ناگواری سے کہا تھا۔۔۔

نہیں۔۔۔اس نے مجھے چھوڑ دیا ہے۔۔۔اب آپ خوش ہو جائیں ۔۔۔۔۔۔۔۔ احان نے سرخ چہرے کے ساتھ دانت پیس کر کہا تھا۔۔۔

چھوڑنا ہی تھا ۔۔۔ جب کر ہی غلط رہی تھی ۔۔۔ تم سے پیار ویار نہیں کرتی وہ ۔۔۔۔۔۔۔

سمیعہ نے ہاتھ ہوا میں نچایا تھا

امی ۔۔۔بس چپ کر جائیں اور ایک بات سن لیں میری ۔۔۔۔ ماہوین نہیں تو اور کوئی نہیں ۔۔۔۔۔۔۔ احان بھی انھی کا بیٹا تھا ۔۔۔

مجھے شادی نہیں کرنی اب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ احان کی آواز میں ماہوین کی ذلت کا کرب تھا جو ذلت اس کی اپنی ماں نے اسے دی تھی ۔۔۔

وہ بھٹکے ہوئے مسافر کی طرح چلتا ہوا کمرے سے باہر نکل گیا تھا۔۔۔سمیعہ طنز بھری مسکراہٹ سجائے بیٹھی تھی۔۔۔

مدّت سے تو دلوں کی ملاقات بھی گئی
ظاہر کا پاس تھا سو مدارات بھی گئی

کتنے دنوں میں آئی تھی اس کی شبِ وصال
باہم رہی لڑائی سو وہ رات بھی گئی

کچھ کہتے آ کے ہم تو سنا کرتے وے خموش
اب ہر سخن پہ بحث ہے وہ بات بھی گئی

نکلے جو تھی تو بنتِ عنب عاصمہ ہی تھی
اب تو خراب ہو کر خرابات بھی گئی

عمامہ جانماز گئے لے کے مغ بچے
واعظ کی اب لباسِ کرامات بھی گئی

پھرتے ہیں میر خوار کوئی پوچھتا نہیں
اس عاشقی میں عزتِ سادات بھی گئی

****

شرم کرو شرم۔۔۔۔نازلین پھٹنے کے انداز میں بولی تھی۔۔۔

ماہوین کا فون کو پکڑا ہوا ہاتھ لرز گیا تھا۔۔۔وہ ابھی سو کر اٹھی تھی نازلین کا نام فون پر چمک رہا تھا۔۔

احان سے بلکل بات ختم کیے اسے چار دن ہو گۓ تھے۔۔آنکھیں ساری رات جاگنے اور رونے سے سوجی پڑی تھیں۔۔۔احان نے کیسے کیسے اس سے رابطہ کرنے کی کوشش نہیں کی تھی پر اس نے احان سے بات نہیں کی تھی۔۔۔اور اب آج نازلین کا فون آگیا تھا اس نے نہ سلام کیا بس سیدھا اس پر پھٹ پڑی تھی۔۔۔

نازلین۔۔۔کیا ہوا۔۔۔۔۔ماہوین نے عجیب نہ سمجھی کے انداز میں کہا تھا۔۔۔

احان سے وہ سب کچھ ختم کر چکی تھی کیا اسے معلوم نہیں ماہوین نے الجھتے ہوئے سوچا تھا۔۔۔

ہونا کیا ہے فساد پڑ گیا ہے ہمارے گھر میں تمھاری وجہ سے صرف۔۔۔۔۔۔نازلین کا لہجہ تزلیل بھرا تھا۔۔۔

ماہوین کا دل کٹ کر رہ گیا تھا۔۔۔۔

میری وجہ سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین کی گھٹی سی آواز نکلی تھی۔۔۔

ہاں۔۔ہاں تمھاری وجہ سے۔۔۔۔احان رات ہم سب سے ناراض ہو کر گھر سے چلا گیا اور امی نے نیند کی گولیاں کھا لیں۔۔۔ نازلین کی آواز غصے سے پھٹ رہی تھی اس کا بس نہیں چل رہا تھا وہ فون میں سے نکل کر ماہوین کا گلا دبوچ لے۔۔۔

تو نازلین۔۔۔اس میں۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے روہانسی آواز میں ابھی بات شروع ہی کی تھی۔۔۔

بکواس مت کرو تم۔۔۔۔ بات سنو میری۔۔ تمہاری ساری حقیقت کیا میں نہیں جانتی۔۔۔۔۔۔۔اور ایسی لڑکی کو میں اپنی بھابھی بنا کر لے آؤں ۔۔۔۔ ہر گز نہیں ۔۔۔۔ نازلین پوری طرح نشتر چلا کر اسے ڈھیر کر رہی تھی۔۔۔

وہ تو ابھی تک وقار اور جہانزیب کی نظروں کا سامنا کرنے کے قابل نہیں ہوئی تھی کہ نازلین اس کو اسی کی نظروں میں گرا رہی تھی ۔۔۔۔۔

مجھے دو فون ۔۔۔۔۔۔۔ نازلین کے پاس کھڑی احمرین نے اس سے فون پکڑ لیا تھا ۔۔۔

ماہوین ۔۔۔ تمہیں خدا کا واسطہ ہے میرے بھائی کا پیچھا چھوڑ دو تم ۔۔۔۔۔۔۔ احمرین کی آواز نازلین سے بھی زیادہ سختی لیے ہوئے تھی ۔۔۔

آپ پریشان نہ ہوں ۔۔۔ چھوڑ دیا اسے میں نے ۔۔۔ ماہوین نے مدھم آواز میں کہا تھا ۔۔۔

22

وہ زندگی عجیب تھی نہ ہجر تھا نہ وصل تھا
کہ دو دلوں کا مسئلہ نزاعِ عشق و عقل تھا

مرا عقیدہ یہ کہ ضبط شوق کی حیات ہے
تمہارا عقیدہ کہ عشق صرف حبِ ذات ہے

مرے طریقِ عاشقی میں عرضِ مدعا غلط
تمھاری شرعِ حسن میں نمائشِ ادا غلط

خیال دونوں کا ہی یہ کہ شُورشِ دروں غلط
تپش غلط، کشش غلط، فسوں غلط، جنوں غلط

مجھے گماں کہ سوزِ عشق، روح کا زوال ہے
انانیت کا ضعف ہے خودی کا انفعال ہے

تمہیں گماں کہ عشق اور نسائیت میں راہ ہے
کھنچے جدھر کو دل ادھر نگاہ بھی گناہ ہے

مجھے یہ وہم دل سے دور ہوگی پاس آکے تم
مآل سوچتی رہیں قدم بڑھا بڑھا کے تم

نتیجہ یہ ہوا کہ شوق پا سکا نہ کھو سکا
تمہیں وفا نہ آ سکی مجھے جنوں نہ ہو سکا

****

حنا۔۔۔ عمار۔۔۔ اس نے مجھے معاف نہیں کیا۔۔۔ ماہوین نے غیر مرئی نقطے پر نظر جمائے سپاٹ سے لہجے میں کہا تھا۔۔۔

وہ عصر کی نماز کے بعد چھت پر آئی تھی ۔۔۔ احان سے بات نہ کیے ہوئے ایک ہفتہ ہونے کو آیا تھا ۔۔۔ اور اب تو اس کی چھٹی بھی ختم ہونے کو تھی ۔۔۔ وہ عصر کی نماز میں جب دعا مانگ رہی تھی تو اچانک عمار کا چہرہ آنکھوں کے آگے آیا تھا ۔۔۔ وہ جامد سی ہو گئی تھی ۔۔۔۔ حنا ویسے بھی آج کل اس کے ساتھ ساتھ ہی رہتی تھی ۔۔۔اب بھی جب وہ اداس سی چھت پر آ رہی تھی تو وہ اس کے پیچھے ہی آ گئی تھی ۔۔۔۔

کیا ۔۔۔ کیا مطلب ۔۔۔ عمار ۔۔۔۔۔۔۔حنا نے عجیب سی نظروں اور لہجے سے کہا تھا ۔۔

ہاں عمار ۔۔۔ اس نے مجھے معاف نہیں کیا ۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین کی آواز کہیں بہت دور سے آتی ہوئی محسوس ہو رہی تھی ۔۔۔

ماہوین ایسی باتیں کیوں سوچتی ہو ۔۔۔ حنا نے اس کے گود میں دھرے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھا تھا ۔۔۔

حنا تم نہیں جانتی وہ جب بھی میرے خواب میں آتا ہے وہ مجھ سے بات تک نہیں کرتا ہے ۔۔۔ وہ ناراض ہے مجھ سے ۔۔۔

ماہوین ۔۔۔۔ ایسا کیوں سوچے جا رہی ہو ۔۔۔

حنا ۔۔۔ مجھے احان کبھی نہیں مل سکتا ۔۔۔ کیونکہ میں نے ایسے دل کو توڑا ہے جو مجھ سے بے پناہ سچی محبت کرتا تھا ۔۔۔۔۔۔۔اس کے گال آنسو سے تر تھے ۔۔۔

بتاؤ مجھے کیسے معافی ملے گی میں کیا ایسا کروں ۔۔۔ کہ عمار کی روح مجھے معاف کر دے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ روہانسی آواز میں تڑپتے ہوئے کہہ رہی تھی

بولو ۔۔۔۔ نہ کچھ ایسا ۔۔۔۔۔۔۔ حنا خاموشی سے بس اسے تکے جا رہی تھی ۔۔۔

ماہی تم اس کے نام کی خیرات کرو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آہستہ سی آواز میں حنا نے اس کے ہاتھوں کو تھپکتے

ہوئے کہا تھا۔۔۔

ہاں۔۔۔ایسا کرتی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے پاگلوں کی طرح گال رگڑے تھے۔۔۔

احان اتنا یاد آتا تھا کہ وہ ہر وقت عجیب عجیب خیالوں میں گم رہنے لگی تھی۔۔۔احان نمبر بدل بدل کر رابطہ کرنے کی بھی کوشش کر چکا تھا۔۔۔آفس وہ جا نہیں رہی تھی ایک ہفتے کی چھٹی لے کر گھر بیٹھ گئی تھی۔۔۔اور اب آج عمار کا خیال آ گیا تھا کہ شائد اس نے معاف نہیں کیا یہ سب اس وجہ سے ہے۔۔۔۔ مغرب کی آذان ہونے پر وہ اداس سی اٹھی تھی۔۔۔حنا کے جانے کے بعد بھی وہ چھت پر ہی بیٹھی رہی تھی اب نیچے جا رہی تھی۔۔۔

****

حنا۔۔۔کہاں جا رہے ہیں ہم۔۔۔۔۔۔ماہوین نے گاڑی کی کھڑکی سے باہر دیکھتے ہوئے حیران ہو کر پوچھا تھا۔۔۔

حنا اسے مارکیٹ کا کہہ کر زبردستی لائی تھی۔۔۔ اور اب گاڑی کا رخ مارکیٹ کی طرف نہ دیکھ کر ماہوین نے پریشان ہوتے ہوئے پوچھا تھا۔۔۔۔

ایر پورٹ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حنا نے گہری سانس لی تھی۔۔۔

کیوں۔۔۔۔ تم نے ایسا کیوں کیا۔۔۔۔ تمہیں پتہ ہے۔۔۔میں اس سے ہر تعلق ختم کر چکی ہوں۔۔۔۔۔۔ماہوین نے جھڑکنے کے انداز میں اسے کہا تھا۔۔۔

چہرہ ایک دم سے سرخ ہوا تھا۔۔۔احان کی چار ماہ کی چھٹی ختم کو چکی تھی اور وہ دبئی واپس جا رہا تھا۔۔۔

ماہوین بس آخری دفعہ ملنا چاہ رہا ہے وہ جا رہا ہے دبئی۔۔۔ حنا نے التجائی انداز میں کہا تھا۔۔۔

بس آخری دفعہ ۔۔۔ پلیز اس سے مل لو ۔۔۔ حنا نے کار کا دروازہ اس کی طرف کا کھولا تھا ۔۔۔

ماہوین زندہ لاش کی طرح حنا کے پیچھے چل دی تھی ۔۔۔حنا اسے احان کے پاس چھوڑ کر وہاں سے چل دی تھی

ماہوین۔۔۔ کاش ۔۔ کاش۔۔ میں نے تم سے اسی دن اپنی محبت کا اقرار کر لیا ہوتا جب ہم پہلے دن ملے تھے۔۔۔احان کی آواز میں اس کے اندر کا کرب تھا۔۔۔

وہ ایر پورٹ کے ویٹنگ روم میں لگے ایک بینچ پر بیٹھی خاموش آنسو بہا رہی تھی اور احان بلکل اس کے پیروں میں بیٹھ کر اس کے جھکے چہرے کو دیکھ رہا تھا۔۔۔

تو شائد آج ہم ایک ہوتے ۔۔۔۔۔۔ احان کی آواز اور بھاری ہو گئی تھی ۔۔۔

ماہوین۔۔ کیا دنیا میں کوئی ایسا نہیں جو ہمیں ملا دے ۔۔۔ احان نے روہانسی آواز میں کہا ۔۔۔

ماہوین کوئی جواب نہیں دے رہی تھی بس خاموش بیٹھی روئے جا رہی تھی ۔۔۔

ہماری قسمت میں یہ نہیں لکھا شائد ۔۔۔۔ ۔۔۔ احان اب اس کے ساتھ بینچ پر بیٹھ چکا تھا ۔۔۔

کبھی بھی میں تم سے یہ نہیں کہوں گا کہ تم مجھ سے کورٹ میرج کر لو ۔۔۔ کیونکہ تم سے محبت سے زیادہ تمہاری عزت کی ہے میں نے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین کے مخروطی ہاتھوں پر نظر جمائے وہ مدھم سی آواز میں بول رہا تھا

ماہوین پلیز۔۔۔ میرا ساتھ دو میں سب ٹھیک کر دوں گا۔۔۔

اگر نہیں بھی دو گی۔۔۔ تو اعتراض نہیں مجھے تم نے ایک اچھی بیٹی ہونے کا ثبوت دیا ہے۔۔۔۔۔۔ وہ بول رہا تھا اور ماہوین کسی بات کا جواب نہیں دے رہی تھی

انعم نے مجھے پیسے کے لیے چھوڑ دیا لیکن ۔۔۔ تم حالات کے ہاتھوں مجبور ہو۔۔۔۔۔۔۔احان نے گہری سانس لی

مجھے نہیں پتہ میں ایسا کیا کروں کہ ہماری قسمت ایک ہو جائے۔۔۔۔۔۔۔ دکھ بھری آواز۔۔۔

ماہوین میں جا رہا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ ایک دم سے اناؤنسمنٹ ہونے پر اٹھا تھا۔۔۔

Top of Form

کیا ہے۔۔۔ کیوں بار بار فون چیک کر رہی ۔۔۔ زویا نے نٹس منہ میں رکھ کر کہا تھا۔۔۔

کچھ نہیں ویسے ہی۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے لبوں کو دانت میں دبایا۔۔۔اور پھر فون ایک طرف رکھ دیا تھا۔۔۔

زویا گروپ سٹڈی کے لیے ہاسٹل آئی ہوئی تھی ۔۔۔ دونوں ماہوین کے بستر پر ساری کتابیں بکھرائے بیٹھی تھیں ۔۔۔

چار دن سے ارحم کی کوئی کال کوئی مسیج نہیں آیا تھا ۔۔۔ پتہ نہیں کیا وجہ تھی شائد وہ عادی ہو گئی تھی اس کے مسیجز پڑھنے کی اس کی کیر کی ۔۔۔اس کی ڈھیروں باتوں کی ۔۔۔

وہ بے دلی سے بیٹھی تھی۔۔۔ زویا کے جانے بعد بے اختیار پہلے ارحم کے نمبر کو ملانے لگی تھی پھر کچھ سوچ کر وہ عائشہ کا نمبر ملا چکی تھی ۔۔۔

عائشہ ۔۔۔ مجھے ارحم سے بات کرنی ہے ۔۔۔۔۔۔ سلام کے بعد اس نے تھوڑے مدھم سے لہجے میں کہا تھا۔۔۔

ماہوین۔۔۔ ایکچلوی وہ آج کل تھوڑے پریشان ہیں۔۔۔ ابھی شائد تم سے بات نہ کر پائیں

۔۔۔۔۔۔ عائی شہ نے افسوس کے انداز میں کہا ۔۔۔

کیا ہوا خیریت ۔۔۔۔۔ماہوین کی پریشان سی آواز ابھری تھی ۔۔

وہ ۔۔۔ان کی سسٹر کو بھی طلاق ہو گئی ہے ۔۔۔

ان کی مسز کے بھائی کے ساتھ تھیں وہ ۔۔تو ۔۔۔ اور اولاد نہ ہونے کا بہانہ بنا کر چھوڑ دیا ۔۔

اوہ یہ تو بہت برا ہوا۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے افسوس بھرے لہجے میں کہا۔۔۔

ہمممم ایک ہی سسٹر ان کی تھوڑے ڈسٹرب ہیں۔۔۔۔ عائی شہ پر سوچ انداز میں گویا ہوئی ۔۔۔۔

اچھا سنو۔۔۔ تمہیں آئی تھنک کال کر لینی چاہیے کال کر کے بات کرو ان سے انہیں اچھا لگے گا۔۔۔ ۔۔۔ تھوڑی دیر کی خاموشی کے بعد عائی شہ بولی تھی ۔۔۔

ویسے کہنا کیا تھا۔۔۔۔ عائی شہ کی آواز میں اچانک شوخی در آئی تھی۔۔۔

وہ ۔۔۔ماہوین تھوڑی جز بز ہوئی تھی

کیا تم مان گئی ہو ۔۔۔ حیرت سے پوچھا۔۔۔۔

ہاں۔۔۔۔۔ماہوین نے سر گوشی جتنی آواز میں کہا تھا۔۔۔

ارحم بلکل اس کے آئی ڈیل سے مطابقت رکھتا تھا۔۔۔ وہی انداز ۔۔۔ میچور۔۔۔ پر اس کے لیے بچہ بن جانا ۔۔۔ اسے پیار سے ٹریٹ کرنا ۔۔۔ اس کا خیال رکھنا ۔۔۔ دل کا قائل ہو جانا بنتا تھا۔۔

اوہ۔۔۔۔ماہوین مجھے بہت خوشی ہو رہی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔عائی شہ نے چہکنے کے انداز میں کہا تھا ۔۔۔

اچھا اچھا۔۔۔ پتہ ہے مجھے ۔۔۔ چلو اب بند کرو مجھے ان سے بات کرنی۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے شرماتے ہوئے لبوں کو دانتوں میں دبایا تھا۔۔۔

واہ۔۔۔واہ۔۔۔ان۔۔اوکے کرو۔۔۔۔۔عائشہ نے قہقہ لگا یا تھا۔۔۔

عائشہ کی کال بند کرنے کے بعد وہ کتنی دیر فون کو یونہی گود میں لیے بیٹھی رہی تھی ۔۔۔

پھر ایک دم سے وہ ارحم کا نمبر ڈائل کر چکی تھی ۔۔۔

اسلام علیکم۔۔۔۔۔۔ارحم کے فون اٹھانے پر اس نے مدھم سی آواز میں کہا تھا۔۔۔

وعلیکم سلام۔۔۔۔ کیسی ہیں آپ۔۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے کچھ حیرت کے انداز میں کہا تھا۔

کیونکہ ماہوین نے پہلی دفعہ اسے کال کی تھی ۔۔۔اور اس سے جواب مانگے تین ہفتے گزرنے کے بعد وہ مایوس سا ہو گیا تھا۔۔۔ لیکن پھر بھی اس سے بات کرنا مسیجز کرنا نہیں چھوڑا تھا۔۔۔پر اب وہ چار دن سے ایشل کی وجہ سے بے حد پریشان تھا۔۔۔اور اس پریشانی میں وہ اسے کوئی مسیج کوئی کال نہیں کر سکا تھا ۔۔۔

میں ٹھیک ہوں آپ کیسے ہیں۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے دھیرے سے پوچھا۔۔۔۔

ٹھیک ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے ٹھنڈی سانس خارج کی تھی ۔۔۔

وہ۔۔۔عائشہ سے بات ہوئی تھی آج میری ۔۔۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے رکتے رکتے ہوئے کہا

ہمم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آپکی سسٹر کا بتایا اس نے۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے بالوں کی لٹ کو کان کے پیچھے کیا۔۔۔

جی۔۔۔۔بس اسی پریشانی میں ہیں آج کل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے پرشیان سے لہجے میں کہا۔۔۔

بہت دکھ ہوا۔۔آپ سے بڑی ہیں۔۔۔۔۔۔سوالیہ انداز میں پوچھا۔۔۔

نہیں چھوٹی مجھ سے۔۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے سنجیدگی سے کہا تھا۔۔۔

اچھا۔۔۔۔۔۔۔۔اچھا کو لمبا کھینچتے ہوئے وہ اپنے آپ کو کچھ بولنے کے لیے تیار کر رہی تھی ۔۔۔

اپنا خیال رکھیں پریشان ہونے سے کچھ نہیں ہو گا۔۔۔۔۔۔ماہوین نے پر سوچ انداز میں کہا تھا۔۔۔

جی۔۔۔لیکن۔۔۔کچھ چیزوں کے حاوی ہو جانے میں انسان کا کوئی اختیار نہیں ہوتا۔۔۔۔۔۔ ارحم نے ٹھنڈی سانس خارج کی تھی۔۔۔

جی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے مختصر جواب دیا۔۔۔

چلیں۔۔۔اپنا خیال رکھیے گا۔۔۔۔۔۔۔لبوں کو کچلتی وہ کچھ بھی کہنے کا منصوبہ رد کر چکی تھی۔۔۔

ماہوین۔۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے گھمبیر آواز میں کہا۔۔۔

جی۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین ایک دم سے فون بند کرتے ہوئے رکی تھی۔۔۔

آپ کے جواب کا منتظر ہوں۔۔۔ابھی اور کتنا وقت درکار ہے آپکو۔۔۔۔۔۔۔ارحم کے لہجے میں دنیا بھر کا پیار تھا۔۔۔

ماہوین ایک دم سے الجھن میں آگئی تھی۔۔۔

دیکھیں۔۔۔آپ پریشان نہ ہوں۔۔۔اگر آپ کا جواب نہیں میں بھی ہوگا ہماری دوستی پر کوئی اثر نہیں ہوگا اس کا۔۔۔ ماہوین کے خاموش ہونے پر ارحم نے مایوس سی آواز میں کہا تھا۔۔۔

وہ۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے نظریں جھکالی تھیں ایسے جیسے وہ فون پر نہیں اس کے سامنے ہو۔۔۔

جی۔۔۔بولیں ماہوین۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے پھر سے کہا تھا

آپ رشتہ بھجیں میرے گھر۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے تیزی سے فقرہ مکمل کیا تھا۔۔۔

آپ سچ کہہ رہی ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔خوشگوار انداز میں کہا۔۔۔۔۔

جی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے شرما کر کہا تھا۔۔۔

آئی۔۔۔ لو یو۔۔۔۔ ۔۔۔۔آپ سوچ بھی نہیں سکتی میری حالت اس وقت کیسی ہو رہی ہے۔۔۔ ارحم نے ٹھنڈی سانس خارج کی آواز میں دنیا جہان کی خوشی سمائے ہوئی تھی۔۔۔

سنو۔۔۔۔..ماہوین کی خاموشی پر ارحم نے سرگوشی کے انداز میں کہا تھا۔۔۔

جی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بہت مدھر سی آواز تھی۔۔۔

ڈویو۔۔۔لومی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔آہستہ سے پوچھا تھا۔۔۔

پتہ نہیں۔۔۔۔۔گھٹی سی لجائی سی آواز میں ماہوین نے کہا تھا۔۔۔

اوکے۔۔۔۔چلیں۔۔۔پھر بات ہوتی۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے اس کی بے چینی سمجھتے ہوئے بات ختم کی تھی۔۔۔

جی۔۔۔۔۔۔۔۔۔بڑی نرمی سے لبوں کو دانتوں میں دبا کر کہا تھا۔۔۔

کال بند ہونے کے بعد وہ بے اختیار کتنی دیر تک مسکراتی رہی تھی۔۔۔۔۔

****

امی تلاش کر تو رہا ہوں۔۔۔۔احان نے دونوں ہاتھوں سے بالوں کو جکڑا تھا اور کرسی پر ڈھنے کے سے انداز میں بیٹھا تھا۔۔۔

اللہ کرے۔۔۔۔ہو جائے تمھاری جاب بھی سبحان کی اکیلی جاب سے گزارا مشکل ہو رہا ہے۔۔۔

نازلین کی شادی بھی کرنی ہے۔۔۔سمیعہ نے پریشان سی صورت بنا کر کہا تھا۔۔۔

امی آپ بس دعا کریں کہ دبئی والی ہو جائے کسی طرح ۔۔۔۔۔۔احان نے کرسی کی پشت سے ٹیک لگائی تھی ۔۔۔

میں تو بہت دعائیں کرتی ہوں میرے لال۔۔۔۔۔۔۔۔سمیعہ نے روہانسی آواز میں کہا تھا۔۔۔

سکندر کے چلے جانے کے بعد بہت کچھ بدل گیا تھا۔۔۔سب رشتے داروں نے جیسے ہاتھ کھینچ لیا تھا۔۔۔

سکندر کی جاب بہت اچھی تھی جمع پونجی احان کی پڑھائی پر لگا کرتی تھی اب ان کے جانے کے بعد تو شیرازہ ہی بکھر کر رہ گیا تھا سبحان کی جاب اتنی اچھی نہیں تھی کہ گھر کا سب خرچ چل سکتا۔۔

فون کی بل پر۔۔احان نے پریشان سا سر اوپر اٹھایا تھا۔۔فون پر انعم کا نام جگمگا رہا تھا۔۔۔

ایک منٹ امی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وہ فون کو آن کرتا ہوا کرسی سے اٹھا تھا۔۔۔

ہاں۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے مدھم سی آواز میں کہا تھا۔۔۔

احان۔۔۔کل رات سے ٹرائی کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔انعم نے بے چینی بھری آواز میں کہا تھا۔۔۔

یار وہ موبائل ٹوٹ گیا میرا اب امی سے لے کر ان کے موبائل میں سم ڈالی ہے

۔۔۔۔۔۔۔ احان نے کمر پر ہاتھ رکھ کر پریشان سی آواز میں کہا

احان ادھر اسلام آباد دیکھو نہ آپ کوئی جاب ۔۔۔۔۔۔۔ انعم نے التجا بھرے انداز میں کہا تھا۔۔۔

یار دیکھ رہا ہوں نہ ہر جگہ دیکھ رہا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے بے زار سے لہجے میں کہا تھا۔۔۔

ہر کوئی آجکل بس اس سے یہی بات کرتا تھا۔۔ چھ ماہ سے وہ ٹاپر ذہین و فطین ہونے کو

باوجود جاب کے لیے خوار ہوا پڑا تھا۔۔۔

اچھا۔۔۔موڈ کس بات پر خراب ہے۔۔۔۔۔۔۔انعم نے خفگی بھرے انداز میں کہا۔۔۔

کسی بات پر نہیں بس پریشان ہوں۔۔۔۔احان نے ٹھنڈی سانس بھری تھی۔۔۔

تو نہ ہوں نہ۔۔۔میں ساتھ ہوں آپکے۔۔۔۔۔۔۔انعم نے محبت بھرے لہجے میں کہا تھا۔۔۔

جانتا ہوں۔۔۔۔ تمھارا ہی تو حوصلہ ہے مجھے۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے آہستہ سی آواز میں کہا تھا۔۔

وہ تھکا تھکا سا تھا۔۔۔انعم سے بھی بات کرنے کو جی نہیں تھا۔۔۔ تھوڑی دیر بات کرنے کے بعد وہ

کسی بہانے سے فون کاٹ چکا تھا۔۔۔

****

ایکسکیوز می۔۔۔ میم یہ آپکے لیے۔۔۔یونیورسٹی کے گیٹ کے پاس ایک آدمی چلتا ہوا پاس آیا اور ماہوین

کو ایک بکے پکڑاتے ہوئے کہا۔۔

چلو جی ایک اور۔۔۔۔۔۔واہ یار یہ ارحم جیسا ایک مجھے بھی مل جائے نہ۔۔۔۔۔۔۔۔زویا کھلکھلا کر

ہنسی تھی۔۔۔

ارحم صبح سے ماہوین کو پھول بھیج رہا تھا۔۔۔ صبح جب وہ سو کر اٹھی تو ہاسٹل کے گارڈ نے دیا۔۔۔ یونیورسٹی کے لیے نکلی تو پھر سے ہاسٹل کے سامنے۔۔۔ یونورسٹی پہنچی تو وہاں بھی وقفے وقفے سے اسے پھول ملتے رہے تھے۔۔۔

عدیل ہے تو۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے شرارت سے کہا تھا۔۔۔

ارے پر ارحم کی بات ہی کچھ اور ہے۔۔۔ ویل سٹرڈ۔۔۔ ہے۔۔۔ اور اوپر سے ایسے محبت لٹانے والا۔۔ خوشی ہوتی ہو گی تمہیں۔۔۔۔۔زویا نے حسرت بھری نظروں سے ماہوین کی طرف دیکھتے ہوئے کہا تھا ۔۔۔

ارحم کے میری زندگی میں آنے سے پہلے تک مجھے یہی لگتا تھا کہ اب عمار جیسا چاہنے والا میری زندگی میں کوئی اور نہیں آ سکتا ہے ۔۔۔ لیکن ارحم کی محبت نے سب بدل سا دیا ہے۔۔ ماہوین نے پرسوچ لہجے میں مسکراتے ہوئے کہا تھا ۔۔۔

اللہ کرے ایسا ہی رہے ہمیشہ۔۔۔زویا نے مسکرا کر کہا تھا۔۔۔

چلو پھر بتاؤ ۔۔۔ شام کو سیلبریٹ کر رہے ہیں نہ ہم۔۔۔۔۔۔۔زویا نے چہکتے ہوئے پوچھا تھا ۔۔۔

شام کو وہ سب دوست مل کر اس کی سلگرہ کی تقریب رکھنا چاہتے تھے۔۔۔

ماہوین نے مسکرا کر سر ہلایا تھا۔۔۔۔

ارحم کو بھی بلا لو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زویا نے چہکتے ہوئے کہا تھا ۔۔۔

12

نہیں وہ نہیں آئیں گے ایسے ۔۔۔۔۔۔ ماہوین نے خفگی بھری نظر ڈال کر کہا تھا۔۔۔

چلو پھر شام کو ملتے ہاں۔۔۔۔۔۔زویا نے اس کے ہاسٹل کے سامنے گاڑی رکتے دیکھ کر کہا۔۔۔

اوکے۔۔۔۔۔۔۔ماہوین مسکراتی ہوئی نیچے اتری تھی ۔۔۔

کمرے میں سامنے پڑے بڑے سے پیکٹ کو وہ حیرت اور خوشگوار انداز میں دیکھتے ہوئے آگے بڑھی تھی

۔۔۔کیک۔۔۔۔پر اس کا نام تھا۔۔۔

بڑے سے پیکٹ کو وہ مسکراتے ہوئے کھول رہی تھی۔۔۔ارحم کا چہرہ ذہن میں گھوم رہا تھا۔۔۔ پیکٹ کے اندر ٹیڈی بیر۔۔۔سٹف ٹوائیز۔۔۔ چوڑیاں ۔۔۔ اور پتہ نہیں کیا کیا تھا ۔۔۔۔ ایک عجیب سی خوشی تھی ۔۔۔

موبائل کی بجتی رنگ پر اس نے مڑ کر موبائل پر جب نظر ڈالی تو بے ساختہ لب دانتوں میں دبا لیا تھا۔۔۔اور ایک خوشگوار مسکراہٹ نے اس کے چہرے کا حصار کیا تھا۔۔۔ جیسے ہی فون کان کو لگایا تو وہ تو جیسے منتظر ہی تھا۔۔۔

ہیپی برتھ ڈے۔۔۔۔ارحم نے جزب کے عالم میں محبت بھرے لہجے میں کہا تھا۔۔۔

تھنکیو۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین کے آنکھوں کے کونے نم ہوئے تھے۔۔۔انگ انگ سے خوشی جھلک رہی تھی۔۔۔

سب بہت اچھا ہے۔۔۔۔۔۔لجائی سی مدھم آواز میں کہا تھا۔۔۔

تم سے اچھا کچھ بھی نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے محبت سے کہا۔۔۔

آپ نے گھر بات کی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے میٹھی سی آواز میں پوچھا۔۔۔

ہاں کی ہے۔۔۔ لیکن پہلے ایشل کا کہیں ہو گا پھر ہی میرا کریں گی مما۔۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے ٹھنڈی سانس لی تھی۔۔۔

تمہیں ایشل کال کرے گی آج۔۔۔برتھ ڈے وش کرنے کے لیے۔۔۔۔۔۔۔ارحم نے خوش ہوتے ہوئے کہا تھا۔۔۔۔

اچھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔

ایشل نے کافی دوستانہ انداز میں ماہوین سے بات کی تھی۔۔۔ارحم اس کو ماہوین کے حوالے سے بہت کچھ بتا چکا تھا۔۔۔وہ اس سے ارحم کے حوالے سے بات کر رہی تھی اور ماہوین اس کے اندر چھپے درد کے بارے میں سوچ رہی تھی۔۔۔

****

امی۔۔۔آپکی دعا تھی نہ بس۔۔۔احان سمیعہ سے الگ ہوا تھا۔۔چہرہ خوشی سے دمک رہا تھا۔۔۔

میں بہت خوش ہوں احان۔۔۔۔۔۔سمیعہ نے خوشی کے آنسو صاف کرتے ہوئے کہا تھا۔۔

احان کی دبئی میں جاب ہو گئی تھی۔۔۔بہت اچھی کمپنی تھی اور بہت اچھی تنخواہ تھی۔۔۔۔احان کے دل سے آج بوجھ اترا تھا۔۔۔ یہ ایک سال اس نے بہت مشکل سے کاٹا تھا۔۔۔۔۔۔اب جا کر اسے صبر کا پھل ملا تھا۔۔۔آج اتنے دن کے بعد ہی وہ انعم سے کھل کر بات کر سکا تھا۔۔۔

میں بھی بہت خوش ہوں۔۔۔۔۔۔۔احان سب گھر والوں کے بیچ میں کھڑا مسکرا رہا تھا۔۔۔۔

خوش رہو میرے بچے۔۔۔جگ جگ جیو۔۔۔۔سمیعہ بار بار اسے دیکھ کر سرشار ہو رہی تھیں۔۔۔

اب تم جا سکتی ہو اپنے کمرے میں۔۔۔جہانزیب نے سختی سے کہا اور ہاتھ کا اشارہ دروازے کی طرف کیا تھا۔۔۔

وہ اس افتاد پر حیرت زدہ ہی بیٹھی تھی۔۔۔دل عجیب گھٹن کا شکار ہونے لگا تھا۔۔۔

اللہ تو پھر یہ فیصلہ ہوا میرے حق میں۔۔۔۔احان سکندر نہیں ہے میری قسمت۔۔۔ایک چبھن تھی

ایک پھانس تھی جو گلے میں اٹک رہی تھی۔۔۔وہ مریل قدم اٹھاتی کمرے سے نکلی تھی۔۔۔

****

احان۔۔۔مجھ سے کوئی بات کیوں نہیں کرتے تم ۔۔۔۔۔۔سمیعہ نے پریشان سے لہجے میں احان کے بالوں میں ہاتھ پھیرا تھا۔۔۔

وہ ہوٹل کے کمرے میں موجود بیڈ پر سمیعہ کے گھٹن پر سر رکھے لیٹا تھا اسے لیٹے آدھا گھنٹا ہونے کو آیا تھا لیکن وہ یونہی بس خاموش تھا بلکل اور یہ آج ہی نہیں ہوا تھا پچھلے پندرہ دن سے ایسا ہی تھا۔۔۔وہ سمیعہ سے کوئی بات نہیں کر رہا تھا بس جو وہ پوچھتیں اس کا ہوں یا ہاں میں جواب دے دیتا تھا۔۔۔۔ سمیعہ کے دل میں اس کی گم سم سی شکل عجیب طرح سے کھلنے لگی تھی۔۔۔۔۔اور آج انھوں نے اس سے پوچھ ہی لیا تھا سبب۔۔۔

کرتا تو ہوں امی۔۔۔۔۔۔۔احان نے ہنوز کمرے میں موجود فانوس کی طرف دیکھتے ہوئے کہا تھا ۔۔۔چہرہ ویسا ہی تھا گم سم اداس۔۔۔۔

نہیں بیٹا۔۔۔نہیں کرتے ہو۔۔۔بس ہوں یا ہاں میں جواب دیتے ہو۔۔۔۔۔۔۔سمیعہ نے پھر سے اس کے ماتھے پر آئے بالوں کو ہاتھوں سے پیچھے کیا تھا۔۔۔

احان نے کوئی جواب نہیں دیا تھا۔۔۔اس کا بات کرنے کو دل ہی نہیں چاہتا تھا بس خاموش رہتا تھا مطلب کی بات کرتا اور بس اس دفعہ تو جب سمیعہ نے اس سے لڑکی کا ذکر کیا جس کو وہ احان کے لیے پسند کر چکی تھیں تو وہ خاموش رہا تھا انکار نہیں کیا تھا۔۔۔اس کی خاموشی سمیعہ کے دل کو دکھی کر رہی تھی۔۔۔

احان۔۔۔ماہوین کو نہیں بھلا سکے ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔پہلی دفعہ سمیعہ نے ماہوین کا ذکر محبت سے کیا تھا ۔۔۔

شائی دکچھ ایشل اور اشعر کی باتوں کا اثر تھا اور کچھ اللہ کے گھر میں موجود اپنے بیٹے کے اداس چہرے کا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

احان ویسے ہی خاموش لیٹا رہا تھا۔۔۔کچھ دیر بعد گہری سانس لیتے ہوئے اس نے کمرے کی گہری خاموشی کو توڑا تھا۔۔۔

امی۔۔۔ماہوین سے میں نے برسوں محبت کی ہے۔۔۔وہ تو کب سے میرے دل میں بستی ہے میں اسے کبھی بھی نہیں نکال پاؤں گا۔۔۔۔۔۔۔ میں نے اپنے مستقبل میں ہمیشہ اس کو اپنے ساتھ سوچا پتہ نہیں کتنے خواب سجائے میں نے اس کے ساتھ۔۔۔۔ احان پر سوچ مگر اداس لہجے میں کہہ رہا تھا۔۔۔

بہت کوشش کی ہے امی یہ مت سمجھیں نہیں کی ہے۔۔مگر دل سے نہیں نکال سکا ہوں۔۔۔۔ لیکن فکر مت کریں آپ صرف آپکے لیے آپکی خوشی کے لیے میں اسے چھوڑ رہا ہوں۔۔۔ لیکن اب اس بات کی شرط مت رکھیں کے میں مسکراؤں بھی ۔۔۔ ۔۔۔۔ احان کے لبوں پر پھیکی سی مسکراہٹ تھی۔۔۔

ماہوین کے بنا میں ایک زندہ لاش کی طرح ہوں وہ میری روح کی تسکین ہے۔۔۔آپ زبردستی اس لاش میں روح مت پھونکیں۔۔۔۔۔۔۔۔ ہنوز وہی اداسی بھرا لہجہ تھا۔۔۔

آپ خوش رہیں آپ کے پاس آپکا بیٹا ہمیشہ رہے گا۔۔۔ لیکن ایسے ہی جیسے یہاں پچھلے پندرہ دن میں آپ کے ساتھ ہوں۔۔۔احان نے گہری سانس لی اور پھر سمیعہ کی گود سے اٹھ کر خاموشی سے کمرے سے باہر نکل گیا تھا۔۔۔

****

تو پھر۔۔۔۔ تمھاری قسمت یہی تھی ماہوین جہانزیب۔۔۔۔ وہ گھٹنوں پر سر ٹکائے اداس بیٹھی تھی ۔۔۔

خواب سجانے والی لڑکی۔۔۔واہ کیا خواب تھے۔۔۔کوئی ٹوٹ کر چاہے گا جو میرے من کو بھی بھائے گا۔۔۔۔۔۔۔آنسوؤں سے تر چہرہ لیے وہ ساکن بیٹھی تھی۔۔۔

شادی کی تیاریاں عروج پر تھیں۔۔۔وہ بے دلی سے گھر بیٹھی رہتی تھی سب کچھ حنا اور مدحیہ کر رہی تھیں۔۔۔۔

پھر اس من کو بھانے والے کی دیوانہ وار چاہت کا اختتام شادی پر ہو گا۔۔۔اور احان۔۔۔احان پر آ کر دل نے کہا۔۔۔ہاں۔۔۔یہ۔۔۔یہ ہے وہ جس کی دل کو تلاش تھی۔۔۔وہ سوچے جا رہی تھی اور آجکل سوچنا ہی اس کا کام تھا بس۔۔۔

آنکھوں کے نیچے حلقے پڑ گئے تھے۔۔۔

احان سکندر جو ماہوین کے دل کو بھایا تھا۔۔۔۔لیکن نہیں۔۔۔۔کتنی کوششیں کی تھیں اس نے پر نہیں بے سود۔۔۔اور آج ماہوین جہانزیب کسی ایسے انجان شخص کی زندگی کا اہم حصہ بننے جا رہی تھی جس سے بات تو دور کی بات اسے آج تک دیکھا تک نہیں تھا۔۔۔۔۔۔۔۔دل میں پھر سے چبھن ہوئی تھی اور گلے میں گولہ سا اٹکنے لگا تھا۔۔۔

واہ رے تیری قسمت۔۔۔۔ماہوین جہانزیب۔۔۔۔۔۔۔ٹپ سے آنسو آنکھ سے نیچے گر کر ہاتھ پر جزب ہوا تھا۔۔۔

****

ابھی جا کر ماہوین کے گھر بھی جانا ہے۔۔۔۔۔۔۔جہاز کی سیٹ کی بلٹ باندھتے ہوئے سمیعہ نے مصروف سے انداز میں کہا تھا۔۔۔

احان جو بلٹ باندھنے میں سمیعہ کی مدد کر رہا تھا ایک دم سے چونک گیا تھا۔۔۔

کیوں۔۔۔اب کیا کرنا ہے امی پلیز اب بخش دیں اسے۔۔۔کوئی رابطہ نہیں اس کا میرے ساتھ

آپ چاہے کوئی بھی قسم لے لیں مجھ سے ۔۔۔ احان نے ماتھے پر شکن ڈال کر سمیعہ سے کہا تھا

ارے۔۔۔ارے۔۔۔میں ایسا تو کچھ بھی نہیں کرنے جا رہی ہوں۔۔۔۔۔۔سمیعہ نے مسکراہٹ کو دباتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

تو۔۔۔آپ کیا کرنے جائیں گی ۔۔۔ وہاں ۔۔۔۔۔احان نے ان کے انداز کو نا سمجھی سے دیکھتے ہوئے کہا تھا

تمھارا رشتہ لینے۔۔۔۔سمیعہ بھرپور انداز میں مسکرائی تھیں ۔۔۔

کیا۔۔۔کیا کہا آپ نے۔۔۔۔۔۔۔احان نے حیران ہو کر گڑبڑاتے ہوئے پوچھا تھا

ارے بھئی ۔۔۔ اپنے لاڈلے بیٹے کی خوشی کو مانگنے جاؤں گی میں ۔۔۔ ماہوین کا تمھارے لیے ہاتھ مانگنے جاؤں گی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔سمیعہ نے محبت سے مسکرا کر کہا

امی۔۔۔۔سچ کہہ رہی ہیں آپ۔۔۔۔احان نے بے یقینی اور خوشی کے ملے جلے تاثر میں کہا۔۔۔

ہاں۔۔۔۔بلکل سچ میری جان۔۔۔۔مجھے اپنے بیٹے کی خوشی چاہیے۔۔۔۔اور کچھ نہیں۔۔۔ چاہے کوئی بھی ساتھ نہ دے ۔۔۔

پر میں اپنے بیٹے کا ساتھ دوں گی۔۔۔۔۔۔سمیعہ نے پیار سے احان کے گال کو تھپتھپایا تھا۔۔۔

وہ ساری رات انگاروں پر لوٹتی رہی تھیں۔۔۔۔ایسے تو وہ اپنے بیٹے کو کھو رہی تھیں احان کی ایسی حالت ان سے برداشت نہیں ہو رہی تھی اور رات کو ہی وہ اپنے دل کا رخ موڑ چکی تھیں۔۔۔

امی۔۔۔۔ تھینکیو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے سمیعہ کے دونوں ہاتھوں کو پکڑ کر اپنے ہونٹوں سے لگا لیا تھا۔۔۔۔

****

بھائی صاحب ۔۔۔۔۔۔ بس مجھے معاف کر دیں ۔۔۔۔ میرے کہے ہوئے الفاظ بھول جائیں۔۔۔ سمیعہ نے سر جھکا کر کہا تھا۔۔۔

سمیعہ اپنے والد اور احان کے ماموں کے ساتھ جہانزیب کے گھر کے ڈرائی نگ روم میں بیٹھی تھیں ۔۔۔۔

دیکھیں۔۔۔آپ نے ہمیشہ بہن کا درجہ دیا یہ بہن آج پہلی دفعہ آپ سے کچھ مانگ رہی ہے۔۔۔۔

ماہوین میرے احان کے لیے مجھے دے دیں۔۔۔۔۔۔۔ سمیعہ نے التجا کے انداز میں کہا تھا۔۔۔

آپ بار بار ہاتھ جوڑ کر شرمندہ مت کریں مگر یہ بھی تو دیکھیں۔۔۔ کل مہندی ہے ماہوین کی۔۔۔

جہانزیب نے جھکا ہوا سر اٹھا کر معزرت کے انداز میں کہا تھا۔۔۔

جہانزیب بھائی ۔۔۔ لیکن بچے ایک دوسرے سے بہت محبت کرتے ہیں ۔۔۔ یہ ظلم مت کریں ۔۔۔۔۔۔۔ سمیعہ نے ہنوز اسی لہجے میں کہا

پہلے ہی میں بہت ظلم کر چکی ہوں دونوں پر۔۔۔ اب آپ نہیں کریں۔۔۔۔

پر۔۔۔۔۔ان لوگوں کو کیا کہیں بہن۔۔۔۔ یہ بہت مشکل ہے اب۔۔۔ جہانزیب بری طرح پھنسے بیٹھے تھے۔۔۔

ایک طرف اکلوتی بیٹی کی خوشیوں کا سوال تھا تو دوسری طرف عزت کا۔۔

بابا۔۔۔ کوئی مشکل نہیں ہے۔۔۔ وقار جو کب سے خاموش بیٹھا تھا ایک دم سے بول پڑا تھا ۔۔۔

ماہوین نے اس کی دفعہ اس کا کتنا ساتھ دیا تھا۔۔۔ ماموں اور ممانی کے گھر میں جا کر دھرنا دے دیا تھا اور آج وہ صرف اس وجہ سے پیچھے ہٹ جائے کہ وہ اس کی بہن ہے۔۔۔ کیا حنا جس سے اس نے محبت کی تھی وہ کسی کی بہن نہیں تھی۔۔۔ اگر وہ محبت کرے ملے ملاقاتیں کرے اپنی پسند کی شادی کا کہے تو سب

جائز ہے ۔۔۔ اور اگر آج بہن یہ چاہتی ہے تو وہ کم ظرفی دکھائے اور اسے عزت کا نام دے ۔۔۔ وہ اپنی ہی نظروں میں گر رہا تھا۔۔۔۔

ماہوین اندر ہی اندر ختم ہوتی سب کو نظر آ رہی تھی ۔۔۔ وہ جو گھر بھر میں سب کی لاڈلی تھی ۔۔۔ وہ اب سب سے نظریں چھپائے پھرتی تھی ۔۔۔ کیا اس کا جرم اتنا ہی بڑا تھا ۔۔۔ آج کل جس ماحول میں ہم ہیں ۔۔۔ اس طرح کی جسارت بچے بچیاں کر بیٹھتے ہیں ۔۔۔ لیکن ماں باپ کو چاہیے کہ ان کو نکاح کے پاکیزہ بندھن میں باندھ کر اس گناہ کو پاکیزگی میں بدل دیں نہ کہ ان پر بے جا پابندیاں لگا کر بچوں کو مزید گناہ اور نافرمانیوں پر اکسائیں ۔۔۔۔ پسند کی شادی کی خواہش کرنا یا کسی کے لیے دل میں پسندیدگی محسوس کرنا گناہ نہیں ہے اگرچہ دل میں اس سے نکاح کی خواہش ہو ۔۔۔ پر آج بھی ایسے ماں باپ موجود ہیں جو اپنے بیٹے کی محبت کے قصے تو فخر سے بتاتے پھرتے ہیں لیکن بیٹی اگر پسندیدگی کا اظہار کر دے تو اسے گناہ گار ٹھہرانے پر تل جاتے ہیں ۔۔۔ یہ کہاں کا انصاف ہوا ۔۔۔

وقار لیکن ۔۔۔۔ مدثر ۔۔۔۔۔۔۔ جہانزیب نے پریشان ہو کر وقار سے کہا تھا ۔۔۔

بابا ۔۔۔ ان کو بلوا لیا ہے میں نے ۔۔۔۔ بہت سمجھدار لوگ ہیں ۔۔۔ باقی ہم سب مل کر ان کو سمجھا لیتے ہیں ۔۔۔ وقار نے مسکرا کر کہا تھا ۔۔۔

اور پھر مدثر کے خاندان کے کچھ افراد پہلے پہل تو اس بات پر بہت برہم ہوئے ۔۔۔ لیکن پھر جہانزیب ۔۔۔ احان کے نانا ۔۔۔ وقار کے بہت سمجھانے پر وہ خاموشی سے اٹھ کر چل دیے تھے ۔۔۔

اور پھر ماہوین جہانزیب ۔۔۔۔ اب پرسوں ۔۔۔ کسی انجان شخص کی نہیں بلکہ احان سکندر کی دلہن بن رہی تھی ۔۔۔۔

ہنگامہ ہی تو برپا ہوا تھا ۔۔۔ نازلین نے پہلے تو بلکل ہی ہتھے سے اکھڑ جانے والا انداز اپنایا تھا پھر ۔۔۔۔ اس کو اور احمرین کو اتنی جلدی تیاری کا مسئلہ سوجھنے لگا تھا ۔۔۔۔

لیکن اس دفعہ احان کے ساتھ سمیعہ بھی تھی اس لیے ان کی ایک بھی نہیں سنی گئی تھی ۔۔۔۔
اور اگلے دن صبح کو سادگی سے نکاح اور شام کو اکٹھی مہندی کی تقریب منعقد کر دی گئی تھی ۔۔۔

****

کیسا لگ رہا ہے۔۔۔احان نے ساتھ بیٹھی ماہوین کے پاس ہو کر کہا تھا۔۔۔
شام تین بجے نکاح تھا۔۔۔اور اب رات نو بجے مہندی کی تقریب تھی ۔۔۔ماہوین پیلے رنگ کے کندن کے کام سے مزین بڑے گھیرے والی فراک زیب تن کیے بنا کسی میک اپ کے دلکش چہرہ اور آنکھوں میں سکون لیے احان سکندر کے پہلو میں بیٹھی تھی ۔۔۔احان سبز رنگ کے راؤ سلک کے کرتے میں دمک رہا تھا ۔۔۔ دونوں کی آنکھیں خوشی سے چمک رہی تھیں اور لب مسکرا رہے تھے ۔۔۔۔سب لوگ خوش تھے چہک رہے تھے۔۔۔۔
یقین نہیں آ رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔ماہوین نے لجائی سی آواز میں کہا تھا ۔۔۔
سچ میں مجھے بھی ابھی یقین نہیں آ رہا ہے۔۔۔۔۔۔احان نے شرارت سے کہا۔۔۔
لیکن میں تمھارے ساتھ بیٹھا ہوں۔۔۔ نکاح ہو چکا ہے۔۔۔ صبح تم میرے پاس ہو گی۔۔۔احان نے مدھم سی محبت بھری سرگوشی کی تھی۔۔۔۔
ان شااللہ۔۔۔۔۔۔ماہوین نے لجائی سے آواز میں کہا تھا۔۔۔

****

کمرے کا پیار سے جائزہ لیتے ہوئے وہ ارد گرد دیکھ رہی تھی ۔۔۔
سرخ جوڑے میں شہزادیوں کی طرح سجی ہوئی ماہوین جہانزیب آج احان سکندر کی شریک حیات بنی اس کی سیج میں بیٹھی ہوئی تھی ۔۔۔آج سارے خواب پورے ہو گئے تھے ۔۔۔
احان ابھی تک کمرے میں نہیں آیا تھا رات کے دو بجنے کو تھے۔۔۔ بھوک کا احساس شدید ہو رہا تھا ۔۔۔ رخصتی تک تو ایسی بے یقینی تھی کہ نا بھوک لگی تھی نہ پیاس اور اب جا کر بھوک کا احساس شدید ہوا

تھا۔۔۔

باہر سے کام نمٹانے کی آوازیں آ رہی تھیں احان بھی مختلف لوگوں کو کام سمجھا رہا تھا۔۔۔اس کی ہلکی ہلکی آوازیں کانوں میں پڑ رہی تھیں۔۔۔احمرین اور نازلین کے بچوں کا شور تھا۔۔۔ لیکن وہ کمرے میں میں اکیلی ہی بیٹھی تھی تب سے۔۔۔

احان کی کمرے میں آنے کی آہٹ سنائی دی تھی ۔۔۔ وہ جو کمر کے نیچے تکیے رکھے سیدھی ہوئی تھی ایک دم سے درست ہو کر بیٹھی تھی ۔۔۔ احان چلتا ہوا بیڈ کے بلکل قریب کھڑا تھا۔۔۔ اور گہری نظروں سے وہ ماہوین کو دیکھنے میں مصروف تھا جب ہلکی سی دستک کے ساتھ ہی سمیعہ کمرے میں داخل ہوئی تھی ۔۔۔

احان جاؤ ۔۔۔۔ زرینہ کو چھوڑ کر آؤ ۔۔۔ سمیعہ نے آتے ہی مصروف سے انداز میں کہا تھا ۔۔۔

جی۔۔۔۔۔۔احان نے ایک دم سے ان کے حکم پر سر تسلیم خم کیا تھا۔۔۔

ہاں جاؤ ۔۔۔ اسے گھر تک چھوڑ آؤ ۔۔۔ وہ باہر انتظار کر رہی ہے ۔۔۔سمیعہ کہتی ہوئی باہر نکل گئی تھیں ۔۔۔

اور احان ایک بھرپور نظر ماہوین پر ڈالتا باہر نکل گیا تھا۔۔۔وہ جو اب سکھ کا سانس لیے بیٹھی تھی کہ احان کو کہے گی کہ اسے بھوک لگی ہے چپ سی ہو گئی تھی لیکن اتنا عجیب لگا کہ گھر میں اتنے مہمان ہیں تو کیا احان ہی کام والی کو چھوڑنے جائے گا ۔۔۔انہی سوچوں میں گم تین بجے کے قریب احان کھانے کے ساتھ کمرے میں داخل ہوا تھا اور ساتھ سمیعہ بھی تھی ۔۔۔اب کی دفعہ اس کا رویہ بلکل برعکس تھا۔۔۔وہ ان کے ساتھ ہی بیٹھ گئی تھیں اور کھانے کے بعد ماہوین نے ان سے معافی مانگی تھی ۔۔۔ انھوں نے احان اور ماہوین کو پیار کیا اور کمرے سے باہر چلی گئی تھیں ۔۔۔

سمیعہ کے جانے کے بعد احان کمرے کو لاک کر کے گہری سانس لیتا ہوا واپس مڑا تھا۔۔۔

اب بس تمہارے پاس ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے محبت سے دیکھتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

ماہوین کی پلکیں گالوں پر لرز گئی تھیں ۔۔۔

اٹھو ادھر آؤ ۔۔۔ احان نے پیار سے کہا تھا۔۔۔

وہ جو نظریں جھکائے بیٹھی تھی ایک دم سے حیرت اور خوشگوار انداز میں احان کی طرف دیکھا تھا۔۔۔

کیا۔۔۔۔۔۔۔مدھر سی کھنکتی آواز میں احان کی قربت کی مہک کے جلترنگ بج اٹھے تھے۔۔۔

آؤ نہ ۔۔۔۔۔۔۔۔ احان نے ہاتھ پکڑ کر بیڈ سے نیچے اتارا تھا ۔۔۔ وہ

وہ لہنگا سنبھالتی اتری تھی ۔۔۔

ہممم دیکھو۔۔۔ہم۔دونوں کو۔۔۔ڈریسنگ کے بلکل سامنے کیے وہ اسے اپنے اور اس کے عکس کو دیکھنے کے لیے کہہ رہا تھا۔۔۔

پلکیں تو اٹھاؤ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پیار سے اس کی گردن پر سر ٹکا کر کہا تھا ۔۔۔

ماہوین نے دھیرے سے نگاہیں اٹھائی تھیں ۔۔۔۔اور پھر احان کے اور اپنے سراپے کو دیکھ کر مسحور سی ہو گئی تھی ۔۔۔۔ سیاہ شیروانی میں وہ اس کے خوابوں کا ہی شہزادہ تھا ۔۔۔۔

ہممم۔۔۔ کیسی جوڑی ہے۔۔۔پریفکٹ نہ۔۔۔احان نے شرارت سے آنکھ دبائی تھی ۔۔۔۔

ماہی۔۔۔ میری امی پتہ ہے کیسی ہیں۔۔۔اوپر سے بہت سخت ہیں لیکن اندر سے بہت نرم تمہیں ان کا دل جیتنا ہے۔۔۔ہر طرح سے۔۔۔۔۔۔۔۔ شیروانی کا کوٹ اتارتے ہوئے احان نے محبت سے دھیم لہجے میں کہا تھا۔۔۔

پھر بیڈ پر بیٹھی ماہوین کی گود میں سر رکھ کر لیٹ گیا تھا۔۔۔آنکھوں میں سکون تھا۔۔۔اور وہ اسے اپنی بہنوں اور باقی لوگوں کے مزاج کے بارے میں آگاہی دے رہا تھا جن کا دل جیتنے کا کام اب ماہی کا تھا

۔۔۔

****

سر۔۔۔۔بیٹا ہوا ہے۔۔۔۔نرس نے چہرے پر مسکراہٹ سجا کر کہا تھا۔۔۔۔

احان جو پریشان حال آپریشن تھیٹر کے بلکل سامنے کھڑا تھا چونک کر پلٹا تھا۔۔۔وقار اور جہانزیب بھی مسکراتے ہوئے اٹھے تھے۔۔۔

میری مسز۔۔۔۔۔۔۔۔۔احان نے تڑپ کر نرس سے کہا تھا۔۔۔۔

جی۔۔۔وہ ابھی نیم بے ہوشی میں ہیں۔۔۔۔۔۔۔نرس نے لب بھینچتے ہوئے کہا تھا۔۔۔۔

مجھے میری بیوی کے پاس جانا ہے۔۔۔ سسٹر۔۔۔۔۔۔احان نے بے چینی سے کہا تھا۔۔۔۔

نرس کچھ دیر کھڑی رہی پھر احان کو ساتھ لیتی اندر لے آئی تھی جہاں ماہوین نیم بے ہوشی میں کچھ بڑ بڑا رہی تھی ۔۔۔احان اس کے بلکل قریب آ گیا تھا۔۔۔

احان۔۔۔احان کو بلادیں پلیز۔۔۔۔وہ مدھم سی آواز میں بار بار کہہ رہی تھی۔۔۔

احان نے آگے بڑھ کر اس کے ہاتھوں کو تھام لیا تھا۔۔۔شادی کو ایک سال سات ماہ گزر جانے کے بعد آج ایک ننھا سا مہمان ان کی زندگی کر رنگ دوبالا کرنے آچکا تھا۔۔۔

احان۔۔۔۔مجھے آپ سے بہت محبت ہے۔۔۔مجھے کبھی مت چھوڑیے گا۔۔۔۔وہ بے ہوشی میں بھی احان کے ہاتھوں کو محسوس کر گئ تھی ۔۔۔ اور احان نے اس کی آنکھوں سے گرتے آنسو دیکھے تھے۔۔۔

ماہوین۔۔۔۔مجھے بھی تم سے بہت محبت ہے۔۔۔۔ کبھی نہیں چھوڑوں گا تمہیں۔۔۔۔۔۔۔۔اسے ہاتھوں کو لبوں سے لگا کر اس نے کہا تھا۔۔۔

اور آنسو اس کی گال پر بھی تھے۔۔۔

سر پریشان مت ہوں۔۔۔۔ابھی تھوڑی بے ہوشی کی حالت میں ہیں۔۔۔۔نرس پاس کھڑی مسکرادی تھی۔۔۔

کیونکہ احان بہت پریشان ہو گیا تھا۔۔۔

آپ اپنے بیٹے کو دیکھ لیں۔۔۔نرس نے ننھا سا سفید رنگت والا فرشتہ اس کی باہوں میں دھر دیا تھا۔۔۔

ختم شد